وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيْلًا

تفہیم التجوید

بالسؤال والجواب

مؤلفہ

جناب قاری محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری

طبع اوّل ۱۳۹۵ھ ۱۹۷۵ء

ناشر

المکتبۃ الامدادیۃ التجویدیۃ

بیرون چوک شاہ عالم - لاہور پاکستان

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا

تفہیم التجوید

بالسؤال والجواب

مؤلفہ

جناب قاری محمد اسمٰعیل صاحب امرتسری

۱۳۹۵ھ طبع اول ۱۹۷۵ء

ناشر:

المکتبۃ الامدادیۃ التجویدیہ

بیرون چوک شاہ عالم - لاہور پاکستان

Marfat.com

حُقُوقُ الطَّبعِ مَحفُوظَةٌ لِلنَّاشِرِ

38381

ناشر :- حافظ قاری محمد فداء اللہ

تعداد طبع اول :- ایک ہزار (۱۰۰۰)

صفحات : ۶۵۶

قیمت :

۱۳۹۵ھ ——— ۱۹۷۵ء

المکتبۃ الامدادیۃ التجویدیۃ

چوک شاہ عالم گیٹ ۔ لاہور ۔ پاکستان

ملنے کا پتہ

مرکزی دار التجوید والقرأت چوک شاہ عالم گیٹ لاہور

پاکستان

Marfat.com

فہرست عنوانات ومضامین

کتاب تفہیم التجوید

اَلْجُزْءُ الْاَوَّلُ ——— فِیْ تَعْرِیْفِ الْقُرْاٰنِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	اَلْقُرْاٰنُ	۲۹	۶	سُوَرُ الْقُرْآنْ	۵۳
۲	اَسْمَآءُ الْقُرْآنْ	۳۶	۷	اَحْزَابُ الْقُرْآنْ	۶۱
۳	حُرُوْفُ الْقُرْآنْ	۳۶	۸	اَنْصَافُ الْقُرْآنْ	[illegible]
۴	کَلِمَاتُ الْقُرْآنْ	۴۴	۹	اِعْرَابُ الْقُرْآنْ	۶۰
۵	اٰیَاتُ الْقُرْآنْ	۴۶	۱۰	اِعْجَامُ الْقُرْآنْ	[illegible]

اَلْجُزْءُ الثَّانِیْ ——— فِیْ قِرَاءَ ةِ الْقُرْاٰنِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	کَیْفَ یُقْرَأُ الْقُرْآنْ	[illegible]	۷	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّطْرِیْبِ	[illegible]
۲	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّحْقِیْقِ	۷۷	۸	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّرْقِیْصِ	[illegible]
۳	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّرْتِیْلِ	۸۰	۹	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّرْعِیْدِ	[illegible]
۴	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّدْوِیْرِ	۸۸	۱۰	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّ[illegible]	[illegible]
۵	اَلْقِرَاءَةُ بِالْحَدْرِ	۸۹	۱۱	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّ[illegible]	[illegible]
۶	اَلْقِرَاءَةُ بِالْاُمُوْرِ الْمُبْتَدَعَةِ	۹۱	۱۲	اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّحْزِیْنِ	۶

Marfat.com

نمبر		صفحہ نمبر			صفحہ
۱۳	اَلْقِرَاءَةُ وَالرِّوَايَةُ	۹۷	۱۵	اَللَّهْجَةُ الْعَرَبِيَّةُ	۱۰۳
۱۴	اَلْخَلْطُ فِي الْقِرَاءَاتِ	۹۹		نَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ	۱۱۰

اَلْجُزْءُ الثَّالِثُ ــــ فِيْ تَعَلُّمِ الْقُرْاٰنِ

۱	مَسُّ الْقُرْاٰنِ	۱۳۳	۸	حُكْمُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ	۱۶۶
۲	اَلْإِكْثَارُ فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ	۱۳۷	۹	اَسْبَابُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ	۱۶۹
۳	اِسْتِمَاعُ الْقُرْاٰنِ	۱۴۱			
۴	خَتْمُ الْقُرْاٰنِ	۱۴۴	۱۰	صِفَةُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ	۱۷۱
۵	نِسْيَانُ الْقُرْاٰنِ	۱۵۴			
۶	سَجْدَةُ التِّلَاوَةِ فِي الْقُرْاٰنِ	۱۶۰	۱۱	تَدَاخُلُ السَّجَدَاتِ	۱۷۴
			۱۲	مَوَاضِعُ السُّجُوْدِ	۱۷۶
۷	شُرُوْطُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ	۱۶۱	۱۳	اَلْاٰيَاتُ الَّتِيْ فِيْهَا سَجْدَةُ التِّلَاوَةِ	۱۷۷

فَضَائِلُ الْقُرْاٰنِ ۱۸۲

اَلْجُزْءُ الرَّابِعُ ــــ فِيْ حَقِيْقَةِ التَّجْوِيْدِ

۱	اَلتَّجْوِيْدُ	۱۹۹	۴	غَايَةُ التَّجْوِيْدِ	۲۱۸
۲	حُكْمُ عِلْمِ التَّجْوِيْدِ	۲۰۵	۵	اَخْذُ التَّجْوِيْدِ	۲۲۲
۳	مَوْضُوْعُ التَّجْوِيْدِ	۲۱۷	۶	اَخْذُ التَّجْوِيْدِ عَنْ اَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ	۲۳۰

Marfat.com

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
٧	اَللَّحْنُ	٢٦٣	٩	اَللَّحْنُ الْخَفِيُّ	٢٦٩
٨	اَللَّحْنُ الْجَلِيُّ	٢٦٥			

اَلْجُزْءُ الْخَامِسُ ـــ فِي الْهِجَاءِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
١	حُرُوْفُ الْهِجَاءِ	٢٧٢	٦	اَلضَّمَّةُ وَالْمَضْمُوْمُ	٢٨٤
٢	اَلْحُرُوْفُ الْمُهْمَلَةُ وَالْمُعْجَمَةُ	٢٧٥	٧	اَلْحَرَكَةُ وَالْمُتَحَرِّكُ	٢٨٦
			٨	اَلسُّكُوْنُ وَالسَّاكِنُ	٢٨٩
٣	جَوَاهِرُ الْحُرُوْفِ	٢٧٧	٩	اَلشَّدُّ وَالْمُشَدَّدُ	٢٩٢
٤	اَلْفَتْحَةُ وَالْمَفْتُوْحُ	٢٨٠	١٠	اَلتَّنْوِيْنُ وَالْمُنَوَّنُ	٢٩٥
٥	اَلْكَسْرَةُ وَالْمَكْسُوْرُ	٢٨٢			

اَلْجُزْءُ السَّادِسُ فِي حُرُوْفِ الْمَدِّ وَاللِّيْنِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
١	اَلْاَلِفُ الْمَدِّيَّةُ	٢٩٨	٧	حُرُوْفُ الْمَدِّ	٣٠٩
٢	اَلْفَتْحَةُ الْقَائِمَةُ	٣٠٠	٨	اَلْوَاوُ اللَّيِّنَةُ	٣١٢
٣	اَلْيَاءُ الْمَدِّيَّةُ	٣٠٢	٩	اَلْيَاءُ اللَّيِّنَةُ	٣١٣
٤	اَلْكَسْرَةُ الْقَائِمَةُ	٣٠٤	١٠	اَلْفَرْقُ بَيْنَ الْهَمْزَةِ وَالْاَلِفِ	٣١٥
٥	اَلْوَاوُ الْمَدِّيَّةُ	٣٠٦			
٦	اَلضَّمَّةُ الْمَقْلُوْبَةُ	٣٠٧			

Marfat.com

اَلْجُزْءُ السَّابِعُ — فِيْ مَخَارِجِ الْحُرُوْفِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
١	اَقْسَامُ الْحُرُوْف	٣١٧	١٦	اَلْمَخْرَجُ السَّابِعُ	٣٥١
٢	اَلْحُرُوْفُ الْاَصْلِيَّةُ	〃	١٧	اَلْمَخْرَجُ الثَّامِنُ	٣٥٢
٣	اَلْحُرُوْفُ الْفَرْعِيَّةُ	٣١٩	١٨	اَلْمَخْرَجُ التَّاسِعُ	٣٥٦
٤	اَلْحُرُوْفُ الْفَرْعِيَّةُ الْفَصِيْحَةُ	٣٢٠	١٩	اَلْمَخْرَجُ الْعَاشِرُ	٣٥٨
٥	اَلْاَسْنَانُ	٣٢٦	٢٠	اَلْمَخْرَجُ الْحَادِيْ عَشَرُ	٣٦٠
٦	اَللِّسَانُ	〃	٢١	اَلْمَخْرَجُ الثَّانِيْ عَشَرُ	٣٦٢
٧	اَلصَّوْتُ وَالنَّفَسُ	٣٣٢	٢٢	اَلْمَخْرَجُ الثَّالِثُ عَشَرُ	٣٦٤
٨	اَلْمَخْرَجُ وَالْحَرْفُ	٣٣٤	٢٣	اَلْمَخْرَجُ الرَّابِعُ عَشَرُ	٣٦٦
٩	اَلْمَخَارِجُ	٣٣٦	٢٤	اَلْمَخْرَجُ الْخَامِسُ عَشَرُ	٣٦٨
١٠	اَلْمَخْرَجُ الْاَوَّلُ	٣٣٩	٢٥	اَلْمَخْرَجُ السَّادِسُ عَشَرُ	٣٧٠
١١	اَلْمَخْرَجُ الثَّانِيْ	٣٤٢	٢٦	اَلْمَخْرَجُ السَّابِعُ عَشَرُ	٣٧٢
١٢	اَلْمَخْرَجُ الثَّالِثُ	٣٤٤			
١٣	اَلْمَخْرَجُ الرَّابِعُ	٣٤٥			
١٤	اَلْمَخْرَجُ الْخَامِسُ	٣٤٦			
١٥	اَلْمَخْرَجُ السَّادِسُ	٣٤٩			

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الثَّامِنُ فِیْ صِفَاتِ الْحُرُوْفِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	الصفۃ والموصوف	۳۷۹	۱۷	الصفیر	۴۱۲
۲	الصفات	۳۸۰	۱۸	القلقلۃ	۴۱۴
۳	الصفات الذاتیۃ	۳۸۱	۱۹	اللین	۴۱۶
۴	الصفات المتضادۃ	۳۸۲	۲۰	الانحراف	۴۱۸
۵	الھمس	۳۸۴	۲۱	التکریر	۴۲۰
۶	الجھر	۳۸۷	۲۲	التفشی	۴۲۲
۷	الشدۃ	۳۸۹	۲۳	الاستطالۃ	۴۲۳
۸	الرخاوۃ	۳۹۱	۲۴	الصفات القویۃ والضعیفۃ	۴۲۵
۹	التوسط	۳۹۲			
۱۰	الاستعلاء	۳۹۵	۲۵	الحروف القویۃ والضعیفۃ	۴۲۹
۱۱	الاستفال	۳۹۷			
۱۲	الاطباق	۳۹۹	۲۶	اجتماع الصفات فی حرف واحد	۴۳۲
۱۳	الانفتاح	۴۰۲	۲۷	جدول الصفات والموصوفات	۴۳۵
۱۴	الاذلاق	۴۰۵			
۱۵	الاصمات	۴۰۷	۲۸	جدول الموصوفات والصفات	
۱۶	الصفات التی لا اضداد لھا	۴۱۱			

Marfat.com

اَلْجُزْءُ التَّاسِعُ فِی الْاِظْهَارِ وَالْاِدْغَامِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	اَلْاِظْهَارُ	۴۵۵	۶	اِدْغَامُ الْمُتَقَارِبَیْنِ	۴۶۶
۲	اَلْاِدْغَامُ	۴۵۶	۷	لَامُ التَّعْرِیْفِ	۴۶۹
۳	اَلْاِدْغَامُ الصَّغِیْرُ	۴۵۹	۸	اَللَّامُ الْقَمَرِیَّةُ	۴۷۰
۴	اِدْغَامُ الْمُتَمَاثِلَیْنِ	۴۶۰	۹	اَللَّامُ الشَّمْسِیَّةُ	۴۷۲
۵	اِدْغَامُ الْمُتَجَانِسَیْنِ	۴۶۲			

اَلْجُزْءُ الْعَاشِرُ فِی الصِّفَاتِ الْعَارِضَةِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	اَلْمَدُّ وَالْقَصْرُ	۴۷۷	۱۰	اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ	۴۸۶
۲	اَلْمَدُّ الْاَصْلِیُّ	۴۷۸	۱۱	اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ عَلَی الْاَلِفِ	۴۸۸
۳	اَلْمَدُّ الْفَرْعِیُّ	۴۷۹			
۴	مَحَلُّ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ	″	۱۲	اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ عَلَی الْوَاوِ	۴۹۰
۵	سَبَبُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ	۴۸۰			
۶	عِلَّتُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ	۴۸۱	۱۳	اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ عَلَی الْیَاءِ	۴۹۱
۷	مِقْدَارُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ	۴۸۲			
۸	اَحْکَامُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ	۴۸۴	۱۴	اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ	۴۹۳
۹	اَقْسَامُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ	۴۸۵	۱۵	اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ عَلَی الْاَلِفِ	۴۹۶

Marfat.com

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱۶	اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ عَلَى الْوَاوِ	۵۰۰	۲۳	اَلْمَدُّ الْعَارِضُ الْوَقْفِيُّ عَلَى الْأَلِفِ	۵۱۸
۱۷	اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ عَلَى الْيَاءِ	۵۰۲	۲۴	اَلْمَدُّ الْعَارِضُ الْوَقْفِيُّ عَلَى الْوَاوِ	۵۲۰
۱۸	اَلْمَدُّ اللَّازِمُ	۵۰۵	۲۵	اَلْمَدُّ الْعَارِضُ الْوَقْفِيُّ عَلَى الْيَاءِ	۵۲۲
۱۹	اَلْمَدُّ اللَّازِمُ الْكَلِمِيُّ الْمُخَفَّفُ	۵۰۷	۲۶	اَلْمَدُّ اللِّيْنُ الْعَارِضُ	۵۲۴
۲۰	اَلْمَدُّ اللَّازِمُ الْكَلِمِيُّ الْمُثَقَّلُ	۵۰۸	۲۷	اَلْمَدُّ اللِّيْنُ الْعَارِضُ عَلَى الْوَاوِ	۵۲۷
۲۱	اَلْمَدُّ اللَّازِمُ الْحَرْفِيُّ الْمُخَفَّفُ وَالْمُثَقَّلُ	۵۱۱	۲۸	اَلْمَدُّ اللِّيْنُ الْعَارِضُ عَلَى الْيَاءِ	۵۲۹
۲۲	اَلْمَدُّ الْعَارِضُ لِلسُّكُوْنِ	۵۱۵			

اَلْجُزْءُ الْحَادِيْ عَشَرَ فِيْ اَحْوَالِ الْمِيْمِ وَالنُّوْنِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	اَلْغُنَّةُ وَحَرْفَا الْغُنَّةِ	۵۳۱	۴	اَلْإِخْفَاءُ الشَّفَوِيُّ	۵۳۹
۲	اَحْكَامُ الْمِيْمِ السَّاكِنَةِ	۵۳۵	۵	اَلْإِظْهَارُ الشَّفَوِيُّ	۵۴۰
۳	اَلْإِدْغَامُ الصَّغِيْرُ الْمِثْلَيْنِ	۵۳۶	۶	اَحْكَامُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ	۵۴۲

Marfat.com

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۷	اِظْهَارُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ	۵۴۵	۱۱	اَلْاِدْغَامُ بِلَا غُنَّةٍ	۵۵۳
۸	اَلْاِظْهَارُ الْمُطْلَقُ	″	۱۲	اَلْاِدْغَامُ مَعَ الْغُنَّةِ	۵۵۵
۹	اَلْاِظْهَارُ الْحَلْقِيُّ	۵۴۸	۱۳	اَلْاِقْلَابُ	۵۵۸
۱۰	اِدْغَامُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ	۵۵۳	۱۴	اَلْاِخْفَاءُ الْحَقِيْقِيُّ	۵۶۳

اَلْجُزْءُ الثَّانِيْ عَشَرَ فِي التَّفْخِيْمِ وَالتَّرْقِيْقِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
۱	اَلتَّفْخِيْمُ	۵۸۳	۹	حُكْمُ الرَّآءِ السَّاكِنَةِ	۵۹۶
۲	اَلتَّرْقِيْقُ	۵۸۶	۱۰	حُكْمُ الرَّآءِ السَّاكِنَةِ الْمُبْتَدَأَةِ	۵۹۷
۳	حُكْمُ الْاَلِفِ	۵۸۷			
۴	حُكْمُ اللَّامِ	۵۸۸	۱۱	حُكْمُ الرَّآءِ السَّاكِنَةِ الْمُتَوَسِّطَةِ	۵۹۸
۵	اَحْكَامُ الرَّآءِ	۵۹۱			
۶	حُكْمُ الرَّآءِ الْمُتَحَرِّكَةِ	۵۹۲	۱۲	حُكْمُ الرَّآءِ السَّاكِنَةِ الْمُتَطَرِّفَةِ	۶۰۱
۷	حُكْمُ الرَّآءِ الْمَفْتُوْحَةِ وَالْمَضْمُوْمَةِ	۵۹۳	۱۳	اَلْاِمَالَةُ	۶۰۳
۸	حُكْمُ الرَّآءِ الْمَكْسُوْرَةِ	۵۹۵			

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الثَّالِثُ عَشَرَ فِي اَقْسَامِ الْهَمْزَةِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
١	اَقْسَامُ الْهَمْزَةِ	٦٠٦	١٢	هَمْزَةُ الْاِسْمِ	٦١٧
٢	هَمْزَةُ الْاَصْلِ	٦٠٧	١٣	هَمْزَةُ الْفِعْلِ	٦٢١
٣	هَمْزَةُ الْبِنَاءِ	٦٠٨	١٤	اَحْكَامُ الْهَمْزَةِ	٦٢٣
٤	هَمْزَةُ الْجَمْعِ	٦٠٩	١٥	اَلتَّحْقِيقُ نُوْجِبُ	٦٢٤
٥	هَمْزَةُ الْاَعْلَامِ	٦١٠	١٦	اَلتَّسْهِيلُ الْوَاجِبُ	٦٢٦
٦	هَمْزَةُ الْمُتَكَلِّمِ	″	١٧	اَلْاِبْدَالُ نُوْجِبُ	٦٢٧
٧	هَمْزَةُ بَابِ الْاِفْعَالِ	٦١١	١٨	اَلْحَذْفُ نُوْجِبُ	٦٢٩
٨	هَمْزَةُ اَفْعَلِ التَّفْضِيلِ	٦١٢	١٩	اَلْاِبْدَالُ مُخْتَارٌ وَالتَّسْهِيلُ جَائِزٌ	٦٣٠
٩	هَمْزَةُ فِعْلِ التَّعَجُّبِ	٦١٣			
١٠	هَمْزَةُ الْاِسْتِفْهَامِ	٦١٤	٢٠	نَقْلُ الْحَرَكَةِ وَصُوْرَةُ النَّقْلِ	٦٣١
١١	هَمْزَةُ الْوَصْلِ	٦١٧			

اَلْجُزْءُ الرَّابِعُ عَشَرَ فِي الْمُتَفَرِّقَاتِ

نمبر		صفحہ	نمبر		صفحہ
١	اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ	٦٣٢	٣	اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ عَلٰى غَيْرِ حَدِّهٖ	٦٣٣
٢	اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ عَلٰى حَدِّهٖ		٤	اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ	٦٣٥

Marfat.com

نمبر		صفحہ
	عَلیٰ غَیرِ حَدِّہٖ فِی کَلِمَۃٍ	۶۳۵
۵	اِجْتِمَاعُ السَّاکِنَیْنِ عَلیٰ غَیرِ حَدِّہٖ فِیْ کَلِمَتَیْنِ	۶۳۷
۶	اَلتَّمَاثُلُ فِی الرَّسْمِ	۶۴۳
۷	اَلصِّلَۃُ وَالْاِشْبَاعُ	۶۴۵
۸	دُعَاءُ الْحِفْظِ	۶۵۰

Marfat.com

تَقدِیمُ الکِتَابُ

پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۞ ثُمَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ ۞ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ عَلَّمَ اَصْحَابَهٗ کَلَامَ اللّٰهِ ۞ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهِمُ الَّذِیْنَ نَقَلُوْا وَوَصَّلُوْا اِلَیْنَا کِتَابَ اللّٰهِ ۞

جملہ حمد و ثنا خاص اس خالق و مالک مطلق کیلئے ہیں جو ہمیں عدم سے وجود میں لایا۔ احسن تقویم میں پیدا کیا اور عمدہ وجود بخشا۔ زبان اور قوتِ گویائی عطا کی جس سے اس کا کلام پڑھا۔ قوتِ سامعہ عطا کی جس سے

Marfat.com

اس کا کلام سُنا، قوتِ باصرہ عطا کی۔ جس سے اس کے کلام کے نقوش دیکھے اور پہچانے۔ دل و دماغ عطا کیا جس سے اس کا کلام سمجھا، ما فی الضمیر کے بیان و اظہار کی قوت بخشی جس سے ابلاغ کا کام لیا اور عقل و فہم اور شعور عطا فرمائے جن سے حلال و حرام، جائز و ناجائز، اور اچھے بُرے کی تمیز ہوئی۔

تمام تعریفیں اس رحمٰن و رحیم اور ستار و غفار کے لئے ہیں جس نے اپنی صفتِ رحمت سے ہمارے وجود کی حفاظت کا ذمہ اٹھا رکھا ہے۔ ہر حال اور ہر آن ہماری نگہبانی کر رہا ہے — صفتِ ستاری سے ہمارے عیوب و عصیاں کی ستر پوشی کر رہا ہے اور صفتِ غفاری سے ہمارے صغائر و کبائر سے درگزر فرما رہا ہے۔

سب خوبیاں اس قادرِ مطلق کے لئے ہیں جس نے ہمیں مسلمان گھرانے میں پیدا کیا، دولتِ ایمان سے نوازا، نعمتِ اسلام سے سرفراز فرمایا — اور سیّد الاولین والآخرین، سید المرسلین، آخر الانبیاء اور خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کی اُمّت میں شامل فرمایا۔

اور جملہ عیوب اور تمام نقائص سے منزّہ اور پاک ہے وہ ذاتِ اقدس لازوال ولایزال اور وحدہٗ لاشریک لہٗ جس نے ہمیں کفر و ضلالت، اور شرک و بدعت سے بچا لیا۔

کروڑہا صلوٰۃ و سلام ہوں خدا کے رسُول و پیغمبر محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جن پر **کلام اللہ** کا نزول ہُوا، اور جنہوں نے خلق خدا تک اُسے

Marfat.com

من وعن پہنچایا۔

پھر لاکھوں درود و سلام ہوں اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جنہوں نے خدا کا کلام اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا پیغام ہُوبہُو لفظاً بلفظ اداءً و قراءۃً اُمّت کے سامنے پیش کیا۔

پھر لاکھوں رحمتیں ہوں قرآء عظام اور علماء کرام پر جنہوں نے اللہ کے کلام اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پیغام کی لفظی اور معنوی حفاظت کرکے اُسے ہم تک پہنچا دیا۔

پھر ہزاروں رحمتیں ہوں ہمارے آباؤ اجداد پر جنہوں نے ہمیں علوم قرآن کیطرف متوجہ کیا اور ہماری نگہداشت اور سرپرستی فرمائی۔

اور ہزاروں رحمتیں ہوں ہمارے شیوخ اور اساتذہ کرام پر جنہوں نے ہمیں قرآن کی تعلیم سے روشناس کرایا اور دینی تعلیم سے آراستہ کرکے جہالت سے بچایا —

خصوصاً حضرت شیخ الشیوخ شیخ القراء استاذی المرحوم المغفور جناب الحاج قاری کریم بخش صاحب نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مسکنہٗ اور حضرت قاری خدا بخش صاحب مراد آبادی مدظلہٗ جن کی شفقت عظیمہ اور محنت شاقہ اور پیہم رہنمائی نے مجھ جیسے نابکار و ناکارہ کو بھی زمرۂ قراء میں شامل کردیا اور ان کی صف میں لا کھڑا کیا۔ [illegible] لکھنے کے قابل بنا دیا۔ چنانچہ یہ سطور [illegible] جو زیر قلم [illegible] ہیں، اُن ہی کے فیضان کا ثمرہ ہیں — ورنہ "من آنم کہ من دانم"

راقم السطور اس خالص قرآنی اور دینی خدمت کو اپنے شیخ مغفور و مرحوم ہی کے نام منسوب کرتا ہے۔

کاتب الحروف کو یہ چند اوراق لکھنے کے لئے اور اس کتاب کی تالیف کے لئے قلم اٹھانے کا سبب کوئی نام ونمود اور حصولِ شہرت یا جب منفعت نہیں ہے، بلکہ فقط اور فقط ایک قرآنی اور دینی خدمت پیشِ نظر ہے، اور اس لئے کہ شاید تالیف کنندہ کے لئے توشۂ آخرت بن جائے اور اس لئے بھی کہ جیسا شاعر کہتا ہے:

وَمَا مِنْ کَاتِبٍ اِلَّا سَیَفْنٰی
وَیَبْقَی الدَّهْرُ مَا کَتَبَتْ یَدَاهُ
فَلَا تَکْتُبْ بِکَفِّكَ غَیْرَ شَیْئٍ
یَسُرُّكَ فِی الْقِیَامَةِ اَنْ تَرَاهُ

یَلُوْحُ الْخَطُّ فِی الْقِرْطَاسِ دَهْرًا
وَکَاتِبُهٗ رَمِیْمٌ فِی التُّرَابِ
سَیَبْقَی الْخَطُّ بَعْدِیْ فِیْ کِتَابِیْ
وَیَفْنَی الْکَفُّ مِنِّیْ فِی التُّرَابِ
فَیَا لَیْتَ الَّذِیْ یَقْرَءُ کِتَابِیْ
دَعَا لِیْ بِالْخَلَاصِ مِنْ عَذَابِیْ

Marfat.com

راقم الحروف کو ضیاعِ عمر، تضییعِ اوقات اور کثرتِ معاصی نے ناکارہ کر دیا ہے، دُنیا میں اس کا کوئی مقام نہیں، اب وہ فقط اس امید پر جی رہا ہے کہ :-

یَا مَنْ عَدَا ثُمَّ اعْتَدٰی ثُمَّ اقْتَرَفْ
ثُمَّ انْتَهٰی ثُمَّ ارْعَوٰی ثُمَّ اعْتَرَفْ
اَبْشِرْ بِقَوْلِ اللّٰهِ فِیْ اٰیَاتِهٖ
اِنْ یَّنْتَهُوْا یُغْفَرْ لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفْ

یَا رَبِّ اِنْ عَظُمَتْ ذُنُوْبِیْ کَثْرَةً
فَلَقَدْ عَلِمْتُ بِاَنَّ عَفْوَكَ اَعْظَمُ
اِنْ کَانَ لَا یَرْجُوْكَ اِلَّا مُحْسِنٌ
فَبِمَنْ یَلُوْذُ وَیَسْتَجِیْرُ الْمُجْرِمُ

مرورِ زمانہ کا تقاضا ہے اور رفتِ وقت منادی کر رہی ہے اور بتلا رہی ہے کہ :-

قَرُبَ الرَّحِیْلُ اِلٰی دِیَارِ الْاٰخِرَةْ
فَاجْعَلْ اِلٰهِیْ خَیْرَ عُمْرِیْ اٰخِرَهْ
وَارْحَمْ مَبِیْتِیْ فِی الْقُبُوْرِ وَ وَحْدَتِیْ
وَارْحَمْ عِظَامِیْ حِیْنَ تَبْقٰی نَاخِرَهْ
فَاَنَا الْمُسَیْکِیْنُ الَّذِیْ اَیَّامُهٗ
جَاءَتْ بِاَوْزَارٍ غَدَتْ مُتَوَاتِرَهْ

Marfat.com

فَلَئِنْ رَحِمْتَ فَاَنْتَ اَکْرَمُ رَاحِمٍ
وَبِحَارُ جُوْدِكَ يَا اِلٰهِي زَاخِرَةٌ

اور آخر کار انجام یہ ہوگا کہ کہا جائے گا:-

يَا قَارِئَ الْكِتَابِ   اِبْكِ عَلٰى شَبَابِيْ
بِالْاَمْسِ كُنْتُ مِثْلَكَ   اَصْبَحْتُ فِي التُّرَابِ

مسلمان کے لئے قرآن کریم کی تعلیم میں مصروف و مشغول رہنا، اس کا سیکھنا اور حاصل کرنا سب سے بڑی سعادت اور بہت بڑی عبادت ہے۔ اور اس سے اعراض و فرار بڑی بدبختی اور شقاوت ہے۔

ہر مسلمان کے لئے تعلیم قرآن کی فکر و طلب تو فرضِ عین ہے اور اس پر واجب اور فرض ہے کہ وہ اولاً قرآن بالتجوید یعنی صحت لفظی کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کرے۔ اولاد اور خویش واقارب کو پڑھنے کا انتظام و اہتمام کرے، پھر مقدور بھر جس قدر بھی ممکن ہو اس کے معانی و مفہوم کے غور و خوض میں جد و جہد کرتا رہے — پھر حتی الامکان اس کے احکام پر تادم آخر عمل کرتا رہے اور اسے حرزِ جان بنا کر پوری زندگی وظیفہ بنائے رکھے اور مفہوم قرآن کا جو حصہ بھی نصیب ہو جائے اس کو دنیا و آخرت کا سرمایہ سمجھے۔

طریقہ حصولِ علم:

کسی علم کے حصول کے لئے اولاً اور ابتداءً یہ لازم اور ضروری ہوتا

Marfat.com

ہے کہ اس کے مبادی اور اصول و کلیات ذہن نشین کر لئے جائیں — اور انہیں علیٰ ظہر القلب یاد کر لیا جائے — خصوصاً ان علوم و فنون کے مبادی اور اصول و کلیات جو اخذ و نقل سے تعلق رکھتے ہیں اور محض عقل و فہم سے حاصل نہیں ہو سکتے۔

علم التجوید:

ایک ایسا علم ہے جو دفعتاً بعد نسل افواہ مشائخ سے ہی اخذ ہوتا — اور شفت با شفت ہی سے حاصل ہوتا چلا آ رہا ہے اور عقل و قیاس کو اس میں اصلاً اور قطعاً دخل نہیں ہے — البتہ قواعد و ضوابط حصول مقصد کے لئے ممد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔ اور ان سے استفادہ کیا جا سکتا ہے — اسی وجہ سے اس فن لطیف پر بے انتہا کتب لکھی جا چکی ہیں اور لکھی جا رہی ہیں۔

پیش نظر رسالہ میں علم تجوید کے مبادی و اصول [illegible] تجوید نجم [illegible] قرآن [illegible] زمان کے قریب [illegible] ومسائل التجوید ولی الشاطبی [illegible] نے تجرید [illegible] کئے گئے ہیں

زیر نظر کتاب کا نام تفہیم التجوید [illegible] تقریباً تیس سال پہلے مدرسہ تجوید القرآن [illegible] ایام [illegible] وقت [illegible]

Marfat.com

ہی میں رہ گیا۔

پاکستان بننے کے بعد قیام لاہور کے ابتدائی ایام میں یہ کتاب دوبارہ لکھی گئی — مگر حوادثات زمانہ کی وجہ سے اس کا مسودہ بھی محفوظ نہ رہ سکا — بالآخر سہ بارہ لکھی گئی جو بحمدہٖ تعالیٰ پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی

یہ کتاب اوّلاً مختصر سی لکھی گئی تھی — مگر مکرر وسہ کرر لکھنے کی وجہ سے اس کی نوعیّت بدلتی گئی اور اس کا حجم بھی بڑھتا گیا، اور اس قدر بڑھ گیا کہ اب اسے دو حصّوں میں تقسیم کرنا پڑا۔

"تفہیم التّجوید" کی نوعیّت بدلنے اور حجم بڑھنے کی ایک وجہ تو یہ ہوئی کہ اسے سہ بارہ لکھتے وقت ایک خاص مقصد پیش نظر رہا — وہ یہ کہ سکول اور کالجوں کے طلبہ، دفتری ملازمین اور کاروباری حضرات کو تجوید و قرأت سے کچھ انس پیدا ہو گیا ہے اور اس سے دلچسپی لینے لگے ہیں۔ اور اب وہ علمِ تجوید و قرأت کو بطور علم سیکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن سکول و کالج کی گوناگوں مصروفیات دفتر اور کاروبار سے فرصت نہ ملنے کی وجہ سے وہ تجوید و قرأت کے مدارس میں حاضری اور وقت دینے سے قاصر رہتے ہیں۔

خیال پیدا ہوا کہ اس کتاب میں ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جو مدارسِ تجوید و قرأت سے محروم حضرات کے لئے نہ صرف مفید ہو بلکہ ان کے لئے ایک شیخِ کامل اور مجوّد استاذ کا کام دے سکے — اور وہ سکول و کالج، دفتر اور گھر میں بیٹھ کر علمِ تجوید سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

اس لئے اس کتاب میں جہاں اعلےٰ وارفع مضامین آگئے ہیں — جس سے ایک شیخ و مقرئ اور معلّمِ تجوید — فنِّ تجوید و قرأت کی کتب بینی اور ورق گردانی

Marfat.com

سے مستغنی ہو جائے گا ــــ وہاں سہل الحصول اور عام فہم بطرز جدید ایسے قاعدے بھی لکھے گئے ہیں کہ جس سے سکول و کالج کے طلباء و طالبات، دفتری ملازم اور کاروباری حضرات اور معمولی پڑھے لکھے عوام بھی گھر بیٹھے ہی علم تجوید کے اصول و قواعد سے کماحقہٗ، واقفیت حاصل کر لیں گے اور وہ اچھے خاصے مجوّد بن جائیں گے۔

اور دوسری وجہ یہ ہوئی کہ عامۃ المسلمین کو قرآن کریم سے والہانہ محبت تو ہے اور وہ احتراماً اسے سجاتے ہیں۔ سینے سے لگاتے ہیں، سر آنکھوں پر رکھتے ہیں اور چومتے ہیں ــــ لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ قرآن کریم کیا چیز ہے اور اس میں کیا کچھ ہے۔

ضرورت اس بات کی تھی کہ عوام الناس کو کسی قدر قرآن وما فی نظم القرآن سے روشناس کرایا جائے ــــ اور پڑھنے والوں کے لئے جن امور کا جاننا ضروری ہے۔ وہ مختصر طور پر بیان کئے جائیں۔

پس اس اہم ضرورت کے پیشِ نظر اندازہ کتاب میں قرآن کریم کا مختصر تعارف کرایا گیا ہے ــــ جس سے ناظرین کرام یقیناً مستفید و مستفیض اور محظوظ ہوں گے۔

"تفہیم التجوید" کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ــــ حصہ اول ۱۴ اجزاء پر مشتمل ہے، جس میں تعارفِ قرآن کے بعد تجوید کے ضروری مسائل آ گئے ہیں اور حصہ دوم آٹھ اجزاء پر منقسم ہے ــــ جس میں علم الوقف (جو تجوید کا دوسرا جزو ہے) پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

Marfat.com

تفہیم التجوید کے ہر جز کو پانچ عنوانات پر تقسیم کیا گیا ہے :-

۱:- تاج العنوانات : (عنوان بالا) یہ عربی زبان کی صورت میں لکھا گیا ہے اور اس میں علم تجوید کے ایک کلیہ کیطرف اشارہ کیا گیا ہے ، اور یہ اس لئے اختیار کیا گیا ہے کہ طالب تجوید کو عربی زبان سے کسی قدر واقفیت حاصل ہو۔

۲:- سوال وجواب : اس عنوان کے تحت عنوان بالا کا مفہوم اردو زبان میں بیان کیا گیا ہے ، یعنی عنوان بالا میں جو کلیہ بیان کیا گیا ہے ، اسی پر سوال وجواب مرتب کر کے اس کلیہ کو مختصراً بیان کیا گیا ہے — سوال جواب کو اس وجہ سے اختیار کیا گیا ہے کہ طلبہ آسانی کے ساتھ مسائل اخذ کر سکیں۔

۳:- توضیح الجواب : اس عنوان کے تحت عنوان بالا اور عنوان سوال و جواب کے تحت مذکورۃ الصدر کلیہ کی حتی الامکان وضاحت اور تشریح کر کے اسے عام فہم بنانے کی کوشش کی گئی ہے ، اور متعلقہ کلیہ کی اُن اصطلاحات کو جن کا جاننا طلبآءِ علم تجوید کے لئے لازم اور ضروری ہے مرۃً بعد مرۃٍ ذکر کیا گیا ہے تاکہ انہیں کماحقہٗ ان سے واقفیت حاصل ہو

۴:- اَلْقَاعِدَۃُ : اس عنوان کے تحت عموماً ایک جدید قسم کا قاعدہ مرتب کر کے لکھا گیا ہے ، جس میں مذکورۃ الصدر کلیہ پر عمل کر کے بتلایا گیا ہے۔

39381

۵:- اَلْاَمْثِلَۃُ : اس عنوان کے تحت مذکورۃ الصدر کلیہ کے مطابق کثیر التعداد

Marfat.com

مثالیں لکھ دی گئی ہیں تاکہ طلباء علم التجوید کے علم و عمل میں مطابقت پیدا ہو — اور وہ جو کچھ پڑھیں علےٰ وجہ البصیرت پڑھیں — کثرت امثلہ کا مقصدِ وحید یہ ہے کہ کرۃً بعد کرۃٍ یعنی بار بار پڑھنے سے طالبِ علم کا ذہن کھل جائے اور وہ مذکورہ کلیہ اور قاعدہ کو بخوبی یاد کرے کیونکہ امثلہ پر عمل کرنے سے ہی مقصد حاصل ہوتا ہے۔

عنواناتِ خمسہ سابقہ میں ایک خاص قسم کا ربط و تعلق ہے اور ان کا سمجھنا ایک دوسرے پر موقوف ہے۔ پس تفہیم التجوید کو سمجھنے کے لئے مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ رکھنا اور ان پر عمل کرنا اشد ضروری ہے۔

۱:۔ یہ کہ تاج العنوانات یعنی عنوان بالا کے معنی و مفہوم کو ذہن نشین کر لینا چاہیئے تاکہ سوال و جواب کے تحت جو کچھ مکتوب و مرسوم ہے۔ اس کے سمجھنے میں دقت نہ ہو۔

۲:۔ یہ کہ عنوانِ بالا کے تحت " سوال وجواب " میں جو کچھ مذکور ہے۔ اسے خوب یاد کر لینا چاہیئے تاکہ آنے والے عنوان " توضیح الجواب " کے ضمن میں جو کچھ مذکور ہے بآسانی سمجھ میں آسکے۔

۳:۔ یہ کہ عنوان توضیح الجواب کے تحت جو کچھ بیان کیا گیا ہے اسے سمجھنا چاہیئے اور حتی الامکان یاد کرنا چاہیئے اور عربی عبارات کو دل و دماغ میں محفوظ کرنا چاہیئے۔

۴:۔ یہ کہ عنوان " اَلقَاعِدَہ " کے تحت جو قاعدہ مرتب کر کے لکھ دیا گیا ہے۔ اسے سوال و جواب کے مطابق ادا کرنے میں خوب کوشش کرنی چاہیئے

Marfat.com

کیونکہ صحتِ امثلہ، قاعدہ کی صحت پر موقوف ہے۔

۵:۔ یہ کہ عنوان "الامثلۃ" کے تحت جو مثالیں مکتوب و مذکور ہیں، ان میں خوب مشق و اجراء کرنا چاہیئے تاکہ علم و عمل میں مطابقت پیدا ہو جائے اور ہر مثال بلاتکلف ادا کرنے پر قدرتِ کاملہ حاصل ہو جائے۔

۶:۔ یہ کہ جب تک سوال و جواب اچھی طرح ذہن نشین نہ ہو جائیں۔ توضیح الجواب ملاحظہ نہیں کرنا چاہیئے ـــ اور جب تک توضیح الجواب میں متعلقہ مسئلہ مکمل طور پر دل و دماغ میں راسخ نہ ہو جائے ـــ قاعدہ شروع نہیں کرنا چاہیئے ـــ وعلیٰ ہذا قاعدہ یاد کئے بغیر امثلہ نہیں دیکھنی چاہئیں۔

۷:۔ یہ کہ عنوان : الامثلۃ : کے تحت کثرتِ امثلہ کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔ ـــ بلکہ کثرتِ امثلہ کے ذریعہ متعلقہ مسئلہ کو دل و دماغ میں راسخ اور محفوظ و مضبوط کرنا چاہیئے۔

۸:۔ مخارج الحروف کی بحث میں حتی الامکان کوشش کرنی چاہیئے کہ ہر حرف کو اس کے مقررہ مخرج سے ادا کرنے پر قدرتِ کاملہ حاصل ہو جائے۔

۹:۔ صفات الحروف کی بحث میں جد و جہد کرنی چاہیئے کہ ہر حرف کی جملہ صفات لازمیہ کے ادا کرنے میں کمال حاصل ہو جائے۔ کیونکہ دراصل مخارج و صفات کے ادا کرنے میں کمال تک پہنچنا ہی تجوید ہے۔

۱۰:۔ صفاتِ عارضہ کے عنوانات کے تحت ہر صفتِ عارضہ کو کما حقہٗ ادا کرنا چاہیئے اور اس کی مقدار کو حدِّ انتہا تک پہنچانا چاہیئے کیونکہ صفتِ عارضہ

Marfat.com

کی صحت اس کی مقدار پر موقوف ہوتی ہے۔

۱۱:- بعض مقامات پر سابقہ قواعد کیطرف توجہ دلاکر اشارہ کیا گیا ہے۔ ضروری ہے کہ مشارٌ الیہ کو ملاحظہ کیا جائے ۔۔۔ اسی طرح بعض مقامات پر جدید امثلہ لکھنے کے بجائے سابقہ امثلہ کیطرف راہنمائی کی گئی ہے ۔۔۔ ایسے موقع پر وہ امثلہ دیکھنا اشد ضروری اور لابدی ہے۔

اگر شائقین اور طالبینِ علم التجوید "تفہیم التجوید" کا ایک ایک جزء ماہ بماہ پڑھیں تو مختصر سے عرصہ میں پوری کتاب ختم ہوکر فنِ تجوید کا وافر ذخیرہ حاصل ہوسکتا ہے۔

تفہیم التجوید کے مضامین کو مندرجہ ذیل کتبِ تجوید و قراءت اور علومِ قرآنیہ کی دیگر کتب سے اخذ کیا گیا ہے:

۱	تحفہ نذریہ	۱۰	شرح ابن ناظم
۲	فوائد مکیہ	۱۱	القول السدید
۳	فوائد مرضیہ	۱۲	نہایۃ القول المفید
۴	جمال القرآن	۱۳	ابراز المعانی
۵	ضیاء القراءت	۱۴	سراج القاری
۶	خلاصۃ البیان	۱۵	ابن قاصح
۷	معرفۃ الوقوف	۱۶	اتحاف فضلاء البشر
۸	معرفۃ الرسوم	۱۷	التیسیر
۹	المنح الفکریہ	۱۸	النشر

Marfat.com

۱۹ عنایات رحمانی ۲۲ الاتقان

۲۰ تاریخ القرآن ۲۳ مناھل العرفان

۲۱ البرہان

آخر میں یہ عرض کرنا بے جا نہ ہوگا کہ مؤلف کے تساہل، گونا گوں مصروفیات، بے بضاعتی علم، نیز کاتب کے مزمن مرض کی وجہ سے کتاب میں ــــ خصوصاً عربی عبارات کے ترجمہ میں بہت سی غلطیاں رہ گئی ہوں گی ــــ اسلئے ارباب فن سے استدعا ہے کہ وہ مصلحانہ و مشفقانہ اور عالمانہ تنقید سے مؤلف کو مطلع کریں، اور اغلاط کی نشاندہی کریں تاکہ طبع ثانی میں اس کا لحاظ رکھا جائے

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْھَدْیِ وَالْھُدٰی اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ــــ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ــــ اٰمِیْن ثُمَّ اٰمِیْن، ثُمَّ اٰمِیْن۔

احقر القراء

محمد اسمٰعیل عفا اللہ عنہ و عن والدیہ

امیر انجمن حمایت القرآن رجسٹرڈ، و بانی مدرسہ مرکزی دار التجوید والقراءت چوک شاہ عالم گیٹ لاہور پاکستان

سنہ ۱۳۹۴ھ

سنہ ۱۹۷۴ء

Marfat.com

ھدیہ تشکر و امتنان

مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ

میں اس بات کا اعتراف کئے بغیر نہیں رہ سکتا، کہ میں نے اس کتاب میں جو کچھ لکھا ہے، وہی لکھا ہے جو مستند مجودین نے لکھ دیا ہے اور کتب معتبرہ میں سے اپنے ذوق کے مطابق عمدہ اور سہل مضامین چُن چُن کر حتے الامکان حسنِ ترتیب کے لڑی میں پرو دیئے ہیں۔

یہ سعیٔ بلیغ جو "تفہیم التجوید" کی صورت میں ہدیۂ اربابِ بصیرت ہے، ناچیز کو اس پر کوئی ندامت نہیں کہ اس نے کوئی نئی بات نہیں کہی، بلکہ اُسے فخر ہے کہ اُس نے وہی کچھ کہا اور لکھا ہے جو جلیتہ القراء اور اجل اہل فن لکھ چکے ہیں۔

میں یہ اعتراف کئے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ جن حضرات نے مسودہ کے تصیح میں میری معاونت کی ہے، صمیم دل سے ان کا شکریہ ادا کروں، خصوصاً میرے رفیق سفر محترم قاری محمد تراب صاحب مدرس مدرسہ مرکزی دارالتجوید والقراءۃ لاہور، برخوردارم حافظ قاری محمد امداد اللہ سلمہ اللہ بی۔ اے، عزیزم حافظ قاری متین الحق صاحب اور عزیزم حافظ عبدالرؤف صاحب ایم۔ اے اسلامیات اور ایم۔ اے تاریخ۔

نیز ان حضرات کا شکریہ ادا کئے بغیر بھی نہیں رہ سکتا جن اہل ثروت اور مخیر حضرات نے مالی اعانت کر کے کتاب کی طباعت میں دلچسپی کا مظاہرہ کیا ہے۔

Marfat.com

خصوصاً

الحاج جناب قاری عبید الرحمٰن صاحب آزاد کشمیر ریڈیو و بانی جامعہ رحمانیہ راولپنڈی

الحاج جناب قاری عبد القوی صاحب شیخ التجوید جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ

جناب قاری غازی اللہ صاحب پاکستان ریڈیو و مہتمم جامعہ رحمانیہ راولپنڈی

جناب قاری صاحب الحسن صاحب محرر و مدرس مرکزی دار التجوید والقرآءۃ لاہور۔

الحاج جناب محمد ایوب صاحب سابق ڈپٹی سیکرٹری اسلام آباد۔

الحاج جناب شبر صاحب اسلام آباد۔

جناب اقبال مرزا صاحب کمرشل منیجر آدم جی انڈسٹریز کراچی۔

جناب حافظ نفیس خاں صاحب آدم جی انڈسٹریز۔ کراچی

جناب قاری محمد یوسف صاحب منیجر صحاف شال کراچی۔

اور جناب قاری غلام حسین صاحب مدرس مدرسہ تعلیم القرآن مسجد نور کراچی۔

اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو اس مخلصانہ خدمت کی جزاء خیر عطا فرمائے۔

آمین، ثم آمین۔

دعاگو

محمد اسمٰعیل

Marfat.com

اَلجزءُ الاوّلُ فِی تعرِیفِ القرآنِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلقُراٰنُ

س :۔ قرآن کسے کہتے ہیں؟

ج :۔ ہمارے اُمّت مسلمہ کے نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ وحی جو کتاب نازل ہوئی ہے اسے "قرآن" کہتے ہیں۔

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کا وہ ذاتی، قدیم کلام اور آخری کتاب جو سید الانبیاء نبی الصادق الوعد الامین محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر بذریعہ وحی یعنی بواسطہ سید الملٰئکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اتارا گیا ہے اُسے "قرآن" کہتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ قرآن لغت میں مصدر ہے جو مترادف قراءۃ ہے۔ یعنی بکثرت اور تسلسل سے پڑھی جانے والی کتاب جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اِنَّ عَلَیۡنَا جَمۡعَہٗ وَقُرۡاٰنَہٗ. فَاِذَا قَرَاۡنٰہُ فَاتَّبِعۡ قُرۡاٰنَہٗ.

پھر معنی مصدری سے منتقل ہو کر کلام معجز منزل (علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم) کا نام رکھا گیا ہے۔ اور اصطلاح میں: ھُوَ الۡکَلَامُ الۡمُعۡجِزُ، اَلۡمُنَزَّلُ عَلَی النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ، اَلۡمَکۡتُوۡبُ فِی الۡمَصَاحِفِ اَلۡمَنۡقُوۡلُ بِالتَّوَاتُرِ، اَلۡمُتَعَبَّدُ بِتِلَاوَتِہٖ:

پس قرآن کلام الٰہی ہے یعنی قادر مطلق لاشریک لہ کا وہ ذاتی اور قدیم کلام ہے جو غیر مخلوق ہے۔ جو من عند اللہ منزل علی النبی الصادق الوعد الامین ہے۔ جو محفوظ

Marfat.com

فی صدور الرجال ہے۔ جو مقرو بالسنۃ الجن والانس ہے جو مسموع بالاذن ہے اور جو مرسوم ومکتوب فی المصاحف ہے۔

نیز جو ایک سو چودہ سورتوں میں محصور و منقسم ہے۔ جس کا اول سورۃ الفاتحہ اور آخر سورۃ الناس ہے اور جو عندالامۃ بین الدفتین محصور اور بین اللوحین موجود ہے۔ جس میں ایک حرف کی کمی زیادتی قراءۃً وکتابۃً حرام اور ممنوع ہے۔ تسمیر الطالبین میں ہے:

هُوَ اللَّفْظُ الْمُنَزَّلُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْإِعْجَازِ وَالْبَيَانِ. الْمَنْقُوْلُ مَضْبُوْطًا بِالتَّوَاتُرِ الْمُتَعَبَّدُ بِتِلَاوَتِهٖ۔

وہ قرآن: مجموعۂ الفاظ اور معانی ہے جو سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر برائے اعجاز اور بیان نازل ہوا ہے جو تواتر کے ساتھ منقول اور مضبوط ہے جس کی تلاوت سے عبادت کی جاتی ہے

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ. فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ. لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ. تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ.

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ بلاشبہ یہ ایک مکرم قرآن ہے جو ایک محفوظ کتاب میں درج ہے۔ کہ اس کو بجز پاک فرشتوں کے کوئی ہاتھ نہیں لگانے پاتا۔ یہ رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا ہے۔

قرآن من حیث القرآن تین اجزاء پر مشتمل ہے۔ اصوات۔ الفاظ اور معانی۔ اصوات سے مراد وہ حسین وجمیل اصوات ہیں جو وقت نزول وحی مسموع اور لحونِ عرب سے ملحون ہوتے تھے جسے صَلْصَلَةُ الْجَرَسِ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

حارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔

Marfat.com

یارسول اللہِ کَیفَ یَاْتِیکَ الْوَحْیُ کہ اے اللہ کے رسول آپؐ کے پاس وحی کیسے آتی ہے۔ فرمایا اَحْیَانًا یَاْتِیْنِیْ مِثْلَ صَلْصَلَۃِ الْجَرَسِ. کہ کبھی کبھی صلصلۃ الجرس کی طرح ایک خاص آواز میں آتی ہے اور صلصلۃ الجرس اس آواز کو کہتے ہیں جو گھنٹی بجا کر کھلی چھوڑنے کے بعد بجتی ہے اور دیر تک جاری رہتی ہے۔

الفاظ سے مراد جملہ حروف و کلمات اور آیات و سُوَر ہیں۔ اور معانی سے وہ معانی مراد ہیں جو منجانب اللہ قلب النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر القاء ہوتے ہیں اور جو آپؐ نے اُمت کے قلوب میں منتقل کر دیے ہیں۔

قرآن کریم جیسا کہ اس وقت ہمارے پاس ایک سو چودہ[۱۱۴] سورتوں پر مشتمل مصحف میں مسطور و مکتوب بَیْنَ الدَّفَّتَیْنِ موجود ہے بالکل اسی طرح عند اللہ لوح محفوظ میں مسطور و مکتوب ہے۔ کَمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔

قاضی عیاض اپنی کتاب الشفا میں لکھتے ہیں:

وَقَدْ اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ اور تمام مسلمانوں کا اس بات

---

۱ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ لَوْحًا مَّحْفُوْظًا مِّنْ دُرَّۃٍ بَیْضَاءَ دَفَّتَاہُ [illegible] یَاقُوْتَۃٍ حَمْرَاءَ قَلَمُہٗ نُوْرٌ وَکِتَابُہٗ [illegible] فِیْ کُلِّ یَوْمٍ سِتُّوْنَ وَثَلٰثُمِائَۃِ لَحْظَۃٍ یَخْلُقُ وَیَرْزُقُ وَیُمِیْتُ وَیُحْیِیْ وَیُعِزُّ وَیُذِلُّ وَیَفْعَلُ مَا یَشَاءُ

أَنَّ الْقُرْاٰنَ الْمَتْلُوَّ فِيْ جَمِيْعِ أَقْطَارِ الْاَرْضِ وَالْمَكْتُوْبَ فِي الْمُصْحَفِ بِأَيْدِي الْمُسْلِمِيْنَ مِمَّا جَمَعَهُ الدَّفَّتَانِ مِنْ أَوَّلِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ إِلٰى اٰخِرِ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ أَنَّهٗ كَلَامُ اللّٰهِ وَوَحْيُهٗ الْمُنَزَّلُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّ جَمِيْعَ مَا فِيْهِ حَقٌّ وَأَنَّ مَنْ نَقَصَ حَرْفًا قَاصِدًا لِذٰلِكَ أَوْ بَدَّلَهٗ بِحَرْفٍ اٰخَرَ مَكَانَهٗ أَوْ زَادَ حَرْفًا مِمَّا لَمْ يَشْتَمِلْ عَلَيْهِ الْمُصْحَفُ الَّذِيْ وَقَعَ عَلَيْهِ الْإِجْمَاعُ وَأُجْمِعَ عَلٰى أَنَّهٗ لَيْسَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَامِدًا لِكُلِّ هٰذَا أَنَّهٗ كَافِرٌ. اهـ.

پر اجماع ہو چکا ہے کہ: قرآنِ متلوّ: جو جمیع گوشہائے زمین میں مسلمانوں کے ہاتھ سے مکتوب فی المصحف ہے جو بین اللوحین جمع ہے یعنی ابتداء الحمد للہ رب العالمین ہ سے انتہاء قل اعوذ برب الناس تک وہ یقیناً اور بلا شبہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ اور اس کی وحی ہے جو اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مُنزَل ہے اور یقیناً جو کچھ اس میں ہے وہ حق ہے۔ اور بلا شُبہ جس نے ارادۃً ایک حرف کو کم کیا، یا ایک حرف کو دوسرے سے بدل دیا، یا کسی ایسے حرف کو زیادہ کیا جس پر وہ مصحف مشتمل نہیں ہے جس پر اجماع ہو چکا ہے۔ اور اس پر اجماع ہے کہ وہ شئی جو قرآن میں سے نہیں ہے۔ سو جو شخص ان تمام کا عامد و قاصد ہے وہ یقیناً کافر ہے۔

وَأَيَّدَهٗ شُرَّاحُهٗ وَمِنْهُمُ الْإِمَامَانِ الْمُلَّا عَلِيُّ الْقَارِيْ

اور شارحین شفاء نے بھی اس بات کی تائید کی ہے جن میں سے امام مُلّا

Marfat.com

وَالشِّهَابُ الْخَفَاجِیُّ (كِلَاهُمَا مِنْ كِبَارِ الْحَنَفِيَّةِ) وَقَالَا بَعْدَ قَوْلِهِ. اَوْ زَادَ حَرْفًا اَیْ كِتَابَةً اَوْ قِرَاءَةً. اھ.

علی قاری اور شہاب خفاجی بھی ہیں جو دونوں اجل الحنفیہ میں سے ہیں. ان دونوں نے اَوْزَادَ حَرْفًا کے بعد کتابۃً یا قراءۃً دونوں صورتوں کو شامل کیا ہے

قرآن کریم کے نزول کی ابتداء مکۃ المکرمہ میں جبل نور پر غار حراء میں ۲۴ رمضان المبارک کو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم پر اس وقت ہوئی جبکہ آپؐ مصروف عبادت تھے سمیر الطالبین میں ہے.

وَقَدِ ابْتَدَأَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنْزَالَهٗ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِيْنَ مِنْ رَمَضَانَ فِی السَّنَةِ الثَّالِثَةَ عَشَرَةَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ فِیْ غَارِ حِرَاءٍ بِمَكَّةَ لے

اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے نزول قرآن کی ابتداء فرمائی ہے. اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ۲۴ رمضان المبارک کو ۱۳ ھ میں قبل از ہجرت غار حراء میں مکۃ المکرمہ میں.

لے : غار حراء علی جبل النور بمكة علی يسار الصاعقة علی منی بثلاثة امیال وبقمته العالية الغار الذی كان رسول الله صلی الله عليه وسلم يتعبد فيه ويخلو بنفسه قبل ان يبعث. ولقد جاءه الوحی وهو فی غار حراء. وذكر الامام الازرق فی تاريخه فضل حراء وما جاء فيه. والحق انه جبل مبارك وعليه الانوار المعنوية ولا يوجد بمكة ولا بالحجاز جبل يماثله فی شكله وقمته مطلقا.

Marfat.com

وَتَابَعَ إِنْزَالَهٗ عَلٰى حَسْبِ الْوَقَائِعِ فِيْ ثَلَاثٍ وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً

اور اس کے نزول کا سلسلہ حسب حالات و واقعات تیئس سال تک جاری رہا ہے۔

اور تاریخ القرآن للکردی المکی میں ہے

وَأَمَّا تَارِيْخُ بَدْءِ الْوَحْيِ: فَإِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا كَانَ يَتَعَبَّدُ بِغَارِ حِرَاءَ بِمَكَّةَ إِذْ جَاءَهُ الْوَحْيُ فِيْ يَوْمِ الْإِثْنَيْنِ لِسَبْعِ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ لِلسَّنَةِ الْحَادِيَةِ وَالْأَرْبَعِيْنَ مِنْ مِيْلَادِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوَافِقُ ۶ أَغُسْطُسَ سَنَةَ ۶۱۰ مِيْلَادِيَّةً [1]

اور ابتداء وحی کی تاریخ یوں ہے کہ اس اثناء میں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بقرب مکہ غار حراء میں عبادت کرتے تھے اور آپ مصروف عبادت ہی تھے کہ بروز دوشنبہ ۱۷ رمضان ۴۱ھ میلاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ـ مطابق ۶ اگست ۶۱۰ء عیسوی کو اچانک آپ پر وحی نازل ہوئی۔

---

[1] فیکون عمره اذ ذاك بالضبط اربعین سنة قمریة وستة اشهر وثمانیة ایام، وذلك نحو ۳۹ سنة شمسیة وثلاثة اشهر وثمانیة ایام.

وكانت ولادته صلى الله عليه وسلم بمكة صبيحة يوم

Marfat.com

قرآن کریم کے الفاظ و کلمات اور جمل و آیات حروف ہجائیہ عربیہ پر مشتمل ہیں اور حروف سے مراد جوہر حروف ہیں یعنی حروف کی املا اور نقوش و صور ہیں باقی نقط واعراب اور موجودہ حرکات وسکنات وغیرہ سلف صالحین اور علماء امت کے رموز واصطلاحات ہیں جو دال علی المقاصد الخاصہ ہیں اور شفقۃً وتسہیلاً علی الامہ وضع کئے گئے ہیں۔

ہم آنے والے اوراق میں قرآن کریم کے اعراب و نقط اور حرکات وسکنات اور ان کی گنتی کی مفصل حال مستقل عنوانات کے تحت بیان کریں گے انشاء اللہ۔ نیز یہ بھی بتلائیں گے کہ ان اصطلاحات کے واضعین اور عدادین و حسابین سلف صالحین میں سے کون حضرات ہیں۔ اور یہ بھی بتلائیں گے کہ ان کا محرک اول کون سی ہستی ہیں۔

بقیہ حاشیہ) یوم الاثنین تاسع ربیع الاول للسنۃ الاولی من حادث الفیل. وهو یوافق ۲۰ ابریل سنۃ ۵۷۱ میلادیۃ. وقال ابن کثیر فی تاریخہ والمقصود ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولد عام الفیل علی قول الجمہور. فقیل بعدہ بشہر وقیل باربعین یوما وقیل بخمسین یوما وھو اشہر وکانت وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم بالمدینۃ فی ضحوۃ یوم الاثنین ثالث عشر ربیع الاول سنۃ احدی عشرۃ من الھجرۃ وذلک یوافق ۸ یونیہ سنۃ ۶۳۳ میلادیۃ، فیکون عمرہ صلی اللہ علیہ وسلم ۶۳ سنۃ قمریۃ کاملۃ وثلاثۃ ایام. واحدی وستین شمسیۃ واربعۃ وثمانین یوما. اللھم صل علی سیدنا محمد عبدک ونبیک ورسولک النبی الامی وعلی آلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

اَسۡمَآءُ الۡقُرۡآنِ

س : اسماء کسے کہتے ہیں اور قرآن کے اسماء کتنے ہیں۔

ج : اسماء جمع اسم کی ہے اور قرآن کریم کے اسماء متعدد ہیں!

تَوۡضِیۡحُ الۡجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ اسماء جمع اسم کی ہے اور اسم ایک خاص لفظ اور علم ہوتا ہے جس سے مسمّٰی کو معین اور مشخص کرنا مطلوب ہوتا ہے اور تسمیہ میں مُسمّٰی کی ذات وصفات میں سے کسی وصف خاص کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ چنانچہ منزل القرآن حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے تسمیہ میں وصف: قراءۃ: کو ملحوظ رکھا ہے جو کثرت تلاوت پر دلالت کرتا ہے اور لفظ قرآن سننے اور سامنے آتے ہی: قِرَآءَۃ: کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے اور قرآءۃ (یعنی پڑھنا جو قرآن کا مقصد اول ہے) دل و دماغ میں اتر جاتا ہے۔ اسماء قرآن کی تعداد کثیر ہے علماء امت نے اس موضوع پر مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں اور جیسا کہ البرہان میں ہے۔ حرّانیؒ نے اپنی کتاب میں اسماء قرآن تقریباً نوّے ۹۰ تک بتلائے ہیں اور قاضی ابو المعالی عزیزی بن عبدالملک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ بات جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کو پچپن اسما سے مسمّٰی کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی ارسال کردہ وحی اور کلام کے چند جدید قسم کے اسماء و القاب تجویز فرمائے ہیں۔ یہ اسماء و القاب عربی زبان کے اسماء و القاب سے اجمال و تفصیل کے اعتبار سے مختلف اور جداگانہ ہیں۔ ان اسماء و القاب میں اس بات کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے کہ فلاں اسم کیوں رکھا گیا ہے اور اس کا مقصد و ماخذ کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے کلام اور ارسال کردہ وحی کے متعدد ناموں میں سے دو نام زیادہ

Marfat.com

مشہور ہیں۔ (۱) اَلْقُرْاٰن (۲) الکتاب

القرآن اور الکتاب یہ دونوں نام آرامی الاصل ہیں کیونکہ قراءۃ آرامی زبان میں تلاوت کو کہتے ہیں اور کتاب کتابت و تحریر حروف اور نقوشِ کلمات کو کہتے ہیں اور ان اسماء و القاب کا ماخذ خود قرآن ہی ہے اور یہ مختلف آیات میں سے ماخوذ ہیں

القرآن: اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ سے ماخوذ ہے اور کلام اللہ کا اسم ذاتی ہے جس سے اذہان کو اس کی قراءۃ کی طرف مبذول کرنا مقصود و مطلوب ہے۔

اَلْفُرْقَان: تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ سے ماخوذ ہے اور یہ اس لیے کہ یہ فارق بین الحق والباطل والمسلم والکافر والمومن والمنافق ہے یا اس لیے کہ بعض اس کا بعض سے مفروق فی النزول ہے یا مفروق الآیات والسور ہے۔

اَلْكِتَاب: حٰمٓ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ سے ماخوذ ہے اور یہ اس لیے کہ یہ جامع الحروف والکلمات والآیات والقصص اور جامع [illegible] ہے اور مکتوب فی لوح المحفوظ ہے

اَلذِّكْر: وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اور اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا [illegible] سے ماخوذ ہے اور یہ اس لیے کہ اس میں مواعظ و تذکیر ہیں اور [illegible] ماضیہ ہیں۔

اَلنُّوْر: وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا سے ماخوذ ہے اور یہ اس لیے کہ اس سے

Marfat.com

عوامض الحرام والحلال معلوم ہوتے ہیں۔

اَلتَّنْزِیْلُ: وَاِنَّهٗ لَتَنْزِیْلُ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ: سے ماخوذ ہے اور یہ اس لیئے کہ یہ منزل من عند اللہ علی لسان جبریل ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ عزّ اسمہٗ نے جبریل امین کو بغیر کسی وصف وکیفیت کے جیسے چاہا سنایا اور سمجھایا۔ پھر جبریل امین نے نبی الصادق الوعد الامی الامین صلی اللہ علیہ وسلم پر تدریجًا اور نجمًا نجمًا اتارا۔ پس اسی طرح انہیں ادا کرایا جیسا کہ خود جبریل امین نے صاحب کلام جل مجدہٗ سے پڑھا اور سمجھا تھا۔

صاحب مناہل العرفان فرماتے ہیں کہ اول الذکر یعنی القرآن۔ والفرقان اشہر اسماء النظم الکریم ہیں۔ بلکہ بعض مفسرین نے جمیع اسماء القرآن کا مرجع قرار دیا ہے۔ جیسا کہ صفات اللہ اپنی کثرت کے باوجود معنی جلال وجمال میں جمع ہیں۔ باقی اسماء یا تو قلیل الشہرت ہیں یا وہ صفت کے درجہ میں ہیں۔

Marfat.com

حُرُوفُ الْقُرْاٰنِ

س: حروف القرآن کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کے حروف کتنے ہیں ؟

ج : حروفِ قرآن: ا ب ت ث ج ح : وغیرہ حروفِ ہجائیہ عربیہ ہیں۔ اور قرآن کریم کے حروف کی تعداد مختلف ہے۔

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ حروف سے مراد یہاں حروف نحوی نہیں بلکہ حروف ہجائیہ عربیہ ہیں اور قرآن کریم کے حروف مختلف الا عداد ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ ہمارے سلف صالحین رضوان اللہ علیہم اجمعین نے امت مرحوم کے سامنے قرآن کریم کا گوشہ گوشہ کھول کر رکھدیا ہے۔ اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی یہ بھی ہے کہ انہوں نے قرآن کریم کے حروف وکلمات. نقط واعراب. شدات ومدات اور آیات وسور وغیرہ کے اعداد وشمار بھی بتلا دیئے ہیں۔

سلام ابو محمد حمانی رح فرماتے ہیں کہ حجاج بن یوسف ثقفی رحمہ اللہ نے قرآء. حفاظ اور کتاب کو جمع کیا اور انہیں مامور کرکے فرمایا کہ " اَخْبِرُوْنِیْ عَنِ الْقُرْاٰنِ کُلِّہٖ کَمْ مِنْ حَرْفٍ ھُوَ ؟ پس ہم نے حروف گن کر حساب کیا اور باہم اجماع ہوا کہ حروفِ قرآن تین لاکھ. چالیس ہزار سات سو چالیس ہیں (۳۴۰۷۴۰)

اور عبداللہ بن جبیر عن مجاہد فرماتے ہیں کہ حروف قرآن تین لاکھ اکیس ہزار ہیں. (۳۲۱۰۰۰)

اور بقول ابو بکر احمد بن الحسین بن مہران حجاج بن یوسف ثقفی رح کے منتخب قرآء نے حروف کی تعداد: ثَلَاثَمِائَةِ اَلْفٍ. وَثَلَاثَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا

Marfat.com

وَخَمسَۃَ عَشَرَ حَرُوفًا: یعنی تین لاکھ تئیس ہزار پندرہ (۳۲۳۰۱۵) تبلادی ہے

مصاحف عثمانی میں حروف ہجائیہ باعتبار رسم الخط دو قسم کے ہیں۔ اول ثابت فی الرسم دوم محذوف عن الرسم۔ اس وجہ سے حروف کے اعداد و شمار میں بین العداد بن اختلاف واقع ہوا ہے پس اول الذکر یعنی ثابت فی الرسم کے اعداد و شمار بقول مولانا عبد العزیز بن عبد اللہ۔ جیساکہ (البستان) فقیہ ابو اللیث میں ہیں آئندہ نقشہ سے واضح ہیں۔

عَدَدُ الحُرُوفِ الهِجَائِيَّةِ فِي القُرآنِ

ا	۴۸۸۷۲	ز	۱۵۹۰	ق	۶۸۱۳
ب	۱۱۴۲۸	س	۵۸۹۱	ك	۹۵۲۲
ت	۱۱۹۹	ش	۲۲۵۳	ل	۳۰۴۳۶
ث	۱۲۷۶	ص	۲۰۱۲	م	۲۶۵۳۵
ج	۳۲۷۳	ض	۱۶۰۷	ن	۴۶۵۶۰
ح	۲۹۷۳	ط	۱۲۷۴	و	۲۵۵۳۶
خ	۲۴۱۶	ظ	۸۴۲	ه	۱۹۰۷۰
د	۵۶۴۲	ع	۹۲۲۰	ء	۳۲۷۲
ذ	۴۶۹۷	غ	۲۲۰۸	لا	۴۷۲۰
ر	۱۱۷۹۳	ف	۸۴۹۹	ي	۴۵۹۱۹

Marfat.com

وقال الإمام جلال الدين السيوطي رح

في تفصيل حروف القرآن، ذكرها الإمام النسفي رح
في كتابه: مجمع العلوم ومطلع النجوم

الألف:- ثمانية وأربعون ألفا، وسبع مائة، وأربعون (۴۸،۷۴۰)

الباء:- أحد عشر ألفا، وأربعمائة، وعشرون ۱۱۴۲۰

التاء:- ألف، وأربعمائة، وأربعة ۱۴۰۴

الثاء:- عشرة آلاف، وأربعمائة: وثمانون ۱۰۴۸۰

الجيم:- ثلاثة آلاف، وثلثمائة واثنان وعشرون (۳۳۲۲)

الحاء:- أربعة آلاف، ومائة وثمانية وثلاثون (۴۱۳۸)

الخاء:- ألفان، وخمسمائة، وثلاثة

الدال:- خمسة آلاف، وتسعمائة، وثمانية وتسعون (۵۹۹۸)

الذال:- أربعة آلاف، وتسعمائة، وأربعة وثلاثون (۴۹۳۴)

الراء:- ألفان، ومائتان، وستة (۲۲۰۶)

الزاي:- ألف، وست مائة، وثمانون (۱۶۸۰)

السين:- خمسة آلاف، وسبع مائة، وتسعة وتسعون (۵،۹۹

الشين:- ألفان، ومائة، وخمسة عشر (۲۱۱۵)

الصاد:- ألفان، وسبع مائة وثمانون (۲۷۸۰)

الضاد:- ألف، وثمان مائة واثنا وثمانون (۱۸۸۲)

Marfat.com

اَلطَّآءُ:۔ اَلفٌ، وَمِائَتَانِ وَاَربعَةٌ (۱۲۰۴)

اَلظَّآءُ:۔ ثَمَانِمِائَةٍ وَّاِثْنَانِ وَاَربَعُوْنَ (۸۴۲)

اَلْعَيْنُ:۔ تِسْعَةُ آلَافٍ، وَاَرْبَعُ مِائَةٍ، وَثَلَاثَةَ عَشَرَ (۹۴۱۳)

اَلْغَيْنُ:۔ اَلْفٌ، وَمِائَتَانِ، وَتِسْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ (۱۲۲۹)

اَلْفَآءُ:۔ تِسْعَةُ آلَافٍ، وَثَمَانُ مِائَةٍ، وَثَلَاثَةَ عَشَرَ (۹۸۱۳)

اَلْقَافُ:۔ ثَمَانِيَةُ آلَافٍ، وَتِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ (۸۰۹۹)

اَلْكَافُ:۔ ثَمَانِيَةُ آلَافٍ، وَاِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ (۸۰۲۲)

اَللَّامُ:۔ ثَلَاثَةٌ وَّثَلَاثُوْنَ اَلْفًا، وَتِسْعُمِائَةٍ، وَاِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ. (۳۳۹۲۲)

اَلْمِيْمُ:۔ ثَمَانِيَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا، وَتِسْعُمِائَةٍ، وَاِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ (۲۸۹۲۲)

اَلنُّوْنُ:۔ سَبْعَةَ عَشَرَ اَلْفًا (۱۷۰۰۰)

اَلْوَاوُ:۔ خَمْسَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا، وَخَمْسمِائَةٍ، وَسِتَّةٌ (۲۵۵۰۶)

اَلْهَآءُ:۔ سِتَّةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا، وَتِسْعُمِائَةٍ، وَخَمْسَةٌ وَعِشْرُوْنَ. (۲۶۹۲۵)

اَلْهَمْزَةُ:۔ ثَلٰثَةُ آلَافٍ، وَمِائَتَانِ، وَاِثْنَانِ وَسبعُوْنَ (۳۲۷۲)

لَامْ اَلِفْ:۔ اَرْبَعَةَ عَشَرَ اَلْفًا، وَسَبْعُمِائَةٍ. وَسَبْعَةٌ (۱۴۷۰۷)

اَلْيَآءُ:۔ خَمْسَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا، وَسَبْعُمِائَةٍ، وَسَبْعَةَ عَشَرَ. (۲۵۷۱۷)

Marfat.com

وَاَمَّا جُمْلَةُ حُرُوْفِ الْقُرْاٰنِ فَهِیَ اَلْفُ اَلْفٍ، وَسَبْعَةٌ وَّعِشْرُوْنَ اَلْفًا (۱۰۲۷۰۰۰)

هٰذَا بِاِدْخَالِ حُرُوْفِ الْاٰیَاتِ الْمَنْسُوْخَةِ وَنِصْفُهُ الْاَوَّلُ بِاِعْتِبَارِهَا یَنْتَهِیْ بِالنُّوْنِ مِنْ قَوْلِهٖ فِیْ سُوْرَةِ الْکَهْفِ "لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا نُّکْرًا۔ وَالْکَافُ اَوَّلُ نِصْفُ الثَّانِیْ

وَعَدَدُ دَرَجَاتِ الْجَنَّةِ بِعَدَدِ حُرُوْفِ الْقُرْاٰنِ، وَبَیْنَ کُلِّ دَرَجَتَیْنِ قَدْرُ مَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَالُ لِقَارِئِ الْقُرْاٰنِ اِقْرَأْ وَارْقَ فَاِنَّ مَنْزِلَتَكَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰیَةٍ تَقْرَؤُهَا

Marfat.com

کلماتُ القُرآن

س: کلمات کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کتنے کلمات پر مشتمل ہے؟

ج: کلمات، جمع کلمہ کی ہے اور چند حروف سے مرتب مجموعہ کو کلمہ کہتے ہیں اور کلمات قرآن کی تعداد میں عدّادینِ کرام کے مختلف اقوال ہیں!

تَوضِیحُ الجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ کلمات القرآن حروفِ ہجائیہ عربیہ سے مرکب ہیں اور کلمہ دو یا دو سے زیادہ حروف پر مشتمل ہوتا ہے یعنی کلمہ کے اقل حروف دو ہوتے ہیں۔ خواہ صورۃً ہوں جیسے: مَا۔ لَا۔ ذُقْ وغیرہ۔ خواہ معنیً ہوں جیسے، واو، تاء قسمیہ اور با: جارہ وغیرہ عندالاکثرین خلافاً للدانی رحمہ اللہ۔

اور کلمہ کے اکثر حروف کتابۃً دس تا گیارہ ہوتے ہیں خواہ تعلیلات کی وجہ سے حرف واحد ہی رہ جائے جیسے۔ اِقْتَرَفْتُمُوْهَا۔ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا: اَلْمُسْتَضْعَفِيْنَ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ: فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ: اور جیسے وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ

امام ابوبکر احمد بن الحسین بن مہران المقرئ فرماتے ہیں کہ حجاج بن یوسف ثقفی نے قراءِ بصرہ کو جمع کیا اور ان میں سے حسن البصری۔ ابوالعالیۃ: نصر بن عاصم۔ عاصم الجحدری۔ اور مالک بن دینار۔ رحمۃ اللہ علیہم کو منتخب کر کے مامور کیا کہ قرآن کریم کے حروف وکلمات گن کر بتلا دو کہ وہ کتنے ہیں۔

پس منتخب قراء نے حسب فرمان گننا شروع کیا اور چار ماہ کے اندر گن کر بالاتفاق بتلا دیا کہ کلمات القرآن: سَبْعٌ وَّسَبْعُوْنَ اَلْفَ کَلِمَۃٍ وَّاَرْبَعُمِائَۃٍ وَّ

Marfat.com

اِثْنَتَانِ وَثَلَاثُوْنَ كَلِمَةً : یعنی ستتر ہزار چار سو انتالیس ہیں (۷۷۴۳۹)

اور فضیل بن شاذان عن عطار بن یسار فرماتے ہیں کہ کلمات کی تعداد ستتر ہزار چار سو سینتالیس ہے (۷۷۴۴۷)۔ ہکذا فی البرہان للذرکشی رح

اور تاریخ القرآن للکردی میں کلمات کی تعداد ستتر ہزار نو سو چونتیس بتلائی گئی ہے۔ (۷۷۹۳۴)

کلمات القرآن باعتبار رسم الخط مصاحف عثمانیہ میں دو قسم پر مکتوب ہیں مقطوع الرسم اور موصول الرسم بناءً علیہ تعداد کلمات میں عدّادِین وحسّابِیْن کا اختلاف واقع ہوا ہے۔ امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تعداد کلمات میں اختلاف کا سبب یہ ہے کہ بلاشبہ کلمہ کی ایک حقیقت ہوتی ہے اور ایک مجاز۔ ایک اس کا لفظ ہوتا ہے اور ایک رسم۔ اور اعتبار ہر ایک کا جائز ہے اور علماء میں سے ہر ایک نے کسی ایک جائز کا اعتبار کیا ہے اور عدادین و حسّابِیْن نے اسی مسلک کو اختیار کیا ہے۔

Marfat.com

آیَاتُ القُرآنِ

س :۔ آیات، کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کی آیات کی تعداد کیا ہے ؟

ج :۔ آیات جمع آیۃ کی ہے اور چند حروف ۔ چند کلمات اور چند جملوں کے مجموعہ کو: آیۃ : کہتے ہیں ۔

تَوضِیحُ الجَوَابُ :۔ جاننا چاہیئے کہ : آیات ۔ آیۃ : کی جمع ہے اور چند حروف چند کلمات اور چند جُمَلْ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

آیۃ : صُحُفِ سَمَاوِیّہ اور کتب منزّلہ میں بھی موجود تھی اور طویل و قصیر کے اعتبار سے مختلف تھی ۔ مگر تھی غیر توقیفی، غیر تعیینی اور غیر تحدیدی ۔

آیاتِ قرآنیہ کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ توقیفی تعیینی اور تحدیدی ہیں ۔ یعنی سید الملئکۃ جبریل امین علیہ السلام نے رسول الصادق الامیّ الامین صلّی اللہ علیہ وسلم کو تعلیم دی ہے اور ہر ایک آیت کی ابتداء و انتہاء بتلادی ہے کہ فلاں آیت فلاں کلمہ سے شروع ہوتی ہے اور فلاں کلمہ پر منتہی ہوتی ہے ۔ یعنی جبریل علیہ السلام نے رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو بالمشافہ ہر طویل اور قصیر آیت کو متعین کر کے حد بندی کر دی ہے ۔

بس اب آیاتِ قرآنیہ میں ردو بدل اور قطع و برید مطلقاً ناجائز حرام اور ممنوع ہے ۔ فتنبہ ایہا الجاہلون ۔

نیز جاننا چاہیئے کہ : آیۃ : لغت میں عند العرب تین معنوں میں مستعمل ہے :۔

Marfat.com

۱ : بمعنی جماعت (۱) بمعنی عجب (۲) بمعنی علامت جیساکہ البرہان میں ہے۔

۱ : اَلْآيَةُ: جَمَاعَةُ الْحُرُوْفِ تَقُوْلُ الْعَرَبُ: خَرَجَ الْقَوْمُ بِآيَتِهِمْ اَيْ بِجَمَاعَتِهِمْ.	آیت، چند حروف کا مجموعہ ہے۔ اہل عرب کہتے ہیں۔ قوم اپنی آیت کے ساتھ یعنی اپنی جماعت کے ساتھ نکلی۔
۲ : اَلْآيَةُ: الْعَجَبُ: تَقُوْلُ الْعَرَبُ فُلَانٌ اٰيَةٌ فِي الْعِلْمِ وَفِي الْجَمَالِ	۲ : آیت، عجب ہے۔ اہل عرب کہتے ہیں فلاں شخص علم میں اور جمال میں آیت ہے۔
۳ : اَلْآيَةُ: الْعَلَامَةُ تَقُوْلُ الْعَرَبُ: خَرِبَتْ دَارُ فُلَانٍ وَمَا بَقِيَ فِيْهَا آيَةٌ اَيْ عَلَامَةٌ فَكَانَ كُلُّ آيَةٍ فِي الْقُرْاٰنِ عَلَامَةٌ عَلٰى نُبُوَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	۳ : آیت علامت ہے۔ اہل عرب کہتے ہیں۔ فلاں شخص کا گھر برباد ہوگیا اور اس کی آیت یعنی نشانی تک باقی نہ رہی۔ پس قرآن میں ہر ایک آیت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی علامت اور نشانی ہے۔

اور اصطلاح شریعت میں جیساکہ علامہ جعبری فرماتے ہیں۔

حَدُّ الْآيَةِ: قُرْاٰنٌ مُّرَكَّبٌ مِّنْ جُمَلٍ وَلَوْ تَقْدِيْرًا	آیت کی تعریف: وہ قرآن ہے جو مرکب ہے چند جملوں سے اگرچہ تقدیری

Marfat.com

ذُو مَبْدَاٍ وَّمَقْطَعٍ مُنْدَرِجٌ فِي سُوْرَةٍ. وَاَصْلُهَا الْعَلَامَةُ وَمِنْهُ: اِنَّ آيَةَ مُلْكِهٖ: لِاَنَّهَا عَلَامَةٌ لِلْفَضْلِ: اَوِ الْجَمَاعَةِ: لِاَنَّهَا جَمَاعَةُ كَلِمَةٍ.	ہوں. خواہ کسی بھی سورۃ میں مندرج ہو. اور اس کی اصل علامت اور نشانی ہے اور اسی سے ہے (ان آیۃ ملکہ) اس لیئے کہ یہ فضیلت یا جماعت کی علامت ہے. کیونکہ وہ چند کلمات کا مجموعہ ہے.
فَالْآيَةُ طَائِفَةٌ مِنَ الْقُرْاٰنِ مُنْقَطِعَةٌ عَمَّا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا لَيْسَ بَيْنَهَا شِبْهٌ بِمَا سِوَاهَا	پس آیت قرآن کا ایک قطعہ ہے جو اپنے ما قبل و ما بعد سے جدا اور منقطع ہوتا ہے. اس کے اور اس کے ماسوا کے مابین مشابہت نہیں ہوتی ہے.
وَقِيْلَ: لِاَنَّهَا عَلَامَةُ اِنْقِطَاعِ مَا قَبْلَهَا مِنَ الْكَلَامِ وَانْقِطَاعِهَا عَمَّا بَعْدَهَا.	اور کہا گیا ہے. کہ آیت کلام کے ما قبل اور ما بعد کے انقطاع کی علامت ہے

حاصل یہ کہ آیت اگرچہ متعدد معنوں میں مستعمل ہے مگر یہاں آیت سے مراد چند کلمات وجمل کا وہ مجموعہ ہے جو ما قبل وما بعد سے جدا اور ممتاز ہو. اور اس کے آخر پر علامت راس آیت مرسوم ہو جو اولاً تین نقطے ∴ ہوا کرتے تھے اور اب گول دائرہ لکھا جاتا ہے.

○ آیت من حیث الآیت اپنے مشمولات کے اعتبار سے ایک مستقل معجزہ مستقل فن مستقل حکم مستقل قصہ اور مستقل واقعہ ہوتا ہے جو دیگر آیات سے جدا اور ممتاز

Marfat.com

ہوتا ہے اور اس کی حدود توقیفاً متعین ہوتی ہیں۔

آیت اپنی وسعت اور مقدار کلمات وجمل کے اعتبار سے کبھی طویل ہوتی ہے اور کبھی قصیر حتیٰ کہ ایک کلمہ پر مشتمل آیت بھی موجود ہے اور وہ ہے سورۃ رحمٰن میں۔
مُدْهَآمَّتَانِ:

قَالَ اَبُوْعَمْرٍو الدَّانِی رح لَآ اَعْلَمُ كَلِمَةً هِيَ وَحْدَهَا اٰيَةً اِلَّا قَوْلَهٗ تَعَالٰى مُدْهَآمَّتَانِ فِيْ سُوْرَةِ الرَّحْمٰنِ وَقَالَ ابْنُ الْمُنَيِّرِ لَيْسَ فِي الْقُرْاٰنِ كَلِمَةٌ وَّاحِدَةٌ اٰيَةً اِلَّا: مُدْهَآمَّتَانِ۔

ابو عمرو دانی رح فرماتے ہیں میں نہیں جانتا کہ کوئی کلمہ تنہا آیت ہو مگر اللہ تعالیٰ کا قول مُدْهَآمَّتَان: سورۃ رحمٰن میں اور ابن منیر فرماتے ہیں کہ قرآن میں کوئی ایسا کلمہ واحدہ نہیں ہے جو مستقل آیت ہو بجز: مُدْهَآمَّتَان: کے

علم الآیات: علم توقیفی ہے یعنی بہ توقیف وتعلیم شارع علیہ الصلوٰۃ والتسلیم حاصل ہوا ہے جس میں قیاس کو مطلقاً دخل نہیں جیسا کہ معرفت السور میں قیاس کو دخل نہیں ہے پس آیت حروفِ قرآن کا وہ مجموعہ ہے جس کے ماقبل ومابعد کا معنوی انقطاع بالتوقیف ہوا ہے۔

علامہ زرکشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آیات کا علم۔ علم توقیفی ہے اس میں قیاس کو قطعاً دخل نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ عادین آیات فواتح سور میں مواضع ستہ پر ہر جگہ: الٓمٓ: کو آیت شمار کرتے ہیں اور اسی طرح: الٓمٓصٓ: کو آیت گنتے ہیں لیکن سورۃ رعد میں: الٓمٓرٰ: کو اور اسی طرح مواضع خمسہ میں: الٓرٰ: کو کسی جگہ بھی آیت شمار

Marfat.com

نہیں کرتے ہیں۔

طٰسٓمّٓ: کو سورۃ شعراء اور سورۃ قصص میں اور اسی طرح: طٰہٰ: یٰسٓ: کو آیات شمار کرتے ہیں مگر سورۃ نمل میں: طٰسٓ: کو آیت نہیں گنتے۔۔

حٰمٓ: کو مواضع سبعہ میں ہر جگہ آیت شمار کرتے ہیں اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کو دو آتیں گنتے ہیں۔ اسی طرح: کٓھٰیٰعٓصٓ: کو آیت قرار دیتے ہیں مگر: صٓ۔ قٓ۔ نٓ: میں کسی کو آیت شمار نہیں کرتے ہیں۔ علامہ رح فرماتے ہیں کہ یہ مذہب کوفیوں کا ہے۔ باقی مذاہب مدنیہ وغیرہ میں حروفِ مقطعات میں سے کسی کو بھی آیت شمار نہیں کیا گیا۔

اور بنا بر مذہبِ کوفیین بعض کا قول ہے کہ: طٰسٓ: کو تو آیت قرار نہیں دیا جانا اس لیے کہ یہ مشابہ ہے: قابیل: کے جو کہ مفرد ہے اور: یٰسٓ: کو آیت قرار دیا جاتا ہے اس لیے کہ یہ جملہ کے مشابہ ہے کیونکہ اس کے اول میں: یاء ہے اور ہمارے ہاں کوئی مفرد ایسا نہیں ہے جسکے اول میں یاء۔

اور جیسا کہ آیات کی تحدید یعنی اس کی اول و آخر کی حد بندی اور کلمات و جمل کی تعیین و توثیق توقیفی ہے اسی طرح ان کا مقام و محل بھی توقیفی ہے یعنی سید الملائکہ حضرت جبرئیل امین علیہ السلام رسول الصادق الامی الامین صلی اللہ علیہ وسلم کو بتلا دیتے تھے کہ فلاں آیت کو فلاں سورۃ کے فلاں موقع پر رکھیں۔ پھر نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم حسب ہدایت کاتبین وحی سے موقع و محل پر لکھوا لیتے تھے۔

زمانہ نزول قرآن میں رسول الصادق الوعد الامین صلی اللہ علیہ وسلم ابتداءً آیات منزلہ پر توقیفاً و تعلیماً لرءِ دس الآیہ۔ آیت آیت پر وقف فرمایا کرتے تھے اور بعد ازاں آیات کو ملا کر پڑھا کرتے تھے جس سے حاضرین اور نو وارد سامعین سمجھتے تھے کہ ما قُرِئَ ایک ہی آیت ہے خصوصاً وہ آیات جو لفظی اعتبار سے ایک دوسرے سے متعلق ہوتی تھیں

Marfat.com

وہ اسے آیت واحدہ تصور کر لیتے تھے۔ بناءً علیہ آیات کی تعداد میں اختلاف واقع ہوا۔ جیسا کہ البرہان میں ہے:۔

وَاعْلَمْ اَنَّ سَبَبَ اخْتِلَافِ الْعُلَمَآءِ فِیْ عَدِّ الْاٰیِ وَالْکَلِمِ وَالْحُرُوْفِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کَانَ یَقِفُ عَلٰی رُءُوْسِ الْاٰیِ لِلتَّوْقِیْفِ فَاِذَا عُلِمَ مَحَلُّہَا وَصَلَ لِلتَّمَامِ فَیَحْسَبُ السَّامِعُ اَنَّہَا لَیْسَتْ فَاصِلَۃً

جان تو کہ آیات و کلمات اور حروف کے شمار میں علماء کے اختلاف کا سبب یہ ہے کہ بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم برائے توقیف رءوس آیہ پر وقف کیا کرتے تھے۔ پس جب راس آیہ کا علم ہو جاتا تھا تو آپ وصل فرمایا کرتے تھے جس سے سامع خیال کرتا کہ یہ راس آیت نہیں ہے۔

نیز اختلاف کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ بعض احرف السبعہ میں یعنی بعض قراءات میں سورۃ کے ساتھ بسملہ بھی نازل ہوئی ہے۔ پس جو حضرات اس حرف یعنی اس قراءۃ کے ساتھ پڑھتے ہیں جس میں سورۃ کے ساتھ بسملہ کا نزول ہوا ہے تو وہ اسے آیت شمار کرتے ہیں اور جو حضرات اس حرف کے ساتھ پڑھتے ہیں جس میں بسملہ کا نزول نہیں ہوا ہے وہ اسے آیت شمار نہیں کرتے ہیں۔

آیات کی تقسیم کئی اعتبارات سے کی گئی ہے۔ ایک تقسیم باعتبار نزولِ آیات ہے یعنی کچھ آیات مکی ہیں۔ جو قبل از ہجرت قیام مکہ اور اس کے مضافات و اسفار میں نازل ہوئی ہیں۔ کچھ مدنی ہیں جو بعد ہجرت مدینہ اور اس کے مضافات و اسفار میں نازل ہوئی ہیں۔ کچھ لیلی ہیں جو رات کو نازل ہوئی ہیں۔ کچھ نہاری ہیں جو دن میں نازل ہوئی

Marfat.com

ہیں. کچھ حضری ہیں جو حضر میں نازل ہوئی ہیں. کچھ سفری ہیں جو سفر میں نازل ہوئی ہیں. اسی طرح کچھ صیفی ہیں جو موسم گرما میں نازل ہوئی ہیں اور کچھ شتائی ہیں جو موسم سرما میں نازل ہوئی ہیں.

ایک اور تقسیم باعتبار قراء بلدان کی گئی ہے یعنی مکی. مدنی. بصری. شامی. عراقی. اور کوفی ہیں تفصیل کیلئے دیکھیئے. سعادۃ الدارین فی عدآی المعجز الثقلین لابن خلف الحداد رحمہ اللہ.

ایک اور تقسیم باعتبار احکام کی گئی ہے یعنی اوامر و نواہی. وعدہ وعید. حلت و حرمت. قصص و امثال ذکر و تسبیح وغیرہ جن کی تفصیل درج ذیل ہے.

تعدادِ آیات باعتبارِ قراءِ بلدان		تعدادِ آیات باعتبارِ احکام	
آیاتِ مکی	۶۲۱۲	آیاتِ امر	۱۰۰۰
آیاتِ مدنی	۶۲۱۴	آیاتِ نہی	۱۰۰۰
آیاتِ شامی	۶۲۵۰	آیاتِ وعدہ	۱۰۰۰
آیاتِ بصری	۶۲۱۶	آیاتِ وعید	۱۰۰۰
آیاتِ عراقی	۶۳۱۴	آیاتِ قصص	۱۰۰۰
آیاتِ کوفی	۶۲۳۶	آیاتِ امثال	۱۰۰۰
آیاتِ عامہ	۶۶۶۶	آیاتِ حلت	۲۵۰
		آیاتِ حرمت	۲۵۰
		آیاتِ تسبیح	۱۰۰
		آیاتِ متفرقہ	۶۶
		جملہ آیات	۶۶۶۶

Marfat.com

سُوَرُ الْقُرْاٰنْ

س : سُوَرْ کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کتنے سُوَرْ پر مشتمل ہے ؟

ج : سُوَرْ . جمع سُوْرَۃٌ کی ہے اور مجموعۂ آیاتِ متعددہ کو: سُوْرَۃٌ: کہتے ہیں اور سُوَرِ قرآن ایک سو چودہ ہیں یا ایک سو تیرہ ہیں !

توضیحُ الجَوابْ: جاننا چاہیئے کہ سور. جمع سورۃ کی ہے اور سور کے لغوی معنے منزل بعد منزل کے ہیں جیسے سُوَرُ الْبِنَاءِ اَیِ الْقِطْعَۃُ مِنْہُ .

اور اصطلاح میں جیسا کہ علامہ جعبری رحمہ اللہ فرماتے ہیں :۔

حَدُّ السُّوْرَۃِ قُرْاٰنٌ یَشْتَمِلُ عَلٰی آیٍ ذَوَاتِ فَاتِحَۃٍ وَخَاتِمَۃٍ وَاَقَلُّھَا ثَلَاثُ اٰیَاتٍ .

سُورۃ کی تعریف یہ ہے کہ وہ قرآن ہے جو مشتمل ہے ایسی آیات پر جو ذوات الابتداء والانتہاء ہیں اور اس کا اقل تین آیتیں ہیں .

ابن جنی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سُوْرَۃٌ : ارتفاعِ قدر و منزلت کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا ہے اس لیئے کہ یہ کلام اللہ تعالیٰ ہے جس میں معرفۃ الحلال والحرام ہے اور بعض کا قول ہے کہ یہ نام بوجہ علوِ شان سورۃ اور علوِ شان قاریٔ کے رکھا گیا ہے .

تقطیع و تفصیل فی السور میں بے شمار حکم و مصالح ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ جس طرح ایک آیت کیلئے: حدٌّ و مطلع : ہوتا ہے اور وہ اگرچہ چھوٹی سی ہو مگر اپنی جگہ پر ایک معجزہ مستقل فن: بمستقل خزینۂ معانی اور مستقل قرآن ہے .

اسی طرح ہر سورۃ من حیث السورۃ اگرچہ وہ مختصر سی ہے لیکن ایک مستقل معجزہ مستقل

Marfat.com

فن مستقل صحیفہ مستقل کتاب اور مستقل قرآن اور کلام اللہ ہے اور آیۃ من آیات اللہ ہے جس میں مختلف احکام از قسم حلال و حرام اور مختلف احوال از قصص الاولین والآخرین اور احوال الجنۃ والنار ہیں اور وہ اپنی حدود میں دیگر سور سے توقیفاً جدا اور ممتاز ہوتا ہے

تفصیل و تقسیم قرآن فی السور میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ تعلیم و تعلم اور تدریج الاطفال من السور القصار الی السور الطوال میں سہولتیں ہیں جو منزل القرآن حق سبحانہٗ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر حفظ قرآن کیلئے ودیعت فرمائی ہیں۔

ہم دیکھتے ہیں کہ ایک پڑھنے والا بچہ ایک سورۃ کو ختم کرنے پر کس قدر خوشی محسوس کرتا ہے اور حافظ قرآن جب ایک سورۃ مضبوط حفظ کر لیتا ہے تو وہ مسرور ہوتا ہے کہ کتاب اللہ کا ایک مستقل حصہ اسے حاصل ہو گیا ہے۔ پس وہ ما حفظ وما ضبط کو عظیم الشان تصور کرتا ہے اور بے پناہ خوشی محسوس کرتا ہے۔ اور کیوں نہ کرے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

كَانَ الرَّجُلُ إِذَا قَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلِ عِمْرَانَ جَلَّ فِينَا وَمِنْ ثَمَّ كَانَتِ الْقِرَاءَةُ فِي الصَّلٰوةِ بِسُورَةٍ أَفْضَلُ۔

قرآن کریم کی ترتیب آیات اور سُوَر کی تقسیم باعتبار نزول نہیں بلکہ باعتبار ترتیب لوح محفوظ اور تلاوت ہے اور یہ ترتیب توقیفی ہے یعنی سید الانبیاء رسول الصادق الامین صلی اللہ علیہ وسلم نے سید الملٰئکہ حضرت جبرئیل امین علیہ السلام سے اسی طرح اخذ کر کے کاتبین وحی سے لکھوایا ہے۔ جس کی اتباع فرض۔ لازم اور واجب ہے اور خلاف حرام۔ ممنوع اور ناجائز ہے۔

سُوَر کی ابتداء و انتہاء سید الانبیاء نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ توقیف و تعلیم سید الملٰئکہ

Marfat.com

حضرت جبرئیل امین علیہ السلام اُمّتِ مرحومہ کو بتلادی ہے اور بین الدفتین مجموع و محصور متعدد آیات کو: سُورَۃ کے نام سے موسوم کردیا ہے اور ہر ایک سُورَۃ کا نام علیحدہ علیحدہ رکھ دیا ہے اور وجہ تسمیہ میں کسی خاص معنی اور مفہوم کی طرف اشارہ کردیا ہے۔

اکثر سُور کو ایک ہی نام سے مسمّٰی کیا گیا ہے۔ مگر بعض سور کے دو نام بھی ہیں جیسے سورۃ البقرہ کو بوجہ عظیم ہونے کے: فسطاس القرآن بھی کہتے ہیں۔ آل عمران۔ کا نام توراۃ میں طیبہ: بھی ہے جیسا کہ ابوبکر محمد بن الحسن بن محمد بن زیاد المقرئ الموصلی النقاش متوفی ۳۵۱ھ نے حکایت کی ہے۔ سورۃ النحل کو سورۃ النِّعَم بھی کہتے ہیں اس لیے کہ اس میں منزِّل القرآن جل مجدہ نے اپنے بندوں پر انعامات گن گن کر بتلادیئے ہیں۔

سورۃ حٰمٓ عٓسٓقٓ: کو سورۃ الشُّوریٰ کہتے ہیں۔ سورۃ الجاثیہ کو سورۃ الشریعۃ بھی کہتے ہیں اور سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو: سورۃ القتال: بھی کہتے ہیں۔

اور بعض سور کے تین تین نام بھی ہیں جیسا کہ سورۃ المائدۃ کو سورۃ العقود اور سورۃ المنقذۃ: بھی کہتے ہیں جیسے کہ ابن عبیدہ نے حدیث روایت کی ہے کہ حضورؐ فرماتے ہیں سورۃ المائدۃ تُدْعٰی فِیْ مَلَکُوْتِ اللّٰہِ الْمُنْقِذَۃَ تُنْقِذُ صَاحِبَہَا مِنْ اَیْدِیْ مَلٰئِکَۃِ الْعَذَابِ: یعنی سورۃ مائدہ اللہ تعالیٰ کے ہاں سورتِ "منقذہ" کے نام سے موسوم کی جاتی ہے یہ سورت اپنے صاحب اور پڑھنے والے کو ملائکہ عذاب سے نجات دلائے گی۔ اور سورۃ غافر کو سورۃ الطَّوْلُ اور سورۃ المؤمن: بھی کہتے ہیں۔ اور بعض سورت کے کئی کئی نام ہیں جیسے سورۃ براءۃ۔ والتوبۃ۔ والفاضحۃ والحافرہ۔ لانہا حفرت عن قلوب المنافقین۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ سورۃ نازل ہورہی تھی اور ہم سمجھ رہے تھے کہ ان میں سے کوئی بھی ایسا نہ رہے گا جس کا ذکر نہ ہوگا حضرت حذیفہ رضی

Marfat.com

اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ سورۃ العذاب ہے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ ہم اسکو: المنقشقہ: کہتے تھے۔

حارث بن یزیدؓ فرماتے ہیں کہ اس کو: المبعثرۃ کہتے تھے اس لئے کہ یہ اسرار منافقین سے بحث کرتی ہے اور اسے: المسورۃ: اور البحوث: بھی کہتے ہیں۔

سورۃ الفاتحہ کے تقریباً بیس نام اہل علم نے بیان کئے ہیں جیسے: ام القرآن و ام الکتاب، والسبع المثانی اس لئے کہ یہ ہر نماز میں مکرر پڑھی جاتی ہے یا اس لیئے کہ یہ دو مرتبہ نازل ہوئی ہے۔ والوافیہ۔ اس لئے کہ اس کی تبعیض جائز نہیں ہے اور اس لئے کہ یہ تمام ان معانی پر مشتمل ہے جو قرآن میں ہیں۔ والکنز، والشافیہ، والشفاء۔ والکافیہ۔ والاساس۔ وغیرہ اسماء کما ذکر فی المعولات۔

سُوَرُ القرآن کتنے ہیں؟ اس بارے میں امت کا اختلاف ہے اس وجہ سے کہ سورۃ الانفال اور سورۃ برآءۃ کے ایک اور دو ہونے میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین مختلف الآراء ہیں اکثر حضرات ان دونوں کو دو علیحدہ علیحدہ سورتیں مانتے ہیں اور بعض حضرات دونوں کو ایک ہی سورۃ قرار دیتے ہیں اسی وجہ سے جامع القرآن حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے باجماع صحابہ بین السورتین فصل تو ڈال دیا ہے مگر بسم اللہ کو نہیں لکھا اس لیئے کہ سورۃ برآءۃ کا نزول بالسیف برائے قتال بالکفار ہے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم غیر منزل ہے لہٰذا جو حضرات ان کو دو الگ الگ سورتیں یقین کرتے ہیں ان کے نزدیک تعداد سور ایک سو چودہ (۱۱۴) ہیں اور جو حضرات دونوں کو سورۃ واحدۃ قرار دیتے ہیں ان کے نزدیک ایک سو تیرہ (۱۱۳) ہیں۔

سورۃ برآءۃ کے شروع میں سقوط بسملہ کے بارہ میں مختلف اقوال ہیں کہتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں جہلاء عرب کی عادت تھی کہ جب ایک قوم دوسری قوم سے عہد پیمان

Marfat.com

کیا کرتے تھے اور اس کے توڑنے کا ارادہ رکھتے تھے تو باہم ایک عہد نامہ لکھ لیتے تھے لیکن اس میں بسملہ نہیں لکھتے تھے. پس جب بین المسلمین والکفار نقض عہد پر براٰءۃ: نازل ہوئی تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اعلاناً: بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖٓ اِلَی الَّذِیْنَ عَاھَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ: پڑھ کر سنادی تو حسب عادت جہلاء عرب: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: نہیں پڑھی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ترکِ بسملہ کے بارہ میں دریافت کیا تو فرمایا:۔

لِاَنَّ الْبَسْمَلَۃَ اَمَانٌ وَّبَرَآءَۃٌ نُزِلَتْ بِالسَّیْفِ لَیْسَ فِیْھَا اَمَانٌ

امام قشیریؒ فرماتے ہیں: وَالصَّحِیْحُ اَنَّ الْبَسْمَلَۃَ لَمْ تَکُنْ فِیْھَا لِاَنَّ جِبْرِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَا نَزَلَ بِھَا فِیْھَا.

اور بعض کا قول ہے کہ: لِاَنَّہٗ لَمَّا کَتَبُوا الْمَصَاحِفَ فِیْ زَمَنِ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اِخْتَلَفُوْا: ھَلْ ھُمَا سُوْرَتَانِ: اَوِ الْاَنْفَالُ سُوْرَۃٌ: وَبَرَآءَۃٌ سُوْرَۃٌ: تُرِکَتِ الْبَسْمَلَۃُ بَیْنَھُمَا؟

لیکن خلیفۂ ثالث جامع القرآن حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں

کَانَتِ الْاَنْفَالُ مِنْ اَوَائِلِ	سورۃ الانفال ان سورتوں سے
مَا نُزِلَ وَبَرَآءَۃٌ مِنْ آخِرِہٖ وَ	ہے جو اول نازل ہوئی ہیں اور سورۃ براءۃ
کَانَتْ قِصَّتُھَا شَبِیْھَۃٌ بِقِصَّتِھَا	ان میں سے ہے جو بعد میں نازل ہوئی ہیں
وَقُضِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	اور قصۂ ایک بقصۂ دیگر شبیہ تھا. رسول اللہ
وَلَمْ یُبَیِّنْ لَنَا اَنَّھَا مِنْھَا وَظَنَنْتُ	صلی اللہ علیہ وسلم انتقال فرما گئے اور ہمیں

Marfat.com

اَنَّهَا مِنْهَا: ثُمَّ فَرَّقْتُ بَيْنَهُمَ وَلَمْ اَكْتُبْ بَيْنَهُمَا الْبَسْمَلَةَ:

یہ نہیں بتلا گئے کہ یہ اس میں سے ہے۔ ہاں ہم نے یہ یقین کیا کہ یہ اس میں سے ہے۔ پھر ہم نے ان دونوں کے درمیان میں فصل کردی اور بسملہ درمیان میں نہیں لکھی ہے

حضرت شیخ الاسلام رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سورۃ انفال اوائل ہجرت میں اور یہ سورۃ براءۃ اواخر ہجرت میں نازل ہوئی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارک یہ تھی کہ جو آیات قرآنی نازل ہوتیں۔ فرمادیتے کہ ان کو فلاں سورت میں فلاں موقع پر رکھو۔ ان آیات کے متعلق جنہیں اب سورۃ توبہ یا سورۃ براءۃ کہا جاتا ہے۔ آپؐ نے کوئی تصریح نہیں فرمائی کہ کس سورۃ میں درج کی جائیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مستقل سورۃ ہے کسی دوسری سورۃ کا جزء نہیں لیکن عام قاعدہ یہ تھا کہ جب نئی سورۃ نازل ہوتی تو پہلی سورۃ سے جدا کرنے کیلئے بسم اللہ: آتی تھی سورۃ توبہ کے شروع میں بسم اللہ نہ آئی جو مشعر ہے کہ یہ جداگانہ سورۃ نہیں ان وجوہ پر نظر کرکے مصاحف عثمانیہ میں اس کے شروع میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی لیکن کتابت میں اس کے اور انفال کے درمیان فصل کر دیا گیا کہ نہ پوری طرح اس کا استقلال ظاہر ہو اور نہ دوسری سورۃ کا جزء ہو۔ باقی انفال کے بعد متصل رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ انفال نزول میں مقدم ہے بلحاظ اس وجہ کے مؤخر کیوں کی جاتی اور دونوں کے مضامین باہم اس قدر منطبق ومتلبس واقع ہوئے ہیں کہ گویا براءۃ کو انفال کا تتمہ اور تکملہ کہا جاسکتا ہے۔

سور القرآن اپنی وسعت ومقدار کے اعتبار سے مختلف ہیں کوئی طویل ہیں اور کوئی قصیر اور کوئی متوسط ہیں۔ پس جیسا کہ علامہ سیوطی رحمہ اللہ الاتقان میں فرماتے ہیں کہ سورۃ بقرہ سے سورۃ توبہ تک کی بڑی بڑی سورتوں کو: طِوَال: کہتے ہیں ان کے بعد جن سورتوں

Marfat.com

کی آیات سو یا سو سے زیادہ ہیں ان کو: مِئِیْن : کہتے ہیں اور جن سورتوں کی آیات سو سے کم ہیں ان کو: مَثَانِیْ : کہتے ہیں اور ان کے بعد کی سورتوں کو: مُفَصَّل : کہتے ہیں اور آخر کی چھوٹی چھوٹی سورتوں کو: حصار: کہتے ہیں۔

قرآن کریم اگر بغیر تفصیل و تقسیم سور کے مسلسل مثل سورۃ واحدہ کے نازل کیا جاتا تو تالی قرآن کیلئے انتہائی دشواری ہوتی مگر منزل قرآن جل مجدہٗ نے اپنے کلام کو ایک سو چودہ سورتوں میں تقسیم کر دیا ہے تاکہ قارئین قرآن سورۃ بہ سورۃ پڑھتے جائیں اور اپنے درجات بلند کرتے چلے جائیں۔

زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں صحابہ کرام اور خیر القرون میں اُمّت مسلمہ کو قرآن کریم سے بے پناہ محبت تھی اور اس کے فضائل اور فیوض و برکات کے پیشِ نظر تلاوت قرآن کریم کے بے پناہ شائق اور حریص تھے۔ کثرت تلاوت۔ حفظ قرآن اور تعبد بتلاوت قرآن شب و روز کا معمول بن چکا تھا اور خورد و کلاں۔ پیر و جواں سابقون بالخیرات کا مظاہرہ کر رہے تھے اور چاہتے تھے کہ یوماً فیوماً قرآن کریم ختم کر لیا کریں اس لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سات یوم میں قرآن کریم ختم کرنے کی اجازت دے دی بلکہ بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے سورتوں کی جماعت بندی کر کے سات منازل مقرر کر دیں تاکہ شائقین اور تابعین قرآن یوم بہ یوم منزل پڑھکر ہفتہ وار قرآن کریم ختم کر لیا کریں اور منزل القرآن اور مقسم القرآن فی السور حق سبحانہٗ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر لیا کریں

پھر صلحاء اور علماء امّت مرحومہ نے آیات سور کی جماعت بندی کر کے سور کو رکوعات میں تقسیم کر دیا تاکہ حفاظ قرآن کریم رکوع بہ رکوع حفظ کرتے جائیں اور منزل مقصود طے کرتے چلے جائیں۔ نیز مصلیانِ کرام اپنی نمازوں میں رکوع۔ رکوع پر رکعات کر لیا کریں۔ اور

Marfat.com

آئمۃ التراویح رکوع رکوع پڑھ کر پورے رمضان المبارک میں مکمل قرآن کریم ختم کرلیا کریں۔

بعد ازاں پورے قرآن کریم کو تقریباً مساوی تیس حصوں میں تقسیم کرکے تیس اجزاء بنا دیئے گئے تاکہ پڑھنے والے ماہ بماہ قرآن کریم ختم کرلیا کریں۔ پھر ان اجزاء میں سے ہر ایک جزء کو مساوی چار حصّوں میں تقسیم کرکے اس کا نام ارباع رکھ دیا گیا۔ اسی طرح ہر جزء کو برابر کے آٹھ حصّوں میں تقسیم کرکے احزاب بنا دیئے گئے پس گویا علمائے اُمت عامۃ الامۃ اور کافۃ المسلمین کیلئے تا قیامِ قیامت اور تا بقاء قرآن کریم دستور العمل تیار کر گئے ہیں ؎

فَکُلُّ خَیْرٍ فِی اتِّبَاعِ مَنْ سَلَفْ ∴ وَکُلُّ شَرٍّ فِی ابْتِدَاعِ مَنْ خَلَفْ

Marfat.com

اَحزَابُ القُرآنِ

س : احزاب کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کے احزاب کتنے ہیں ؟

ج : احزاب : جمع حزب کی ہے اور قرآن کریم کے احزاب سات ہیں جن کو منازل بھی کہتے ہیں !

توضیح الجواب :- جاننا چاہیئے کہ زمانۂ نبوی میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور اُمتِ مسلمہ کو قرآن کریم سے بے پناہ محبّت تھی اور اس کے فضائل اور فیوض و برکات کے پیش نظر تلاوت قرآن کے بے پناہ حریص تھے اس لیئے کثرتِ تلاوت شب و روز کا معمول بن چکا تھا اور خورد و کلاں اور پیر و جواں سابقون بالخیرات کا مظاہرہ کر رہے تھے اور چاہتے تھے کہ قرآن کریم یوماً فیوماً ختم کر لیا کریں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِقرَأِ القُرآنَ فِی کُلِّ سَبعٍ وَّلَاتَزِد فرما کر یوماً فیوماً ختم کرنے سے منع فرمایا اور قرآن کریم کو سات احزاب میں تقسیم کر کے سات یوم میں ختم کرنے کی اجازت دے دی۔ صاحب برہان علامہ زرکشیؒ فرماتے ہیں کہ اس بارے میں ایک حدیث ہے جس کو خطابیؒ نے اپنی غریب میں نقل کیا ہے: جس کو عیسٰی بن یونس نے بیان کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم سے عبدالرحمن بن یعلیٰ الطائفی نے حدیث بیان کی ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے عثمن بن عبداللہ بن اوس بن حذیفہ نے اور اس نے اپنے جدامجد اوس سے حدیث بیان کی ہے کہ بلاشبہ وہ وفد ثقیف میں شامل ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ سے سنا کہ آپؐ قرآن کریم کے احزاب بنایا کرتے ہیں اور کہا کہ حزب مفصل سورۃ ق

Marfat.com

سے شروع ہوتی ہے۔

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ثقیف کے وفد میں شامل ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو احلاف مغیرہ بن شعبہ کے ہاں قیام پذیر ہوئے اور بنی مالک کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہی دولت کدہ پر ٹھیرا لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات شام کا کھانا کھانے کے بعد ہم کو دین کی باتیں سنایا کرتے تھے، جب ہم مکہ سے مدینہ کی طرف چل نکلے اور وہاں پہونچے تو جب رات ہوئی تو آپ خلاف عادت وقت مقررہ سے تاخیر کر کے تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا کہ آج کی رات آپ دیر سے تشریف لائے؟ تو آپ نے فرمایا:۔

اَنَّہٗ طَرَأَ عَلَیَّ حِزْبِیْ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَکَرِھْتُ اَنْ اَجِیْءَ حَتّٰی اُتِمَّہٗ

بات یہ ہوئی کہ بلاشبہ مجھ پر میرے حزب قرآن پڑھنے کا وقت آگیا اور میں نے مکروہ جانا کہ اُسے ختم کئے بغیر آجاؤں

اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ۔

کَیْفَ تُحَزِّبُوْنَ الْقُرْاٰنَ؟ فَقَالُوْا ثَلٰثٌ. وَخَمْسٌ وَسَبْعٌ وَتِسْعٌ وَاِحْدٰی عَشْرَۃَ. وَثَلٰثَ عَشْرَۃَ وَحِزْبُ الْمُفَصَّلِ وَحْدَہٗ

آپ حضرات قرآن کریم کے احزاب کیسے بناتے ہیں؟ تو فرمانے لگے تین. اور پانچ اور سات. اور نو. اور گیارہ. اور تیرہ اور حزب مفصل ایک ہی ہے۔

تفصیل اس کی یہ ہے کہ:۔

حزب اوّل: اَلْبَقَرَۃُ: اٰلِ عِمْرَانَ: اَلنِّسَآءُ: تین سور پر مشتمل ہے۔

Marfat.com

حزب دوم: اَلْمَآئِدَةُ : اَلْاَنْعَامُ : اَلْاَعْرَافُ : اَلْاَنْفَالُ : بَرَآءَةُ
پانچ سُوَر پر مشتمل ہے۔

حزب سوم: یُوْنُسُ : هُوْدُ : یُوْسُفُ : اَلرَّعْدُ : اِبْرَاهِیْمُ : اَلْحِجْرُ : اَلنَّحْلُ
سات سور پر مشتمل ہے۔

حزب چہارم: سُبْحَانَ : اَلْكَهْفُ : مَرْيَمُ : طٰهٰ : اَلْاَنْبِيَآءُ : اَلْحَجُّ
اَلْمُؤْمِنُوْنَ : اَلنُّوْرُ : اَلْفُرْقَانُ : نو سُوَر پر مشتمل ہے۔

حزب پنجم: اَلشُّعَرَآءُ : اَلنَّمْلُ : اَلْقَصَصُ : اَلْعَنْكَبُوْتُ : اَلرُّوْمُ
لُقْمَانُ : الٓمّٓ اَلسَّجْدَةُ : اَلْاَحْزَابُ : سَبَأٌ : فَاطِرٌ
يٰسٓ : گیارہ سُوَر پر مشتمل ہے۔

حزب ششم: اَلصّٰٓفّٰتُ : صٓ : اَلزُّمَرُ : غَافِرٌ : حٰمٓ اَلسَّجْدَةُ :
حٰمٓ عٓسٓقٓ : اَلزُّخْرُفُ : اَلدُّخَانُ : اَلْجَاثِيَةُ : اَلْاَحْقَافُ
اَلْقِتَالُ : اَلْفَتْحُ : اَلْحُجُرَاتُ : تیرہ سور پر مشتمل ہے۔

حزب ہفتم: ثُمَّ بَعْدَ ذٰلِكَ حِزْبُ الْمُفَصَّلِ وَاَوَّلُهٗ سُوْرَةُ قٓ :
اِلٰى اٰخِرِ الْقُرْاٰنِ۔

Marfat.com

احزاب و منازل القرآن

۱ :	سورۃ الفاتحہ تا سورۃ النساء	۴
۲ :	سورۃ المائدۃ تا سورۃ التوبۃ	۵
۳ :	سورۃ یونس تا سورۃ النحل	۷
۴ :	سورۃ بنی اسرائیل تا سورۃ الفرقان	۹
۵ :	سورۃ الشعراء تا سورۃ یٰسٓ	۱۱
۶ :	سورۃ والصّٰفّٰت تا سورۃ الحجرات	۱۳
۷ :	سورۃ قٓ تا سورۃ النّاس	۶۵

Marfat.com

اَنْصَافُ الْقُرْاٰنِ

س : انصاف کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کے انصاف کیا ہیں ؟

ج : انصاف ، جمع نصف کی ہے اور قرآن کریم کے انصاف متعدد ہیں !

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ سلام ابو محمد الحمانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حجاج بن یوسف ثقفی نے جب قرآء اور حفاظ و کتّاب کو جمع کیا اور انہیں فرمایا کہ : اَخْبِرُوْنِیْ عَنِ الْقُرْاٰنِ کُلِّہٖ کَمْ مِنْ حَرْفٍ ھُوَ ؟ وہاں یہ بھی فرمایا کہ : اَخْبِرُوْنِیْ عَنْ نِصْفِ الْقُرْاٰنِ :

پس جب ہم نے حساب کیا تو سورۃ کہف میں : وَلْیَتَلَطَّفْ : کی فاء نصف قرآن ثابت ہوا اسی طرح قرآن کو تین حصوں میں تقسیم کرکے اس کے اثلاث بھی نکال دیئے ہیں چنانچہ ثلث اوّل سورۃ برآءۃ کے سوویں آیت کی راس ہے اور ثلث ثانی سورۃ شعرآء کی سوویں آیت کی راس اور ثلث ثالث آخر قرآن ہے وعلیٰ ہذا قرآن کریم کو سات حصوں میں تقسیم کرکے اس کے اسباع بھی نکال دیتے ہیں چنانچہ سبع اول سورۃ النسآء میں فَمِنْھُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْھُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْہُ : کی دال ہے اور سبع ثانی سورۃ اعراف میں : حَبِطَتْ اَعْمَالُھُمْ : کی ت ہے اور سبع ثالث سورۃ الرعد میں : اُکُلُھَا : ہے اور سبع رابع سورۃ الحج میں : جَعَلْنَا مَنْسَکًا : کا الف ہے اور سبع خامس سورۃ الاحزاب میں : وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَۃٍ : کی ہاء ہے اور سبع سادس سورۃ الفتح میں اَلظَّآنِّیْنَ بِاللّٰہِ ظَنَّ السَّوْءِ : کی واو ہے ، اور سبع سابع آخر قرآن ۔ کہتے ہیں کہ حجاج بن یوسف ثقفی

Marfat.com

رحمہ اللہ چار راتوں میں تمام قرآن ختم کیا کرتے تھے اور ہر رات ایک رُبع پڑھتے تھے چنانچہ ربع اوّل آخر سورۃ انعام تک ۔ ربع ثانی سورۃ کہف میں : ولیتطلف : تک ، ربع ثالث آخر سورۃ مؤمن تک اور ربع رابع آخر قرآن تک ہمیشہ کا معمول رہا ہے۔

بعض قرار کرام کا قول ہے کہ قرآن کریم کے باعتبار حروف وکلمات اور آیات وسور آٹھ انصاف ہیں چنانچہ باعتبار حروف سورۃ الکہف میں کلمہ نُکْرًا کا نون ہے پس نون نصف اول سے ہے اور کاف نصف ثانی سے ہے ۔

اور باعتبار کلمات سورۃ الحج میں کلمہ : وَالْجُلُوْدُ . نصف اول سے ہے اور وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ نصف ثانی سے ہے

اور باعتبار آیات سورۃ الشعراء میں : يَأْفِكُوْنَ : نصف اول سے ہے فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ : نصف ثانی سے ہے ۔

اور باعتبار سور : سورۃ الحدید : نصف اول سے ہے اور سورۃ المجادلہ نصف ثانی سے ہے ۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمّ

Marfat.com

إعرابُ القُرآنْ

س : اعراب کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم پر اعراب اوّلاً کس نے لگائے ہیں ؟

ج : اعراب کچھ اصطلاحی رموز و علامات ہیں جو منہ کی حرکات ثلاثہ پر دلالت کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہیں اور اسکے موجد اول حضرت ابوالاسود الدؤلی ہیں جو تابعی ہیں اور اپنے زمانہ کے عظیم المرتبت اور جلیل القدر عالم گذرے ہیں رحمہ اللہ

تَوضِیحُ الجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ قرآن کریم جیسا کہ بے نقط و اعراب نازل ہوا تھا اسی طرح زمانہ نبوی اور زمانہ خلفائے راشدین میں فقط جوہر حروف کی صورت میں عاری و خالی عن النقط والاعراب مکتوب و مرسوم تھا۔ یعنی صرف نقوش حروف کی صورت میں بے نقط و حرکات وغیرہ لکھا ہوا تھا اور اہل عرب اس کو اسی طرح پڑھتے پڑھاتے رہے۔

لیکن جب اسلام دُور دُور تک اطراف عالم میں پھیل گیا اور قرآن کریم اہل عجم کے ہاتھوں میں پہونچ گیا تو ان کیلئے بے نقط و اعراب قرآن کا پڑھنا دشوار تھا اور وہ اس میں طرح طرح کی غلطیاں کرنے لگے۔ ضرورت پیش آئی کہ قرآن کریم پر ایسے انداز سے علامات لگائی جائیں کہ عرب وعجم دونوں اس سے مستفید ہو سکیں۔

حجاج بن یوسف ثقفی رحمہ اللہ نے اپنے زمانہ کے مشہور و معروف جلیل القدر حافظ قاری اور عظیم الشان عالم حضرت ابوالاسود دئلی کو مامور کیا کہ کوئی ا کرکے مقرر کریں کہ جن کی مدد سے قرآن کریم کا پڑھنا امت کیلئے آسان ہو جا ابوالاسود نے علماء کی ایک ایسی جماعت منتخب کی جن کے پاس مکتوبہ مص

Marfat.com

انہیں سامنے بٹھا کر ہدایت کی کہ میں قرآن کریم پڑھتا ہوں اور آپ حضرات میرے منہ کی طرف دیکھتے رہیں اور میرے منہ کی حرکاتِ ثلاثہ پر نظر رکھیں۔ پس میرے منہ کے انفتاح کے وقت حرف کے اوپر علامت لگائیں، انخفاض کے وقت حرف کے نیچے علامت لگائیں اور انضمام شفتین کے وقت حرف کے سامنے علامت لکھیں۔ چنانچہ جلیل القدر اور عظیم المرتبت علماء کی باہم کوشش سے قرآن کریم از اول تا آخر اس طرح مخصوص علامات سے مشکل و معرب کر دیا گیا ہے۔

ابو عمر دانی رح اپنی کتاب النقط والشکل میں فرماتے ہیں کہ:۔

اُخْتُلِفَتِ الرِّوَايَةُ لَدَيْنَا فِيْ مَنِ ابْتَدَأَ بِنُقَطِ الْمَصَاحِفِ مِنَ التَّابِعِيْنَ	ہمارے نزدیک اس بارے میں اختلاف ہے کہ تابعین میں سے اوّلاً ابتدا بہ نقط المصاحف یعنی بہ اعراب و شکل کس نے کی ہے۔
فَرُوِيْنَا اَنَّ الْمُبْتَدِئَ بِذٰلِكَ كَانَ اَبَا الْاَسْوَدِ الدُّؤَلِيْ	پس ہماری طرف روایت کی گئی ہے کہ اس کی ابتداء ابو الاسود الدؤلی نے کی ہے
وَذٰلِكَ اَنَّهٗ اَرَادَ اَنْ يَّعْمَلَ كِتَابًا فِى الْعَرَبِيَّةِ يُقَوِّمُ النَّاسَ بِهٖ مَا فَسَدَ مِنْ كَلَامِهِمْ اِذْ كَانَ قَدْ نَشَأَ ذٰلِكَ فِيْ خَوَاصِ النَّاسِ وَعَوَامِهِمْ	اور یہ اس لئے کہ انہوں نے ارادہ کیا کہ عربی میں ایک ایسی کتاب لکھیں جس کی مدد سے لوگ ان غلطیوں سے بچیں جو زبان عربی میں ان کے خاص و عام میں پیدا ہو گئی تھیں۔
فَقَالَ اَرٰى اَنْ اَبْتَدِئَ	سو اس نے کہا کہ میں چاہتا ہوں

Marfat.com

بِإِعْرَابِ الْقُرْآنِ أَوَّلًا.

کہ سب سے پہلے قرآن کریم پر اعراب لگا دوں۔

فَأَحْضَرَ مَنْ يُمْسِكُ الْمُصْحَفَ وَأَحْضَرَ صِبْغًا يُخَالِفُ لَوْنَ الْمِدَادِ.

پس اس نے صاحب مصحف کو حاضری کا حکم دیا اور ساتھ ہی ایسی رنگ دار سیاہی لانے کو کہا جو مصحف کی سیاہی سے مختلف ہو۔

وَقَالَ لِلَّذِي يُمْسِكُ الْمُصْحَفَ عَلَيْهِ إِذَا فَتَحْتُ فَايَ فَاجْعَلْ نُقْطَةً فَوْقَ الْحَرْفِ.

اور اس نے صاحب مصحف کو مامور کیا کہ جب میں اپنا منہ کھولوں تو آپ حرف کے اوپر ایک نقطہ لکھ دیں۔

وَإِذَا كَسَرْتُ فَايَ فَاجْعَلْ نُقْطَةً تَحْتَ الْحَرْفِ.

اور جب میں اپنا منہ بند کروں تو آپ حرف کے نیچے ایک نقطہ لکھ دیں۔

وَإِذَا ضَمَمْتُ فَايَ فَاجْعَلْ نُقْطَةً أَمَامَ الْحَرْفِ

اور جب میں اپنا منہ گول کروں تو آپ حرف کے آگے ایک نقطہ لگا دیں۔

فَإِنْ أَتْبَعْتُ شَيْئًا مِنْ هٰذِهِ الْحَرَكَاتِ غُنَّةً يَعْنِي تَنْوِينًا فَاجْعَلْ نُقْطَتَيْنِ:

پس اگر میں ان حرکات کے ساتھ کچھ غنہ یعنی تنوین ملا دوں تو آپ اس حرف پر دو نقطے لگا دیں ــٌ ــٍ ــً:

فَفَعَلَ ذٰلِكَ حَتّٰى أَتٰى

پس اس نے اس اصول پر عمل

Marfat.com

اٰخِرُ الْمُصْحَفِ. کیا یہاں تک کہ تمام مصحف: قرآن: کو منقط کرکے مُشَکّل کردیا۔

اس وقت جو علامت وضع کی گئی تھی وہ ایک نقطہ ہی تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ جدت پر جدّت اختیار ہوتی گئی اور آخرکار اسی نقطہ کو پھیلا کر یہ صورت دے دی گئی :۔

ـَ ـِ ـُ : ـً ـٍ ـٌ : اور اعراب و حرکات اس طرح وضع کئے گئے اور جزم کیلئے جیم کا سرا : ـْ : شد کیلئے شین کا سرا : ـّ : مد کیلئے مُطّہ ـٓ : وضع کیا گیا نیز اس وقت اظہار و ادغام اقلاب و اخفاء۔ روم و اشمام اور تسہیل و ابدال وغیرہ کیلئے مخصوص قسم کی علامات وضع کی گئی تھیں مگر بعد میں یہ علامات متروک ہوگئیں البتہ اقلاب کیلئے وضع کردہ علامت میم صغیرہ : ـۢ : باقی رہ گئی ہے جو آجکل مطبوعہ مصاحف میں پائی جاتی ہے۔

علامہ دانی رح فرماتے ہیں کہ فتحہ کا مقام فوق الحرف ہے۔ کسرہ کا مقام تحت الحرف ہے اور ضمّہ کا مقام امام الحرف۔ جیسا کہ ہم نے ابوالاسود الدئلی سے روایت کی ہے۔ پس جب تو قولہ تعالیٰ: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پر اعراب لگا کر ضبط کرنا چاہے تو :۔

جَعَلْتَ الْفَتْحَةَ نُقْطَةً بِالْحُمْرَآءِ فَوْقَ الْحَآءِ وَجَعَلْتَ الضَّمَّةَ نُقْطَةً بِالْحُمْرَآءِ اَمَامَ الدَّالِ وَجَعَلْتَ الْكَسْرَةَ نُقْطَةً بِالْحُمْرَآءِ تَحْتَ

فتحہ کیلئے نقطہ : حا: کے اوپر سرخی سے لگائے گا اور ضمہ کیلئے نقطہ : دال: کے آگے سرخی سے لگائے گا اور کسرہ کے لئے لام و ھا کے نیچے نقطہ سرخی سے لگائے گا۔

Marfat.com

اللَّامِ وَتَحْتَ الْهَاءِ .

محمد طاہر کردی مکی نے اپنی کتاب تاریخ القرآن میں اس واقعہ کو قدرے تفصیل سے بیان کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت یعنی قبل از اسلام اعجام واشکال یعنی نقطے اور حرکات وسکنات وضع نہیں کئے گئے تھے اہل عرب اپنی فطرت وذہانت کی بدولت سے عربی زبان صحیح اور ٹھیک ٹھیک پڑھتے تھے پس جب اسلام اطراف عالم میں پھیلا اور عرب وعجم کا آپس میں اختلاط ہوا تو لوگ نہ صرف عربی زبان میں بلکہ قرآن کریم میں بھی غلطیاں کرنے لگے لہذا انہوں نے ضرورت محسوس کی کہ کچھ علامات ایسی وضع کرنی چاہئیں کہ جن کی مدد سے قرآن کریم صحیح صحیح اور کما اُنزِلَ پڑھا جاسکے اور کتاب اللہ طرح طرح کی اغلاط سے بچے اس طرح باہم تجویز سے انہوں نے اعجام واشکال یعنی نقط اور اعراب وحرکات ایجاد کرلئے۔

تشکیل مصحف کا سبب یہ ہوا کہ والئ بصرہ زیاد بن سمیہ نے جب عربوں کی غلطیوں کو دیکھا تو انہوں نے ابوالاسود الدؤلی سے مطالبہ کیا کہ وہ قراءۃ العربیہ کی اصلاح کیلئے کوئی طریقہ ایجاد کردیں۔ مگر ابوالاسود نے کوئی جواب نہیں دیا: اس لئے کہ مصحف عثمانی میں کسی شئ زائد کا ادخال واضافہ ایک اہم مسئلہ تھا اور یہ قدم اٹھانا ابتداءً آسان کام نہیں تھا۔

زیاد بن سمیہ نے ایک حیلہ سوچا وہ یہ کہ اپنے متبعین میں سے ایک معتمد علیہ شخص کو متعین کیا اور اس کو سکھلا دیا کہ ابوالاسود کے راستہ میں بیٹھ جا اور قرآن کریم کی کوئی آیت عمداً اور جان بوجھ کر غلط پڑھ

اس نے ایسا ہی کیا اور اَنَّ اللّٰهَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ وَرَسُوْلِهٖ پڑھا

Marfat.com

یعنی وَرَسُوْلِہٖ لام کا کسرہ پڑھا جس کا معنی تھا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ مشرکین اور اپنے رسول دونوں سے بیزار ہیں۔

ابوالاسود نے جب یہ سنا تو آگ بگولہ ہوگئے اور ان پر یہ بہت شاق اور گراں گذرا اور کہا کہ: عَزَّ وَجْہُ اللّٰہِ تعالیٰ مِنْ اَنْ یَّتَبَرَّأَ مِنْ رَّسُوْلِہٖ: کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول سے کبھی بیزار نہیں ہوئے۔

پس ابوالاسودؒ فی الفور زیاد بن سمیہ کے پاس گئے اور کہا کہ آپ نے جو کچھ فرمایا تھا میں اس پر عمل کرنا چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ سب سے پہلے قرآن کریم پر اعراب لگا دوں لہٰذا آپ مجھے کاتب مہیا کر دیں پس انہوں نے تیس کاتب مہیا کر دیئے جن میں سے ایک کو منتخب کر کے مامور کیا کہ مصحف لاؤ اور کوئی ایسی رنگ دار سیاہی بھی لاؤ جو مصحف کی سیاہی سے مختلف ہو۔ پھر انہیں ہدایت کی کہ اب میں قرآن پڑھتا ہوں اور آپ میرے ہونٹوں کی طرف دیکھیں۔ جب کسی حرف پر میں ہونٹ کھولوں تو آپ حرف کے اوپر ایک نقطہ ـ لکھ دیں۔ اور جب کسی حرف پر میں ہونٹ بند کر دوں تو آپ حرف کے نیچے ایک نقطہ ـ لکھ دیں اور جب کسی حرف پر میں ہونٹ گول کروں تو آپ حرف کے آگے ایک نقطہ ـ لکھ دیں۔ نیز میں اگر کسی حرف کے ساتھ کچھ غنہ ملا دوں تو آپ حرف پر دو نقطے ــ ــ ــ لگا دیں۔

حضرت ابوالاسودؒ نے بڑے آرام کے ساتھ پڑھنا شروع کیا اور نہایت تأنّی اور تحقیق کے ساتھ پڑھتے رہے اور کاتب حسب ہدایات نقطے لگاتا رہا۔ پھر جب پوری سورۃ پر کاتب اعراب لگا دیتا تو ابوالاسودؒ اس پر نظر ثانی کرتے اور یہ سلسلہ جاری رہا تا آنکہ پورے مصحف پر اعراب لگا دیئے گئے مگر یہ یاد رہے کہ حرف ساکن کو بغیر علامت کے رکھا گیا۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْوَاقِعَۃِ۔

Marfat.com

اِعجامُ القُرآنِ

س : اعجام القرآن کسے کہتے ہیں اور قرآن کریم کو اولاً کس نے "مُعجم" کیا ہے ؟

ج : اعجام القرآن کے معنے قرآن کریم پر نقطے لگانے کے ہیں اور قرآن کریم پر نقطے لگانے والے حضرتِ ابوالاسود رحمہ اللہ کے دو ممتاز شاگرد نصر بن عاصم اللیثی اور یحییٰ بن یعمر عدوانی رحمہما اللہ ہیں!

توضیحُ الجَوابْ:۔ جاننا چاہیئے کہ جیسا کہ محمد طاہر کردی المکی اپنی کتاب تاریخ القرآن میں فرماتے ہیں کہ لوگ مصحف عثمانی میں جو کہ عاری عن النقط والاعراب تھا تقریباً چالیس سال تک پڑھتے پڑھاتے رہے ہیں بعد ازاں عراق میں عوام الناس مصاحف لکھنے لگے اور مکتوبہ مصاحف کی کثرت ہوگئی۔ پس زمانۂ عبدالملک میں مشہور حافظ حجاج بن یوسف ثقفی رحمہ اللہ نے ایک کتاب لکھنے کی ضرورت محسوس کی۔ چنانچہ اس سلسلہ میں انہوں نے ایک سوال نامہ جاری کیا جس میں علماء وقت سے درخواست کی گئی کہ وہ مشتبہ الرسم اور واحد الصورۃ حروف میں امتیاز پیدا کرنے کیلئے کوئی علامت وضع کر دیں۔ پس نظر انتخاب ابوالاسودؒ کے دو ممتاز شاگردان نصر بن عاصم اللیثی اور یحییٰ بن یعمر العدوانی رحمہما اللہ پر پڑی اور انہیں اس کام کیلئے دعوت دی گئی . . .

اس زمانہ میں عامۃ المسلمین مصحفِ عثمانی میں کسی بھی زیادتی کو اگرچہ وہ برائے اصلاح ہو گوارا نہیں کرتے تھے اسی وجہ سے اکثر حضرات نے ابوالاسود کی تشکیل مصحف میں توقف کیا اور ان کی اس اصلاحی کوشش کو حقیر بلکہ مکروہ جانا۔ جہال

Marfat.com

بحث وتمحیص اور سوچ بچار کے بعد طے پایا کہ اصلاح ثانی اشد ضروری ہے اور وہ یہ کہ نقطہ واحدہ اور نقطہ مکررہ وضع کیا جائے تاکہ متشبہ الجوہر اور متفق الصور حروف میں جدائی واقع ہو جائے جیسے دال اور ذال کہ اول کو مُہمل رکھا گیا اور ثانی کو مُعجم کر دیا گیا اسی طرح بقیہ حروف کو بھی جس پر اب تک عمل جاری ہے البتہ بین المشارقہ والمغاربہ فا اور قاف میں فقط اتنا اختلاف رہا ہے کہ اہل مشرق فا کے اوپر ایک نقطہ لکھتے ہیں: ف: اور قاف کے اوپر دو نقطے لکھتے ہیں: ق: اور اہل مغرب فا کے نیچے ایک نقطہ لکھتے ہیں ف اور قاف کے اوپر ایک نقطہ: ف: اور ان کی اس اصطلاح میں کوئی قباحت نہیں ہے کہ اس سے بین الحروف التباس واشتباہ رفع ہو جاتا ہے اور اس طرح حروف ہجائیہ عربیہ دو قسموں میں تقسیم ہو گئے حروف مہملہ اور معجمہ پھر عامۃ المسلمین نے ان حضرات سے یہ طریقہ اخذ کر لیا اور وہ اسی طرح مصاحف پر نقطے لگانے لگے اور یہ ایک احسن ایجاد اور عمدہ اختراع ہے جس کا ادخال فی المصاحف معیوب نہیں ہے بلکہ ذریعہ سرعت فہم ہے۔

نقطہ اپنے وجود اور صغرِ حجم کی وجہ سے بڑا کارآمد ثابت ہوا۔ اور اس سے متعدد کام لیے گئے اوّلاً اعراب کیلئے وضع کیا گیا پھر اعجام حروف کیلئے تجویز ہوا۔ احکام تجوید کیلئے نقطہ ہی لگایا گیا۔ اختلافِ قراءات کیلئے نقطہ ہی استعمال ہوتا رہا اور اس کے لئے مختلف رنگ استعمال ہوتے رہے۔

لیکن بایں ہمہ کثرت نُقَط کی وجہ سے قرآن کریم کا پڑھنا ویسا ہی دُشوار ہوا جیسا کہ قبل از اعراب واعجام تھا۔ بالآخر جب فنِ طباعت ایجاد ہوا۔ اور قرآن کریم زیور طبع سے آراستہ ہونے لگا تو انواع واقسام کے رنگ چھاپنے مشکل ہو گئے لہذا اعجام

Marfat.com

حروف کیلئے نقطہ بحال رکھا گیا۔ اعراب کیلئے موجودہ صورت دیدی گئی اور تجوید و قرأت کیلئے مستعمل نقطے ترک کرکے اس کیلئے الگ کتابیں مدون ہونے لگیں۔

اب جبکہ فن طباعت بام عروج پر پہنچ گیا ہے اور مختلف رنگوں کا استعمال نہ صرف ممکن بلکہ انتہائی دیدہ زیب طریقہ پر ہوسکتا ہے تو انہی پرانے اور قدیم رموز کے ساتھ قرآن کریم کی طباعت انتہائی حسین صورت میں ہوسکتی ہے اور کوئی عجب نہیں کہ کوئی صاحب حیثیت بزرگ اس اہم فریضہ کو انجام دے دیں۔

اَلاِعْرَابُ وَالنُّقَط

۱ : فتحات	(زبر)	ـــَـــ	۵۳۲۴۳
۲ : کسرات	(زیر)	ـــِـــ	۳۹۵۸۲
۳ : ضمات	(پیش)	ـــُـــ	۸۸۰۴
۴ : شدات	(شد)	ـــّـــ	۱۲۵۳
۵ : مدات	(مد)	ـــٓـــ	۱۷۷۱
۶ : نقط	(نقطہ)	. .. ∴ . ..	۱۰۵۶۸۴

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الثَّانِیْ فِیْ قِرَآءَۃِ الْقُرْاٰنِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کَیْفَ یُقْرَاُ الْقُرْاٰنُ

س: قرآن کریم کیسے پڑھا جاتا ہے؟

ج :۔ قرآن کریم باعتبارِ رفتار چار طریقوں پر پڑھا جاتا ہے ۔ جیسا کہ تحت توضیح الجواب مذکور ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ قرآن کریم بلحاظِ گفتار و رفتار یعنی باعتبار سرعت و عجلت، بُطُوْءٌ وَتَاَنِّیْ، تَمَہُّلٌ وَتَرَتُّلٌ، اور تَدَبُّرٌ وَتَفَکُّرٌ چار طریقوں پر پڑھا جاتا ہے۔

یعنی قرآن کریم کا جلدی جلدی، آرام، آرام، آہستہ آہستہ اور غور و خوض کے اعتبار سے پڑھنا، چار اقسام پر تقسیم کیا جاتا ہے:۔

۱:۔ قرآءۃ بالتحقیق.

۲:۔ قرآءۃ بالحدر.

۳ :۔ قرآءۃ بالتدویر.

۴ : قرآءۃ بالترتیل .

اب ان اقسام اربعہ کو انہی عنوانات کے تحت بالتفصیل بیان کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

اَلْقِرَآءَةُ بِالتَّحْقِیْقِ

س: قرآءۃ بالتحقیق کسے کہتے ہیں اور وہ کب اور کہاں اختیار کی جاتی ہے؟

ج: عندالاساتذہ یعنی بہ پیش اساتذہ کرام قرآن کریم کو اس حالت کے مطابق کہ جس پر وہ نازل کیا گیا ہے۔ بغیر کسی افراط و تفریط اور لمبی زبادتی کے نہایت عمدگی کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھنے کو: قرآءۃ بالتحقیق: کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ:۔ جاننا چاہیئے کہ بین یدی الشیوخ والاساتذہ، یعنی عندالشیوخ والاساتذہ شفت بالشفت، آمنے سامنے بیٹھ کر انتہائی تَمَهُّلْ وَتَرَتُّلْ اور بُطُوْءٌ وَتَاَنِّیْ کے ساتھ پڑھنے کا نام: القرآءۃ بالتحقیق: ہے۔

اہل ادآء اس کی تعریف ان الفاظ سے کرتے ہیں:۔

اِعْلَمْ اَنَّ التَّحْقِیْقَ فَهُوَ مَصْدَرٌ مِنْ حَقَّقْتُ الشَّیْءَ تَحْقِیْقًا اِذَا بَلَغْتَ یَقِیْنَهٗ۔	جان لو کہ تحقیق، سو وہ مصدر ہے حققت الشی تحقیقا کے محاورہ سے۔ یہ جب کہا جاتا ہے کہ کسی چیز کی حقیقت تک رسائی ہو جائے اور اس پر یقین کامل ہو جائے۔
وَمَعْنَاهُ الْمُبَالَغَةُ	اور معنی اس کا یہ ہے کہ کسی چیز کو

Marfat.com

فِی الْاِتْیَانِ بِالشَّیْءِ عَلٰی حَقِّہٖ مِنْ غَیْرِ زِیَادَۃٍ فِیْہِ وَلَانُقْصَانٍ مِّنْہُ۔	پوری طرح ظاہر کرنے اور اس کے حق کو ادا کرنے میں بغیر کسی کمی زیادتی کے مبالغہ کرنا۔
فَھُوَ بُلُوْغُ حَقِیْقَۃِ الشَّیْءِ وَالْوُقُوْفُ عَلٰی کُنْہِہٖ وَالْوُصُوْلُ اِلٰی نِھَایَۃِ شَاْنِہٖ	دوسرے الفاظ میں۔ پس وہ کسی چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ اس کی حقیقت کو پوری طرح پانا اور اس کی انتہائی شان تک رسائی حاصل کرنا ہے۔
وَفِی اِصْطِلَاحِھِمْ ھُوَ عِبَارَۃٌ عَنْ اِعْطَاءِ کُلِّ حَرْفٍ حَقَّہٗ	اور قرآء کرام کی اصطلاح میں عبارت ہے۔ ہر حرف کو اس کا حق عطا کرنا اور اسے کما حقہٗ ادا کرنا ہے۔

قرآءۃ یعنی تلاوت قرآن مجید خواہ بالطریق ہو، خواہ بالروایۃ خواہ بالقرآءۃ حسب اصول مقررہ اور جملہ قواعد تجوید پر نہایت خوش اسلوبی سے عمل کرنے یعنی حروف کو مخارج سے نکالتے ہوئے صفاتِ لازمہ ممیزہ سے موصوف کرنے صفاتِ عارضہ محسنہ اداء کرنے میں افراط و تفریط سے بچنے۔ حرکات کو اشباع سے سکنات کو حرکات سے تشدید و غنہ اور مقدار غنہ قصر و مد اور مقدار مد افراط و تفریط سے بچاتے ہوئے حد اعتدال پر اداء کرنے اسی طرح اظہار و ادغام۔ اقلاب و اخفاء۔ تحقیق و تسہیلِ ہمزہ۔ صلہ و عدم صلہ مد رَوم و اشمام۔ امالہ و تقلیل۔ نقلِ حرکت و ترکِ نقل اور سکنات واجبہ کو کما حقہٗ ادا کرنا۔ ایسا ہی وصل وقف اور اقسام وقف کا خیال رکھنے اور غیر اولیٰ پر ترجیح دینے سے احتراز و اجتناب کرنے کو قراءۃ بالتحقیق کے نام سے موسوم

Marfat.com

کرتے ہیں۔ کما ھو فی النشر لابن الجزری رح۔

وَهُوَ الَّذِی یَسْتَحْسِنُ وَیَسْتَحِبُّ الْاَخْذَ بِهٖ عَنِ الشُّیُوْخِ عِنْدَ الْکُلِّ مِنَ السَّبْعَةِ وَالْعَشَرَةِ۔

پس قراءة بالتحقیق ریاضة السنۃ: تقویم حروف اور اقامة قراءة بغایۃ التصحیح کے لئے اختیار کی جاتی ہے تاکہ اخذِ تجوید و قراءة آخذین پر آسان ہو جائے۔

پس جب ریاضت کرتے کرتے حرف بہ حرف کلمہ بہ کلمہ جملہ بہ جملہ اور آیت بہ آیت ملانے کی مہارت تامہ حاصل ہو جائے تو پھر اقسام ثلثۃ آتیہ میں جو رفتار چاہے اختیار کی جائے اور تلاوت خواہ کسی رفتار پر کی جائے تجوید و قراءة کے تمام اصول و قواعد بروئے کار لاتے ہوئے حروفِ قرآنی کا پورا پورا حق ادا کیا جائے کیونکہ قرآن کے معانی و مفہوم تجوید حروف اور حق تلاوت پر موقوف ہے اور حق تلاوت ایمان بالقرآن کا ایک اہم جزو ہے۔ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ اُولٰٓئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمَنْ یَّکْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ

○

Marfat.com

اَلْقِرَآءَةُ بِالتَّرْتِيْل

س : قراءۃ بالترتیل کسے کہتے ہیں ؟

ج خوش آوازی اور خوش الحانی کے ساتھ خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھنے کو: قراءۃ بالترتیل: کہتے ہیں۔

توضیح الجواب:۔ جاننا چاہیئے کہ: اَلْقِرَآءَۃُ بِالتَّرْتِیْلِ : بطوءٌ وتانیٌ اور تمہّلٌ کے ساتھ انتہائی تلحّنٌ وتزیّنٌ اور ترنّمٌ کے ساتھ پڑھنے کا نام ہے — اہلِ اداء اس کی تعریف ان الفاظ سے کرتے ہیں :۔

اِعْلَمْ اَنَّ التَّرْتِیْلَ ھُوَمَصْدَرٌ	جان تو کہ ترتیل مصدر ہے
مِنْ رَتَّلَ فُلَانٌ کَلَامَہٗ	رتل فلان کلامہ (کے محاورہ) سے جبکہ
اِذَا اَتْبَعَ بَعْضَہٗ بَعْضًا عَلٰی	تابع رکھے بعض کو بعض سے سوچ سمجھ کر
مُکْثٍ وَّتَفَھُّمٍ مِنْ غَیْرِ	آرام واطمینان سے بغیر عجلت وسرعت
عُجْلَۃٍ وَھُوَ الَّذِیْ نُزِلَ	کے اور یہ وہی ہے جس کے ساتھ قرآن نازل
بِہِ الْقُرْاٰنُ	کیا گیا ہے۔
قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَرَتَّلْنٰہُ	اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اور ہم نے
تَرْتِیْلًا۔	تھم تھم کر اتارا ہے۔ قرآن کو تھم تھم کر اتارنا۔
رُوِیَ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ	زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے
رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ	مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پسند

Marfat.com

قَالَ اِنَّ اللهَ يُحِبُّ اَنْ يُّقْرَاَ
الْقُرْاٰنُ كَمَآ اُنْزِلَ اَخْرَجَهُ
ابْنُ خُزَيْمَةَ فِيْ صَحِيْحِهٖ
وَقَدْ اَمَرَ اللهُ تَعَالٰى
بِهٖ نَبِيَّهٗ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَرَتِّلِ
الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا
قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَيِّنْهُ
وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَاَنَّ فِيْهِ
وَقَالَ الضَّحَّاكُ اَنْبِذْهُ
حَرْفًا حَرْفًا كَاَنَّ اللهَ
تَعَالٰى يَقُوْلُ تَثَبَّتْ
فِيْ قِرَآءَتِكَ وَتَمَهَّلْ
فِيْهَا وَافْصِلِ الْحَرْفَ
مِنَ الْحَرْفِ الَّذِيْ بَعْدَهٗ
وَلَمْ يَقْتَصِرْ سُبْحَانَهٗ تَعَالٰى
عَلَى الْاَمْرِ بِالْفِعْلِ حَتّٰى
اَكَّدَهٗ بِالْمَصْدَرِ اِهْتِمَامًا
بِهٖ وَتَعْظِيْمًا لَّهٗ لِيَكُوْنَ

فرماتے ہیں کہ قرآن اس طرح پڑھا جائے
جس طرح کہ وہ نازل کیا گیا ہے اس کو ابن
خزیمہ نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔
اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا حکم فرما دیا ہے
سو فرمایا ہے کہ خوب ٹھیر ٹھیر کر
پڑھو قرآن کو ٹھیر ٹھیر کرنا۔
ابن عباس رضی اللہ عنہ ترتیل کی
تفسیر بینہ سے کرتے ہیں اور مجاہد تانّ
فیہ اور ضحاک فرماتے ہیں انبذہ حرفاً
حرفاً یعنی ہر ایک حرف کو صاف صاف
نکال اس لئے کہ گویا اللہ تعالیٰ فرماتے
ہیں کہ آپ اپنی قراءۃ میں تثبت
و تمہل اختیار کیجئے اور جدا کیجئے حرف
کو بعد میں آنے والے حرف سے اور حق
سبحانہ تعالیٰ نے امر بالفعل پر انحصار
نہیں فرمایا بلکہ اہتماما بہ و تعظیما لشانہ اسے
مصدر سے مؤکد بھی فرما دیا تاکہ یہ تدبر و
تفہم قرآن پر ممد و معاون ہو اور اسی

Marfat.com

ذٰلِكَ عَوْنًا عَلٰى تَدَبُّرِ الْقُرْاٰنِ وَتَفَهُّمِهٖ وَكَذٰلِكَ كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ.

طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھا کرتے تھے . . .

فَفِيْ جَامِعِ التِّرْمِذِيِّ وَغَيْرِهٖ عَنْ يَعْلَى ابْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ سَاَلَ اُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا عَنْ قِرَآءَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا هِيَ تَنْعَتُ اے نَصِفُ قِرَآءَةً مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا.

سو جامع ترمذی وغیرہ میں یعلی بن مالک ؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءۃ کے بارہ میں ام سلمہ رضی اللہ تعالی عنہا سے سوال کیا کہ آپ کیسے پڑھا کرتے تھے؟ پس وہ آپ کی قراءۃ کی تعریف کرنے لگیں یعنی بیان کرنے لگیں کہ آپ کی قراءۃ مفسرۃ حرفاً حرفاً ہوتی تھی۔

وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ السُّوْرَةَ حَتّٰى تَكُوْنَ اَطْوَلَ مِنْ اَطْوَلَ مِنْهَا اھ

اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی سورۃ کو پڑھتے تھے تو وہ طویل سورۃ سے بھی طویل معلوم ہوتی تھی یعنی اس قدر صاف صاف اور ٹھیر ٹھیر کر پڑھتے تھے کہ ہر سورۃ دوسری سورۃ سے طویل ہو جاتی تھی اور اس میں

Marfat.com

پڑھتے پڑھتے دیر لگ جاتی تھی۔

وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ بِآيَةٍ يُرَدِّدُهَا حَتّٰى أَصْبَحَ ﴿إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾

حضرت ابی درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آیت ان تعذبہم الخ کو لے کھڑے ہوتے یعنی نماز میں کھڑے ہوتے اور اسے ٹھیر ٹھیر کر بار بار پڑھتے رہتے تھے یہاں تک کہ صبح ہو جاتی تھی۔

قراءۃ بالترتیل کی تعریف و توصیف آیات قرآنی اور روایات متعددہ سے ثابت ہوا کہ خوب ٹھیر ٹھیر کر اور خوب سمجھ کر پڑھنے کو قراءۃ بالترتیل سے موسوم کیا جاتا ہے اور قراءۃ بالترتیل تدبر و تفکر فی القرآن، استنباط احکام اور استخراج مسائل کے لئے اختیار کی جاتی ہے۔ اسی واسطے اکثر علماء و قراء کا قول ہے کہ قراءۃ بالترتیل ایک قسم ہے قراءۃ بالتحقیق کی ولاعکس اس لئے کہ قراءۃ بالتحقیق تعلیم و تعلم، ریاضت السنہ تصحیح و تزئین حروف اور تحسین صوت کے لئے اختیار کی جاتی ہے اور زینت بدی الشائخ پڑھی جاتی ہے۔

علماء و قراء کا اس بارہ میں اختلاف ہے کہ آیا ترتیل و تمہل افضل ہے باوجود قلت قراءۃ کے یا کہ حدر و سرعت افضل ہے باوجود کثرت قراءۃ کے۔ پس بعض حضرات کا میلان قول ثانی کی طرف ہے تمسکاً بما رواہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من قرأ حرفا من کتاب اللہ تعالیٰ فلہ حسنۃ والحسنۃ

Marfat.com

بعشرۃ امثالہا۔ الحدیث رواہ الترمذی وصححہ۔ ورواہ غیرہ بکل حرف عشر حسنات ولان عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قرأ، بالحدر، فی رکعۃ۔ اور انہوں نے قراءۃ بالحدر کے بارہ میں سلف صالحین سے آثار کثیرہ ذکر کئے ہیں۔ کما فی نہایۃ القول المفید فی علم التجوید۔

امام جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجاہد سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے نماز میں سورۃ بقرہ پڑھی اور دوسرے نے سورۃ بقرہ اور آل عمران دونوں پڑھیں اور رکوع وسجود دونوں کا برابر تھا۔ ان میں سے کون افضل ہے؟ فرمایا کہ جس نے فقط سورۃ بقرہ پڑھی ہے وہ افضل ہے۔

ابن جزری فرماتے ہیں کہ ہمارے بعض ائمہ نے خوب فرمایا ہے کہ بلاشبہ قراءۃ بالترتیل کا ثواب قدر ومنزلت میں اجل وارفع ہے اگرچہ کثرت قراءۃ یعنی قراءۃ بالحدر کا ثواب عدد وگنتی میں زیادہ ہے۔ اول کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے بہت ہی قیمتی جوہرہ یعنی ہیرا صدقہ کر دیا ہو۔ یا جیسے کسی نے بڑا قیمتی غلام آزاد کر دیا ہو۔ اور دوسرے کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے دنانیر کثیرہ خرچ کئے ہوں یا خسیس قیمت کے متعدد غلام آزاد کر دیئے ہوں۔

امام غزالی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قرأت بالترتیل مستحب ہے صرف فہم و تدبر قرآن کے لئے نہیں کیونکہ عجمی اس کے معانی نہیں جانتے۔ بلکہ اس لئے بھی مستحب ہے کہ یہ اقرب الی التوقیر والاحترام ہے اور اَشَدُّ تَاثِیْرًا فِی الْقَلْبِ مِنَ الْھَذْرَمَۃِ وَالْاِسْتِعْجَالِ ہے۔ اس واسطے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا ہے کہ:۔

Marfat.com

شَرُّ السَّيْرِ الْحَقْحَقَةُ: اَيِ السَّفَرُ فِيْ اَوَّلِ اللَّيْلِ. وَشَرُّ الْقِرَاءَةِ اَلْهَذْرَمَةُ: اَيِ السُّرْعَةُ فِيْهَا.

امام مالک رضی اللہ عنہ سے قراءۃ بالحدر کے بارہ میں سوال کیا گیا تو فرمایا کہ بعض لوگ جب حدر سے پڑھتے ہیں تو ان پر آسان ہوتا ہے اور جب ترتیل سے پڑھتے ہیں تو ان پر شاق گذرتا ہے. بھول جاتے ہیں اور غلطی کرتے ہیں. پس اس بارہ میں لوگوں پر وہی ہے جو ان پر اخف و اسہل ہو. اور اس میں کافی وسعت و گنجائش ہے

قاضی ابو الولید طرطوشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہر شخص کے لئے وہی مستحب ہے جو اس کی طبیعت کے موافق ہو اور اسے آسان ہو. پس بسا اوقات غیر طبعی امر اور مخالف شئ اس پر شاق گذرتی ہے سو یہ حالت اُسے اکثارِ قراءۃ سے منقطع کر دیتی ہے بلکہ مطلق قراءۃ ہی سے محروم کر دیتی ہے اور وہ تلاوتِ قرآن کی فیوض و برکات سے محروم رہ جاتا ہے. ہاں جس کے لئے دونوں حالتیں یکساں ہوں اس کے لئے قرآءۃ بالترتیل ہی اولیٰ و افضل ہے

علامہ خاقانی رحمہ اللہ نے اپنی منظوم میں فضیلتِ ترتیل کی طرف یوں اشارہ کیا ہے ؎

وَتَرْتِيْلُنَا الْقُرْاٰنَ اَفْضَلُ لِلَّذِيْ
اُمِرْنَا بِهٖ مِنْ مُّكْثِنَا فِيْهِ وَالْفِكْرِ

اور ہمارے طائفہ قرآء کا قرآن کریم کو ترتیل سے پڑھنا نہایت بہتر ہے اس میں غور و فکر کرنے سے. کیونکہ ہم مامور بالترتیل ہیں اور اسی کے ساتھ حکم کئے گئے ہیں اور یہی ہمارا فرض ہے

Marfat.com

وَمَهْمَا حَدَرْنَا دَرْسَنَا فَمُرَخَّصٌ

لَنَا فِيْهِ اِذْدِيْنُ الْعِبَادِ اِلَى الْيُسْرِ

اور جب ہم اپنا سبق اور آموختہ حدر سے پڑھیں تو ہمیں اس کی رخصت اور اجازت ہے اس لئے کہ دین اسلام میں آسانی ہے۔

قراءۃ بالترتیل میں قاری کو تمطیط سے بچنا چاہیئے کیونکہ قراءۃ منزلہ بیاض کے ہے اگر کم ہو جائے تو ہو جائے سمرۃ اور اگر زیادہ ہو جائے تو ہو جائے برص اسی واسطے امام المحققین حمزۃ الکوفی رحمہ اللہ نے ان قراء کو جو تحقیق و ترتیل میں مبالغہ کیا کرتے تھے فرمایا۔

اَمَا عَلِمْتَ مَا فَوْقَ الْجُعُوْدَۃِ فَہُوَ قَطَطٌ وَمَا فَوْقَ الْبَيَاضِ فَهُوَ بَرَصٌ وَمَا كَانَ فَوْقَ الْقِرَاءَةِ فَلَيْسَ بِقِرَاءَةٍ

اور علامہ خاقانی رحمہ اللہ نے اسی معنی کی طرف اشارہ کیا ہے۔

فَذُو الْحِذْقِ مُعْطٍ لِلْحُرُوْفِ حُقُوْقَهَا

اِذَا رَتَّلَ الْقُرْاٰنَ اَوْكَانَ ذَاحَدْرٍ

پس حذاق فن حروف کو ان کا حق عطا کرتے ہیں۔ خواہ وہ ترتیل سے پڑھتے ہوں یا حدر سے۔

یہ بھی جان لینا اشد ضروری ہے کہ بین القراء انواع متقدمہ میں سے کسی قراءۃ میں بھی اختلاف نہیں ہے باوجود اس کے کہ ہر ایک کا مخصوص اور مستقل طریقہ اور مذہب ہے ورش و حمزہ انتہائی ترتیل کی طرف راغب ہیں اور امام عاصم ان سے کم درجہ ہیں۔ قالون، ابن کثیر اور ابو عمرو حدر و سرعت اور سہولت کی طرف مائل ہیں اور ابن عامر اور علی کسائی تدویر کی طرف اور بایں ہمہ یہ تخصیص مراتب قراءۃ ،

Marfat.com

قراءِ سبعہ میں غالب کے درجہ میں ہیں ورنہ ہر قاری ہر ایک کو مراتبِ مذکورہ کی اجازت دیتے رہے ہیں ۔

فَجَزَاهُمُ اللّٰهُ عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَاءِ وَعَنْ جَمِيْعِ الْمُقْرِئِيْنَ وَالْقُرَّاءِ ۔

Marfat.com

اَلْقِرَاءَۃُ بِالتَّدْوِیْرِ

س: قراءۃ بالتدویر کسے کہتے ہیں؟

ج: قراءۃ بالتحقیق اور قراءۃ بالحدر کی درمیانی رفتار کو قراءۃ بالتدویر کہتے ہیں!

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ۔ جاننا چاہیئے کہ: مابین التحقیق والحدر کو: اَلْقِرَاءَۃ بِالتَّدْوِیْرِ: کہتے ہیں۔ اہلِ اداء اس کی تعریف ان الفاظ سے کرتے ہیں۔

اِعْلَمْ اَنَّ التَّدْوِیْرَ هُوَ	جان تو کہ تدویر، عبارت ہے
عِبَارَۃٌ عَنِ التَّوَسُّطِ بَیْنَ	توسط بین المقامین سے یعنی تحقیق و حدر
الْمَقَامَیْنِ مِنَ التَّحْقِیْقِ	کی درمیانی حالت اور وہ تمام قراء کا مذہب
وَالْحَدْرِ. وَهُوَ مَذْهَبُ	ہے اور جمیع ائمہ سے ثابت ہے اور وہ
سَائِرِ الْقُرَّاءِ وَصَحَّ عَنْ جَمِیْعِ	اکثر اہلِ اداء کے نزدیک مختار اور پسندیدہ
الْاَئِمَّۃِ وَهُوَ الْمُخْتَارُ عِنْدَ	ہے۔
اَکْثَرِ اَهْلِ الْاَدَاءِ.	

پس باعتبار رفتار متوسط درجہ اور درمیانی حالت جس میں اصول قراءۃ بالتحقیق اور قواعد قراءۃ بالحدر کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے عمل کیا جائے اسے قراءۃ بالتدویر سے موسوم کرتے ہیں خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُهَا. قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا تَنْثُرُوْهُ یَعْنِی الْقُرْاٰنَ نَثْرَ الدَّقَلِ وَلَا تَهُذُّوْهُ هَذَّ الشِّعْرِ: الحدیث قراءۃ بالتدویر بالخصوص امام ابن عامر وغیرہ کا مذہب ہے جو مدّ منفصل میں توسط کرتے ہیں۔ اور مدّ متصل میں متوسطین کے ہم نوا ہیں۔

Marfat.com

اَلْقِرَاٰءَةُ بِالْحَدْرِ

س : قراءۃ بالحدر کسے کہتے ہیں؟

ج : تیز رفتاری سے کے ساتھ جلدی جلدی اور فرفر پڑھنے کو قرآءۃ بالحدر کہتے ہیں؛

توضیحُ الجوابْ :- جاننا چاہیئے کہ: سرعت وعجلت کے ساتھ پڑھنے کو اَلْقِرَاءَۃُ بِالْحَدْرِ کہتے ہیں ـــــ اہلِ ادآء اس کی تعریف ان الفاظ سے کرتے ہیں

اِعْلَمْ اَنَّ الْحَدْرَ هُوَ	جان لو کہ حدر مصدر ہے حدر
مَصْدَرٌ مِنْ حَدَرَ يَحْدُرُ	یحدر از باب فَعَلَ يَفْعُلُ. یعنی نصر
"مِنْ بَابِ فَعَلَ يَفْعُلُ"	ینصر سے .جب جلدی سے سرانجام ہو
اِذَا اَسْرَعَ فَهُوَ مِنَ الْحُدُوْرِ	پس یہ اس حدور سے ہے جس کے معنی ہبوط
الَّذِیْ هُوَ الْهُبُوْطُ لِاَنَّ	کے ہیں اور ہبوط کیلئے سرعت وعجلت لازم
الْاِسْرَاعَ مِنْ لَازِمِهٖ بِخِلَافِ	ہے بخلاف صعود کے.
الصُّعُوْدِ.	
وَهُوَ عِنْدَهُمْ عِبَارَةٌ	اور عند القرآء وعند اہل الاداء وہ عبارت
عَنْ اِدْرَاجِ الْقِرَاءَةِ وَسُرْعَتِهَا	ہے ادراج اور سرعت قرأتہ سے مع مراعات
مَعَ مُرَاعَاةِ اَحْكَامِ التَّجْوِيْدِ	احکام تجوید کے.

امام اہوازی رحمہ اللہ نے ایک سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ قرأتہ بالحدر ایک چلتی ہوئی شیریں اور منجھی رفتار اور الفاظ کی حسین ادائیگی ہے جس میں قاری طبائع عرب العربا اور طریقہ تکلم الفصحاء کا پابند رہتا ہے خواہ ائمہ قراآت میں سے کسی

Marfat.com

امام کی کوئی روایت یا طریق اختیار کرے۔ اور احکام تجوید کے ساتھ یعنی اظہار وادغام اقلاب واخفاء۔ قصر ومد۔ تحقیق وتسہیل۔ حذف واثبات۔ تفخیم وترقیق۔ سکون وتشدید۔ امالہ وتقلیل۔ اتمام واختلاس۔ روم واشمام وصل ووقف اور اقسام وقف پر پورا پورا عمل کرنا ہے۔ پس اگر احکام مذکورہ میں سے کسی حکم کے خلاف کرے تو قاری خطاوار وگنہگار کہلائے گا اور عتاب وعقاب کا مستحق ہوگا۔

قراءۃ بالحدر میں حذف حروف۔ ذہاب صوت غنہ۔ اختلاس حرکات اور اس قدر تیز رفتار اور سرعت وعجلت سے احتراز واجتناب کرنا چاہیئے جس سے قراءۃ صحیح نہ ہو اور نہ وہ تلاوت سے موصوف وموسوم کیا جا سکے۔

قراءۃ بالحدر امام ابن کثیر۔ ابوعمرو بصری۔ یعقوب وغیرہ کا مذہب ہے جو مد منفصل میں قصر کرتے ہیں۔ اور متصل میں توسط کی مقدار اقل اختیار کرتے ہیں۔

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ

Marfat.com

اَلْقِرَاءَۃُ بِالْاُمُوْرِ الْمُبْتَدَعَۃِ الْمُحَرَّمَۃِ

س : قراءۃ بہ اُمورِ مبتدعہ محرمہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : ایسی من گھڑت اشیاء اور خود ساختہ اصوات وکیفیات کو قراءۃِ قرآن میں داخل کرنا جن کو تجوید و قراءۃ سے کچھ بھی تعلق نہ ہو اسے قرآءۃ بہ امور مبتدعہ محرمہ کہتے ہیں ۔

<u>تَوضِیْحُ الجَوَاب</u>: جاننا چاہیے کہ زمانہ خیر القرون کے بعد بعض لوگوں نے قرآن کریم کی قراءۃ میں کچھ اس قسم کی اشیاء کا اضافہ کیا ہے اور ایسے دستور کی ادائیں اس میں داخل کر دیں جن کا تجوید و قراءۃ سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے ۔ مگر فی زماننا بعض خود رو مجودین ۔ نام نہاد قراء اور پیشہ ور واعظ ایسی اصوات وکیفیات کو تلاوت قرآن میں شامل کرتے ہیں کہ الامان والحفیظ ۔ کلام اللہ کو موسیقاروں کی طرح موسیقی اور مغنیوں کی طرح سینماؤں کے گانے کی طرز پر پڑھتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ کتاب اللہ کا حق ادا کر رہے ہیں ۔

ایسے لوگ عموماً خود رو اور خود ساختہ اور قراءۃ فروش قراء ہوتے ہیں یا وہ مدعی قراءۃ وعظ فروش علماء ۔ جو محافل و مجالس میں پڑھتے ہیں اور لہجہ بازی کے نشہ میں حروفِ قرآنی کا حلیہ بگاڑ کر سامعین سے داد لینے کے متمنی ہوتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف و توصیف کی جائے اور انہیں کسی اچھے لقب وخطاب سے نوازا جائے ۔

Marfat.com

پھر غضب خدا کا یہ کہ کانا کر جس قدر بگاڑا جائے اسے قراءآت سبعہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور بلا خوف وخطر کہا جاتا ہے کہ ہم تو سبعہ میں پڑھ رہے تھے۔ العیاذ باللہ۔ گویا ہر عیب وغلطی۔ بے قاعدگی اور ہر نئی چیز کا ادخال فی القرآن کا نام قراءآت سبعہ رکھ دیا گیا ہے اور جملہ خود ساختہ خرافات کا مجموعہ قراءآت سبعہ تصور کر لیا گیا ہے پس ایسے ہی خود رو اور خود ساختہ قراء کے متعلق فرمایا گیا:۔

رُبَّ قَارِیٔ لِلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ یَلْعَنُہٗ

اور مجالس ومحافل میں ایسے ہی مجتہد قراء کے بارہ میں علامہ رفاعی رحمہ اللہ کا شعر نہایت ہی موزون ہے۔

رُبَّ تَالٍ تَلِ الْقُرْاٰنَ مُجْتَہِدًا
بَیْنَ الْخَلَائِقِ وَالْقُرْاٰنُ یَلْعَنُہٗ

اکثر پڑھنے والے بین المحافل مجتہدانہ شان میں بناؤ سنگار سے قرآن پڑھتے ہیں اور حال یہ ہے کہ قرآن کا ایک ایک حرف اُن پر لعنت کرتا رہتا ہے۔

امور ممنوعہ محرمہ اگرچہ کثیر التعداد ہیں مگر آجکل ہمارے ہاں جن کا دور دورہ ہے اور جن سے احتراز واجتناب ہر قاری کے لئے ضروری ہے تمثیلاً مندرجہ ذیل ہیں۔

Marfat.com

اَلْقِرَآءَۃُ بِالتَّطْرِیْبِ

س : قرآت بالتطریب کسے کہتے ہیں ؟

ج : قرآن کریم کو موسیقاروں کی طرح راگ و سُر کے ساتھ الاپنے اور مغنیوں کی طرح گا کر پڑھنے کو قراءت بالتطریب کہتے ہیں۔

توضیح الجواب :- جاننا چاہیئے کہ : القراءۃ بالتطریب : میں چونکہ اداءِ حروفِ قرآنی کو الحان و انغامِ موسیقہ کے تابع رکھا جاتا ہے اس لئے حسبِ قواعدِ فنِ موسیقی بے محل مد کیا جاتا ہے یا مد کو حدِ اعتدال سے زیادہ کھینچا جاتا ہے یا مد کی جگہ قصر کیا جاتا ہے۔ حرکات کو اشباع دیا جاتا ہے اور سکنات پر سکتہ کیا جاتا ہے ایسا ہی بے محل غنہ کیا جاتا ہے یا غنہ کی مقدار میں اضافہ کیا جاتا ہے تاکہ آواز کے اتار و چڑھاؤ سے لحن موزوں اور نغمہ شیریں ہو جائے

ایسے پڑھنے والے عموماً وہ حضرات ہوتے ہیں جو لحانی اور نغمہ سازی سے سامعین کو مسخر کرنا چاہتے ہیں۔

اَلْقِرَآءَۃُ بِالتَّرْقِیْصِ

س : قراءۃ بالترقیص کسے کہتے ہیں ؟

ج : حروفِ قرآنی کو ہلانے۔ اتارنے چڑھانے اور اس میں رقص کی سی کیفیت پیدا کرنے کو : قراءۃ بالترقیص : کہتے ہیں ؛

توضیح الجواب :- جاننا چاہیئے کہ : القراءۃ بالترقیص : میں آواز جیرت

Marfat.com

انگیز صورت میں دفعۃً ایسے انداز پر اٹھائی گرائی جاتی ہے کہ جس طرح رقاص اور ناچنے والے حیرت انگیز صورت میں اپنے جسم اور اعضاء کو، فعۃً اٹھاتے گراتے ہیں جس کی وجہ سے حروفِ قرآنی میں کچھ اس قسم کی کیفیاتِ اجنبیہ پیدا ہو جاتی ہیں اور وہ ناپسندیدہ حالات کے شکار ہو جاتے ہیں جو کتاب اللہ کی عظمت و شان کے منافی اور تقدسِ قرآنی میں خلل انداز ہوتے ہیں۔

ایسے پڑھنے والے عموماً وہ لوگ ہوتے ہیں جو سابقہ پیشہ اور عادات قبیحہ سے مجبور یا فن رقص کے دلدادہ ہوتے ہیں۔

اَلْقِرَآءَۃُ بِالتَّرْعِيْدِ

س : قراءۃ بالترعید کسے کہتے ہیں ؟

ج : قرآن کریم پڑھتے وقت آواز میں تھرتھراہٹ اور کپکپی جیسی کیفیت پیدا کرنے کو: قراءۃ بالترعید: کہتے ہیں!

توضیح الجواب:- جاننا چاہئے کہ: القراءۃ بالترعید میں [illegible] جیسی [illegible] حنکیف کر لیا ہے کہ [illegible] دکھ درد [illegible] جان بلب ہونے والا ہے۔

ایسے پڑھنے والے عموماً وہ لوگ ہوتے ہیں جو یہ خیال جتانے میں کہ [illegible] عظمت اور دبدبۂ قرآنی سے خائف ہوتے ہوتے جان سپرد بحق [illegible] کرنے والے ہیں۔

Marfat.com

اَلْقِرَاءَۃُ بِالتَّقْطِیْعِ

س : قراءۃ بالتقطیع کسے کہتے ہیں ؟

ج : کلماتِ قرآنی کو کاٹ کاٹ کر اور ٹکڑے ٹکڑے کر کے پڑھنے کو قراءۃ بالتقطیع کہتے ہیں !

توضیح الجواب : جاننا چاہیئے کہ : القرآءۃ بالتقطیع : میں پڑھنے [illegible] حروف [illegible] بغیر "[illegible]" [illegible] آواز [illegible] نصف [illegible] تعلق [illegible] اور [illegible] کا تعلق [illegible] ۔

ایسے پڑھنے والے عموماً وہ [illegible] ہوتے ہیں [illegible] طولِ نفس [illegible] مظاہرہ [illegible] ہیں ۔

اَلْقِرَاءَۃُ بِالنَّفْرِ

[illegible] : قراءۃ بالنفر کسے کہتے ہیں ؟

ج : قرآن کریم پڑھتے وقت فرار اور بھاگنے کی سی کیفیت اختیار [illegible] قراءۃ بالنَّفر کہتے ہیں !

توضیح الجواب : جاننا چاہیئے کہ : [illegible] بالنفر : [illegible] اختیار کرلیتا ہے کہ حروف کو اچک اچک [illegible] اٹھا [illegible] پڑھتا ہے جس طرح بھاگتے ہوئے کوئی چیز اٹھائی جاتی ہے ۔

ایسے پڑھنے والے عموماً وہ لوگ ہوتے ہیں جو قرآن کریم سرسری طور سے

Marfat.com

پڑھتے ہیں اور تکمیلِ حروف کا اہم فریضہ خاطر میں نہیں لاتے ہیں۔

اَلْقِرَاءَةُ بِالتَّحْزِيْنِ

س : قراءۃ بالتحزین کسے کہتے ہیں ؟

ج : قرآن کریم کو درد انگیز اور غمناک صدا میں پڑھنے کو : القراءۃ بالتحزین کہتے ہیں !

توضیحُ الجوابُ :۔ جاننا چاہیے کہ : القراءۃ بالتحزین : میں پڑھنے والا شکل وصورت اس قسم کی بناتا ہے کہ گویا وہ مارے خشوع وخضوع اور خوف وغم کے رو پڑنے والا ہے۔

ایسے پڑھنے والے عموماً وہ لوگ ہوتے ہیں جو جلبِ منفعت کے پیش نظر اظہار تقویٰ چاہتے ہیں اور سامعین پر سکۂ تقدس جما کر دامِ تزویر میں لانا چاہتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ

Marfat.com

اَلْقِرَاءَةُ وَالرِّوَايَةُ

س: قراءت کسے کہتے ہیں اور روایت کسے؟

ج: جب الفاظِ وحی کے اختلاف کی نسبت نقلاً عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی امام کی طرف کی جائے اور اس کے جملہ منقولات کو پڑھ کر مکمل کر لیا جائے تو اسے "قراءۃ" کہتے ہیں۔

اور جب الفاظِ وحی کے اختلاف کی نسبت نقلاً عن الامام کسی راوی کی طرف کی جائے اور اس کی جملہ مرویات کو پڑھ کر مکمل کر لیا جائے تو اسے "روایۃ" کہتے ہیں۔

ایسا ہی جب الفاظ وحی کے اختلاف کی نسبت نقلاً عن الراوی کسی طریق کی طرف کی جائے اور اس کی جملہ ماخوذات اور وجوہات کو پڑھ کر پورا کیا جائے تو اسے "طریق" کہتے ہیں۔

توضیح الجواب: قبائل عرب کے لغات اور اصوات ولہجات میں قدرتی طور پر باہم دگر فرق وامتیاز تھا اور ہر قبیلہ کی ادا مختلف تھی اس لیے قرآن کریم کا نزول حسب لغات قبائل عرب اور اصوات ولہجات اوطان عرب کی لغات واصوات ولہجات پر ہوا ہے۔ کما قال النبیُّ الاُمّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْرُفٍ كُلُّهُمْ شَافٍ وَّكَافٍ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

Marfat.com

پس صحابۂ کرام، تابعین اور تبع تابعین نے حسب نزول قرآن والفاظ وحی اپنی اپنی لغات اور اصوات ولہجات کی حفاظت کی جس کی وجہ سے آئمہ قراءات سبعہ وغیرہ کے نام سے موسوم ہو گئے اور اس طرح وہ مدنی، مکی، بصری، شامی اور کوفی مشہور ہو گئے اور ہر ایک امام کی ایک مخصوص اور منفرد قراءۃ شہرت پا گئی۔

پس ہر ایک امام اور قاری جو بلا واسطہ یا بالواسطہ صحابۂ کرام اور تابعین وغیرہ سے بسندِ صحیح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سبعۃ احرف کا جو جو حرف اور صوت واداء نقل کرتا ہے اسے "قِراءۃ" کہتے ہیں۔ لہٰذا امام اور قاری کی جملہ منقولات مخصوصہ کے تکمیل سے قراءۃ مکمل ہوتی ہے اور راوی کی جملہ مرویاتِ مخصوصہ عن الامام کی تکمیل سے رِوایۃ مکمل ہوتی ہے وعلیٰ ہذا طریق کے جملہ ماخوذات ووجوہاتِ مخصوصہ عن الراوی کی تکمیل سے طریق پوری ہوتی ہے۔ یا بالفاظ دیگر یوں سمجھئے کہ امام اپنے شیوخ سے جو الفاظ وحی اور اس کی اداء نقل کرتا ہے اس کے مجموعہ کو "قِراءۃ" کہتے ہیں اور راوی اپنے امام سے جو الفاظ وحی اور اس کی صوتی اداء نقل کرتا ہے اس کے مجموعہ کو "رِوایۃ" کہتے ہیں۔ اسی طرح طریق اپنے راوی سے جو مختلف وجوہات اور اس کی صوتی اداء نقل کرتا ہے اس کے مجموعہ کو "طَرِیق" کہتے ہیں۔

Marfat.com

اَلْخَلْطُ فِی الْقِرَآءَاتْ

س : خلط: فی القرآءات: کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی ایک قرآءۃ کے پڑھنے کا اہتمام و التزام کرکے دوسری قرآءۃ کو اس میں شامل کر لیا جائے تو اسے : خلط فی القرآءات : کہتے ہیں ۔

اسی طرح جب کسی مخصوص روایت کے پڑھنے کا اہتمام و التزام کرکے دوسری روایت اس میں شامل کر لی جائے تو اُسے: خلط فی الروایات: کہتے ہیں۔

ایسا ہی جب کسی خاص طریق کے پڑھنے کا اہتمام و التزام کرکے دوسرا طریق اس میں شامل کر لیا جائے تو اُسے : خلط فی الطرق: کہتے ہیں !

تَوْضِیحُ الْجَوَابْ: جاننا چاہیئے کہ قراءۃ سبعہ میں سے ہر ایک امام کیلئے علیحدہ علیحدہ اصول و فرش [illegible] قواعد و ضوابط [illegible] پورا کرنے سے ہی قراءۃ مکمل ہوتی ہے۔ پس جب کسی امام کی قراءۃ کا التزام کر لیا جائے تو اول سے آخر تلاوت تک اسی کے اصول و فرش اور قواعد و ضوابط پر پابندی کے ساتھ عمل کرنا چاہئے اور کسی دوسرے امام کے اصول و فرش اور قواعد وضوابط سے قطعی طور پر اجتناب و احتراز کرنا چاہئے ورنہ اگر دوسرے امام کے اصول وفرش میں سے کوئی شیٔ اس میں شامل کر لی تو خلط فی القراءۃ واقع ہو جائے گی جو حرام اور ممنوع ہے۔

اسی طرح ہر ایک امام کے رواۃ کے لئے بھی الگ الگ اصول وقواعد مقرر ہیں جن کو پورا کرنے سے ہی روایت پوری ہوتی ہے پس جب کسی راوی کی

Marfat.com

روایت پڑھنے کا التزام کر لیا جائے تو اول سے آخر تلاوت تک اسی کے اصول و قواعد پر پابندی کے ساتھ عمل کرنا چاہیئے اور کسی دوسرے راوی کے اصول و قواعد سے قطعی طور پر احتراز کرنا چاہیئے ورنہ اگر دوسرے راوی کے اصول ... میں سے کوئی چیز بھی اس میں شامل کر لی گئی تو خلط فی الروایت واقع ہو جائے گی اور یہ بھی حرام و ممنوع ہے۔

وعلیٰ ہذا راوی کے طرق کے لئے بھی چیدہ چیدہ اصول اور وجوہ مقرر ہیں جن کو پورا کرنے سے ہی طریق پورا ہوتا ہے سو جب کسی طریق سے طریق پر پڑھنے کا اہتمام کر لیا جائے تو اول سے آخر تلاوت تک اس کے اصول اور وجوہ پر پابند رہنا چاہیئے اور دوسرے طریق کے اصول اور وجوہ سے اجتناب کرنا چاہیئے ورنہ اگر دوسرے طریق کے اصول اور وجوہ میں سے کوئی وجہ اس میں شامل کر لی گئی تو خلط فی الطریق واقع ہو جائے گی جو ناجائز اور مکروہ ہے۔

مختلف قراءات اور متعدد روایات و طرق کا پڑھنا ماہرین فن کا کام ہے اور صحیح انداز پر وہی پڑھ سکتے ہیں جو کتب قراءات پر پوری نظر رکھتے ہوں اور تمام اصول و فروش اور کلیات و جزئیات مستحضر ہوں عامۃ القراء اور عوام الناس کو روایت حفص ہی پڑھنا چاہیئے اور اسی کے مقررہ مسائل پر عمل کرنا چاہیئے اور دیگر طرق و روایات سے اجتناب۔ کیونکہ اکثر مقامات پر ایک قراءۃ دوسری قراءۃ پر یا ایک روایت دوسری روایت پر موقوف ہوتی ہے اور عدم واقفیت بلکہ بے احتیاطی کی وجہ سے کچھ کے کچھ بن جاتے ہیں اور مفہوم قرآنی میں خلل عظیم واقع ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

جس طرح فقہی مسائل میں فقہائے اربعہ میں سے کسی ایک امام کی اتباع ضروری اور تقلید واجب و لازم ہے اور اپنی رائے کے مطابق انتخاب مسائل کا حق و اختیار کسی کو نہیں، بالکل اسی طرح بلکہ اس سے بھی بڑھ کر ائمہ قراءات سبعہ میں سے کسی ایک امام کی اقتداء و اتباع فرض، لازم اور ضروری ہے اور یہ حق و اختیار کسی کو حاصل نہیں کہ وہ مختلف قراءات و روایات میں سے چن چن کر منتخب کر لے اور اسے پڑھنے لگے کیونکہ قراءات مجموعۂ منقولات و مرویات ہیں ان میں رائے اور قیاس کو قطعاً دخل نہیں ہے۔ علامہ شاطبیؒ فرماتے ہیں:۔

وَمَا لِقِيَاسٍ فِي الْقِرَاءَاتِ مَدْخَلُ
فَدُونَكَ مَا فِيهِ الرِّضَا مُتَكَفِّلَا

قراءات متواترہ بالاتفاق سات ہیں جن کو قراءات سبعہ کہتے ہیں اور قراءات سبعہ کے منتخب ناقلین بھی سات ہیں جن کو ائمہ سبعہ یا قراء سبعہ کہتے ہیں۔ پس امام وہ ہوتا ہے جو بلا واسطہ یا بالواسطہ صحابہ کرامؓ سے نقل کرتا ہے اور راوی وہ ہوتا ہے جو بلا واسطہ یا بالواسطہ امام سے نقل کرتا ہے اور طریق وہ ہوتا ہے جو بلا واسطہ یا بالواسطہ راوی سے نقل کرتا ہے اور یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہر امام کے دو دو راوی ہوتے ہیں اور ہر راوی کے دو دو طریق۔

ائمہ قراءات سبعہ متواترہ معہ رواۃ یہ ہیں:۔

١:	امام نافعؒ مدنی	راوی	قالون	و	ورش
٢:	امام ابن کثیر مکی	راوی	بزی	و	قنبل
٣:	امام ابو عمرو بصری	راوی	دوری	و	سوسی

Marfat.com

۴ : امام ابنِ عامر شامی	راوی	ہِشَامْ	وَ	اِبْنُ ذَکْوَانْ
۵ : اِمام حمزۃ کوفی	رَاوی	خَلَفْ	وَ	خَلَّادْ
۶ : اِمام علی کِسائیؒ	راوی	حَفْص دوری	و	ابوالحارثؒ
۷ : امام عاصِم کوفیؒ	راوی	شُعبہ	وَ	حَفْص بن سُلیمان

جَزَا اللّٰہُ بِالْخَیْرَاتِ عَنَّا اَئِمَّۃً

لَنَا نَقَلُوا الْقُرْاٰنَ عَذْبًا وَّسَلْسَلاً

اللہ تعالیٰ جزاء خیر دے ہماری طرف سے آئمہ قرآءات کو جنہوں نے نقل کیا ہے ہمارے لئے قرآن میٹھا و شیریں۔

ہمارے پاکستان دہندوستان اور افغانستان وترکستان وغیرہ میں آخر الذکر یعنی امام عاصم کوفی کی قرآءۃ بروایت حفص بن سلیمان بطریق ولی الشاطبیؒ پڑھی جاتی ہے۔ لہٰذا آئندہ اوراق میں اُن ہی کے قواعد ومسائل بیان ہونگے اور حسبِ ضرورت جابجا تصریح بھی کی جائے گی انشاء اللہ تعالےٰ۔

Marfat.com

اَللَّهْجَةُ الْعَرَبِيَّةُ

س : لہجۂ عربی کسے کہتے ہیں ؟

ج : طبعی طور پر بلا تکلف اور روانگی کے ساتھ پڑھنے کو لہجۂ عربی کہتے ہیں

توضیحُ الجوابْ: جاننا چاہیئے کہ بلا تکلّف پڑھنے کا نام لہجۂ عربی ہے لیکن لحن و لہجہ کا دار و مدار آواز کی خوبیوں پر موقوف ہوتا ہے اور آواز کی خوبیاں آلاتِ صوت و تنفس اور حلقوم سے وابستہ ہوتی ہیں۔ یعنی جب خلقی طور پر آلاتِ صوت و تنفس صحیح اور تندرست ہوتے ہیں اور حلقوم میں وسعت ہوتی ہے تو حسب مراتب آواز میں بھی وسعت و بلندی ہوتی ہے اور لحن و لہجہ شنیدہ میں۔

صوت و آواز خالق کائنات کا ایک خاص عطیہ ہے جو ہر فرد بشر کو حسب فطرت و خلقت حصہ بقدر جثہ کے اصول پر کم و بیش عطا کی جاتی ہے اور قدرت جسکو جس چاہتی ہے احسن الصوت اور جسے چاہتی ہے اکرہ الصوت بنا دیتی ہے وھو احسن الخالقین۔

جس طرح انسان اپنی خلقت کے اعتبار سے شکل و صورت قد و قامت ضعف و قوت اور حسن و قبح میں ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز ہوتا ہے اسی طرح آواز بھی انسانی خلقت کے لحاظ سے ضعف و قوۃ پستی بلندی اور حسن و قبح میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہے یعنی جس طرح ایک انسان کے لئے جو جسم و صورت موزوں ہوتا ہے قدرت اُسے عطا کرتی ہے اسی طرح اس کیلئے

Marfat.com

جس قسم کی صوت و آواز مناسب اور موزوں ہوتی ہے اسے عطا کی جاتی ہے۔

پھر جس طرح جسم انسانی ایک مقررہ وقت تک نشو ونما پاتا ہے اور افطار ثلاثہ میں بڑھتا ہے۔ نیز مختلف حالات و اوقات میں ورزش کے ذریعہ بقدر تناسب اضافہ اور زیادتی قبول کرتا ہے اور ایک ناقص جسم بہتر بن جسم بن جاتا ہے اور اس میں مزید حسن و جمال پیدا ہو جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح بذریعہ مشق و تکرار اس کی آواز میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور مشق کرتے کرتے ایک معمولی سی آواز بھی ترقی پاکر بہترین اور احسن ترین آواز بن جاتی ہے اور اس میں حسن و جمال پیدا ہو جاتا ہے۔

جس طرح عربی لسان ام الالسنہ ہے اور فصاحت و بلاغت میں لا مثال لہ ہے اور السنۂ عالم پر جو فوقیت شرف و عزت اور عظمت و جلالت اسے حاصل ہے اور کسی کو حاصل نہیں ہے اسی طرح عربی لحن ام اللحون ہے اور لطافت و نظافت میں لا نظیر لہ ہے اور لحونِ عالم پر جو فوقیت شرف عزت اور عظمت و جلالت اُسے حاصل ہے کسی اور کو نصیب نہیں ہے۔ اسی لئے لحون عرب کو مدار بنا کر ارشاد فرمایا گیا ہے۔

اقرؤا القرآن بلحون العرب و اصواتها کہ تم قرآن کریم کو لحون عرب سے پڑھو۔ اس میں تخصیص بلحون عرب ہے۔ یعنی تم لوگ لحون عرب سے الفت و مشابہت پیدا کرو۔ اور مشق کرتے کرتے عین اس مقام پر پہنچو جو اہل عرب کو طبعی اور جبلی طور پر حاصل ہے۔

اہل عرب جیسا کہ مختلف ملکوں اور متعدد خطوں۔ نجد و حجاز شام و

Marfat.com

عراق اور مصر دیمن وغیرہ میں قدرتی طور پر منقسم ہیں اسی طرح لحونِ عرب بھی مختلف قسموں میں منقسم ہیں اور ہر ملک وخطہ کے الحان ولہجات میں باہم فرق وامتیاز ہے نیز جیسا کہ ہر ملک وخطہ کے الحان ولہجات میں نمایز و تفاوت ہے ایسا ہی ہر فرد کا لحن ولہجہ بھی الگ الگ ہے۔

پس جس خطہ کے لحن اور لب ولہجہ کو تخیل اور تصور میں رکھکر مشق کی جائے اور اس کے ساتھ مطابقت یا مشابہت پیدا کی جائے وہ اسی خطہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور لہجہ حجازی، مصری، مدنی وغیرہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ایسا ہی اگر کسی فردِ واحد کے لحن ولہجہ سے مطابقت ومشابہت پیدا کی جائے تو وہ اسی طرف منسوب ہو کر حبیبی غیرہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

لیکن بسا اوقات انتہائی جد وجہد اور مشقِ کثیر کے باوجود نہ تو کسی خطہ کے لب ولہجہ سے مطابقت ومشابہت پیدا ہوتی ہے اور نہ ہی کسی فرد کے لحن ولہجہ سے۔ البتہ مشقِ کثیر اور کثرتِ تلاوت کی وجہ سے پڑھنے میں ایک خاص قسم کی روانگی وپختگی پیدا ہو جاتی ہے اور انتہائی طور پر صیقل ہو کر موزون ومزین ہو جاتی ہے اور اسی طرح گویا مشابہت بلحونِ عرب پیدا ہو جاتی ہے اور فی الجملہ یہی مطلوب ہے کیونکہ ارشاد فرمایا گیا ہے زَيِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ کہ قرآن کو اپنی آوازوں سے مزین کرو اور یہ بھی فرمایا گیا ہے حَسِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ کہ قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے خوش سماعت بناؤ۔ دونوں حدیثوں میں اصوات کی اضافت مخاطب یعنی اقوام وافراد کی طرف کر دی گئی ہے کہ اے مخاطب اور اے لوگو تم اپنی آوازوں سے قرآن کریم کو مزین اور خوش نما وخوش سماعت بناؤ۔

Marfat.com

کیونکہ تم اسی کے مکلف ہو اور یہی تمہارے قبضۂ قدرت میں ہے "لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَہَا" پس دونوں حدیثوں میں شفقت عَلٰی اَقْوَامِ الْعَجَمِ ہے

حاصل کلام یہ کہ ہر شخص کا ایک مخصوص لحن اور خاص لب و لہجہ ہوتا ہے جس میں وہ بلا تکلف پڑھتا ہے اور اپنے انداز میں دوسروں سے ممتاز ہو جاتا ہے پس ایسے طبعی انداز اور روانگی اور پختگی کو لہجۂ عربی یا لحن عربی کہتے ہیں خواہ کسی خطۂ عرب یا کسی فرد سے مطابقت و مشابہت ہو یا نہ ہو وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

قرآن کریم کو لب و لہجہ، خوش الحانی اور خوش آوازی سے پڑھنے میں قراء کا اختلاف ہے۔ اکثر حضرات لب و لہجہ کو مسنون اور مستحسن قرار دیتے ہیں۔ مگر بعض حضرات اسے مکروہ اور غیر مستحسن تصور کرتے ہیں۔

حدیث میں فرمایا گیا ہے: مَنْ لَّمْ یَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ فَلَیْسَ مِنَّا۔ جس نے قرآن کو تغنی (یعنی خوش آوازی) سے نہ پڑھا وہ ہم میں سے نہیں ہے ـــــ

اب تَغَنِّیْ بالقرآن سے مراد کیا ہے؟ اس کی اصلیت اور حقیقت کیا ہے؟ ـــ اس بارے میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی التھانوی نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مسکنہٗ نے عجیب و غریب اور نہایت لطیف انداز میں بیان فرمایا ہے۔ اور اس کی حقیقت کو خوب واضح کیا ہے۔

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ آداب القرآن میں فرماتے ہیں:ـ
چوتھی کوتاہی یہ ہے کہ بعضے تصحیح و تجوید کو ضروری سمجھتے ہیں۔ مگر

Marfat.com

کاوش اور بحث ہی تک پہنچکر رہ جاتے ہیں، جیسا اس وقت کثرت سے لوگ ض۔ ظ میں الجھنے والے دیکھے جاتے ہیں مگر انشاء اللہ تعالیٰ اداء کے نام سے بھی واقف نہیں ——— اور بعضے عمل تک پہنچنے کا ارادہ کرتے ہیں مگر اس کی حقیقت سمجھنے میں غلطی کرتے ہیں۔ یعنی صرف لہجہ کا نام قرآءۃ سمجھ کر اسی کا اہتمام کرتے ہیں۔

پھر یا تو خود کوئی طبعی لہجہ اختراع کرتے ہیں اور یا کسی مناق کی نقل اتار لیتے ہیں اور اتار چڑھاؤ اور صحتِ وزن میں اس قدر غلو کرتے ہیں کہ بعضے ضروریات، یا مستحسناتِ قرآءۃ بھی فوت ہو جاتے ہیں یعنی حروف گھٹا بڑھا دیئے جاتے ہیں یا غنہ یا مد حذف کر دیتے ہیں تاکہ وزن ٹھیک رہے۔

سو اس کی نسبت سرکار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :-

اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَبِ وَاَصْوَاتِهَا وَاِيَّاكُمْ وَلُحُوْنَ اَهْلِ الْعِشْقِ وَاَهْلِ الْكِتَابَيْنِ	قرآن مجید کو عرب کے طرز اور آواز سے پڑھو اور اہل عشق اور یہود و نصاریٰ کے طرز سے بچو۔ ۱۲

یعنی ایسے لحن سے منع فرمایا ہے اور اس کو لحون عرب سمجھنا خطاءِ عظیم ہے جیسا شراحِ حدیث نے تصریح کی ہے بلکہ یہ لحن اہل عشق و اہل کتاب میں داخل ہے جس کو منع فرمایا ہے اور اگر یہ لحنِ عرب ہو گا۔ تو لحن اہلِ عشق کون ہو گا۔ پس خود حدیث کے الفاظ اس زعم کا تخطیہ کر رہے ہیں اور لہجہ کا اہتمام تجوید میں تفریط ہے۔

Marfat.com

اور بعضے حقیقت صحیح سمجھتے ہیں مگر خوش لہجگی کے ایسے مخالف ہیں کہ اس کا اہتمام بلیغ کرتے ہیں کہ تحسین صوت نہ ہونے پاوے اور کسی کو ذرا تحسین صوت کرتا دیکھتے ہیں تو اس پر گانے کا طعن کرتے ہیں۔ اور یہ تجوید میں افراط ہے مثل تفریط مذکور کے یہ بھی نصوص کے خلاف ہے۔

زَیِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِکُمْ اَوْنَحْوَہٗ (قرآن مجید کو اپنی آوازوں سے زینت دو) حدیث قولی۔ اور ابو موسیٰ اشعری رضؓ کے اس عرض پر کہ۔

لَوْعَلِمْتُ اَنَّکَ تَسْتَمِعُ لِقِرَاءَتِیْ لَحَبَّرْتُہٗ لَکَ تَحْبِیْرًا — اَوْنَحْوَہٗ	اگر مجھے خبر ہوتی کہ آپ میری قراءت کو سن رہے ہیں تو میں آپ کے لئے خوب بنا سنوار کر پڑھتا،

پر آپ کا انکار نہ فرمانا حدیث تقریری — اس تحسین صوت بالقصد کی مشروعیت و مطلوبیت میں نص تصریح ہیں — اور یہی وہ تغنی ہے جس کا امر چند حدیثوں میں مروی ہے۔ اور اس میں اور گانے میں فرق ظاہر ہے — یعنی گانے میں تو لہجہ مقصود اور دوسرے قواعد تابع ہیں۔ اگر لہجہ کے بنانے میں قواعد رہ جاویں تو پرواہ نہیں کی جاتی اور اس تحسین صوت میں قواعد مقصود اور حسن صوت تابع ہے — یعنی اگر قواعد کو محفوظ رکھ کر خوش آوازی ہو سکے تو اس کی رعایت کی جاتی ہے۔ ورنہ اس کی پرواہ نہیں کی جاتی — اور اگر بلا قصد کسی شخص کی قراءۃ کا کوئی جزو کسی قاعدہ موسیقی پر بھی طبیعت کے تناسب یا موزونیت کی وجہ سے منطبق ہو جاوے

Marfat.com

تب بھی وہ گانے میں داخل نہیں۔ جیسا کہ خود قرآن مجید میں شعریت کی جا بجا نفی کی گئی ہے مگر بعض عبارات یقیناً اوزانِ شعریہ پر منطبق ہیں جیسے :

ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ــــ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۤءِ تَقْتُلُوْنَ : فَاعِلَاتُنْ فَاعِلَاتُنْ فَاعِلَاتْ پر منطبق ہے۔ مگر باوجود اس انطباق کے ہرگز اس کے پڑھنے والے کو شعر کا پڑھنے والا نہ کہا جاوے گا البتہ اگر بقصد تطبیق پڑھے گا شعر پڑھنے والا اور قرآن میں ایسا کرنے سے ناجائز فعل کا ارتکاب کرنے والا کہا جاوے گا۔

بس یہی حالت لہجہ کی بالقصد تطبیق کی ہے ــــ غرض اس چوتھی کوتاہی کی یہ مذکورہ دو جانبیں ہیں ــــ تفریط ــــ افراط دونوں سے بچنا یہ وہ ہے جس کو : لُحُوْنُ الْعَرَبِ وَاَصْوَاتُهَا : فرمایا گیا ہے۔

اب ہم تغنی بالقرآن پر کتب معتبرہ سے چند احادیث و آثار نقل کرتے ہیں و ہی ہذہ :-

Marfat.com

بَابُ التَّغَنِّیْ بِالْقُرْاٰنِ

مَاخُوذٌ: مِنَ الطَّبَقَاتِ الْکُبْرٰی لِابْنِ سَعْدٍ

۱ : عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ، قَالَ ابْنُ عُیَیْنَۃَ یَسْتَغْنِیْ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ النَّاسُ یَقُوْلُوْنَ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ نَہِیْکٍ

۱ : سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جس نے قرآن کو خوش آوازی سے نہیں پڑھا، ابن عیینہ نے کہا کہ جس نے اپنے آپ کو مستغنی نہیں جانا (یعنی یتغن کی بجائے یستغن پڑھا ہے) ابو محمد کہتے ہیں کہ لوگ عبید اللہ بن نہیک کہتے ہیں۔

۲ : عَنْ طَاؤسٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَحْسَنُ صَوْتًا لِلْقُرْاٰنِ وَاَحْسَنُ قِرَاءَۃً قَالَ مَنْ اِذَا سَمِعْتَہٗ

۲ : طاؤس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون اچھی آواز سے قرآن پڑھتا ہے اور کس کی

Marfat.com

يَقْرَأُ أُرِيتُ أَنَّهُ يَخْشَى اللّٰهَ قَالَ طَاوُسُ وَكَانَ طَلْقٌ كَذٰلِكَ.

قراءت اچھی ہے؟ فرمایا جسے تو پڑھتا ہوا سنے اور خیال کرے کہ وہ اللہ سے ڈر رہا ہے. طاؤس کہتا ہے کہ طلق ایسا ہی تھا.

۳ : عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ كَانَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَأْذَنِ اللّٰهُ لِشَيْءٍ مَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ قَالَ صَاحِبٌ لَهُ أَرَادَ يَجْهَرُ بِهِ.

۳ : ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کسی شئ کے سننے کی طرف اتنا دھیان نہیں رکھتے جتنا کہ نبی کے قرآن پڑھنے کی طرف ... دھیان رکھتے ہیں جب کہ وہ خوش آوازی سے پڑھتا ہو. اس کے ایک ساتھی نے کہا ابو ہریرہ کی مراد ہے بلند آواز سے پڑھنا.

۴ : عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ أَنَّهُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِشَيْءٍ كَمَا أَذِنَ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ

۴ : ابن شہاب کہتے ہیں کہ مجھے ابو سلمہ نے خبر دی ہے کہ بے شک ابو ہریرہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کان لگا کر کسی شئ کو نہیں سنتے جتنا کسی نبی کی آواز کو کان لگا کر سنتے ہیں جب وہ خوش آوازی سے قرآن پڑھتا ہو

۴ : عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي

۵ : ابن شہاب سے مروی ہے اس

أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ لِأَبِيْ مُوْسٰى وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ بِالْقُرْاٰنِ لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِنْ مَزَامِيْرِ اٰلِ دَاوُدَ

نے کہا کہ مجھے ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن نے خبر دی ہے کہ بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابی موسیٰ اشعری رضی کو فرمایا کرتے تھے اور وہ انتہائی خوش آوازی سے قرآن پڑھا کرتے تھے کہ یہ شخص بلاشبہ داؤد علیہ السلام کی خوش آوازی سے مالا مال ہوا ہے۔ مزامیر مزمار کی جمع ہے۔ بانسری یا اس جیسے آلہ کو کہتے ہیں جو منہ سے بجایا جاتا ہے۔

٦ : عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ أَيْضًا أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَانَ إِذَا رَاٰى أَبَا مُوْسٰى قَالَ ذَكِّرْنَا رَبَّنَا يَا أَبَا مُوْسٰى فَيَقْرَأُ عِنْدَهٗ ۔

٦ : ابن شہاب فرماتے ہیں کہ ابو سلمہ نے مجھ سے اسی طرح حدیث بیان کی ہے کہ بلاشبہ عمر بن الخطابؓ جب ابو موسیٰ کو دیکھتے تھے تو فرماتے تھے اے ابا موسیٰ ہمارا رب ہمیں یاد دلا یعنی وہ ان کے پاس قرآن پڑھنا شروع کر دیتے تھے۔

٧ : عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَضَعُ إِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرٰى يَتَغَنّٰى وَيَدَعُ أَنْ يَقْرَأَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ

٧ : عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں نہ دیکھوں میں تم میں سے کسی ایک کو بھی کہ پاؤں پر پاؤں اٹھا کر رکھے اور تکبرانہ انداز سے

Marfat.com

فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ یَفِرُّ مِنَ الْبَیْتِ یُقْرَاُ فِیْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَاِنَّ اَصْفَرَ الْبُیُوْتِ الْجَوْفُ یُصْفَرُ مِنْ کِتَابِ اللّٰهِ.

گانا گائے، اور سورۃ البقرہ پڑھنا چھوڑ دے کیونکہ شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے جس گھر میں سورۃ البقرہ پڑھی جاتی ہے. اور سب گھروں میں سے خالی گھر — وہ "بیت" ہے جو اللہ کی کتاب سے خالی ہو.

۸ : قَدِمَ سَالِمُ الْبَیْذَقَ الْمَدِیْنَةَ فَقَامَ یُصَلِّیْ بِهِمْ فَقِیْلَ لِسَالِمٍ لَوْ جِئْتَ فَسَمِعْتَ قِرَاءَتَهُ فَلَمَّا کَانَ بِبَابِ الْمَسْجِدِ سَمِعَ قِرَاءَتَهُ رَجَعَ فَقَالَ غِنَاءٌ غِنَاءٌ

۸ : سالم رضی اللہ عنہ بیذق مدینہ کو آئے پس ان کو نماز پڑھانے لگے. پس ان سے کہا گیا کہ اگر آپ آتے تو ان کی قرارت سنتے. پس جب وہ مسجد کے دروازے پر پہنچے. ان کی قرارت سنی تو واپس لوٹے پس فرمایا کہ گانا ہے گانا. (یعنی انتہائی خوش آوازی ہے)

۹ : عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا مُوْسٰی کَانَ یَاْتِیْ عُمَرَ فَیَقُوْلُ لَهُ عُمَرُ ذَکِّرْنَا رَبَّنَا فَیَقْرَاُ عِنْدَهُ.

۹ : ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بلاشبہ ابوموسیٰ جب حضرت عمر بن الخطاب کے پاس آتے تو آپ فرماتے ہمارا رب ہمیں یاد دلا پس وہ ان کو قرآن سناتے تھے.

Marfat.com

۱۰ : عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَیْءٍ کَاَذْنِهٖ لِنَبِیٍّ یَتَغَنّٰی بِالْقُرْاٰنِ یَجْهَرُ بِهٖ	۱۰ : ابو ہریرہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کان نہیں رکھتے کسی شے کے سننے کے لیے جتنا کہ کان رکھتے ہیں نبی کیلئے کہ جب کہ وہ خوش آوازی سے قرآن پڑھتا ہو. یعنی باآواز بلند پڑھتا ہو.
۱۱ : عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ اُوْتِیَ اَبُوْمُوْسٰی مِزْمَارًا مِّنْ مَّزَامِیْرِ اٰلِ دَاوٗدَ،	۱۱ : ابی بردہ اپنے والد سے، وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ ابو موسٰی ایک مزمار از مزامیر داؤد علیہ السلام عطا کیے گئے ہیں، یعنی حضرت داؤد جیسے لب لہجہ اور سریلی آواز دیئے گئے ہیں.
۱۲ : عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ قِرَاءَةَ رَجُلٍ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قِیْلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ قَیْسٍ قَالَ لَقَدْ اُوْتِیَ هٰذَا مِزْمَارًا	۱۲ : ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے تو ایک آدمی کی قراءت سنی، فرمایا یہ کون ہے؟ عرض کیا گیا یہ عبداللہ بن قیس ہے. فرمایا یہ تو آلِ داؤد کے مزامیر میں سے

Marfat.com

مِّنْ مَّزَامِيْرِ اٰلِ دَاوٗدَ — مزمار عطا کیا گیا ہے — یعنی بڑا ہی خوش لہجہ ہے۔

۱۳ : عَنِ الْبَرَّآءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ زَيِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ

۱۳ : براء بن عازب، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ قرآن کو اپنی آوازوں سے زینت دو۔ یعنی اسے خوش الحانی سے پڑھو۔

۱۴ : عَنِ الْبَرَّآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حَسِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ [illegible] الْقُرْاٰنَ [illegible]

۱۴ : براء بن عازب سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے حسین بناؤ بس بلاشبہ حسین آواز قرآن کے حسن کو دوبالا کر دیتا ہے۔

۱۵ : عَنْ عَ[illegible] اَنَّهَا سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا مُوْسٰى وَهُوَ يَقْرَاُ فَقَالَ لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِنْ مَّزَامِيْرِ اٰلِ دَاوٗدَ

۱۵ : عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابا موسے کو سنا اس حال میں کہ [illegible] قرآن کریم پڑھ رہے تھے۔ بس [illegible] نے فرمایا بلاشبہ یہ تو آل [illegible] کی مزامیر میں سے مزمار دیا گیا ہے۔

Marfat.com

وَفِي مَنَارِ الْهُدٰى لِلْاَشْمُوْنِيِّ رَحِمَهُ اللهُ ص۹

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (اِقْرَأْ عَلَيَّ. فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَقْرَأُ عَلَيْكَ، وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ فَقَالَ اِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِيْ، قَالَ فَافْتَتَحْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ فَلَمَّا بَلَغْتُ شَهِيْدًا، فَقَالَ لِيْ: حَسْبُكَ)

ثُمَّ قَالَ وَفِي الْحَدِيْثِ نَوْعُ اِشَارَةٍ اِلٰى اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ صَيِّتًا، قَالَ عُثْمَانُ النَّهْدِيُّ صَلّٰى بِنَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ الْمَغْرِبَ بِقُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ فَوَدِدْنَا اَنَّهٗ لَوْ قَرَأَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ مِنْ حُسْنِ صَوْتِهٖ وَتَرْتِيْلِهٖ

علامہ اشمونی رحمہ اللہ منار الہدیٰ میں فرماتے ہیں۔

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مامور فرمایا کہ مجھے (قرآن) سنا، پس میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں آپ کو قرآن سناؤں حالانکہ وہ آپ پر نازل ہوا ہے۔ پس آپ نے فرمایا میں پسند کرتا ہوں کہ اسے دوسروں سے سنوں! کہتے ہیں کہ میں نے سورۃ النساء شروع کی پس جب میں لفظ شَهِيْدًا پر پہنچا تو آپ نے فرمایا بس کر کافی ہے

پھر کہا کہ اس حدیث میں ایک قسم کا اشارہ ہے کہ ابن مسعود انتہائی خوش آواز تھے۔ عثمان نہدی کہتے ہیں کہ ابن مسعودؓ نے مغرب کی نماز قل ہو اللہ احد کے ساتھ پڑھائی۔ اور ان کی حسن صوت اور ترتیل کی وجہ سے ہم چاہتے تھے کہ کاش وہ سورۃ

Marfat.com

وَكَانَ اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ	البقرہ ہی پڑھ لیتے اور ابو موسیٰ اشعری
كَذٰلِكَ وَرَدَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى	ایسا ہی تھے. منقول ہے کہ بلاشبہ
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتَهٗ	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
وَهُوَ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ : فَقَالَ	اس کی آواز سنی اور وہ قرآن کریم
لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِزْمَارًا مِّنْ	پڑھ رہے تھے تو آپ نے فرمایا
مَزَامِيْرِ اٰلِ دَاوٗدَ) كَانَ دَاوٗدُ	(یقیناً یہ شخص تو آلِ داؤد کے مزامیر
عَلَيْهِ السَّلَامُ اِذَا قَرَأَ الزَّبُوْرَ	میں سے ایک مزمار دیا گیا ہے ...)
تَدْنُوْ اِلَيْهِ الْوُحُوْشُ	انتہائی خوش آوازی سے نوازا گیا
حَتّٰى تُؤْخَذَ بِاَعْنَاقِهَا .	داؤد علیہ السلام جب زبور پڑھتے تھے
وَالْمُرَادُ بِقَوْلِهٖ : وَاٰتَاهُ اللّٰهُ	تو وحوش (صحرائی جانور) ان کے
الْمُلْكَ هُوَ الصَّوْتُ الْحَسَنُ	اس قدر قریب آجاتے تھے کہ آپ
قَالَهُ السَّمِيْنُ .	ان کو گردن سے پکڑ لیتے تھے. اور

قولہ تعالیٰ: وآتاہ اللہ الملک : (اس کو اللہ نے حکومت عطا کی ہے) سے مراد یہی حسن صوت اور خوش آوازی ہے. یہ سمین کا قول ہے.

قَالَ التَّتَائِيُّ وَمِمَّا يَرُدُّ	تتائی رح فرماتے ہیں کہ جملہ امور میں ...
الشَّهَادَةَ التَّغَنِّيْ بِالْقُرْاٰنِ	جو شہادت کو رد کرتی ہے ...
اَيْ بِالْاَلْحَانِ الَّتِيْ تُفْسِدُ نَصَّ	بالقرآن ...
الْقُرْاٰنِ وَمَخَارِجَ حُرُوْفِهٖ	جو نصِ قرآن کو اور ...
بِالتَّطْرِيْبِ وَتَرْجِيْعِ الصَّوْتِ	کے مخارج کو تطریب و ترجیع ...

Marfat.com

مِنْ لَحَّنَ بِالتَّشْدِيْدِ طَرَّبَ ؎	یعنی آواز کے اتار چڑھاؤ سے فاسد کردیتی ہیں۔ لَحَّنَ تشدید کے ساتھ طرّب گانا۔
وَاَمَّا التَّرَنُّمُ بِحُسْنِ الصَّوْتِ فَهُوَ حَسَنٌ، فَقَدْ وَرَدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ الْمُكَنّٰى بِاَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيْ، وَهُوَ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ، فَقَالَ لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِزْمَارًا مِّنْ مَّزَامِيْرِ	اور لیکن "ترنّم" اچھی آواز سے سو وہ مستحسن ہے اس لئے کہ وارد ہے کہ بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن قیس جن کی کنیت ابوموسیٰ اشعری ہے۔ کی آواز سنی اور وہ قرآن پڑھ رہے تھے بس فرمایا کہ بے شک یہ شخص آل داؤد کی مزامیر میں سے ایک مزمار دیا گیا ہے

؎ طَرَّبَ. تَطْرِيْبًا (طَرَّبَ): تَغَنّٰى او - ه حمله على الطّرب او - فِيْ صَوْتِهٖ: رجعه ومدّه وحسّنه او - عن الطريق عدل.

لَحَّنَ. تَلْحِيْنًا (لَحَّنَ) ه خطّأه او - فِي الْقِرَاءَةِ: ترنّم فيها وطرّب او - الاناشيد: وضع بها الحانًا. تغنّٰى بها - المنجد الادبی

طَرَّبَ ...: خوش الحانی سے آواز بلند کرنا سر لگانا - لَحَّنَ فِي الْقِرَاءَةِ: قراءة میں ترنم کرنا، سر سے پڑھنا۔ المنجد

اردو۔

Marfat.com

اٰلِ دَاوٗدَ)	یعنی یہ شخص حضرت داؤد علیہ السلام جیسی آواز سے نوازا گیا ہے ۔
عَنْ عُبَیْدَۃَ الْمُلَیْکِیْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَآ اَھْلَ الْقُرْاٰنِ لَا تَتَوَسَّدُوا الْقُرْاٰنَ وَاتْلُوْہُ حَقَّ تِلَاوَتِہٖ مِنْ اٰنَآءِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَاَفْشُوْہُ وَ تَغَنَّوْہُ وَتَدَبَّرُوْا مَا فِیْہِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ وَلَا تَعْجَلُوْا ثَوَابَہٗ فَاِنَّ لَہٗ ثَوَابًا۔	حضرت عبیدہ ملکی نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا۔ کہ اے قرآن والو قرآن شریف سے تکیہ نہ لگاؤ یعنی اس کو پس پشت نہ ڈالو۔ اور اس کی تلاوت شب و روز ایسی کرو جیسا کہ اس کا حق ہے کلام پاک کی اشاعت کرو اور اس کو اچھی آواز سے پڑھو اور اس کے معنی میں تدبر کرو تاکہ تم
رواہ البیہقی فی شعب الایمان	فلاح کو پہنچو اور اس کا بدلہ (دنیا میں)

طلب نہ کرو کہ (آخرت میں) اس کے لیے بڑا اجر و بدلہ ہے ۔

Marfat.com

بَابُ كَرَاهِيَةِ الْاَلْحَانِ فِي الْقُرْاٰنِ

عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ قَرَاَ رَجُلٌ عِنْدَ اَنَسٍ يُلَحِّنُ مِنْ هٰذِهِ (۱) الْاَلْحَانِ فَكَرِهَ ذٰلِكَ اَنَسٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ وَقَالَ غَيْرُهُ قَرَاَ غَوْرَكُ بْنُ اَبِي الْحِضْرَمِ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كَانُوْا يَرَوْنَ هٰذِهِ (۱) الْاَلْحَانَ فِي الْقُرْاٰنِ مُحْدَثَةً۔

حضرت اعمش رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس ان الحان مروجہ میں سے یعنی اُن الحان کے ساتھ جو نصِ قرآن کو فاسد کر دیتے ہیں اور اس کے حروف کے مخارج کو آواز کے اُونچ نیچ سے پراگندہ کر دیتے ہیں) ایک لحن سے پڑھا، تو انس رضی اللہ عنہ نے اس کو مکروہ جانا، یہ قول ابو محمد کا ہے۔ دوسروں کا قول ہے کہ پڑھنے والا الاغورک بن ابی الحضرم تھا۔ محمد سے منقول ہے کہ علماء ان الحان کو قرآن میں نئی چیز (بدعت) قرار دیتے تھے۔

ل : والاشارة بلفظ: هذه الالحان: اى بالالحان التى تفسد نص القرآن ومخارج حروفه بالتطريب وترجيع الصوت ـ سنن الدارمى.

اَلْجُزْءُ الثَّالِثُ فِیْ تَعَلُّمِ الْقُرْاٰنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تَعَلُّمُ الْقُرْاٰنْ

س :۔ تعلم قرآن کا کیا حکم ہے ؟

ج :۔ تعلم قرآن یعنی قرآن کا سیکھنا اور پڑھنا فرض عین اور واجب ہے اور حفظِ قرآن فرضِ کفایہ ہے۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ:۔ جاننا چاہیے کہ تعلم قرآن افضل العبادات ہے اور احسن الاعمال ہے اور اس قدر سیکھنا کہ جس سے نماز بطریق احسن ادا ہو سکے واجب علی الامۃ ہے ـــــ یعنی ہر مسلمان مرد وزن پر فرض عین اور واجب ہے۔ اور پورا قرآن پڑھنا اور حفظ کرنا فرضِ کفایہ ہے۔

علامہ برہان الدین زرکشی رحمہ اللہ : البرهان فی علوم القرآن : میں فرماتے ہیں کہ ہمارے اصحاب نے تعلیم القرآن کو فرض کفایہ ـــــ اور اسی طرح حفظ القرآن کو واجب علی الامۃ قرار دیا ہے ـــــ اور فرمایا ہے کہ امام جرجانی رحمہ اللہ نے "کتاب الشافی" میں ـــــ اور علامہ عبادی رحمہ اللہ نے بھی اسی طرح ذکر کیا ہے ـــــ اور وہ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ: تعلّم القرآن وحفظ القرآن: کا عدد تواتر منقطع نہ ہو جائے اور تسلسل جاری اور باقی رہے ـــــ اور

Marfat.com

اس پر تبدیل و تحریف طاری نہ ہو جائے۔

پس اگر کوئی قوم یا ایک جماعت حتیٰ کہ اگر فرد واحد بھی تعلیم القرآن وحفظ القرآن کا ذمہ لے لے اور اس میں مشغول رہے، تو باقی قوم سے فرضیت ساقط ہو جاتی ہے ـــ ورنہ سب کے سب ہی آثم اور گنہگار ہو جاتے ہیں ـــ یہی وجہ ہے کہ اگر کسی قریہ، قصبہ اور بلدہ میں کوئی بھی قرآن پڑھنے والا نہ ہو تو تمام بستی والے آثم اور گنہگار ہوتے ہیں۔

قرآن کریم سیکھنے اور حفظ کرنے کے طریقے ہر شخص کے حالات اور استعداد کے مطابق ہوتے ہیں ـــ مگر حضرت ابو معالیہ رضی اللہ عنہ نے ایک احسن اور اسہل طریقہ بیان فرمایا ہے:۔

تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ خَمْسَ اٰيَاتٍ، خَمْسَ اٰيَاتٍ، فَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْخُذُ عَنْ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ خَمْسًا خَمْسًا وَفِيْ رِوَايَةٍ مَنْ تَعَلَّمَ خَمْسًا خَمْسًا لَمْ يَنْسَهُ

کہ قرآن کریم پانچ پانچ آیتیں سیکھو، پس بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جبریل علیہ السلام سے پانچ پانچ آیتیں اخذ کرتے اور سیکھتے تھے، اور ایک روایت میں ہے کہ جس نے قرآن کریم پانچ پانچ آیتیں پڑھا اور سیکھا وہ اسے بھولے گا نہیں۔

قرآن کریم کی تعلیم و تعلم ترتیب صوری اور تالیف معہود پر ہونی چاہیئے اس لیے کہ موجودہ ترتیب و تالیف باجماع صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ،تَوْقِیْفِیْ: ہے، یعنی من جانب اللہ ہے۔ جس کا خلاف قطعاً جائز نہیں ہے۔

Marfat.com

قَدْ وَرَدَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ سُئِلَ عَنِ الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَعْكُوْسًا، قَالَ ذَاكَ مَعْكُوْسُ الْقَلْبِ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے وارد ہے کہ آپ سے اس شخص کے بارے میں سوال کیا گیا، جو قرآن کریم اُلٹا پڑھتا تھا، آپ نے فرمایا وہ معکوس القلب ہے۔ یعنی الٹے دل کا مالک ہے۔

قرآن کریم معکوس اور الٹا پڑھنے کی کئی صورتیں ہو سکتی ہیں ــــ اوّل یہ کہ حرف بہ حرف الٹا پڑھا جائے ــــ دوم یہ کہ کلمہ بہ کلمہ الٹا پڑھا جائے ــــ سوم یہ کہ آیت بہ آیت اُلٹا پڑھا جائے ــــ چہارم یہ کہ رکوع بہ رکوع الٹا پڑھا جائے ــــ پنجم یہ کہ سورت بہ سورت اُلٹا پڑھا جائے۔

اوّل الذکر دو صورتیں یعنی حرف بہ حرف اور کلمہ بکلمہ معکوس پڑھنا قطعاً جائز نہیں ــــ حرام اور ممنوع ہے۔

ثانی الذکر دو صورتیں، یعنی آیت بہ آیت اور رکوع بہ رکوع معکوس پڑھنا' یہ دو صورتیں بطور تکرار و گردان پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

آخر الذکر صورت یعنی سورت بہ سورت معکوس پڑھنا، شیوخ و صبیان اور اہل عجم کو بوجہ صعوبت سور طویلہ رخصت اور اجازت دی گئی ہے۔ واللہ اعلم

منزل القرآن حق سبحانہٗ تعالیٰ نے اپنے کلام کے سیکھنے اور سکھانے کو ایک مستقل عبادت قرار دیا ہے اور بزبان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جو اس کے فضائل اور برکات بیان فرمائے ہیں وہ غیر متناہی ہیں :-

عَنْ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ قَالَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ، وَفِیْ رِوَایَۃٍ عَنْہُ اِنَّ اَفْضَلَکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ : رواہ البخاری وغیرہ)	سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن کریم سیکھے اور سکھائے اور ایک روایت میں انہی سے منقول ہے کہ افضلیت تم میں سے اس شخص کو حاصل ہے جو قرآن کریم سیکھے اور سکھائے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حدیث میں وارد ہے کہ مفروضہ عبادات کے بعد قرآن پڑھنے سے اوپر کوئی درجہ عبادت نہیں ہے۔ پس قرأ کرام آیات قرآن کے بقدر ترقی کریں گے۔

مشائخ نے لکھا ہے کہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت کے درجات آیات قرآن کے برابر ہیں۔ لہٰذا جو شخص جتنی آیات کا ماہر ہوگا اتنے ہی درجے اوپر اس کا مقام ہوگا۔ اور جو شخص تمام قرآن کا ماہر ہوگا وہ سب سے اوپر کے درجہ پر فائز ہوگا

علامہ دانی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ اہل فن یعنی عدادین وحسابین کا اس پر اجماع ہے کہ قرآن کریم کی آیات چھ ہزار ہیں۔ لیکن اس کے بعد کی تعداد میں اختلاف ہے اور انہوں نے اتنے اقوال نقل کئے ہیں:۔

چھ ہزار دو سو چار (۶۲۰۴) چھ ہزار چھتیس (۶۰۳۶) چھ ہزار پچیس (۶۰۲۵) چھ ہزار انیس (۶۰۱۹) چھ ہزار چودہ (۶۰۱۴)

شرح احیاء میں لکھا ہے کہ ہر ایک آیت جنت میں ایک درجہ ہے۔ پس قاری قرآن سے کہا جائے گا کہ جنت کے درجات پر بقدر اپنی قرأت چڑھتا

Marfat.com

جا۔ جو شخص قرآن پورا کرے گا وہ جنت کے اعلیٰ درجہ پر پہنچے گا، اور جو شخص کچھ حصہ پڑھا ہوا ہوگا وہ اس کے برابر درجات پر پہنچے گا۔ پس منتہائے ترقی منتہائے قرآت ہوگی۔ (ملخصاً من فضائل القرآن)

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ، اِقْرَاْ وَارْقِ وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا، فَاِنَّ مَنْزِلَتَكَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰيَةٍ تَقْرَؤُهَا

رواہ احمد

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قیامت کے روز صاحب قرآن سے کہا جائے گا کہ قرآن پڑھتا جا اور جنت کے درجات پر چڑھتا جا۔ اور ترتیل سے پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ترتیل سے پڑھتا تھا۔ پس تیری منزل وہی ہے جہاں تو آخری آیت پر پہنچے۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ فَاقْرَءُوْهُ، فَاِنَّ مَثَلَ الْقُرْاٰنِ لِمَنْ تَعَلَّمَ فَقَرَاَ، وَقَامَ بِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا تَفُوْحُ رِيْحُهٗ كُلَّ مَكَانٍ، وَمَثَلُ مَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ قرآن کریم سیکھو، پھر اس کو پڑھتے رہا کرو۔ پس بلاشبہ قرآن کریم کی مثال اس شخص کی جس نے سیکھا اور اسے پڑھتا رہا اور اس کے ساتھ قیام اللیل

Marfat.com

تَعَلَّمَهٗ فَرَقَدَ وَهُوَ فِیْ جَوْفِهٖ كَمَثَلِ جِرَابٍ اُوْكِئَ عَلٰى مِسْكٍ

کرتا رہا، اس تھیلی کی سی ہے جو مشک سے بھری ہوئی ہو کہ اس کی خوشبو تمام مکان میں پھیلتی ہو۔ اور جس نے سیکھا اور پھر سو گیا دراں حالیکہ وہ اس کو یاد تھا اس کی مثال اس شخص کے لیے اس تھیلی کی سی ہے جو مشک سے بھری ہوئی ہو اور اس کا منہ بند کیا گیا ہو

عَنْ مُعَاذِنِ الْجُهَنِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ وَعَمِلَ بِمَا فِيْهِ اُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ضَوْءُهٗ اَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِی الدُّنْيَا لَوْ كَانَ فِيْكُمْ فَمَا ظَنُّكُمْ بِالَّذِیْ عَمِلَ بِهٰذَا؟

حضرت معاذ جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص نے قرآن کریم پڑھا اور اس پر عمل کیا، اس کے والدین کو قیامت کے روز ایک ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی آفتاب کی روشنی سے بھی زیادہ ہو گی اگر وہ تمہارے گھر میں ہو۔ پس کیا گمان ہے تمہارا اس شخص کے بارے میں جو خود اس کا عامل ہو۔

حاکم نے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص قرآن کریم پڑھے اور اس پر عمل کرے ــــ ایک

Marfat.com

تاج پہنایا جائے گا جو نور سے بنا ہوگا ـــــ اور اس کے والدین کو دو جوڑے ایسے پہنائے جائیں گے کہ تمام دنیا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی ـــــ وہ عرض کریں گے کہ یا اللہ یہ جوڑے کس عمل کے صلہ میں ہیں ـــــ ارشاد ہوگا کہ تیرے بچے کے قرآن پڑھنے کے عوض میں ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِيْ لَيْسَ فِيْ جَوْفِهٖ شَيْءٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص کے قلب میں قرآن کریم کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں ہے وہ بمنزلہ ویران گھر کے ہے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بیت خرب وہی ہے جس میں تلاوت قرآن نہ ہوتی ہو۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جس گھر میں شب و روز اور صبح و شام قرآن کریم پڑھا جاتا ہو اس کے اہل و عیال کثیر ہو جاتے ہیں اس میں خیر و برکت بڑھ جاتی ہے، اس میں ملائکہ نازل ہوتے ہیں اور شیاطین اس گھر سے نکل جاتے ہیں۔

اور جس گھر میں قرآن نہیں پڑھا جاتا اس میں تنگی ہوتی ہے۔ بے برکتی ہوتی ہے، ملائکہ اس گھر سے چلے جاتے ہیں اور شیاطین اس میں گھس آتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اپنے بچے کو ناظرہ قرآن کریم سکھلا دے اس کے اگلے پچھلے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اور جو شخص حفظ کرائے اس کو قیامت میں چودھویں رات کے چاند کے مشابہ اٹھایا جائے گا، اور اس کے بچے سے کہا جاوے گا کہ پڑھ جب بچہ ایک آیت پڑھے گا باپ کا ایک درجہ بلند کیا جائے گا۔ یہاں تک کہ تمام قرآن کریم پورا ہو اور باپ کے بلندیٔ درجات کی انتہا ہو۔

اَلْاِنْسَانُ مُرَكَّبٌ مِّنَ الْخَطَاِ وَالنِّسْيَانُ۔ انسان غلطی کا پتلا ہے اس سے بھول چوک اور لغزشیں ہوتی رہتی ہیں اپنی غفلت و جہالت کی وجہ سے طرح طرح کے گناہوں کا ارتکاب کرتا رہتا ہے۔ حتیٰ کہ بسا اوقات صغائر سے گذر کر کبائر کا مرتکب ہو جاتا ہے اور جہنم کی سزا اس کا مقدر بن جاتی ہے۔

جہنم کے دخول اور اس کی ہولناک اور سنگین سزا سے محفوظ رہنے کے لیے حفظِ قرآن سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیئے کہ وہ قرآنِ کریم حفظ کرے، نہیں کر سکتا تو عزیز و اقارب کو حفظ کرائے، نہ ہو تو کسی مسلمان بچے کو حافظ بنا دے، نہ میسّر ہو تو ان مدارس کے ساتھ دامے، درمے سخنے تعاون کرے۔ جو حفظِ قرآن کے لیے قائم کئے گئے ہیں کہ ان کے طفیل یہ بھی اپنی بد اعمالیوں کی سزا اور دخولِ جہنم سے محفوظ رہے گا۔

عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ۔۔۔ الْقُرْاٰنَ

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جس شخص نے

Marfat.com

فَاسْتَظْهَرَهٗ فَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ دَخَلَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَشَفَّعَهٗ فِیْ عَشَرَةٍ اَهْلِ بَیْتِهٖ كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ۔ (رواہ احمد والترمذی)

قرآن کریم پڑھا۔ پھر اسے حفظ کیا۔ اور اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانا حق سبحانہٗ تعالیٰ اس کو (ابتداءً ہی) جنت میں داخل فرمادیں گے۔ اور اس کے گھرانے میں سے ایسے دس آدمیوں کے حق میں اس کی شفاعت قبول فرماویں گے جن کے لیے جہنم کی سزا بوجہ فسق و فجور واجب ہوچکی ہوگی۔

وَقَالَ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ وَحَفِظَهٗ اَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ (رواہ ابن ماجہ)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے قرآن سیکھا اور اسے حفظ کیا اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمادیں گے۔

علامہ ولی الشاطبی رحمہ اللہ حامل قرآن کے بارہ میں فرماتے ہیں ؎

وَجِئْتُ الْفَتٰی یَرْتَاعُ فِیْ ظُلُمَاتِهٖ
مِنَ الْقَبْرِ یَلْقَاهُ سَنًا مُتَهَلِّلَا

اور جس جگہ جوان (حامل قرآن) اپنے اعمال قبیحہ کی وجہ سے پیدا ہونے والے اندھیروں میں گھبرائے گا جو اسے قبر میں پیش آئیں گے تو وہاں پر قرآن روشن ہو کر لبیک اور خوش آمدید کہتا ہوا اسے ملے گا۔

Marfat.com

هُنَالِكَ بِهَنِيْهِ مَقِيْلاً وَّرَوْضَةً
وَمِنْ اَجْلِهٖ فِيْ ذِرْوَةِ الْعِزِّ يُجْتَلا

وہاں وہ قبر اس کو قیلولہ گاہ اور باغ معلوم ہوگی اور قرآن کریم کی وجہ سے وہ عزت کے بلند مقام میں جھانک کر دیکھا جائے گا۔

يُنَاشِدُ فِيْ اِرْضَائِهٖ لِحَبِيْبِهٖ
وَاَجْدِرْ بِهٖ سُؤْلاً اِلَيْهِ مُوَصَّلاً

وہ قرآن اپنے حامل دوست کے لیے اللہ تعالیٰ کے راضی کرنے میں مبالغہ کرے گا اور بار بار سوال کرے گا تا آنکہ اسے بخشوا دے گا۔ اور کس قدر عجیب ہے وہ باعتبار سوال کے کہ مسئول اس کی طرف پہنچا ہوا ہوگا۔

هَنِيْئًا مَّرِيْئًا وَّالِدَاكَ عَلَيْهِمَا
مَلاَبِسُ اَنْوَارٍ مِّنَ التَّاجِ وَالْحُلا

خوش و خرم رہ تو اے قاری اس لئے کہ تیرے والدین پر انوار کے لباس یعنی شرف و کرامت کے تاج اور زیور ہوں گے۔

فَمَا ظَنُّكُمْ بِالنَّجْلِ عِنْدَ جَزَائِهٖ
اُولٰئِكَ اَهْلُ اللّٰهِ وَالصَّفْوَةُ الْمَلا

پس اے مخاطب اور اے لوگو تمہارا کیا گمان ہے اس بچے کی جزاء خیر کے وقت (جس کے والدین کا یہ اعزاز و اکرام ہے) خلاصہ اور مختصر یہ کہ یہ قرآء اہل اللہ، پسندیدہ خلائق اور اشراف امت ہیں۔

Marfat.com

أُولُو الْبِرِّ وَالْإِحْسَانِ وَالصَّبْرِ وَالتُّقٰى
حُلَاهُمْ بِهَا جَاءَ الْقُرْاٰنُ مُفَصَّلًا

وہ اصحابِ اطاعت، احسان و متابعت اور صبر و تقویٰ ہیں۔ یہ ان کی صفاتِ حمیدہ ہیں جن کے ساتھ قرآن آیا ہے مفصّل و مزیّن۔

إِنَّ الْقُرْاٰنَ مَادُبَةُ اللّٰهِ فَتَعَلَّمُوا مَادُبَتَهُ
مَا اسْتَطَعْتُمْ

Marfat.com

مَسُّ الْقُرْآنُ

س : مَسِ قرآن کا کیا حکم ہے ؟

ج : مَسِ قرآن یعنی قرآن کریم کو چھونا، ہاتھ لگانا اور چومنا طہارت کاملہ کے ساتھ باوضو ہونا چاہیئے بغیر طہارتِ کاملہ اور بے وضو چومنا. چھونا اور ہاتھ لگانا ممنوع اور ناجائز ہے. البتہ بے وضو تلاوت جائز اور مباح ہے.

تَوْضِیحُ الْجَوَابِ :- جاننا چاہیئے کہ قرآن کریم کلام اللہ ہے اور کلام اللہ کو دیگر کلاموں پر ایسی ہی فضیلت ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ کو مخلوقات پر اس لئے قرآنِ کریم کا احترام اور ادب لازم اور ضروری ہے.

کلام اللہ کا ادنیٰ ادب یہ ہے کہ اس کو مس کرتے وقت طہارت کاملہ یعنی حدثِ اکبر اور حدثِ اصغر سے پاک ہونا چاہیئے اور بے طہارتِ کاملہ اور بے وضو چومنا، چھونا اور ہاتھ لگانا ممنوع اور ناجائز ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں.

اِنَّہٗ لَقُرْاٰنٌ کَرِیْمٌ فِیْ کِتٰبٍ مَّکْنُوْنٍ لَّا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝	بے شک یہ قرآن ہے عزت والا. لکھا ہوا ہے ایک پوشیدہ کتاب میں اس کو وہی چھوتے ہیں جو پاک بنائے گئے ہیں. اتارا ہوا ہے پروردگار عالم کی طرف سے.
اَلْحَنَفِیَّةُ. قَالُوْا لَا یَمَسُّہٗ	حنفیہ کہتے ہیں کہ نہیں مس کرتے

Marfat.com

اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ) اَیْ مِنَ الْجَنَابَۃِ	اس قرآن کو مگر پاک لوگ، یعنی جنابت
وَالْحَدَثِ اَیْ مِنَ الْحَدَثِ الْاَکْبَرِ	اور حدث سے یعنی حدث اکبر اور حدث
وَالْحَدَثِ الْاَصْغَرِ:	اصغر سے۔
وَقَالُوْا، وَلَفْظُ الْاٰیَۃِ	اور کہتے ہیں کہ لفظ آیت خبر
خَبَرٌ وَّمَعْنَاھَا الطَّلَبُ۔	ہے اور معنی اس کا طلب۔
وَقَالُوْا۔ وَالْمُرَادُ بِالْقُرْاٰنِ	اور کہتے ہیں کہ قرآن سے مراد یہاں
ھٰھُنَا الْمُصْحَفُ: وَقَالَ	پر مصحف ہے اور دوسرے حضرات
اٰخَرُوْنَ (لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا	کہتے ہیں کہ نہیں مس کرتے اس قرآن
الْمُطَہَّرُوْنَ) اَیْ لَا یَمَسُّہٗ	کو مگر پاک یعنی نہیں مس کرتے اس کو مگر
عِنْدَ اللّٰہِ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ:	اللہ کے ہاں پاک فرشتے۔
وَاَمَّا فِی الدُّنْیَا فَاِنَّہٗ	اور لیکن دنیا میں، پس مس کرتا
یَمَسُّہُ الْمَجُوْسِیُّ النَّجِسُ وَ	ہے اس کو نجس مجوسی اور غلیظ منافق
الْمُنَافِقُ الرِّجْسُ	

ایک اور حدیث میں وارد ہے:۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ بَکْرِ	اور عبداللہ بن ابی بکر بن محمد
بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ	بن عمرو بن حزم اپنے باپ اپنے دادا
عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ اَنَّ النَّبِیَّ	سے نقل کرتے ہیں کہ بلاشبہ نبی کریم صلی
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَتَبَ	اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کی طرف ایک
اِلٰی اَھْلِ الْیَمَنِ کِتَابًا فِیْہِ	مراسلہ بھیجا جس میں مکتوب تھا، کہ قرآن

Marfat.com

لَا يَمَسُّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا طَاهِرٌ)	کو مس نہ کرے مگر پاک۔
(النسائی، والدارقطنی والبیہقی)	
قَالَ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ: اَنَّهٗ اَشْبَهُ بِالتَّوَاتُرِ لِتَلَقِّی النَّاسِ لَهٗ بِالْقُبُوْلِ.	ابن عبدالبر اس حدیث کے بارہ میں فرماتے ہیں کہ بوجہ با لینے لوگوں کے قبولیت کے ساتھ یہ حدیث اشبہ بالتواتر ہے۔
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَمَسُّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا طَاهِرٌ) ذَکَرَهٗ الْهَیْثَمِیُّ فِیْ مَجْمَعِ الزَّوَائِدِ. وَقَالَ رِجَالُهٗ مُوْثِقُوْنَ)	اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ "قرآن کو مس نہ کرے مگر پاک") اس کو ہیثمی نے مجمع الزوائد میں ذکر کیا ہے اور کہا کہ (اس کے رجال موثق ہیں)۔
فَالْحَدِیْثُ یَدُلُّ عَلٰی اَنَّهٗ لَا یَجُوْزُ مَسُّ الْمُصْحَفِ اَیِ الْقُرْاٰنِ اِلَّا لِمَنْ کَانَ طَاهِرًا	پس حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یقیناً مس مصحف یعنی قرآن جائز نہیں ہے مگر اس شخص کے لئے جو طاہر ہو۔
وَلٰکِنَّ (الطَّاهِرُ) لَفْظٌ مُشْتَرَکٌ یُطْلَقُ عَلَی الطَّاهِرِ مِنَ الْحَدَثِ الْاَکْبَرِ وَالطَّاهِرِ	لیکن "طاہر" ایک لفظ مشترک ہے جس کا اطلاق طاہر از حدث اکبر و اصغر دونوں پر کیا جاتا ہے نیز اَلْمُؤْمِنُ اور ہر

Marfat.com

مِنَ الْحَدَثِ الْاَصْغَرِ، وَيُطْلَقُ عَلَى الْمُؤْمِنِ. وَعَلٰى مَنْ لَيْسَ عَلٰى بَدَنِهٖ نَجَاسَةٌ

اس شخص کو بھی کہا جاتا ہے جس کے بدن پر نجاست نہ ہو۔

وَلَابُدَّ لِحَمْلِهٖ عَلٰى مُعَيَّنٍ مِّنْ قَرِيْنَةٍ فَلَا يَكُوْنُ الْحَدِيْثُ نَصًّا فِيْ مَنْعِ الْمُحْدِثِ حَدَثًا اَصْغَرَ مِنْ مَسِّ الْمُصْحَفِ

اور ضروری ہے حمل حدیث کے لئے کوئی معین قرینہ۔ پس حدیث نص نہیں ہوگی محدث اصغر سے محدث کے منع کرنے میں مس مصحف سے۔

وَاَمَّا قَوْلُ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ: (لَا يَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ) فَالظَّاهِرُ رُجُوْعُ الضَّمِيْرِ اِلَى الْكِتَابِ الْمَكْنُوْنِ وَهُوَ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ. لِاَنَّهُ الْاَقْرَبُ وَالْمُطَهَّرُوْنَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى: (فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ، مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ. بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ، كِرَامٍ بَرَرَةٍ) وَلِذَا ذَهَبَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَالشَّعْبِيُّ وَالضَّحَّاكُ وَزَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ وَالْمُؤَيَّدُ بِاللّٰهِ وَدَاوُدُ وَابْنُ حَزْمٍ وَحَمَّادُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمَانَ اِلٰى

اور اللہ سبحانہ کا قول ہے: لَا يَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ: پس ظاہر ہے کہ رجوع ضمیر کی کِتَابِ مَکْنُوْن کی طرف ہے اور وہ ہے لوح محفوظ۔ اس لئے کہ وہی اقرب ہے اور المطہرون سے مراد ملئکہ ہیں، پس وہ ایسا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول: (وہ ایسے صحیفوں میں ہے جو مکرم ہیں۔ رفیع المکان ہیں مقدس ہیں جو ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں کہ وہ مکرم نیک ہیں، اور اسی واسطے ابن عباس اور شعبی اور ضحاک اور زید بن علی اور المؤید

Marfat.com

اَنَّہٗ یَجُوْزُ لِلْمُحْدِثِ حَدَثًا اَصْغَرَ مَسُّ الْمُصْحَفِ	باللہ اور داؤد اور ابن حزم اور حماد بن ابی سلیمان اس طرف گئے ہیں کہ بے شک حدث اصغر سے محدث کے لئے مسّ المصحف جائز ہے۔

Marfat.com

اَلْاِکْثَارُ فِیْ تِلَاوَۃِ الْقُرْآنِ

س : اکثار فی تلاوۃ القرآن کا کیا حکم ہے؟

ج : اکثار فی تلاوۃ القرآن یعنی کثرت تلاوت قرآن مستحب ہے مستحسن ہے اور باعث خوشنودی منزلِ قرآن۔ اور ذریعۂ دخولِ جنت اور بلندیٔ درجات ہے!

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ تلاوۃ قرآن کریم افضل الاعمال اور احسن الاذکار ہے اور غذاءِ قلوب مختلف الافکار ہے

ذِکْرُ اللّٰہِ لِلْقُلُوْبِ قُوْتٌ ∴ اِذَا انْتَفٰی فَاِنَّہَا تَمُوْتُ

ذکرالٰہی قلوب کے لئے روحانی غذا ہے ∴ جب یہ غذا نہ ہو تو قلوب مردہ ہوتے ہیں

اکثار یعنی کثرتِ تلاوۃ کے بارے میں آیاتِ متعددہ اور احادیث کثیرہ وارد ہیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :-

۱ : یَتْلُوْنَ اٰیَاتِ اللّٰہِ اٰنَآءَ اللَّیْلِ وَھُمْ یَسْجُدُوْنَ ۝ اٰل عمرٰن — وہ پڑھتے ہیں اللہ کی آیتیں راتوں کے وقت اور وہ سجدے کرتے ہیں۔

۲ : اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْہُوْدًا ۝ بنی اسرائیل آیہ — بلاشبہ فجر کا قرآن پڑھنا روبرو ہوتا ہے اُن فرشتوں کے جو لیل و نہار یعنی صبح و شام مجتمع ہوتے ہیں۔

۳ : اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ کِتٰبَ اللّٰہِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ — بلاشبہ جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں اور قائم کرتے ہیں نماز، اور خرچ کرتے

بقیہ

Marfat.com

اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ فاطر آیہ

ہیں کچھ ہمارا دیا ہوا خفیہ اور علانیہ امیدوار ہیں ایک ایسے بیوپار کے جس میں ٹوٹا نہ ہو۔ تاکہ پورا دے ان کو ثواب ان کا اور زیادہ دے اپنے فضل سے بے شک وہ ہے بخشنے والا قدردان۔

۴: اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝

اللہ نے اتاری بہتر بات کتاب۔ آپس میں ملتی دوہرائی ہوئی بال کھڑے ہوتے ہیں اس سے کھال پر ان لوگوں کے جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے۔ پھر نرم ہوتی ہیں ان کی کھالیں اور ان کے دل اللہ کی یاد پر۔ یہ ہے راہ دینا اللہ کا اس طرح راہ دیتا ہے جس کو چاہے۔ اور جس کو راہ بھلائے اللہ اس کو کوئی نہیں سجھانے والا۔

اور حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

: اِقْرَأُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهٗ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شَفِيْعًا لِّاَصْحَابِهٖ (رواہ مسلم)

قرآن کریم پڑھا کرو۔ پس بلاشبہ وہ قیامت کے روز اپنے اصحاب یعنی اپنے پڑھنے والوں کیلئے شفیع بن کر آئے گا۔

Marfat.com

۲ : اَفْضَلُ عِبَادَتِ اُمَّتِیْ قِرَاءَۃُ الْقُرْاٰنِ : بیہقی

میری امت کی بہترین عبادت قرآءۃ قرآنی ہے۔

۳ : یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی مَنْ شَغَلَہٗ قِرَاءَۃُ الْقُرْاٰنِ عَنْ دُعَآءِیْ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلَ ثَوَابَ الشَّاکِرِیْنَ

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو قرآن کریم کی تلاوت نے مشغول رکھا میری دعا سے، میں اس شخص کو شکر کرنے والوں سے زیادہ بہتر دوں گا

۴ : اِقْرَأُوا الْقُرْاٰنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَیْہِ قُلُوْبُکُمْ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُوْمُوْا عَنْہُ۔

(بخاری)

قرآن کریم پڑھا کرو، تا وقتیکہ تمہارا دل اس سے مانوس ہو اور جب دل نہ ملنے تو اس سے اٹھ کھڑے ہو جاؤ یعنی تلاوت موقوف کردو۔

۵ : اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ تَعَالٰی فَاِنَّہٗ رَاْسُ کُلِّ شَیْءٍ۔ وَعَلَیْکَ بِالْجِہَادِ فَاِنَّہٗ رَہْبَانِیَّۃُ الْاِسْلَامِ وَعَلَیْکَ بِذِکْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ فَاِنَّہٗ رَوْحُکَ فِی السَّمَآءِ وَذِکْرُکَ فِی الْاَرْضِ

(احمد)

میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو۔ پس بے شک وہ ہر چیز کی بنیاد ہے۔ اور اپنے اوپر جہاد لازم رکھو پس بلاشبہ وہ اسلام کی رہبانیت ہے اور اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کا ذکر اور تلاوتِ قرآن لازم رکھو۔ پس یقیناً وہ آسمان میں تیرے لئے راحت ہے اور زمین میں تیرا ذکر ہے۔

علامہ نووی رحمہ اللہ اپنی کتاب : اَلْاَذْکَار : میں فرماتے ہیں کہ کثرت تلاوت

Marfat.com

باختلافِ اشخاص مختلف ہوتی ہے۔ پس مختار یہ ہے کہ اگر کسی شخص کو فکرِ دقیق سے لطائف و معارف ظاہر ہوتے ہوں تو اسے چاہیئے کہ فقط اس قدر تلاوت کرے جس سے: مَا فِيْهِ: کا مفہوم حاصل ہو جائے۔

اسی طرح وہ شخص جو نشرِ علومِ دینیہ میں مصروف ہو یا دیگر مہماتِ دین۔ امورِ مملکت اور مصالح عامہ میں منہمک ہو اور رفاہ عامہ کے کاموں میں مشغول ہو۔ تو وہ اقتصارِ تلاوت کرے تاکہ امورِ مذکورہ میں خلل واقع نہ ہو۔ ہاں اگر وہ شخص ان مذکورین میں سے نہ ہو تو پھر جس قدر ممکن ہو اکثار فی التلاوۃ ہی بہتر ہے مگر نہ اس قدر کہ حد ملول کو پہنچے یا ہذرمہ فی القراءۃ واقع ہو جائے کیونکہ اس سے ممانعت آئی ہے۔

نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْھَذْرَمَۃِ بِالْقُرْاٰنِ وَالْھَذْرَمَۃُ التَّعْجِیْلُ بِتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ

Marfat.com

اِسۡتِمَاعُ الۡقُرۡاٰنِ

س :۔ استماع القرآن کا کیا حکم ہے ؟

ج :۔ استماع قرآن یعنی قرآن کریم پڑھوا کر سننا مستحب اور مسنون ہے !

تَوۡضِیۡحُ الۡجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ استماعِ قرآن یعنی قرآن کریم دوسرے سے پڑھوا کر سننا مستحسن اور مسنون ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام سے پڑھوا کر قرآن کریم سنا کرتے تھے !

عَنۡ عَبۡدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡهُ قَالَ: قَالَ لِیۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ: اِقۡرَأۡ عَلَیَّ، قُلۡتُ: اٰقۡرَأُ عَلَیۡكَ وَعَلَیۡكَ اُنۡزِلَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ؟ قَالَ اِنِّیۡ اَشۡتَهِیۡ اَنۡ اَسۡمَعَهٗ مِنۡ غَیۡرِیۡ. قَالَ: فَقَرَأۡتُ النِّسَآءَ حَتّٰی اِذَا بَلَغۡتُ "فَكَیۡفَ اِذَا جِئۡنَا مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِیۡدٍ وَّجِئۡنَا بِكَ عَلٰی هٰٓؤُلَآءِ شَهِیۡدًا."

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مامور فرمایا کہ مجھے قرآن کریم پڑھکر سناؤ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ کو پڑھکر سناؤں حالانکہ آپ پر نازل کیا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ اس کو دوسرے سے سنوں۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے سورۂ نسا پڑھی، یہاں تک کہ میں جب اس آیت پر پہونچا۔ پس اس وقت بھی کیا حال ہوگا جب کہ ہم ہر ہر امت میں سے ایک

Marfat.com

ایک گواہ حاضر کریں گے اور آپ کو بھی ان لوگوں پر گواہی دینے کے لئے حاضر لادیں گے۔

قَالَ: كُفَّ اَوْ اَمْسِكْ فَرَاَيْتُ عَيْنَيْهِ تَذْرِفَانِ (رَوَاهُ الشَّيْخَان)

آپ نے فرمایا کہ خاموش، یا یہ فرمایا کہ رُک جاؤ پس میں نے دیکھا کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو بہ رہے ہیں۔

وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاُبَيِّ ابْنِ كَعْبٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَاَ عَلَيْكَ: لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا:
قَالَ: وَسَمَّانِيْ لَكَ؟
قَالَ: نَعَمْ قَالَ فَبَكٰى
(رواہ مسلم والترمذی)

اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی ابن کعب کو فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم کیا ہے کہ میں تجھکو سورہ لَمْ یَکُن پڑھ کر سنادوں۔
حضرت ابی ابن کعبؓ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے میرا نام لے کر فرمایا ہے؟
آپ نے فرمایا ہاں نام لے کر ہی فرمایا ہے راوی کہتے ہیں ابی ابن کعب رو دیئے۔

بَكٰى اُبَيُّ ابْنُ كَعْبٍ لَمَّا عَلِمَ اَنَّ اللّٰهَ ذَكَرَ اسْمَهٗ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَفِيْهِ اسْتِحْبَابُ اِسْتِمَاعِ الْقُرْاٰنِ مِنْ

ابی ابن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب یہ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے میرا نام لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سننے کے لئے فرمایا ہے تو آپ زار و قطار روئے

Marfat.com

اَهْلِهِ الْمُتَّقِنِيْنَ لَهٗ

پس اس میں ماہرین قرآن سے استماع قرآن کا استحباب معلوم ہوتا ہے۔

وَعَلَى السَّامِعِ الْخُشُوْعُ وَالْاِنْصَاتُ وَالتَّفَكُّرُ فِيْ مَعَانِيْهِ وَالْاِتِّعَاظُ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْحِكَمِ وَالْمَوَاعِظِ وَذِكْرِ الْمَاضِيِّيْنَ وَاَيَّامِ اللّٰهِ مَعَهُمْ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔

اور سامع قرآن پر خشوع وخضوع اور انصات وسکوت اور اس کے معانی میں تفکر وتدبر بلیغ لازم ہے اور جو اس میں حکم ومواعظ ہیں اور امم ماضیہ کے حالات وواقعات ہو گزرے ہیں اور ان کے ساتھ جو اللہ تعالیٰ کا معاملہ اور برتاؤ گذرا ہے اس سے عبرت ونصیحت حاصل کرنا ہے۔ بوجہ قول اللہ تعالیٰ کے "اور جب قرآن پڑھا جائے تو تم اس کو سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم ہو"

قرآن کریم کا جیسا کہ پڑھنا افضل الاعمال ہے ایسا ہی اس کا سننا بھی احسن الاعمال ہے اور مجلس قرآن میں موجود ہونا گویا ایسا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی مجلس میں موجود ہونا ہے اور اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونا اور اس سے مناجات کرنا ہے۔

وَبِالْاِجْمَالِ. اَلْجَالِسُ فِيْ مَجْلِسِ الْقُرْاٰنِ كَاَنَّهٗ فِيْ مَجْلِسِ اللّٰهِ يُحَاكِيْهِ وَيُنَاجِيْهِ ۔ نَسْاَلُ اللّٰهَ التَّوْفِيْقَ وَالْهِدَايَةَ

اٰمِيْنْ

Marfat.com

خَتْمُ الْقُرْآنِ

س : ختم القرآن کیسے اور کتنی دیر میں کرنا چاہیئے ؟

ج : قرآن کریم ختم کرنے کا طریقہ مشہور و معروف ہے وہ یہ ہے کہ جب قرآن کریم کی تلاوت پوری ہو جائے تو معوذتین کے بعد یعنی آخری سورت پڑھ کر بلا وقفہ اور متصل ہی سورت فاتحہ اور پانچ آیات سورت بقرہ کی "هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" تک پڑھنا چاہیئے۔ یہ طریقہ مسنون اور مستحب ہے اور اس خاص طریقہ کو "الحال المرتحل" کہتے ہیں اور حتی الامکان کم از کم تین دن یا سات دن میں اور زیادہ سے زیادہ چالیس دن میں قرآن ختم کرنا احب اور افضل ہے !

تَوضِيْد الْجَوَابُ :۔ جاننا چاہیئے کہ ختم قرآن کے وقت معوذتین کے بعد بلا وقفہ اور متصل سورۃ الفاتحہ کا اور سورۃ البقرہ کی آیات خمسہ (هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ) تک کا الحاق مسنون اور احب و افضل ہے اس لئے کہ عند الکوفیین : الٓمّٓ : مستقل آیت ہے اور عند غیر الکوفیین جزء آیت ہے اور ختم کرنے کے اس طریقہ خاص کو احادیث میں اَلْحَآلُّ الْمُرْتَحِلُ : کہا گیا ہے جو بین القراء والعلماء مشہور و معروف ہے اور امت کا معمول بہ ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ	حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ
تَعَالٰی عَنْهُمَا قَالَ : قَالَ رَجُلٌ :	عنہما سے روایت ہے فرمایا کہ ایک
یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ الْعَمَلِ اَحَبُّ	شخص نے سوال کیا کہ یا رسول اللہ کونسا

Marfat.com

أَحَبُّ إِلَى اللهِ ؟	عمل اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے ؟
قَالَ الْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ !	فرمایا کہ اَلْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ
قَالَ وَمَا الْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ ؟	فرمایا کہ : اَلْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ کیا ہے ؟
قَالَ : الَّذِي يَضْرِبُ مِنْ أَوَّلِ الْقُرْآنِ إِلَى آخِرِهِ كُلَّمَا حَلَّ ارْتَحَلَ	فرمایا وہ شخص جو کہ [illegible] قرآن سے آخر قرآن تک جب وہ [illegible] پہنچتا ہے [illegible] چل پڑتا ہے یعنی [illegible] بھی قرآن پورا پڑھ لیتا ہے [illegible] ہے اول کی [illegible] [illegible]

ابن اثیر نے اپنی کتاب نہایہ میں اس [illegible] کو اس طرح نقل کیا ہے

سُئِلَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ ؟	سوال کیا گیا یا رسول اللہ [illegible]
فَقَالَ الْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ : قِيلَ وَمَا ذَاكَ ؟	[illegible] عمل افضل ہے ؟ فرمایا : اَلْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ : سوال کیا گیا وہ کیا ہے ؟
قَالَ : الْخَاتِمُ الْمُفْتَتِحُ . وَ هُوَ الَّذِي يَخْتِمُ الْقُرْآنَ بِتِلَاوَتِهِ ثُمَّ يَفْتَتِحُ التِّلَاوَةَ مِنْ أَوَّلِهِ	فرمایا : ختم کرنے والا ، شروع کرنے والا اور وہ وہ شخص ہے جو اپنی تلاوت سے قرآن کریم ختم کرتا ہے ، پھر اس کے اول سے تلاوت کی افتتاح کرتا ہے .
ثُمَّ يَخْتِمُ الْقُرْآنَ بِتِلَاوَتِهِ	پھر اپنی تلاوت سے قرآن ختم کرتا ہے

Marfat.com

ثُمَّ يَفْتَتِحُ التِّلَاوَةَ مِنْ أَوَّلِهٖ شَبَّهَهٗ بِالْمُسَافِرِ يَبْلُغُ الْمَنْزِلَ فَيَحِلُّ فِيْهِ: ثُمَّ يَفْتَتِحُ سَيْرَهٗ اَیْ يَبْتَدِئُهٗ

پھر اس کے اول سے قراءۃ کا افتتاح کرتا ہے تشبیہ دی ہے اسے اس مسافر سے جو منزل پر پہنچا ہے اور پھر سفر کا افتتاح کرتا ہے یعنی سفر کی ابتدا کرتا ہے تو اس اور پھر سفر کا افتتاح وابتدا کرتا ہے۔

وَكَذٰلِكَ قُرَّآءُ مَكَّةَ إِذَا خَتَمُوا الْقُرْآنَ بِالتِّلَاوَةِ ابْتَدَءُوْا وَقَرَءُوا الْفَاتِحَةَ وَخَمْسَ اٰيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ إِلٰى: وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ: ثُمَّ يَقْطَعُوْنَ الْقِرَاءَةَ وَيُسَمُّوْنَهٗ فَاعِلَ ذٰلِكَ: اَلْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ: اَیْ خَتَمَ الْقُرْآنَ بِتِلَاوَتِهٖ وَابْتَدَأَ بِأَوَّلِهٖ: وَلَمْ يَفْصِلْ بَيْنَهُمَا بِزَمَانٍ.

اور اسی طرح قراء مکہ جب قرآن کی تلاوت کر کے ختم کرتے تھے تو ابتدا کرتے تھے اور الفاتحہ اور پانچ آیات اول سورۃ بقرہ کی: وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ: تک پڑھتے تھے۔ پھر قراءۃ قطع کرتے تھے اور اس کے عامل کو اَلْحَالُّ الْمُرْتَحِلُ کے نام سے موسوم کرتے تھے یعنی جو شخص قرآن کو اپنی تلاوت سے ختم کرتا اور ابتدا اس کے اول سے کرتا اور وقفہ نہ کرتا ان دونوں میں کسی قدر بھی۔

قرآن کریم کتنی دیر میں ختم کیا جائے؟ سو اس بارے میں اقوال متعدد ہیں

وَيُسْتَحَبُّ خَتْمُ الْقُرْآنِ فِیْ كُلِّ اُسْبُوْعٍ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِقْرَإِ الْقُرْآنَ فِیْ كُلِّ سَبْعٍ وَلَا تَزِدْ (رواه ابوداؤد)

اور مستحب یہ ہے کہ ہر ہفتہ میں ایک قرآن ختم کیا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر سات دن میں پورا قرآن پڑھ اور اس پر

Marfat.com

زیادتی ذکر

وَرَوَى الطَّبَرَانِيُّ بِسَنَدٍ جَيِّدٍ سُئِلَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَزِّئُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ كَانَ يُجَزِّئُهُ ثَلَاثًا وَخَمْسًا:

اور طبرانی نے بسند جید روایت کیا ہے کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے اجزاء کیسے بنایا کرتے تھے؟ فرمایا کہ تین اور پانچ یعنی تین یا پانچ یوم میں ختم کیا کرتے تھے

وَكَرِهَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِّنَ السَّلَفِ قِرَاءَةَ الْقُرْآنِ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ لِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ لَمْ يَفْقَهْهُ.

اور سلف صالحین میں سے اکثر نے تین یوم سے کم میں قراءۃ قرآن مکروہ جانا ہے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے تین دن سے کم میں قرآن پڑھا اس نے اسے سمجھا نہیں۔

اکثر محققین کا قول ہے کہ قرآن کریم تین یا سات یوم میں ختم کرنا چاہئے جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے۔ مگر تلاوت قرآن کے ضعف و قوت اور تدبر وغفلت پر موقوف ہے کیونکہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ لَيْلَةً وَّاحِدَةً میں ختم کیا کرتے تھے جو ان کے نشاط اور قوت پر دلالت کرتا ہے اور اکثر علماء کرام سے دن رات میں دو دو تین تین مرتبہ ختم کرنا بھی ثابت ہے۔

Marfat.com

امام مالک رحمہ اللہ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو ہر رات قرآن کریم ختم کیا کرتا تھا فرمایا:۔

مَا اَحْسَنَ ذٰلِكَ ! یہ کیا ہی خوب ہے اس لئے

اِنَّ الْقُرْاٰنَ اِمَامُ كُلِّ خَيْرٍ کہ قرآن ہر بھلائی کا امام ہے اور منبع۔

ختم قرآن کریم میں جیسا کہ عجلت مکروہ ہے ایسا ہی تاخیر بھی غیر پسندیدہ ہے یعنی چالیس یوم سے زیادہ تاخیر مکروہ ہے۔ امام فقیہ ابو اللیث اپنی کتاب: البستان میں فرماتے ہیں کہ قاری کو چاہیئے کہ اگر زیادہ پر قدرت نہیں تو کم از کم سال میں دو مرتبہ ختم کیا کرے اور حسن بن زیاد نے امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے جس نے ہر سال میں دو دفعہ قرآن کریم ختم کیا تو اس نے قرآن کا حق ادا کر دیا۔ اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سال جس میں آپ کا وصال ہوا جبرئیل امین علیہ السلام کے ساتھ دو مرتبہ دور کر کے ختم کیا ہے:۔

ختم قرآن میں چالیس یوم سے زیادہ تاخیر عند اللہ مکروہ ہے اس لئے کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا:۔

فِي كَمْ نَخْتِمُ الْقُرْاٰنَ ؟ ہم کتنی دیر میں ختم کیا کریں فرمایا

قَالَ: فِي اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا (ابوداؤد) چالیس دنوں میں:۔

وَاَخْرَجَ الشَّيْخَانِ عَنْ اور شیخین نے عبد اللہ بن عمرو رضی

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے: کہ

لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

وَسَلَّمَ: اِقْرَاِ الْقُرْاٰنَ فِيْ شَهْرٍ کہ قرآن ایک ماہ میں پڑھا کر۔

Marfat.com

قُلْتُ اِنِّیْٓ اَجِدُ قُوَّةً؟ قَالَ: اِقْرَأْهُ فِیْ عَشْرٍ، قُلْتُ اِنِّیْٓ اَجِدُ قُوَّةً؟ قَالَ: اِقْرَأْهُ فِیْ سَبْعٍ وَلَا تَزِدْ عَلٰی ذٰلِكَ ۔

میں نے عرض کیا کہ مجھ میں زیادہ قوت ہو تو؟ فرمایا: اسے دس یوم میں پڑھ؟ میں نے عرض کیا کہ اگر مجھ میں زیادہ قوت ہو تو؟ فرمایا اسے سات یوم میں پڑھ اور اس پر زیادتی نہ کر۔

ابوالولید الباجی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانا کہ وہ سات یا تین یوم میں ختم کیا کریں یہ اس بات کا احتمال رکھتا ہے کہ یہ فی الجملہ افضل ہے یا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں افضل ہے۔

ابن المبارک فرماتے ہیں کہ موسم سرما میں: اول اللیل: اور موسم گرما میں اول النہار ختم کرنا سنت ہے اور بعض سلف صالحین کا قول ہے کہ جب کوئی شخص: اول النہار ختم کرتا ہے تو ملائکہ اس پر درود وسلام پڑھتے ہیں حتیٰ کہ شام ہو جاتی ہے اور جب اول اللیل ختم کرتا ہے تو ملائکہ اس پر درود وسلام پڑھتے ہیں تا آنکہ صبح ہو جاتی ہے۔

بہرحال ختم قرآن کریم سات یوم میں ہو۔ خواہ پانچ یوم میں، تین یوم میں ہو۔ خواہ یوماً فیوماً ہو اور نشاء میں ہو۔ خواہ صیف میں۔ اول النہار ہو خواہ اول اللیل بعد از ختم قرآن خارج عن الصلوٰۃ دعا ضرور مانگنی چاہیے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد از ختم قرآن کریم دعا مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ وَاجْعَلْهُ لِیْٓ اِمَامًا وَّ نُوْرًا وَّ هُدًی وَّرَحْمَةً ۝ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِیْ مِنْهُ مَا نَسِیْتُ، وَعَلِّمْنِیْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ اللَّیْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِیْ حُجَّةً یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

Marfat.com

دُعاءُ خَتمِ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ، وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ، وَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ، وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ، وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ، وَتُبْ عَلَيْنَآ يَا مَوْلٰنَآ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الرَّحِيْمُ، وَاهْدِنَا وَوَفِّقْنَآ اِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ بِبَرَكَةِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ، وَبِحُرْمَةِ مَنْ اَرْسَلَهٗ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ، وَاعْفُ عَنَّا يَا كَرِيْمُ، وَاعْفُ عَنَّا يَا كَرِيْمُ، وَاعْفُ عَنَّا يَا رَحِيْمُ، وَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ.

اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْقُرْاٰنِ، وَاَكْرِمْنَا بِكَرَامَةِ الْقُرْاٰنِ، وَشَرِّفْنَا بِشَرَافَةِ الْقُرْاٰنِ، وَاَلْبِسْنَا بِخِلْعَةِ الْقُرْاٰنِ. وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ الْقُرْاٰنِ، وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ بِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ، وَارْحَمْ جَمِيْعَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ يَارَحِيْمُ يَارَحْمٰنُ.

اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ لَنَا فِي الدُّنْيَا قَرِيْنًا، وَفِيْ

Marfat.com

الْقَبْرِ مُونِسًا، وَفِي الْقِيٰمَةِ شَفِيعًا، وَعَلَى الصِّرَاطِ نُورًا، وَإِلَى الْجَنَّةِ رَفِيقًا، وَمِنَ النَّارِ سِتْرًا وَّحِجَابًا، وَإِلَى الْخَيْرَاتِ كُلِّهَا دَلِيلًا وَّ إِمَامًا بِفَضْلِكَ وَجُودِكَ وَكَرَمِكَ يَا كَرِيمُ۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا بِهِدَايَةِ الْقُرْاٰنِ، وَنَجِّنَا مِنَ النِّيرَانِ بِكَرَامَةِ الْقُرْاٰنِ، وَارْفَعْ دَرَجَاتِنَا بِفَضِيلَةِ الْقُرْاٰنِ، وَكَفِّرْعَنَّا سَيِّاٰتِنَا بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ يَاذَا الْفَضْلِ وَالْإِحْسَانِ، وَالْمَنِّ وَالْإِكْرَامِ۔

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قُلُوبَنَا، وَاسْتُرْ عُيُوبَنَا، وَاشْفِ مَرْضَانَا، وَاقْضِ دُيُونَنَا، وَبَيِّضْ وُجُوهَنَا، وَارْفَعْ دَرَجَاتِنَا، وَارْحَمْ اٰبَائَنَا، وَاغْفِرْ اُمَّهَاتِنَا، وَاَصْلِحْ دِينَنَا وَدُنْيَانَا، وَشَتِّتْ شَمْلَ اَعْدَائِنَا، وَاحْفَظْ اَهْلَنَا وَ اَمْوَالَنَا، وَبِلَادَنَا مِنْ جَمِيعِ الْاٰفَاتِ وَالْاَمْرَاضِ وَالْبَلَايَا، وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ بِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيمِ۔

اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ ثَوَابَ مَا قَرَاْنَاهُ وَنُوْرَ مَا تَلَوْنَاهُ إِلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ وَإِلَى اَرْوَاحِ جَمِيعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِينَ، صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِينَ، وَإِلَى اَرْوَاحِ اٰلِهِمْ

Marfat.com

وَاَوْلَادِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَاَصْحَابِهِمْ وَاَتْبَاعِهِمْ، وَجَمِيْعِ ذُرِّيَّاتِهِمْ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ۔

وَاِلٰى اَرْوَاحِ اٰبَآئِنَا وَاَجْدَادِنَا، وَاُمَّهَاتِنَا، وَجَدَّاتِنَا وَاَعْمَامِنَا وَعَمَّاتِنَا، وَاَخْوَالِنَا وَخَالَاتِنَا، وَاِخْوَانِنَا وَاَخَوَاتِنَا، وَاَوْلَادِنَا وَاَقْرِبَآئِنَا، وَاَحِبَّآئِنَا وَاَصْدِقَآئِنَا، وَاُسْتَاذِنَا وَاُسْتَاذِ اُسْتَاذِنَا، وَمَشَآئِخِنَا، وَلِمَنْ كَانَ لَهٗ حَقٌّ عَلَيْنَا، وَلِجِيْرَانِنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ، اَلْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ، يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ، اَسْتَجِبْ دُعَآئَنَا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ خَرِّبْ دِيَارَ حُسَّادِنَا، وَشَتِّتْ شُمُوْلَ اَعْدَآئِنَا، بِجَلَالَتِ الْقُرْاٰنِ۔ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ، وَزَيِّنْ اَخْلَاقَنَا بِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ، وَحَسِّنْ اَعْمَالَنَا بِذِكْرِ الْقُرْاٰنِ، وَبَيِّضْ وُجُوْهَنَا بِبَرَكَةِ الْقُرْاٰنِ، وَنَوِّرْ اَبْدَانَنَا بِنُوْرِ الْقُرْاٰنِ، وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ بِكَرَامَةِ الْقُرْاٰنِ، وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ الْقُرْاٰنِ۔

Marfat.com

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ اُمُوْرَنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا اُمُوْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِالْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ، وَحَصِّلْ مَقَاصِدَنَا وَاقْضِ جَمِيْعَ حَاجَاتِنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ، وَاشْفِ جَمِيْعَ اَمْرَاضِنَا، وَاَسْقَامِنَا بِبَرَكَةِ الْقُرْاٰنِ، وَتَمِّمْ اٰجَالَنَا وَاٰمَالَنَا بِحُرْمَةِ كَلَامِكَ الْقَدِيْمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ بِعَدَدِ مَا فِيْ جَمِيْعِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ. وَاٰخِرُ دَعْوَانَآ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. اٰمِيْنَ، اٰمِيْنَ، اٰمِيْنَ. يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

Marfat.com

نسیانُ القرآنِ

س : نسیانِ قرآن کا کیا حکم ہے ؟

ج : نسیانِ قرآن یعنی قرآن کریم کا بھول جانا گناہ کبیرہ ہے جس پر بہت بڑی وعید آئی ہے !

توضیحُ الجواب : جاننا چاہیئے کہ قرآن کا پڑھنا اور حفظ کرنا آسان اور حافظ قرآن ہونا بہت بڑی دولت ہے لیکن حفاظتِ حفظِ قرآن بڑا ہی مشکل ، یاد کیا ہوا قرآن ذرا سی غفلت کی وجہ سے بھول جاتا ہے اور بے خبری کے عالم میں دل و دماغ سے نکل کر نسیاً منسیا ہو جاتا ہے اور حافظ قرآن ایک نعمت عظمیٰ سے محروم رہ جاتا ہے نتیجۃً اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے اور وہ راہِ حق سے بھٹک جاتا ہے ۔

نِسْیَانُ ذِکْرِ اللّٰہِ مَوْتُ قُلُوْبِہِمْ ٭ وَاَجْسَامُہُمْ قَبْلَ الْقُبُوْرِ قُبُوْرُ

اللہ کے ذکر سے غافل ہونا ان کے دلوں کی موت ہے اور ان کے جسم زمین والی قبروں سے پہلے ان کے مردہ دلوں کی قبریں ہیں ۔

وَاَرْوَاحُہُمْ فِیْ وَحْشَۃٍ مِّنْ جُسُوْمِہِمْ ٭ وَلَیْسَ لَہُمْ حَتَّی النُّشُوْرِ نُشُوْرُ

اور ان کی روحیں سخت وحشت میں ہیں ان کے جسموں سے ۔ اور ان کے لئے حشر سے پہلے زندگی نہیں ہے ۔

نسیان قرآن کے اسباب مختلف ہوتے ہیں کبھی تو کسی عارضہ دماغی کی

Marfat.com

دوسرے دفعہ بھول جاتا ہے اور کبھی ضعف و نقاہت کی وجہ سے بتدریج اور کبھی غفلت اور عدم تکرار و تلاوت کی وجہ سے بھول جاتا ہے۔

پس اگر کسی عارضہ کی وجہ سے بھول گیا ہے تو معذور ہے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا: اور اگر عدم تکرار و تلاوت اور غفلت و بے توجہی سے بھول گیا ہے تو گناہ عظیم ہے اور اسی پر مواخذہ ہوگا۔

نسیان قرآن کی نسبت اپنی طرف کرنا اور یہ کہنا کہ میں بھول گیا ہوں کلام اللہ کی بے ادبی ہے

وَلَا يَنْبَغِي لِمَنْ نَسِيَ شَيْئًا مِنَ الْقُرْاٰنِ اَنْ يَقُوْلَ نَسِيْتُ كَذَا وَكَذَا، فَاِنَّ النِّسْيَانَ هُوَ التَّرْكُ. وَلَا يَلِيْقُ هٰذَا بِالْقُرْاٰنِ وَلِاَنَّهٗ بِتَقْدِيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَلَا يَنْسِبُهٗ لِنَفْسِهٖ بَلِ الْاَدَبُ اَنْ يَقُوْلَ اُنْسِيْتُ كَذَا وَكَذَا۔

پس نہیں چاہیے اس شخص کے لئے جو قرآن سے کچھ بھول گیا ہو کہ وہ یوں کہے کہ میں یہ اور یہ بھول گیا ہوں کیونکہ بھولنا بلاشبہ ترک کرنا ہے اور یہ لائق بہ قرآن نہیں۔ اور اس لئے کہ اس کا بھولنا بہ تقدیر الٰہی ہے۔ پس وہ بھولنے کی نسبت اپنی طرف نہ کرے۔ ادب یہ ہے کہ یوں کہے کہ مجھ سے بھلا دیا گیا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِئْسَمَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بات بہت بری ہے

Marfat.com

بئس ما لاحدهم أن يقول نسيت آية كيت وكيت بل هو نسي واستذكروا القرآن فلهو أشد تفصيا من صدور الرجال من النعم

نسی گئی ہے۔ ایسے کہ وہ یہ کہے کہ میں فلاں فلاں آیت بھول گیا ہوں بلکہ انہیں یہ کہنا چاہیے کہ وہ مجھ سے بھلا دی گئی فرمایا کہ قرآن کریم کو خوب یاد رکھو اور اس کو پڑھا کرو۔ پس البتہ وہ لوگوں کے سینوں سے نکل جانے میں چوپایوں سے زیادہ تیز اور سریع الفرار ہے۔

قرآن کریم بھول جانے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں تاکید اور قسمیہ تنبیہ فرمائی ہے:

عن أبي موسى رضي الله تعالى عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال تعاهدوا القرآن فوالذي نفسي بيده لهو أشد تفصيا من الإبل في عقلها.

ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن کریم کی نگہداشت رکھو۔ پس قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے البتہ وہ فرار ہونے میں عقل میں باندھے ہوئے اونٹ سے زیادہ تیز ہے۔

ایک اور حدیث میں قرآن کریم کے فرار ہونے اور نکل جانے کی مثال دیتے ہوئے فرمایا ہے:

عن ابن عمر رضي الله

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انما مثل صاحب القرآن کمثل صاحب الابل المعقلۃ ان عاھد علیھا امسکھا وان اطلقھا ذھبت (رواہ الشیخان)

... سے ... رسول اللہ ... علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بلاشبہ صاحب قرآن کی مثال اس شتربان کی طرح ہے کہ جس اونٹنی کو باندھ رکھا ہو اگر وہ اسے باندھے رکھے تو وہ رکی رہے اور اگر وہ اسے چھوڑ دے تو بھاگ چلی جائے

امام نووی رحمہ اللہ نے ابوداؤد کی ایک حدیث نقل کی ہے۔

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال عرضت علی ذنوب امتی فلم ار ذنبا اعظم من سورۃ من القرآن او آیۃ اوتیھا رجل ثم نسیھا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت کے گناہ مجھ پر پیش کیے گئے تو میں نے اس سے بڑھ کر کوئی گناہ نہیں دیکھا کہ کسی شخص نے قرآن کریم کی کوئی سورۃ یا کوئی آیت یاد کی ہو پھر اس کو بھلا دیا گیا ہو۔

ابوداؤد کی ایک اور حدیث ہے جس کو صاحب التاج ابانی نے نقل کیا ہے۔

عن سعد ابن عبادۃ ... ما من امرئ یقرأ القرآن

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہیں ...

Marfat.com

ثُمَّ يَنْسَاهُ إِلَّا لَقِيَ اللهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَجْذَمُ .

ہے نہیں ہے کوئی آدمی جس نے قرآن پڑھا ہو، پھر اُسے بھول گیا ہو مگر یہ کہ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کو ملے گا اس حال میں کہ وہ مجذوم ہو گا. یعنی مقطوع الید بالمرض الجذام ہو گا

اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:-

مَنْ جَعَلَهُ خَلْفَ ظَهْرِهِ سَاقَهُ إِلَى النَّارِ .

جس نے قرآن کریم کو پس پشت ڈال دیا وہ اسے جہنم میں کھینچ کر لے جائے گا.

پناہ بخدا کس قدر خوفناک منظر ہو گا کہ جب قرآن غافلین عن القرآن کو کھینچتا ہوا جہنم کی طرف لے جائے گا اور داد رسی کرنے والا کوئی نہیں ملے گا.

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ سَاقِ الْقُرْآنِ اِلَى النَّارِ.

اس گئے گذرے زمانہ میں بھی جب کہ دینی امور کی بجاآوری میں غفلت اور تساہل بڑھتا جا رہا ہے اور عامل بالدین کو معاشرہ میں کوئی مقام حاصل نہیں قرآن کریم کا معجزہ ہی ہے کہ اللہ کے بعض ایسے خوش نصیب بندے اب بھی موجود ہیں جو اپنی اولاد کو قرآن کریم حفظ کرا رہے ہیں اور روز عاقبت سنوارنے کیلئے توشہ آخرت تیار کر رہے ہیں.

لیکن کس قدر بدقسمتی ہے کہ والدین کی بے پناہ قربانی اور اساتذہ کی

Marfat.com

اور اساتذہ کی بے انتہاء محنت، اور شب و روز کی بے پناہ جدوجہد سے جو بچے قرآن کریم حفظ کر لیتے ہیں وہ اپنی بے پرواہی کی وجہ سے اس کی قدر نہیں کرتے، وہ جب دوسرے کاموں میں مشغول ہو جاتے ہیں، تو قرآن کریم کو پس پشت ڈال دیتے ہیں اور یاد کیا ہوا قرآن بھول جاتے ہیں۔ اور اس طرح شیطان لعین اپنے دیرینہ منصوبہ میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ اس نے خداوند قدوس کو مخاطب کر کے کہا تھا کہ: فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ۔ پس تیری عزت کی قسم تیرے فرماں بردار بندوں کے سوا سب کو اغواء کر جاؤں گا

عامۃ المسلمین کے قلوب میں حفظِ قرآن کا شوق روزِ اول ہی سے موجزن ہے، ممالک اسلامیہ اور غیر اسلامیہ میں بھی بحمدہٖ تعالیٰ مدارس مذہبیہ اور مساجد میں، حتیٰ کہ گھروں میں بھی بچوں اور بچیوں کو قرآن کریم حفظ کرایا جا رہا ہے اور سال بہ سال ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں کی تعداد میں [illegible] اپنے سینوں میں محفوظ کر لیتے [illegible] زندگی۔

راقم السطور [illegible] زمانہ میں [illegible] یعنی ایک محتاط اندازے کے مطابق [illegible] طلباء اور طالبات کو قرآن کریم [illegible] مگر افسوس [illegible] افسوس کہ بعض حفظ کرنے کے بعد [illegible] امور میں اس قدر منہمک ہو گئے [illegible] انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ انہوں نے حفظ کیا تھا یا نہیں۔ اَللّٰهُمَّ اهْدِهِمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ وَنَفِّعْنَا بِالْقُرْآنِ الْعَظِيْمِ۔

Marfat.com

"تلاوت سے بز سجدہ"

کہتے ہیں.

علماء امت کا

آیت پر ایک خصوص

پر احادیث کثیرہ وا

اختلاف ہے، امام

محمد کبیر الدین رازی

Marfat.com

یعنی امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ اس کی سُنّیّت کے قائل ہیں اور دلائل ہر ایک کے کتب فقہ میں موجود ہیں فانظرُوا ہُنَاکَ

آیاتِ سجدہ میں موجبِ سجدہ خاص لفظ سجدہ کی قرآت یا سماعت ہوتی ہے۔ پس تالیِ آیت پر خواہ وہ اپنی آواز سنے یا نہ سنے اور سامع آیت پر خواہ مرید سماعت ہو یا نہ ہو، وہ داخل فی الصلوٰۃ ہوں یا خارج عن الصلوٰۃ، صلوٰۃ مفروضہ میں ہوں یا غیر مفروضہ میں عند الحنفیہ ایک سجدۂ منفردہ واجب ہو جاتا ہے جس کو شریعت کی اصطلاح میں "سجدۃ التلاوۃ" کہتے ہیں اور جس کا ادا کرنا فی الفور لازم ہوتا ہے

سجدۃ التلاوۃ عند الائمہ مشروع اور عند الحنفیہ واجب ہے اس لئے کہ صحیحین میں وارد ہے:۔

اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا قَالَ: کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ فَیَقْرَأُ السُّوْرَۃَ فِیْھَا سَجْدَۃٌ فَیَسْجُدُ وَنَسْجُدُ مَعَہٗ حَتّٰی مَا یَجِدُ بَعْضُنَا مَوْضِعًا لِمَکَانِ جَبْہَتِہٖ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کریم پڑھا کرتے تھے۔ پس جب وہ سورۃ پڑھتے تھے جس میں آیت سجدہ ہوتی تھی تو آپ سجدۂ تلاوت فرمایا کرتے اور ہم بھی آپ کے ساتھ ہی سجدہ کیا کرتے تھے یہاں تک کہ ہمارے بعض کو کثرت ہجوم کی وجہ سے پیشانی رکھنے کے لئے جگہ نہیں ملتی تھی۔

Marfat.com

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا

(رَوَاهُ البخاری ومسلم)

حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے اس شخص کو دیکھا کہ وہ قتل کیا گیا اس حال میں کہ وہ کافر تھا۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ:۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَرَأَ ابْنُ آدَمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَ اعْتَزَلَ الشَّيْطٰنُ يَبْكِيْ يَقُوْلُ: يَا وَيْلَهُ أُمِرَ ابْنُ آدَمَ بِالسُّجُوْدِ فَسَجَدَ فَلَهُ الْجَنَّةُ وَأُمِرْتُ بِالسُّجُوْدِ فَعَصَيْتُ فَلِيَ النَّارُ۔

رواہ مسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب ابن آدم آیت سجدہ پڑھ کر سجدہ کرلیتا ہے تو شیطان الگ ہٹ کر روتا ہے اور کہتا ہے۔ ہائے افسوس میری تباہی ابن آدم سجدہ کے لیے مامور ہوا تو اس نے سجدہ کیا سو اس کے لیے جنت جیسا انعام ہے اور میں سجدہ پر مامور ہوا تو میں نے انکار کیا لہٰذا میرے لئے دوزخ جیسا عذاب ہے۔

Marfat.com

شُرُوطُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ

س : سجدۂ تلاوت کی شرطیں کیا ہیں اور اس کے وجوب کی شرطیں کیا ہیں ؟

ج : سجدۂ تلاوت کی شرطیں وہی ہیں جو نماز کی شرطیں ہیں یعنی طہارت بدن، طہارت ثوب، طہارتِ مکان، سترِ عورت اور رُخِ قبلہ باقی تعین وقت اور تکبیر تحریمہ سجدۂ تلاوت کی شرطیں نہیں ہیں !

اور سجدۂ تلاوت کے وجوب کی شرطیں بھی وہی ہیں جو وجوب نماز کی شرطیں ہیں یعنی اسلام، بلوغ، عقل اور طہارت از حیض و نفاس۔ پس کافر نابالغ مجنون پر اور اسی طرح حائضہ و نفساء پر سجدۂ تلاوت واجب نہ ہوگا۔ برابر ہے کہ وہ تالی آیت ہوں یا سامع آیت ۔

تَوضِیحُ الجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ سجدۂ تلاوت کی صحت اور ادا کے لئے پانچ شرطیں ہیں (۱) طہارتِ بدن از حدثِ اصغر و اکبر (۲) طہارتِ ثوب (۳) طہارتِ مکان (۴) سترِ عورت (۵) استقبالِ قبلہ اور یہی شرط صحتِ نماز کی بھی ہیں۔ باقی تکبیر تحریمہ اور تعین وقت یہ اگرچہ شروط نماز میں سے ہیں لیکن شروط سجدۂ تلاوت نہیں ہیں۔

وجوب سجدۂ تلاوت کی شروط مثل نماز کے چار ہیں (۱) اسلام (۲) بلوغ (۳) عقل (۴) طہارت از حیض و نفاس ۔

لہٰذا کافر، صبی، مجنون پر اور اسی طرح حائضہ اور نفساء پر سجدۂ تلاوت واجب نہ ہوگا برابر ہے کہ وہ تالی آیت ہوں یا سامع آیت ۔

Marfat.com

کافر اور حائضہ و نفساء پر خود تو سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوتا اس لئے کہ وہ اس کے اہل نہیں ہیں لیکن ان کی تلاوت سے سامع پر سجدۂ واجب ہو جاتا ہے بشرطیکہ وہ اداءً یا قضاءً وجوب کے اہل ہوں۔ پس سکران اور جنب پر واجب ہو جاتا ہے اس لئے کہ وہ قضاءً وجوب کے اہل ہیں۔

لیکن اگر قاری یعنی تالی آیت سجدہ مجنون ہے تو اس کی تلاوت کی سماعت سے سجدہ واجب نہ ہوگا اور یہی حکم صبی غیر ممیز کا ہے۔ لِاَنَّ صِحَّةَ التِّلَاوَةِ بِشَرْطِ لَهَا التَّمِيْزُ۔

وَكَذَا اِذَا سَمِعَ اٰيَةَ السَّجْدَةِ مِنْ غَيْرِ اٰدَمِيٍّ كَاَنْ يَسْمَعُهَا مِنَ الْبَبْغَاءِ اَوْ مِنْ اٰلَةٍ حَاكِيَةٍ كَالْفُوْنُوْغَرَافْ وَتِيْبْ رِيْكَارْدَرْ، وَغَيْرِهَا

اور اسی طرح جب آیت سجدہ کی سماعت غیر آدمی یعنی غیر ذی عقل یا غیر ذی رُوح سے حاصل ہوئی ہو جیسا کہ ببغاء یعنی طوطا اور یا آلہ حاکیہ سے جیسے کہ فونوغراف یعنی گراموفون۔ ٹیپ ریکارڈر وغیرہ تو یہ سماع موجب سجدہ نہ ہوگا۔

لِعَدَمِ صِحَّةِ التِّلَاوَةِ بِفَقْدِ التَّمِيْزِ۔

Marfat.com

حُکمُ سَجدَۃِ التِّلاوَۃ

س : سجدۂ تلاوت کا کیا حکم ہے؟

ج : تلاوت قاری اور سامع دونوں پر واجب ہے، پس اگر وہ آیت سجدہ کے عقب میں سجدہ نہیں کریں گے تو گنہگار رہوں گے!

توضیحُ الجواب: جاننا چاہیئے کہ سجدۂ تلاوت عند الحنفیہ قاری اور سامع دونوں پر واجب ہے برابر ہے کہ قاری یعنی تالی اپنی آواز سنے یا نہ سنے اور سامع قصد سماعت کرے یا نہ کرے ہر حال میں ان پر سجدۂ منفردہ واجب ہے۔ لہٰذا اگر وہ عقب آیت پر سجدۂ تلاوت نہیں کریں گے تو گنہگار رہوں گے۔

وجوب سجدہ کبھی موسع ہوتا ہے جس میں تاخیر سجدہ کی مدت طویل ہوتی ہے اور کبھی مُضیَّق جس میں تاخیر سجدہ کی مدت قلیل ہوتی ہے... پس اگر موجب سجدہ کا حصول خارج عن الصّلوٰۃ ہے تو یہ وجوب موسع ہے اور تاخیر سجدہ جائز۔ اور جیسا کہ: کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ: میں ہے مدۃ العمر تاخیر سجدہ سے گناہ نہ ہوگا اگرچہ ادا کئے بغیر مرجائے لیکن تاخیر مکروہ تنزیہی ضرور ہے۔

اور اگر موجب سجدہ کا حصول داخل فی الصلوٰۃ ہے تو یہ وجوب مضیق ہے اور اس میں تعجیل سجدہ لازم۔ لہٰذا اس حالت میں سجدہ فی الفور مطلوب ہے اور فی الفور کی مدت مقدار یہ ہے کہ آیت سجدہ کی تلاوت اور ادا سجدۂ تلاوت میں انقطاع واقع نہ ہونے پائے یعنی دونوں کے مابین اس قدر وقت نہ گذرے جس میں تین آیتیں پڑھی جاسکیں

Marfat.com

پس اگر اس قدر وقت گذر گیا تو یہ فوریت باطل ہو جائے گی اور انقطاع واقع ہو جائے گا

آیت سجدہ کبھی وسط سورت میں ہوتی ہے اور کبھی آخر سورت میں۔ پس اگر

وسط سورت میں ہے تو مصلّی کے لئے افضل یہ ہے کہ عقب آیت پر سجدہ کرے اور پھر

قیام کر کے سورت ختم کرلے اور رکوع کرے۔ اور اگر مصلّی نے یہ سجدہ نہ کیا اور فوریت

مذکورہ کے انقطاع سے قبل ہی رکوع کیا اور رکوع میں سجدۂ تلاوت کی نیت کرلی تو یہ اس

کے لئے جائز اور کافی ہو جائے گا۔ جیسا کہ سجدۂ صلوٰۃ میں انقطاع فوری سے قبل کافی ہو

جاتا ہے۔

اور اگر سجدۂ صلوٰۃ میں سجدۂ تلاوت کی نیت نہ کی تو فوریت سابقہ کی انقطاع

واقع ہو جائے گی اور سجدۂ تلاوت ساقط نہ ہوگا لیکن اب نہ وہ رکوع میں ادا ہو سکے گا

اور نہ سجدۂ صلوٰۃ میں اور جب تک مصلّی داخل فی الصلوٰۃ ہے سجدۂ تلاوت کی قضاء

سجدۂ خاصہ سے واجب ہوگی۔

پس اگر مصلّی بغیر سلام کے صلوٰۃ سے خارج ہوا تو اب سجدۂ تلاوت کی قضاء بوجہ

فوت ہو جانے وقت کے واجب نہیں ہے۔ ہاں اگر خروج عن الصلوٰۃ بالسلام ہوا اور

بعد از سلام منافی صلوٰۃ فعل صادر نہ ہوا ہو تو عقب سلام قضاء سجدۂ تلاوت میں مضائقہ

نہیں ہے۔ ادا ہو جائے گا۔

امام کے لئے صلوٰۃ سری میں آیت سجدہ کی قراءۃ عند الحنفیہ مکروہ ہے لیکن صلوٰۃ

جہری میں جائز وَيَسْجُدُ مَتَىٰ قَرَأَهَا یعنی وہیں سجدہ کرے جہاں آیت ختم ہو۔

امام بخاری اور مسلم نے ابی رافع سے روایت کی ہے انہوں نے کہا ہے کہ:

صَلَّيْتُ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ — میں نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

صَلوٰۃَ الْعَتَمَۃِ اَوْقَالَ صَلوٰۃَ الْعِشَآءِ فَقَرَاَ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ فَسَجَدَ فِیْہَا فَقُلْتُ یَا اَبَا ھُرَیْرَۃَ مَاھٰذِہِ السَّجْدَۃُ ؟

کے ساتھ صلوٰۃ عتمہ پایہ کہ کہ صلوٰۃ عشاء پڑھی تو آپ نے (اذا السمآء انشقت) پڑھی اور اس میں سجدہ کیا، سو میں نے کہا کہ یا ابا ہریرہ یہ کونسا سجدہ ہے ؟

فَقَالَ سَجَدْتُّ فِیْہَا خَلْفَ اَبِی الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَا اَزَالُ اَسْجُدُھَا حَتّٰی اَلْقَاہُ

آپ نے فرمایا کہ میں نے ابی القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اس میں سجدہ کیا ہے پس میں ہمیشہ یہ سجدہ کیا کرتا ہوں جب اس کو پالیتا ہوں (یعنی پڑھ سن لیتا ہوں

سجدۃ التلاوۃ پوری آیت کی تلاوت سے واجب ہوتا ہے۔ پس اگر صرف لفظ موجب سجدہ پر تلفظ کیا گیا تو سجدۃ التلاوۃ واجب نہ ہوگا۔ اور اگر سجدۃ التلاوۃ سے احتراز کے پیشِ نظر آیت السّجدہ ترک کی گئی تو جائز نہ ہوگا اس لیے کہ احتراز عن السجدۃ گویا انکار عن السجدہ ہے ہاں اگر مجلس میں آیت سجدہ کی آواز خفی کی جائے تو مضائقہ نہیں۔

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

Marfat.com

اَسبَابُ سُجُودِ التِّلاوَة

س : سجودِ تلاوت کے اسباب کتنے ہیں ؟

ج : سجودِ تلاوت کے اسباب تین ہیں

(۱) تلاوتِ آیتِ سجدہ (۲) سماعتِ آیتِ سجدہ (۳) اقتدا بالامام۔

تَوضِیحُ الجَوَاب :۔ جاننا چاہیے کہ اسباب سجود التلاوۃ عند الحنفیہ تین امور ہیں۔

(۱) قِرَاءَۃُ آیۃِ السجدۃ : پس تالی آیتِ سجدہ پر سجدۂ تلاوت واجب ہوجاتا ہے اگرچہ وہ اپنی آواز نہ سنے جیسے : اَصم۔ برابر ہے کہ وہ خارج عن الصلوٰۃ ہو یا داخل فی الصلوٰۃ امام ہو خواہ منفرد۔

باقی رہا : مأموم، سو اس کی تلاوت سے سجدہ واجب نہیں ہوتا اس لئے وہ خلف الامام ممنوع القراءۃ ہے پس نہ اس کی تلاوت معتبر ہے اور نہ وہ موجب سجود التلاوۃ ہے۔

خطیب کیلئے جمعہ وعیدین میں برسر منبر آیتِ سجدہ کی تلاوت مکروہ ہے لیکن اگر کسی نے برسر منبر آیت سجدہ کی تلاوت کی تو اس پر اور جملہ سامعین پر سجدہ واجب ہوجاتا ہے لہٰذا خطیب کو چاہیئے کہ وہ منبر سے اتر کر سجدۃ التلاوۃ ادا کرے اور سامعین بھی سجدہ ادا کریں۔

امام کیلئے صلوٰۃ جمعہ وعیدین میں آیت سجدہ کی قراءۃ مکروہ نہیں بشرطیکہ سجدۃ التلاوۃ رکوع یا سجدۂ صلوٰۃ کے ضمن میں ادا کرے۔ بخلاف اس کے کہ تنہا سجدۃ التلاوۃ ادا

Marfat.com

کرے لِمَا فِیْہِ مِنَ التَّشْوِیْشِ عَلَی الْمُصَلِّیْن

۲ : سَمَاعُ اٰیَۃِ سَجْدَۃٍ مِنْ غَیْرِہٖ پس آیت سجدہ کی سماعت عن الغیر سے سجدۃ التلاوۃ واجب ہو جاتا ہے۔

یاد رہے کہ سامع کبھی مُصَلِّی ہوتا ہے اور کبھی غیر مُصَلِّی، اسی طرح مَسْمُوْعٌ مِّنْہُ بھی کبھی مصلّی ہوتا ہے اور کبھی غیر مصلّی. پس اگر سامع مصلّی ہے خواہ امام ہو یا منفرد اور تالیِ آیتِ سجدہ غیر مصلّی تو سامع پر ادائے سجدہ خارج عن الصّلوٰۃ واجب ہو گا اور اگر تالیِ آیت "مَأمُوْن" ہے تو امام پر ادائے سجدہ واجب نہیں ہے۔ اس لئے کہ مَأمُوْن کی قراءۃ خلف الامام کالعدم ہے اور اگر سامع "مامون" ہے اور تالیِ آیت غیر امام. تو اس کا حکم کا سابق ہے یعنی ادائے سجدہ خارج عن الصّلوٰۃ واجب ہو گا. ہاں اگر تالیِ آیت امام ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ اگر وہ مدرک للصلوٰۃ ہے تو تبعاً للامام سجدۃ التلاوۃ اس پر واجب ہے۔ دوم یہ کہ اگر وہ مسبوق ہے اور امام کو قبل از ادائے سجدۃ التلاوۃ پا لیا ہے تو تبعاً للامام سجدہ واجب ہے. اور اگر امام کو بعد از ادائے سجدۃ التلاوۃ اسی رکعت میں پا لیا ہے جس میں آیتِ سجدۃ پڑھی گئی ہے تو بعد از صلوٰۃ سجدۃ التلاوۃ ادا کرنا واجب ہو گا. لیکن اگر امام کو دوسری رکعت میں پا لیا ہے تَمَّ یَسْجُدُ اَصْلاً۔

۳ : اِقْتِدَاءٌ بِاِمَامٍ. پس اگر امام نے اٰیَۃُ السَّجْدَۃِ کی تلاوت کی تو مقتدی پر سجدۃ التلاوۃ واجب ہو جاتا ہے وَاِنْ لَمْ یَسْمَعْہَا.

Marfat.com

صِفَۃُ سُجْدَۃِ التِّلَاوَۃ

س : سجدۂ تلاوۃ کی تعریف اور طریقۂ ادا کیا ہے ؟

ج : سجدۂ تلاوت کی تعریف یہ ہے کہ انسان دو تکبیروں کے درمیان ایک سجدہ اس طرح کرے کہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ : کہتے ہوئے سجدہ میں گرے اور اللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے سجدہ سے اُٹھے، پس اس طرح ایک سجدہ کرنے کو سجدۃ التلاوۃ : کہتے ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ سجدۃ التلاوۃ کی تعریف و توصیف یہ ہے کہ تالی و سامع آیت سجدہ مسلمان، عاقل بالغ اور حیض و نفاس سے پاک عورت دو تکبیروں کے درمیان ایک سجدہ کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ بغیر تکبیر تحریمہ اور بغیر رفع یدین کے اَللّٰہُ اَکْبَرُ : کہتے ہوئے سجدہ میں جائے اور سجدہ میں تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی : پڑھے، اور پھر : اللّٰہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ سے سر اٹھائے نہ تشہد پڑھے، نہ سلام پھیرے پس اس طرح سجدہ کرنے کو : سَجْدَۃُ التِّلَاوَۃْ : کہتے ہیں

اور حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ :۔

کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُ عَلَیْنَا الْقُرْاٰنَ فَاِذَا مَرَّ بِالسَّجْدَۃِ کَبَّرَ وَسَجَدَ وَسَجَدْنَا. (رواہ ابوداؤد۔ والبیھقی والحاکم)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر قرآن کریم پڑھتے تھے، پس جب آپ آیت سجدہ پر گذرتے تھے تو تکبیر کہتے اور سجدہ کرتے تھے اور اسی طرح ہم بھی سجدہ کرتے تھے.

Marfat.com

اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ:

اِذَا قَرَأْتَ سَجْدَةً فَكَبِّرْ وَاسْجُدْ وَاِذَا رَفَعْتَ رَاْسَكَ فَكَبِّرْ۔ جب تو آیت سجدہ پڑھ چکے تو تکبیر کہہ اور سجدہ کر، اور جب سجدہ سے سر اٹھائے تو تکبیر کہہ لے۔

سجدۃ التلاوۃ میں: رکن، فقط ایک ہی ہے اور وہ ہے وَضْعُ الْجَبْهَةِ عَلَى الْاَرْضِ یعنی زمین پر پیشانی رکھنا۔ یا اس کا قائم مقام۔ یعنی اشارۃ مریض یا اشارۃ مسافر علی الدابہ اس لئے کہ سجدۂ تلاوت عند الحنفیہ رکوع سجود اور اشارہ کی صورت میں ادا ہو جاتا ہے باقی دو تکبیریں سو وہ مسنون ہیں۔ پس اگر وضع جبہہ علی الارض وقوع میں آگیا اور تکبیریں رہ گئیں تو سجدہ مع الکراہتہ ادا ہو جائے گا۔

سجدۃ التلاوۃ اگر بین الصلوٰۃ ہے تو سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى: تین بار پڑھنا سنت ہے اور اگر خارج عن الصلوٰۃ ہے تو جیسا کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے جو چاہے دعا پڑھے لیکن صحیح حدیث وہی ہے جو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے وہ فرماتی ہیں کہ۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ (رواہ الخمسۃ الا ابن ماجۃ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدۂ قرآن میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے (میری پیشانی نے اس ذات کیلئے سجدہ کیا ہے جس نے اس کو پیدا کیا ہے اور اس کے کان اور آنکھ اپنی حول وقوت سے کھول دیئے ہیں سو بڑی برکت والی ہے اللہ کی ذات جو بہترین خالق ہے۔

Marfat.com

وَفِی کِتَابِ الْفِقْهِ عَلَی الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَۃِ دَاوَیَقُوْلُ مَا یَشَآءُ مِمَّا وَرَدَ. نَحْوَ: اَللّٰھُمَّ اکْتُبْ لِیْ بِھَا عِنْدَکَ اَجْرًا وَضَعْ عَنِّیْ بِھَا وِزْرًا. وَاجْعَلْھَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَھَا مِنْ عَبْدِکَ دَاوٗدَ. عَلَیْہِ السَّلَامُ.

اور کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ میں ہے: یا جو چاہے دعا پڑھے ان دعاؤں میں سے جو احادیث میں وارد ہیں جیسے یا اللہ میرے لئے اس سجدہ کا اجر اپنے ہاں لکھدے اور اس کا بوجھ مجھ سے ہلکا کر دے اور اس کو میرے لئے اپنے ہاں ذخیرہ بنا لے اور میری طرف سے اسے قبول کر لے جیسا کہ تو نے اپنے بندے داؤد علیہ السلام سے قبول کیا تھا۔

اگر آیت سجدہ بیٹھ کر پڑھی جائے اور سجدۂ تلاوت بیٹھکر ادا کیا جائے تو کافی ہو جاتا ہے لیکن مستحب یہ ہے کھڑے ہو کر سجدہ میں گرے اور سجدہ سے اٹھ کر کھڑا ہو جائے۔ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْہِمْ اٰیٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُکِیًّا ۝

Marfat.com

تَدَاخُلُ السَّجَدَاتِ

س : تداخل سجدات کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : جب ایک مجلس میں ایک ہی آیت سجدہ بار بار پڑھی جائے اور اس طرح سجدۂ التلاوۃ کے کئی سجدے واجب ہو جائیں تو جائز ہے کہ یہ سجدے ایک ہی سجدہ کے ضمن میں ادا کیے جائیں، پس جب اس طرح کئی سجدے ایک ہی سجدہ کی صورت میں ادا کیے جائیں تو اسے "تَدَاخُلِ سَجَدَات" کہتے ہیں!

تَوضِیحُ الجَوَاب : جاننا چاہیے کہ چند اشیاء کو باہم دگر ملا کر شئی واحد کی صورت دے دی جائے تو اسے تداخل کہتے ہیں۔ پس اس ضابطہ کے تحت جب متعدد سجداتِ تلاوت باہم دگر ملا کر سجدۂ واحدہ کی صورت میں ادا کیے جائیں تو اسے "تَدَاخُلُ السُّجَدَات" کہتے ہیں۔

مختلف آیاتِ سجدات کے لیے علیحدہ علیحدہ ایک ایک سجدۂ التلاوۃ ادا کرنا واجب ہوتا ہے اور اس میں تداخل جائز نہیں ہوتا ... ہاں اگر ایک مجلس میں ایک ہی آیت سجدہ مرۃً بعد مرۃٍ پڑھی جائے تو اس صورت میں تداخل السجدات جائز ہے اور سجدۂ واحدہ ہی کافی ہو جاتا ہے ... لیکن اگر مجلس بدلتی گئی تو پھر ہر مجلس کیلئے ایک ایک سجدۂ التلاوۃ ادا کرنا لازم ہو گا اور تداخل جائز نہ ہو گا۔

مجلس سے مراد ایک مقام و محل ہے لہذا، ایک مسجد یا ایک مکان، ایک ہی مقام تصور کیا جاتا ہے خواہ وہ کتنا ہی وسیع ہو جیسے حرم شریف، مسجد نبوی، بادشاہی مسجد

Marfat.com

لاہور۔ جامع مسجد دہلی اور مسجد مہابت خان پشاور۔

پس ایک مقام میں چلتے پھرتے ایک ہی آیت سجدہ کرۃً بعد کرۃٍ پڑھی جائے تو اس صورت میں ایک ہی سجدۃ التلاوۃ تداخل کی صورت میں کافی ہو جاتا ہے۔

تداخل عند الحنفیہ ہر حال میں ہو جاتا ہے خواہ اولاً سجدہ کیا جائے یا آخراً لیکن عند غیر الحنفیہ تداخل تب جائز ہوتا ہے جب کہ آخراً سجدہ کیا جائے لتجدد الاسباب۔

اگر مجلس بدل گئی یا ایک ہی مجلس میں قطع تلاوت وقوع میں آگیا اور پھر تلاوۃ شروع کرکے وہی آیت سجدہ پڑھی گئی تو سجدۃ التلاوۃ واجب ہو جائے گا اور سجدہ منفردہ ادا کرنا لازم ہوگا۔

آیتِ سجدہ کی کتابت سے سجدۃ الکتابت واجب نہیں ہوتا۔ البتہ اگر لکھتے وقت تلفظ کیا جائے سراً ہو خواہ جہراً و علانیۃً تو سجدۃ التلاوۃ واجب ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

مَوَاضِعُ السُّجُوْدِ فِي الْقُرْاٰنِ

س : قرآن کریم میں مواضع سجود کتنے اور کونسے ہیں ؟

ج : قرآن کریم میں مواضع سجود کل پندرہ ہیں لیکن آئمہ ثلاثہ یعنی امام اعظم ابو حنیفہؒ امام شافعیؒ امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک چودہ ہیں اور امام مالکؒ کے نزدیک گیارہ ہیں !

توضیحُ الجواب :- جاننا چاہیئے کہ قرآن شریف میں مواضع سجود یعنی وہ آیات جن میں لفظ سجدہ کسی نہ کسی صیغہ سے وارد ہے اور اس کے تالی اور سامع سے سجدۃ التلاوۃ مطلوب ہے، پندرہ ہیں مگر بین الفقہاء بعض آیات کے آیت سجدہ ہونے میں اختلاف ہے۔

مذاہب ثلاثہ یعنی حنفیہ، شافعیہ، حنبلیہ میں آیات سجدہ چودہ ہیں کیونکہ عند الحنفیہ والمالکیہ سورۃ الحج کے آخر میں آیت سجدہ ان مواضع میں شمار نہیں کی جاتی جن میں سجدۃ التلاوۃ مطلوب ہے اور عند الشافعیہ والحنابلہ شمار کی جاتی ہے، عند الشافعیہ سورۃ صٓ میں آیت سجدہ ان مواضع میں شمار نہیں کی جاتی جن میں سجدۃ التلاوۃ مطلوب ہے اور عند الحنفیہ والحنابلہ والمالکیہ شمار کی جاتی ہے۔ اسی طرح عند المالکیہ آیات سُوَرِ ثلاثہ یعنی آیت النجم، آیۃ الانشقاق، آیۃ العلق آیاتِ سجدہ میں شمار نہیں کی جاتی۔

وَعِنْدَهُمُ الدَّلَائِلُ عَلٰى مَذْهَبِهِمْ

Marfat.com

الآيَاتُ الَّتِي فِيهَا سَجْدَةُ التِّلَاوَةِ

١ : إِنَّ الَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ
وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ ۝ (٢٠٦ — الأعراف)

٢ : وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا
وَظِلَالُهُم بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۝ (١٥ — الرعد)

٣ : وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِن دَابَّةٍ وَالْمَلَائِكَةُ
وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ يَخَافُونَ رَبَّهُم مِّن فَوْقِهِمْ
وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۝ (٥٠ — النحل)

٤ : قُلْ آمِنُوا بِهِ أَوْ لَا تُؤْمِنُوا إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مِن
قَبْلِهِ إِذَا يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا ۝ وَيَقُولُونَ
سُبْحَانَ رَبِّنَا إِن كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُولًا ۝ وَيَخِرُّونَ
لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ وَيَزِيدُهُمْ خُشُوعًا ۝ (١٠٩ الإسراء)

٥ : إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُ الرَّحْمَٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا ۝
(٥٨ - مريم)

٦ : أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ
وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ
وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَن

Marfat.com

يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۝

(۱۸۔ اَلْحَجُّ)

۷ : يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ
وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ عند الشافعية
والحنابلة (۷۷۔ اَلْحَجُّ)

۸ : وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ
اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۝ (۶۰۔ اَلْفُرْقَانُ)

۹ : اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (۲۶۔ اَلنَّمْلُ)

۱۰ : اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا
سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝
(۱۵۔ اَلسَّجْدَةُ)

۱۱ : وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّ
اَنَابَ ۝ (۲۴۔ صٓ)

۱۲ : وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا
لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ
اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ (۳۷۔ فُصِّلَتْ)

۱۳ : فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝ (۶۲۔ اَلنَّجْمُ)

Marfat.com

۱۴ : وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ (۲۱- الْاِنْشِقَاق)

۱۵ : وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (۱۹- الْعَلَق)

وَالسُّجُوْدُ يَكُوْنُ عِنْدَ اٰخِرِ كُلِّ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيَاتِهَا الْمُنَقَّلِّ مَنِهِ
بِالْاِتِّفَاقِ، اِلَّا عِنْدَ الْحَنَفِيَّةِ فِىْ بَعْضِ الْمَوَاضِعِ فَعِنْدَ هُمْ
الْاَوْلٰى اَنْ يَّسْجُدَ فِىْ سُوْرَةِ صٓ عند قوله وَحُسْنُ مَاٰبٍ"
وَفِىْ سُوْرَةِ فُصِّلَتْ عِنْدَ قَوْلِهٖ تعالٰى "وَهُمْ لَا يَسْئَمُوْنَ"

Marfat.com

مُوجِبَاتُ سَجْدَةِ التِّلَاوَةِ

۱	۲	۳	۴	۵	۶
اَلْعَدَدُ	اَلسُّوْرَةُ	اَلرُّکُوْعُ	مُوْجِبُ السَّجْدَةِ	مَوْضِعُ السَّجْدَةِ	رَقْمُ الْآيَةِ
۱	اَلْاَعْرَافُ	۲۴	يَسْجُدُوْنَ	يَسْجُدُوْنَ	۲۰۶
۲	اَلرَّعْدُ	۲	وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ	وَالْاٰصَالِ	۱۵
۳	اَلنَّحْلُ	۶	وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ	مَا يُؤْمَرُوْنَ	۵۰
۴	اَلْاِسْرَآءُ	۱۲	لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا	وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا	۱۰۹
۵	مَرْيَمُ	۴	خَرُّوْا سُجَّدًا	وَبُكِيًّا	۵۸
۶	اَلْحَجُّ	۲	يَسْجُدُ لَهٗ	مَا يَشَآءُ	۱۸
۷	اَلْحَجُّ عِنْدَ الشَّافِعِيَّةِ	۱۰	وَاسْجُدُوْا	تُفْلِحُوْنَ	۷۷
۸	اَلْفُرْقَانُ	۵	اُسْجُدُوْا	نُفُوْرًا	۶۰
۹	اَلنَّمْلُ	۲	اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ	رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	۲۶
۱۰	اَلسَّجْدَةُ فُصِّلَتْ	۲	خَرُّوْا سُجَّدًا	لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ	۱۵
۱۱	صٓ	۲	وَخَرَّ رَاكِعًا	وَحُسْنَ مَاٰبٍ	۲۴
۱۲	حٰمٓ السَّجْدَةُ	۵	وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ	لَا يَسْئَمُوْنَ	۳۸
۱۳	اَلنَّجْمُ	۳	فَاسْجُدُوْا	وَاعْبُدُوْا	۶۲

Marfat.com

۶	۵	۴	۳	۲	۱
پارہ	مَوْضِعُ السَّجْدَۃِ	مُوْجِبُ السَّجْدَۃِ	رُکوع	اَلسُّوْرَۃُ	نمبر
۲۱	یَسْجُدُوْنَ	یَسْجُدُوْنَ	۱	اَلْاِنْشِقَاقُ	۱۴
۱۹	وَاقْتَرِبْ	وَاسْجُدْ	۱	اَلْعَلَقُ	۱۵

Marfat.com

فَضَائِلُ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمُ

س :۔ فضائل قرآن کریم کیا ہیں ؟

ج :۔ فضائل قرآن کریم تو بے شمار ہیں اور اس بارے میں جو احادیث و آثار وارد ہیں وہ بھی لاتعداد اور لامتناہی ہیں — مگر یہ ایک حدیث جو فضیلتِ قرآن کی پوری حقیقت واضح کرتی ہے — اسے ہر وقت پیشِ نظر اور یاد رکھنا چاہیئے :۔

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِّنْ کِتَابِ اللّٰہِ فَلَہٗ بِہٖ حَسَنَۃٌ ، وَالْحَسَنَۃُ بِعَشْرِ اَمْثَالِھَا — لَآ اَقُوْلُ : الٓمّٓ : حَرْفٌ ، بَلْ اَلِفٌ حَرْفٌ ، وَلَامٌ حَرْفٌ ، وَمِیْمٌ حَرْفٌ ۔

رواہ الترمذی والدّارمی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے قرآن کریم کا ایک حرف پڑھا . تو اس کے بدلے اس کے عوض ایک نیکی ملتی ہے اور ایک نیکی کا اجر دس نیکیوں کے برابر ملتا ہے اور بطورِ وضاحت فرمایا کہ یہ نہیں کہتا یعنی میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ : الٓمّٓ : ایک ہی حرف ہے . بلکہ الف ایک حرف ہے ، لام ایک حرف ہے ، اور میم ایک حرف ہے ، سو اس طرح : الٓمّٓ : پڑھنے پر تیس نیکیاں ملتی ہیں ۔

Marfat.com

تَوْضِیحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ: فَضَائِلُ الْقُرْاٰنِ الْکَرِیْمِ : لاتعداد اور لامتناہی ہیں اور تلاوتِ قرآن کے حق میں جو احادیثِ نبویہ وارد ہیں وہ بھی کثیر التعداد ہیں ـــــ اللہ تعالیٰ ہماری جماعتِ قرآء، حفاظ اور عامۃ المسلمین والمسلمات کو قرآن کریم پڑھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور تلاوتِ قرآنِ کریم پر جو ثمرات مرتب ہوں ہم سب کو اس سے مالا مال فرمائے آمین ثم آمین. یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ.

مذکورۃ الصدر حدیث میں سید الاولین والآخرین امام الانبیاء والمرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین، رسول الصادق الامین صلی اللہ علیہ وسلم نے خاصۃ الامۃ اور عامۃ النّاس کو خوش خبری ہے کہ جو بندہ اخلاص نیّت کے ساتھ جملہ آداب واحترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے قرآن کریم کی تلاوت کرے گا تو حُروفِ تہجّی کے ہر حرف کے پڑھنے سے اُسے ایک "حسنہ" یعنی ایک نیکی ملے گی اور ایک "حسنہ" دس نیکیوں کے برابر ہو گی.

قرآن کریم کا پڑھنا اگر معنی اور مفہوم سمجھ کر ہو تو "نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ" ہے لیکن تالیٔ قرآن کریم اگر معنی نہ جانتا ہو اور وہ بے سمجھے پڑھتا ہو تو عند اللہ اجر و ثواب میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی ـــــ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے: الٓمّٓ : " جس کے معنی مخفی عن الناس ہیں" کو خاص طور پر ذکر فرما کر واضح کر دیا ہے کہ قرأتِ قرآن کا اجر و ثواب موقوف علی فہم المعنی نہیں ہے ـــــ اس لئے کہ: الٓمّٓ : اور دیگر حروفِ مقطعات بین اللہ وبین الرسول راز کی باتیں ہیں جو باتفاق علماء امّت : کو معلوم نہیں

Marfat.com

ہے اور حروف مقطعات کی قرآءت اور تلاوت بغیر مفہوم سمجھے ہی کی جاتی ہے ____ اور حدیث رسول صلی اللہ علیہ نے بصراحت بتلادیا کہ ان حروف کی تلاوت کرنے والوں کو ہر حرف پر دس نیکیوں کا اجر و ثواب ملتا ہے۔

اس حدیث کی بیہقی کی روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا میں یہ نہیں کہتا کہ: بسم : ایک حرف ہے، بلکہ: ب : ایک حرف ہے: س : ایک حرف ہے۔ اور: م : ایک حرف ہے۔

: بسم : کا مسندالیہ غیر مذکور ہو تو جار مجرور مل کر بھی مفید معنی نہیں ہوتا اور اس کا مفہوم سمجھ میں نہیں آتا ____ آپ نے اس کی مثال دیکر بھی واضح فرمادیا کہ تلاوت قرآن کا اجر و ثواب موقوف علی فہم المعانی نہیں ہے ____ پس : بِسۡمِ اللّٰهِ : میں : بِسۡمِ : پڑھنے پر بھی تیس نیکیاں ملتی ہیں۔ جیساکہ: اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ : میں : اَلَمۡ : پڑھنے پر علی حسب الکتابت تیس نیکیاں ملتی ہیں۔

الٓمّٓ : علی حسب الکتابت تین حروف پر مشتمل ہے، پس جب ہر حرف کے عوض دس نیکیاں ملتی ہیں تو اس کے پڑھنے پر تیس نیکیاں ملنے کا حسنی وعدہ ہے ____ لیکن یہ بلحاظِ مکتوب و مرسوم ہیں ____ اور بلحاظ ملفوظ یہ نو حروف پر مشتمل ہے کیونکہ یہاں مُسمّٰی نہیں بلکہ اسم پڑھا جاتا ہے اور اسم میں نو حرف ہیں، اس طرح کہ: اَلِف : میں تین حرف ہیں : لام : میں تین حرف ہیں اور : میم : میں تین حرف ____ تو کل نو حرف ہوئے، لہٰذا : الٓمّٓ : پڑھنے والے

Marfat.com

کونسے نیکیاں ملتی ہیں۔ احیاء العلوم۔

حُكِيَ عَنِ الْإِمَامِ أَحْمَدَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ أَنَّهُ رَأَى رَبَّهُ فِي الْمَنَامِ عِدَّةَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: وَاللهِ إِنْ رَأَيْتُهُ مَرَّةً أُخْرَى لَأَسْأَلَنَّهُ أَيُّ شَيْءٍ يَتَقَرَّبُ الْعَبْدُ إِلَى رَبِّهِ ـــ فَرَأَى رَبَّهُ جَلَّ شَانُهُ، فَقَالَ: يَارَبِّ بِأَيِّ شَيْءٍ يَتَقَرَّبُ الْعَبْدُ إِلَيْكَ، قَالَ: بِتِلَاوَةِ كَلَامِي يَا أَحْمَدُ، قَالَ: فَهِمَ الْمَعْنَى أَوْلَمْ يَفْهَمْ يَارَبِّ؟ قَالَ: فَهِمَ الْمَعْنَى أَوْلَمْ يَفْهَمْ

حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ آپ کو خواب میں کئی بار اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی زیارت ہوئی، پس آپ نے فرمایا کہ اللہ کی قسم اب کی بار اگر میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا، تو اُس سے ضرور دریافت کروں گا کہ کونسی چیز ہے جس سے بندہ اپنے رب کے قریب ہوتا ہے۔ پس جب آپ کو زیارت ہوئی، تو آپ نے عرض کیا: اے پروردگار کس چیز سے بندہ تیرا قرب حاصل کیا کرے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے احمد میری کلام کی تلاوت سے! آپ نے کہا: اے پروردگار معنی سمجھتا ہو تو، یا نہ سمجھتا ہو تو بھی؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کہ معنی سمجھتا ہو تو، یا نہ سمجھتا ہو تو بھی موجب تقرب ہے۔

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا یہ کریمانہ اور فیاضانہ قانون کہ ایک نیکی کرنے والے کو دس نیکیوں کے برابر ثواب ملتا ہے اور ایک برائی کا بدلہ اس کے برابر

Marfat.com

ہی دیتا ہے۔ قرآن کریم کی سورہ انعام میں ارشاد ہے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا۔

کہ جو بندہ ایک نیکی لے کر آئے گا اُس کو اس جیسی دس نیکیوں کا ثواب دیا جائے گا۔ اور جو بندہ ایک بدی لے کر آئے گا اُسے اسی قدر بدلہ دیا جائے گا۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب مُحدّث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ تلاوتِ قرآن کی رُوح یہ ہے کہ شوق و محبّت اور انتہائی تعظیم و تکریم اور اجلال کے ساتھ حق سبحانہٗ تعالیٰ کی طرف متوجّہ ہو کر قرآن کریم کی تلاوت کی جائے اور اس کے مواعظ و نصائح میں غور و خوض اور اُن سے اثر لینے کی کوشش بلیغ کی جائے۔ اور اس کے احکام و ہدایات کی تعمیل اور پیروی کی عزم کے ساتھ تلاوت کی جائے — پس جب تلاوت ایسی ہوگی تو اُس کے ثمرات بھی ایسے ہی مرتب ہونگے — حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ:

مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كُتِبَ مَعَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا۔ رواہ الحاکم

جس شخص نے قرآن کریم خالص لوجہ اللہ پڑھا، وہ صدیقین، شہداء اور صلحاء کے زمرہ میں رکھا جائے گا اور یہ حضرات بہت ہی اچھے رفیق ہیں۔

فضائل القرآن: کے بارے میں جو احادیث و آثار وارد ہیں، ان میں بعض علی الاطلاق فضیلتِ قرآن پر دلالت کرتی ہیں اور بعض سورت

Marfat.com

سورت کی فضیلت بتلاتی ہیں ——— جن کو حضرات مفسرین ترغیباً و تحریضاً علی الحفظ و التلاوۃ ابتداءً سور ہیں ذکر کرتے ہیں، خلافاً للزمخشریؒ وہ فرماتے ہیں کہ فضائل سور بمنزلہ صفات کے ہیں اور صفات کا تقاضا یہ ہے کہ وہ موصوف کے بعد ہی مذکور ہوں۔

فضائل القرآن: کے متعلق احادیث و آثار وارده خواہ وہ علی الاطلاق ہوں خواہ مخصوص بالسور ہوں، وہ بے شمار ہیں اور ان کا احصاء مشکل ہم تَیَمُّنًا وَّ تَحَنُّنًا عَلٰی تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ: چند احادیث نقل کرتے ہیں. تفصیل مطلوب ہو تو فضائل القرآن للشیخ ذکریا مطالعہ کیجئے:

۱: عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ اَھْلِیْنَ مِنَ النَّاسِ، قَالُوْا مَنْ ھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، قَالَ اَھْلُ الْقُرْاٰنِ ھُمْ اَھْلُ اللّٰہِ وَخَاصَّتُہٗ

رواہ احمد

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کیلئے لوگوں میں سے بعض لوگ خاص گھر کے لوگ ہیں، صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ وہ لوگ کون ہیں؟ فرمایا وہ قرآن کریم پڑھنے والے ہیں. کہ وہ اللہ کے اہل اور خاص گھر کے بندے ہیں۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمَا قَالَ:

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ

Marfat.com

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبُ تَصْدَأُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيْدُ إِذَا أَصَابَهُ الْمَاءُ، قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ مَا جِلَاؤُهَا. قَالَ ذِكْرُ الْمَوْتِ، وَتِلَاوَةُ الْقُرْآنِ (رواه البيهقی)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی آدم کے دلوں پر اسی طرح زنگ چڑھ جاتا ہے، جس طرح پانی لگ جانے سے لوہے پر زنگ آجاتا ہے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ اس زنگ کے دُور کرنے کا ذریعہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا موت کو کثرت سے یاد کرنا اور قرآن کریم کی تلاوت کرنا۔

٣ عَنْ أَبِي مُوْسٰى رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَثَلُ الْأُتْرُجَّةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّطَعْمُهَا طَيِّبٌ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِيْ لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ لَا رِيْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ

ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ جو مسلمان قرآن کریم پڑھتا ہے اس کی مثال ترنج کی سی ہے کہ اس کی خوشبو عمدہ اور مزہ لذیذ ہوتا ہے، اور جو مسلمان قرآن کریم نہیں پڑھتا اس کی مثال کھجور کی سی ہے کہ خوشبو ندارد مگر اس کا مزہ شیریں ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الرَّیْحَانَةِ رِیْحُهَا طَیِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِیْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ کَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ لَیْسَ لَهَا رِیْحٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ

اور جو منافق قرآن کریم پڑھتا ہے اس کی مثال گل ریحان کی سی ہے کہ خوشبو عمدہ اور مزہ تلخ ہوتا ہے اور جو منافق قرآن کریم نہیں پڑھتا اس کی مثال حنظل (تمبہ) کی سی ہے کہ خوشبو ندارد اور مزہ اس کا انتہائی تلخ ہوتا ہے۔

۴ : عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ، اِقْرَأْ وَارْقِ وَرَتِّلْ کَمَا کُنْتَ تُرَتِّلُ فِی الدُّنْیَا، فَاِنَّ مَنْزِلَتَکَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰیَةٍ تَقْرَؤُهَا (رواہ ابوداؤد)

حضرت عبداللہ عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صاحب قرآن کو کہا جائے گا کہ قرآن پڑھ اور درجات پر چڑھتا اور ترتیل سے پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ترتیل سے پڑھتا تھا۔ پس بلاشبہ تیرا مقام اس آیت کے آخر پر ہے جسے تو پڑھے گا۔

---

۵ : عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ صاحب قرآن

Marfat.com

وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيْئُ صَاحِبُ الْقُرْاٰنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ الْقُرْاٰنُ يَارَبِّ حَلِّهٖ فَيُلْبَسُ تَاجُ الْكَرَامَةِ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ زِدْهُ فَيُلْبَسُ حُلَّةُ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ يَارَبِّ ارْضَ عَنْهُ فَيَرْضٰى عَنْهُ وَيُقَالُ لَهٗ : اِقْرَاْ وَارْقَ وَيَزْدَادُ لَهٗ بِكُلِّ اٰيَةٍ حَسَنَةٌ . (حاکم)

کریم قیامت کے دن لایا جائے گا، پس قرآن کہے گا کہ اے پروردگار اسے زیور پہنا دے۔ پس اسے شرف وکرامت کا تاج پہنا دیا جائے گا، پھر کہے گا کہ اے پروردگار زیادہ دے اسے، پس شرف کرامت کا لباس پہنا دیا جائے گا۔ پھر کہے گا اے پروردگار اس سے راضی ہو جا۔ پس اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور اس کو کہا جائے گا کہ قرآن پڑھ اور درجات پر چڑھ اور زیادہ کریگا اسکو ہر آیت کے عوض ایک درجہ

---

٦ : قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَشْرَافُ اُمَّتِيْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ، وَاَصْحَابُ اللَّيْلِ ، وَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَتْلٰى اُحُدٍ فِي الْقَبْرِ اَكْثَرُهُمْ قُرْاٰنًا .

نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمت کے اشراف حاملین قرآن اور رات کو قیام کرنیوالے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہدآء اُحد میں سے قبر میں مقدم اس کو رکھا جو زیادہ قرآن پڑھتا تھا۔

Marfat.com

۷ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی مَنْ شَغَلَہُ الْقُرْاٰنُ عَنْ ذِکْرِیْ وَمَسْئَلَتِیْ اَعْطَیْتُہٗ اَفْضَلُ مَا اُعْطِی السَّآئِلِیْنَ وَفَضْلُ کَلَامِ اللّٰہِ عَلٰی سَآئِرِ الْکَلَامِ کَفَضْلِ اللّٰہِ عَلٰی خَلْقِہٖ

(رواہ الترمذی وغیرہ)

ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد منقول ہے کہ حق سبحانہ وتقدس کا یہ فرمان ہے کہ جس شخص کو قرآن کریم کی مشغولی کی وجہ سے ذکر کرنے اور دعائیں مانگنے کی فرصت نہیں ملتی ہیں اس کو سب دعائیں مانگنے والوں سے زیادہ عطا کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ شانہ کی کلام کو سب کلام پر ایسی ہی فضیلت ہے جیسی کہ خود حق تعالیٰ شانہٗ کو تمام تمام مخلوق پر۔

۸ : قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اَبَا ھُرَیْرَۃَ تَعَلَّمِ الْقُرْاٰنَ وَعَلِّمْہُ النَّاسَ وَلَا تَزَالُ کَذٰلِکَ حَتّٰی یَاْتِیَکَ الْمَوْتُ فَاِنَّہٗ اِنْ اَتَاکَ الْمَوْتُ وَاَنْتَ کَذٰلِکَ حَجَّتِ الْمَلٰئِکَۃُ اِلٰی قَبْرِکَ کَمَا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوہریرہ قرآن سیکھو اور اسے لوگوں کو سکھاؤ۔ اور ہمیشہ ایسے ہی رہو یہاں تک تجھے موت آجائے۔ پس اگر تجھے موت آگئی اور تو اس طرح رہا تو ملائکہ تیری قبر کی اس طرح حج کریں گے جس طرح مومن بیت اللہ شریف

Marfat.com

يَحُجُّ الْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ۔

کا حج کرتے ہیں۔

---

۹ : عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِيْ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ اللّٰهِ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهٗ بَيْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ غَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ۔ (مسلم)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ کوئی قوم اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں مجتمع ہو کر تلاوتِ قرآن کریم اور اس کا دور اور آپس میں درس وتدریس نہیں کرتی مگر ان پر سکینہ نازل ہوتی ہے اور رحمت ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور ملائکہ ان کو گھیر لیتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ ان کا ذکر ملائکہ کی مجلس میں فرماتے ہیں۔

۱۰ : عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ : قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَيْتُ الَّذِيْ يُقْرَأُ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ يَتَرَاءٰى لِاَهْلِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ گھر جس میں قرآن کریم پڑھا جا رہا ہو۔ اہلِ آسمان کو ایسے ہی دکھائی دیتا ہے جس طرح کہ اہلِ

Marfat.com

السَّمَاءِ كَمَا تَرَاءَى النُّجُومُ لِأَهْلِ الْأَرْضِ (بیہقی)

آسمان کو ایسے ہی دکھائی دیتا ہے جس طرح اہلِ زمین کو ستارے دکھائی دیتے ہیں۔

١١ : قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَأْخُذُ مَضْجَعَهُ فَيَقْرَأُ سُوْرَةً مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى إِلَّا وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ مَلَكًا يَحْفَظُهُ فَلَا يَقْرَبُهُ شَيْءٌ يُؤْذِيْهِ حَتّٰى يَهُبَّ مَتٰى هَبَّ

(رواہ احمد والترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ہے کوئی مسلمان کہ جب وہ اپنے خواب گاہ پر پہنچتا ہے۔ پھر پڑھتا ہے کوئی سورت کتاب اللہ کی۔ مگر اللہ نے اس کے لئے ایک فرشتے کو نگران بنا دیتے ہیں کہ اس کی حفاظت کرے، پس کوئی چیز ایذا دینی والی اس کے قریب نہیں جاتی یہاں تک کہ وہ بیدار ہو جائے خواہ کسی بھی وقت بیدار ہو۔

١٢ : وَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ عُرَفَاءُ أَهْلِ الْجَنَّةِ (طبرانی)

اور فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے کہ حاملینِ قرآن شرفاء جنت ہوں گے۔

١٣ : وَقَالَ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ فِيْ ظِلِّ اللّٰهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ (حاکم)

اور فرمایا حاملینِ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کے سایہ تلے ہونگے جس دن کوئی سایہ نہ ہوگا۔ مگر فقط اسی کا سایہ ہوگا۔

Marfat.com

۱۴ : عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ شَفِیْعًا لِاَصْحَابِہٖ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ: قرآن کریم پڑھا کرو تو وہ قیامت کے روز اپنے پڑھنے والوں کے لئے شفیع بن کر آئے گا۔

۱۵ : وَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَلصِّیَامُ وَالْقُرْاٰنُ یَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ (حاکم)

اور آپ نے فرمایا ہے کہ روزہ اور قرآن کریم اپنے پڑھنے والے بندہ کے لئے شفاعت کریں گے۔

۱۶ : عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ یَقُوْمُ بِہٖ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ یُحِلُّ حَلَالَہٗ وَیُحَرِّمُ حَرَامَہٗ حَرَّمَ اللّٰہُ لَحْمَہٗ وَدَمَہٗ عَلَی النَّارِ وَجَعَلَہٗ مَعَ السَّفَرَۃِ الْکِرَامِ الْبَرَرَۃِ حَتّٰی اِذَا کَانَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ کَانَ الْقُرْاٰنُ حُجَّۃً لَہٗ

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ جس شخص نے قرآن شریف پڑھا اور رات دن نمازوں میں پڑھتا رہا، اس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام سمجھا۔ اللہ تعالےٰ اس کے گوشت اور خون کو آگ پر حرام کر دیں گے اور اس کو ان ملائکہ کے ساتھ کر دیں گے جو عالم ملکوت میں

قرآن کریم پڑھتے ہیں یہاں تک کہ جب قیامت ہوگی قرآن اس کیلئے حجت ہوگی

Marfat.com

۱۷ : عَنْ وَاثِلَةَ ابْنِ الْاَسْقَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلاً شَكٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَ حَلْقِهٖ قَالَ عَلَيْكَ بِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ (بیہقی)

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے منقول ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے درد حلقوم کی شکایت کی آپ نے فرمایا کہ قرآءت قرآن کریم اپنے اوپر لازم کر۔ یعنی قرآن کریم کی تلاوت اس کا علاج ہے

۱۸ : وَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ خَيْرُ الدَّوَاءِ الْقُرْاٰنُ وَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالشِّفَائَيْنِ الْعَسَلُ وَالْقُرْاٰنُ. ابن ماجہ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بہتر بن دواء قرآن ہے۔ یعنی قرآءۃ قرآن۔ اور آپ نے فرمایا ہے کہ اپنے اوپر دو شفاء لازم رکھو۔ شہد اور قرآن کریم۔

۱۹ : عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ لَا يَهُوْلُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَلَا يَنَالُهُمُ الْحِسَابُ، هُمْ عَلٰى كَثِيْبٍ مِّنْ مِّسْكٍ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلَائِقِ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تین آدمی ایسے ہیں جن کو قیامت کا خوف دامنگیر نہ ہوگا۔ نہ ان کو حساب دینا پڑے گا۔ وہ مشک کے ٹیلوں پر تفریح کریں گے، اس وقت تک کہ مخلوق اپنے حساب کتاب سے فارغ ہو۔

Marfat.com

رَجُلٌ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ وَاَمَّ بِهٖ قَوْمًا وَهُمْ بِهٖ رَاضُوْنَ.

(الحدیث رواہ الطبرانی)

ایک وہ شخص جس نے اللہ کے لئے قرآن کریم پڑھا اور امامت کی اس طرح پر کہ مقتدی اس سے راضی ہوں۔

۲۰ : عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ: قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْصِنِیْ قَالَ عَلَیْکَ بِتَقْوَی اللّٰہِ فَاِنَّہٗ رَأْسُ الْاَمْرِ کُلِّہٖ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ زِدْنِیْ، قَالَ عَلَیْکَ بِتِلَاوَۃِ الْقُرْاٰنِ فَاِنَّہٗ نُوْرٌ لَّکَ فِی الْاَرْضِ وَذُخْرٌ لَّکَ فِی السَّمَاءِ.

(رواہ ابن حبان)

ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے درخواست کی کہ یا رسول اللہ مجھے کچھ وصیت فرمائیں آپ نے فرمایا کہ تقویٰ کا اہتمام کرو، کہ یہ تمام اُمور کی جڑ ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کچھ اور بھی فرمائیں تو آپ نے فرمایا کہ تلاوت قرآن کا اہتمام کرو۔ کہ دنیا میں یہ نور ہے اور آخرت میں ذخیرہ۔

۲۱ : وَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ سَبْعٌ یَجْرِیْ لِلْعَبْدِ اَجْرُہُنَّ بَعْدَ مَوْتِہٖ وَہُوَ فِیْ قَبْرِہٖ. مَنْ عَلَّمَ عِلْمًا، اَوْ اَجْرٰی نَہْرًا،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ سات چیزیں ایسی ہیں جن کا اجر آدمی کے مرنے کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔ اس حال میں کہ وہ قبر میں مدفون ہو۔ ۱: وہ جس نے علم دین

Marfat.com

أَوْ حَفَرَ بِئْرًا، أَوْ غَرَسَ نَخْلًا أَوْ بَنَى مَسْجِدًا، أَوْ تَرَكَ وَلَدًا يَسْتَغْفِرُ لَهُ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهِ، أَوْ وَرَّثَ مُصْحَفًا

(رواہ ابن ماجہ)

سکھلایا (۲) وہ جس نے نہر جاری کی (۳) وہ جس نے کنواں کھودا (۴) وہ جس نے درخت لگایا (۵) وہ جس نے مسجد بنائی (۶) وہ جس نے کوئی ولد چھوڑا کہ مرنے کے بعد وہ اس کے لئے دعائے مغفرت کرتا رہے (۷) وہ جس نے کسی کو پڑھنے کے لئے مصحف یعنی قرآن کریم دیدیا ہو

۲۲: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ شَرَفًا يَتَبَاهَوْنَ بِهِ، وَإِنَّ بَهَاءَ أُمَّتِيْ وَ شَرَفَهَا الْقُرْاٰنُ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر چیز کیلئے کوئی شرافت وافتخار ہوا کرتا ہے جس سے وہ تفاخر کیا کرتا ہے۔ میری امت کی رونق اور افتخار قرآن کریم ہے۔

۲۳: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ، وَالَّذِيْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کریم پڑھ پڑھ کر اس قدر مہارت حاصل کرلی ہو، کہ اس کو حفظ یا ناظرہ بے تکلف اور بطریقہ احسن

Marfat.com

يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَيَتَتَعْتَعُ فِيْهِ وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ لَهُ اَجْرَانِ

(رواہ البخاری ومسلم)

پڑھتا ہو، یعنی پڑھنے میں خوب ماہر ہو، ان ملائکہ کے ساتھ ہے جو میر منشی اور نیک کار ہیں (یہ بہت بلند درجہ ہے جو ماہرِ قرآن کیلئے مخصوص ہے) اور جو شخص قرآن کریم اٹکتا ہوا پڑھتا ہے اور اس میں دقت اور مشقت اٹھاتا ہے اس کو دہرا اجر ہے، ایک اجر اس کے پڑھنے کا اور ایک اجر اس کے تَتَعْتُعُ : یعنی اُس کے مشقت اٹھانے کا۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ،

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الرَّابِعُ فِیْ حَقِیْقَةِ التَّجْوِیْدِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلتَّجْوِیْدُ

س : تجوید کسے کہتے ہیں؟

ج : ہر حرف کو اس کے مخرج سے نکالنے اور اس کی جمیع صفات کو ادا کرنے کو "تجوید" کہتے ہیں۔

توضیح الجواب: جاننا چاہیے کہ: تجوید مصدر ہے "جَوَّدَ یُجَوِّدُ" سے اس کا اسم اَلْجُوْدَةُ "بمعنی ضِدُّ الرَّدَاءَةِ" آتا ہے جیسا کہ اہل لسان حسن کارکردگی کے موقع پر کہتے ہیں: جَوَّدَ فُلَانٌ فِیْ کَذَا۔ پس تجوید کے لغوی معنی اَلْاِتْیَانُ بِالْجَیِّدِ، کے ہیں یعنی از روئے لغت بہتر کھرا کرنے کو تجوید کہتے ہیں۔

اور اصطلاح مجودین میں عبارت ہے اَلْاِتْیَانُ بِالْقِرَاءَةِ مُجَوَّدَةَ الْاَلْفَاظِ بَرِیْئَةً مِّنَ الرَّدَاءَةِ فِی النُّطْقِ یعنی ایسے مجود الفاظ سے قراءۃ کرنا کہ وہ نقص و رداءت سے عاری ہو۔ یعنی تصحیح و اتقانِ حروف میں انتہائی درجہ تک رسائی حاصل کرنے اور تحسین صوت و تزیین حروف میں درجۂ کمال کو پہونچنے کا نام تجوید ہے۔ پس ہر حرف کو اس کے صحیح مخرج سے نکالنے اور اس کی جملہ صفات و کیفیات بطریق احسن ادا کرنے کو "تَجْوِیْدُ" کہتے ہیں۔

اور جو حرف صحیح مخرج سے نکلے اور جمیع صفات کے ساتھ بطریق اکمل … ادا ہو۔ نیز رداءت سے پاک اور نقص و زیادت سے عاری اس طرح ادا ہو جس … تجوید و قراءت نے سنت النبویۃ الافصحیۃ العربیۃ … متصل حاصل کیا ہے تو اسے "مُجَوَّدْ" کہتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس … تجوید و قراءت کے طریق پر پڑھتا ہے اور اس کی … بلا تدلیس حضرۃ النبویۃ الافصحیۃ العربیۃ سے متصل ہے تو اسے "مُجَوِّدْ" کہتے ہیں۔

Marfat.com

تجوید کی اصطلاحی تعریف کتب معتبرہ میں علماء تجوید و قراءت نے کم و بیش اور مختلف الفاظ سے کی ہے۔ طلباءِ تجوید کی بصیرت اور معلومات میں اضافہ کے پیش نظر بعض اقوال کا نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے چنانچہ حضرت قاری ضیاء الدین احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلاصۃ البیان فی تجوید القرآن میں فرماتے ہیں:۔

وَالتَّجْوِيْدُ عِبَارَةٌ عَنْ اَدَآئِهٖ كَمَآ اُنْزِلَ مِنْ اَدَاءِ الْحُرُوْفِ بِمَخَارِجِهَا وَ اِعْطَآءِ كُلِّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّهٗ وَمُسْتَحَقَّهٗ

اور تجوید عبارت ہے حروف کی اداء سے اس طرح پر جس طرح ان کی ادا منزل ہے یعنی ادا کرنا حروف کو ان کے مخارج سے اور عطا کرنا ہر ذی حق کو اس کا حق اور مستحق۔

⁂

اور حضرت الشیخ محمد بن علی بن خلف الحسینی الشہیر بالحداد "فتح المجید فی علم التجوید" میں تحریر فرماتے ہیں:۔

حَدُّ التَّجْوِيْدِ: تِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ عَلٰى حَسْبِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِخْرَاجِ كُلِّ حَرْفٍ مِّنْ مَّخْرَجِهٖ وَاِعْطَآءِ حَقِّهٖ مِنَ الصِّفَاتِ مُكَمِّلَةً مِّنْ غَيْرِ تَكَلُّفٍ وَّلَا تَعَسُّفٍ وَّلَا اِفْرَاطٍ وَّلَا تَفْرِيْطٍ وَّلَا اِرْتِكَابِ مَا يُخْرِجُهٗ مِنَ الْقُرْاٰنِيَّةِ:

تجوید کی تعریف: قرآن کریم کی تلاوت اس انداز پر کرنا جس انداز پر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا ہے ساتھ نکالنے ہر حرف کے اس کے مخرج سے اور ساتھ دینے ہر حرف کے اس کا حق صفات (لازمہ وغیرہ) سے۔ درآں حالیکہ وہ مکمل کرنے والا ہو بغیر تکلف و تعسف اور بغیر افراط و تفریط کے اور بغیر ایسے ارتکاب کے کہ جس سے حرف قرآنیۃ سے نکل جائے۔

اور علامۃ الشیخ محمد مکی نصرؒ نہایۃ القول المفید میں تحریر فرماتے ہیں:۔

وَاَمَّا حَقِيْقَتُهٗ: فَاِعْطَآءُ

اور اس کی حقیقت: پس عطا کرنا ہے

Marfat.com

كُلِّ حَرْفٍ حَقَّهٗ اَیْ مِنْ كُلِّ
صِفَةٍ ثَابِتَةٍ لَهٗ مِنَ الصِّفَاتِ
الْاٰتِيَةِ وَمُسْتَحَقَّهٗ بِفَتْحِ الْحَاءِ
مَا يَنْشَأُ عَنْ تِلْكَ الصِّفَاتِ
كَتَرْقِيْقِ الْمُسْتَفِلِ وَتَفْخِيْمِ
الْمُسْتَعْلِیْ وَنَحْوِهِمَا. مَعَ بُلُوْغِ
الْغَايَةِ وَالنِّهَايَةِ فِی اِتْقَانِ
الْحُرُوْفِ وَتَحْسِيْنِهَا وَخُلُوِّهَا
مِنَ الزِّيَادَةِ وَالنَّقْصِ. وَبَرَاءَتِهَا
مِنَ الرَّدَاءَةِ فِی النُّطْقِ. وَالْاِدْمَانِ
فِیْ تَحْرِيْرِ مَخَارِجِهَا وَبَيَانِ
صِفَاتِهَا. بِحَيْثُ يَصِيْرُ ذٰلِكَ
لِلْقَارِیْ سَجِيَّةً وَّطَبِيْعَةً
سَوَآءٌ كَانَتْ تِلْكَ الْحُرُوْفُ
اَصْلِيَّةً اَوْ فَرْعِيَّةً. مُرَكَّبَةً
اَوْ مُفْرَدَةً:

ہر حرف کو اس کا حق یعنی ہر وہ صفت
جو اس کے لئے ثابت ہو آنے والی
صفات میں سے اور اس کا مستحق بہ فتح
حاء جو پیدا ہوتی ہے ان ہی صفات (لازمہ)
سے جیسے باریک کرنا حروف مستفلہ کا
اور پُر کرنا حروف مستعلیہ وغیرہ کا. بایں
ہمہ تحسین واتقان حروف میں درجہ انتہا
کو پہونچنا. نقص وزیادت سے عاری رکھنا
اور بولنے میں رداءت سے محفوظ رکھنا
اور مخارج وصفات کے ادا کرنے میں ہمیشہ
پختگی اور مضبوطی سے کام لینا اس طرح پر
کہ یہ خوبیاں قاری کی عادت وطبیعت
بن جائے.

برابر ہے کہ یہ حروف اصلیہ ہوں
یا فرعیہ، مرکبہ ہوں یا مفردہ.

اور علامہ جزری رحمۃ اللہ علیہ النشر فی القراءات العشر میں تحریر فرماتے ہیں:-

فَالتَّجْوِيْدُ: هُوَ حِلْيَةُ التِّلَاوَةِ
وَزِيْنَةُ الْقِرَاءَةِ. وَهُوَ اِعْطَاءُ
الْحُرُوْفِ حُقُوْقَهَا. وَتَرْتِيْبِهَا
مَرَاتِبَهَا. وَرَدُّ الْحَرْفِ اِلٰی
مَخْرَجِهٖ وَاَصْلِهٖ وَاِلْحَاقِهٖ
بِنَظِيْرِهٖ وَتَصْحِيْحُ لَفْظِهٖ: وَ

پس تجوید: تلاوت کا زیور اور قرأت
کی زینت ہے اور وہ دینا ہے حروف کو
ان کا حق اور ترتیب ان کے مراتب کی اور
لوٹانا ہے حرف کو اس کے مخرج واصل کی
طرف اور ملانا ہے اس کو اس کی نظیر سے
اور تصحیح اس کے لفظ کی اور ایسے لطیف

Marfat.com

تَلْطِيفِ النُّطْقِ بِهٖ عَلٰى حَالِ صِيْغَتِهٖ وَكَمَالِ هَيْئَتِهٖ مِنْ غَيْرِ اِسْرَافٍ وَّلَا تَعَسُّفٍ وَّلَا اِفْرَاطٍ وَّلَا تَكَلُّفٍ	انداز پر پڑھنا جیسا کہ اس کا صیغہ ہے اور عمدہ ہیئت ہے۔ بغیر اسراف اور بغیر تعسف کے اور بغیر افراط و تکلف کے

پھر مقدمۃ الجزریہ میں ان الفاظ کو یوں منظوم کرتے ہیں اور الشیخ خالد ازہری متوفی ۹۰۵ھ ان اشعار کی تشریح اس طرح کرتے ہیں:۔

وَهُوَ اَيْضًا حِلْيَةُ التِّلَاوَةِ ❊ وَزِيْنَةُ الْاَدَاءِ وَالْقِرَاءَةِ

اور وہ تجوید نیز تلاوت کا زیور ہے ❊ اور اداء و قرآءت کی زینت ہے۔

اَخْبَرَ اَنَّ التَّجْوِيْدَ حِلْيَةُ التِّلَاوَةِ وَزِيْنَةٌ لَّهَا وَصِفَةٌ مُّسْتَحْسَنَةٌ مَّاْخُوْذَةٌ مِّنْ تَحَلِّيْ الْعُرُوْسِ وَتَزَيُّنِهَا. وَالْحَاصِلُ اَنَّ التَّجْوِيْدَ حِلْيَةٌ وَزِيْنَةٌ لِكُلٍّ مِّنَ الثَّلَاثَةِ وَالْفَرْقُ بَيْنَهُمَا اَنَّ التِّلَاوَةَ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ مُتَتَابِعًا كَالْاَوْرَادِ وَالْاَسْبَاعِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ.	(ناظم رحمہ اللہ نے) خبر دی ہے کہ بلاشبہ تجوید تلاوت کا زیور و زینت ہے اور ایک صفتِ مستحسنہ ہے جو ماخوذ ہے تَحَلِّ الْعُرُوْسِ وَ تَزَيُّنِهَا سے اور حاصل یہ کہ تجوید تینوں میں سے ہر ایک کیلئے زیب و زینت ہے اور فرق ان میں یہ ہے کہ تلاوت تو قرآءۃ متتابعہ ہے مثل اوراد و اسباع وغیرہ کے۔
وَالْاَدَاءُ هُوَ الْاَخْذُ عَنْ اَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ وَالْقِرَاءَةُ اَعَمُّ مِنْهُمَا	اور اداء مشائخ سے بالمشافہ حاصل کرنے کا نام ہے۔ اور قراءت دونوں سے عام ہے۔

وَهُوَ اِعْطَاءُ الْحُرُوْفِ حَقَّهَا ❊ مِنْ صِفَةٍ لَّهَا وَمُسْتَحَقَّهَا

اور وہ تجوید دینا ہے حروف کو ان کا حق ❊ یعنی ہر صفت جو اُن کیلئے لازم ہے اور ان کا مستحق

يَعْنِيْ اَنَّ التَّجْوِيْدَ هُوَ	یعنی بلاشبہ تجوید عطا کرنا ہے

Marfat.com

إِعْطَآءُ الْحُرُوْفِ حَقَّهَا مِنْ صِفَاتٍ اللَّازِمَةِ لَهَا كَهَمْسٍ وَشِدَّةٍ وَّنَحْوِهَا. وَإِعْطَآءُهَا مُسْتَحَقَّهَا أَيْ مَا ثَبَتَ لَهَا عِنْدَ تَرْكِيْبِهَا كَتَرْقِيْقِ الْمُسْتَفِلِ وَتَفْخِيْمِ الْمُسْتَعْلِيْ وَنَحْوِ ذٰلِكَ.

حروف کو ان کا حق مثل ہمس شدت وغیرہ کے صفات لازمہ میں سے اور عطاء کرنا ہے حروف کو ان کا مستحق یعنی جو ترتیب حروف پیدا ہو کر ثابت ہوں جیسے باریک کرنا حروف مستفلہ کا اور پُر کرنا حروف مستعلیہ وغیرہ کا (اسی طرح دیگر صفات عارضہ مثل مدود وغیرہ)

وَرَدُّ كُلِّ وَاحِدٍ لِّأَصْلِهِ ❁ وَاللَّفْظُ فِيْ نَظِيْرِهِ كَمِثْلِهِ

اور لوٹانا ہے ہر حرف کو اس کی اصل سے ❁ اور لفظ اپنی شبیہ میں اپنی مثل کی طرح ہے

يَعْنِيْ أَنَّ التَّجْوِيْدَ أَيْضًا رَدُّ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنَ الْحُرُوْفِ لِأَصْلِهِ أَيْ لِمَخْرَجِهِ وَحَيِّزِهِ وَأَنْ تَلَفَّظَ فِيْ نَظِيْرِ الْحُرُوْفِ كَلَفْظِكَ بِذٰلِكَ النَّظِيْرِ مِنْ غَيْرِ زِيَادَةٍ وَّلَا نَقْصٍ. كُلَّمَا إِذَا لَفَظْتَ بِحَرْفٍ مُّفَخَّمٍ أَوْ مُرَقَّقٍ أَوْ مُشَدَّدٍ وَّجَآءَ لَهُ نَظِيْرٌ نَفَخِّمِ الثَّانِيَ كَتَفْخِيْمِ الْأَوَّلِ وَقِسْ عَلٰى ذٰلِكَ.

یعنی بلا شبہ تجوید نیز لوٹانا اور نکالنا ہے ہر حرف کو اس کی اصل یعنی اس کے مخرج و حیز سے۔

اور اگر تو نے کسی حرف پر ادا حسن و خوبی سے تلفظ کیا ہے تو اس کے مثل و نظیر پر بھی اُسی حسن و خوبی سے بغیر نقص و زیادت کے تلفظ کر جیسے مثلاً تو نے تلفظ کیا کسی حرف مفخم پر یا مرقق پر یا مشدد پر اور آجائے اس کا مثل و نظیر تو مفخم کر ثانی کو مثل تفخیم اول کے اور اسی پر قیاس باقی حروف ...

مُكَمِّلًا مِّنْ غَيْرِ مَا تَكَلُّفِ ❁ بِاللُّطْفِ فِي النُّطْقِ بِلَا تَعَسُّفِ

اس حال میں کہ لفظ مکمل کرنے والا ہو ما سبق کو بغیر تکلف کے ❁ ساتھ لطافت کے بولنے میں بغیر تعسف کے۔

يَعْنِيْ إِذَا نَطَقْتَ بِشَيْءٍ مِّنْ

یعنی جب تو تلفظ کرے صفات سابقہ

Marfat.com

ذٰلِكَ فَحَقُّكَ اَنْ تَاْتِيَ بِهٖ مُكَمِّلًا لِلصِّفَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ مِنْ غَيْرِ تَعَسُّفٍ وَلَا تَكَلُّفٍ .	ہیں سے کسی شئ پر تو تجھ پر لازم ہے کہ خوب مکمل کرے ان صفات مذکورہ کو بغیر تعسف و تکلف کے اور حاصل ناظمؒ کے کلام کا یہ ہے
وَحَاصِلُ كَلَامِهٖ اَنَّ التَّجْوِيْدَ هُوَ اِعْطَاءُ الْحُرُوْفِ حُقُوْقَهَا وَتَرْتِيْبُهَا فِيْ مَرَاتِبِهَا وَرَدُّ الْحُرُوْفِ اِلٰى مَخَارِجِهَا وَاَصْلِهَا .	کہ بے شک تجوید، عطاء کرنا اور دینا ہے حروف کو ان کے حقوق اور ترتیب میں مراتب . اور اداء کرنا ہے حروف کو ان کے مخارج سے اور اصل سے .
وَاِلْحَاقُهَا بِنَظَائِرِهَا وَاِتْبَاعُ لَفْظِهَا وَتَلْطِيْفُ النُّطْقِ بِهَا عَلٰى حَالَةِ صِفَتِهَا وَهَيْأَتِهَا مِنْ غَيْرِ اِسْرَافٍ وَلَا تَعَسُّفٍ وَلَا اِفْرَاطٍ وَلَا تَكَلُّفٍ .	اور ملانا ہے حروف کو ان کے نظائر سے اور اتباعِ لفظ باللفظ سے اور عمدہ تلفظ ان کے صفت اور ہیئتِ حال کے مناسب بغیر اسراف و تعسف اور بغیر افراط و تکلف کے .

خلاصہ یہ کہ تجوید کمالاتِ ماسبق کا مجموعہ ہے . یعنی نکالنا ہر حرف کو اس کے مخرج وحیز سے اور عطاء کرنا اور موصوف کرنا ہر حرف کو اس کی صفاتِ لازمہ اور ناشی من الصفات لازمہ سے جیسے تفخیم حروفِ مستعلیہ کی ناشی ہوتی ہے صفتِ استعلاء سے اور ترقیقِ حروفِ مستفلہ کی ناشی ہوتی ہے صفتِ استفال سے . ایسا ہی جو ناشی ہو ترتیب و ترکیبِ حروف و کلمات سے جیسے تفخیم لام ناشی ہوتی ہے مخصوص حالت سے اور ترقیق ناشی ہوتی ہے مخصوص حالت سے . نیز الحاقِ حروف بنظیر حروف . اور نطقِ لطیف علی حالِ صفت و کمالِ ہیأتِ حروف بغیر اسراف و تعسف اور بغیر افراط و تکلف کے حتی کہ حروف اداء ہوں اس نہج پر جس نہج پر وہ من جانب اللہ نبی الامی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر نازل کئے گئے ہیں .

Marfat.com

حُکمُ عِلمِ التّجوِیدِ

س : علم تجوید کا کیا حکم ہے اور عمل بالتجوید کا کیا ؟

ج : علم تجوید باتفاقِ علماء فرض کفایہ اور واجبِ شرعی ہے اور عمل بالتجوید ہر مسلمان عاقل بالغ مرد وعورت تالی قرآن پر فرضِ عین ہے!

توضیحُ الجوابِ:۔ جاننا چاہیئے کہ تجوید کی فرضیت کتاب اللہ. سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اجماع امت سے بتواتر ثابت ہے. کتاب اللہ: قال اللہ تعالیٰ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ؏ ای جودناہ تجویدًا. یعنی ہم نے اس کتاب قرآن کریم کو مجوّد و مرتّل کر کے اتارا ہے. پھر افصح العرب العرباء. اقرأ القراء. اجود المجودین نبی الکریم الصادق الامین صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرماتے ہیں وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ای جودہ تجویدًا یعنی اے نبی الفصیح الامین قرآن کریم کو مجوّد و مرتّل پڑھ۔ پھر صرف امر بالفعل پر اکتفا و اقتصار نہیں فرمایا بلکہ اہتماماً بہ و تعظیماً لشانہ و ترغیباً فی ثوابہ اسے مصدر سے مؤکد فرمایا تاکہ معاون علی تدبر و تفہیم القرآن ہو۔

وَقَالَ اللہُ تَعَالٰی: اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ.

یعنی جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اسے پڑھتے ہیں جیسا کہ اس کے پڑھنے کا حق ہے. یہی لوگ اس پر ایمان لانے والے ہیں.

سوال کیا جا سکتا ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجوّد اکمل اور مرتّل اعظم تھے اور قرآن کریم کما نزل پڑھتے تھے تو آپ کو خطاب کیوں کیا گیا. نہایۃ القول المفید

Marfat.com

ہیں ہے کہ خطاب آپ کو ہے اور مراد غیر ہیں یعنی امت مسلمہ جیسے کہ فاستقم کما امرت اور ولاتکونن من الجاہلین وغیرہ آیات ہیں خطاب آپ کو اور مراد غیر ہیں کما لا یخفی علی ذی بصیرۃ۔

وَالسُّنَّۃُ النَّبَوِیَّۃُ:- پس اس سلسلہ میں احادیث کثیرہ منقول ہیں. مشہور حدیث ہے جسے الشیخ محمد بن علی بن خلف الحسینی نے القول السدید فی بیان حکم التجوید میں نقل کیا ہے۔

اِقْرَءُ وا الْقُرْاٰنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَبِ وَاَصْوَاتِہَا وَاِیَّاکُمْ وَلُحُوْنَ اَہْلِ الْفِسْقِ وَالْکَبَائِرِ فَاِنَّہٗ سَیَجِیْءُ اَقْوَامٌ مِنْ بَعْدِیْ یُرَجِّعُوْنَ الْقُرْاٰنَ تَرْجِیْعَ الْغِنَاءِ وَالرَّہْبَانِیَّۃِ وَالنَّوْحِ لَایُجَاوِزُ حَنَاجِرَہُمْ مَفْتُوْنَۃٌ قُلُوْبُہُمْ وَقُلُوْبُ مَنْ یُّعْجِبُہُمْ شَاْنُہُمْ۔

قرآن مجید کو لحون عرب اور ان کے اصوات سے پڑھو۔ اور اپنے آپ کو لحون اہل فسق وفجور سے بچاؤ۔ سو بلاشبہ عنقریب میرے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن کو مغنیوں اور راہبوں کی طرح اور نوحہ کی صورت پر پڑھیں گے۔ وہ ان کے حلقوم سے نیچے نہیں اترے گا۔ ان کے قلوب مفتون ہوں گے۔ اور ان لوگوں کے قلوب بھی جو ان کو عجیب الشان سمجھیں گے۔

محرر فن علامہ جزری رحمہ اللہ "النشر" میں فرماتے ہیں:۔

وَرَوَیْنَا عَنْ زَیْدِ ابْنِ ثَابِتٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ

اور ہم نے زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ

Marfat.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ بیشک
قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ اَنْ یُّقْرَأَ	اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں کہ قرآن
الْقُرْاٰنُ کَمَا اُنْزِلَ: اخرجہ ابن	اس طرح پڑھا جائے جیسا کہ وہ نازل
خزیمۃ فی صحیحہ.	کیا گیا ہے.

پھر ایک طویل سند کے ساتھ نقل فرماتے ہیں :-

عَنْ جُوَیْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاکِ	حضرت جویبر نے ضحاک سے روایت
قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ	کی ہے کہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ
رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ جَوِّدُوا	عنہ نے فرمایا ہے کہ قرآن کو مجوّد کرو اور
الْقُرْاٰنَ وَزَیِّنُوْہُ بِاَحْسَنِ	اُسے عمدہ آوازوں سے زینت دو اور
الْاَصْوَاتِ وَاَعْرِبُوْہُ فَاِنَّہٗ	اُسے واضح پڑھو پس بلا شبہ وہ واضح ہے
عَرَبِیٌّ وَاللّٰہُ یُحِبُّ اَنْ یُّعْرَبَ	اور اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں کہ اسے
بِہٖ.	واضح پڑھا جائے.

واجماع الامۃ: پس رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے زمانہ مبارک سے اس زمانہ تک جملہ تابعین تبع تابعین مفسّرین محدّثین، مجتہدین، فقہاء، قرّاء، مجودین اور علماء کا فرضیت اور وجوب تجوید پر اتفاق واتحاد ہے. چنانچہ نہایۃ القول المفید میں ہے :-

فَقَدِ اجْتَمَعَتِ الْاُمَّۃُ	پس یقیناً زمانہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ
الْمَعْصُوْمَۃُ عَنِ الْخَطَأِ عَلٰی	وسلّم سے لیکر ہمارے زمانہ تک اُمّت
وُجُوْبِ التَّجْوِیْدِ مِنْ زَمَنِ	معصومہ کا وجوب تجوید پر اجماع ہے

Marfat.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	اور کسی ایک نے بھی اس میں اختلاف
إِلَىٰ زَمَانِنَا وَلَمْ يَخْتَلِفْ فِيهِ	نہیں کیا اور یہ مضبوط دلائل میں سے
أَحَدٌ مِّنْهُمْ وَهٰذَا مِنْ أَقْوَى	ایک اقوی دلیل ہے۔
الْحُجَجِ	

الشیخ سعید بن سعد بن نبہان الحضرمیؒ تحفۃ الولید میں فرماتے ہیں :۔

حُكْمُهُ: أَنَّهُ فَرْضُ	اس کا حکم : بلا شبہ وہ فرض کفایہ ہے
كِفَايَةٍ وَالْعَمَلُ بِهٖ فَرْضُ	اور اس پر عمل فرض عین ہے ہر مکلّف
عَيْنٍ عَلَىٰ كُلِّ مُكَلَّفٍ .	پر۔

الشیخ محمد بن علی بن خلف الحسینی الشہیر بالحداد "القول السدید" میں فرماتے ہیں :۔

وَحُكْمُهُ: الْوُجُوبُ الْعَيْنِيُّ	اور اس کا حکم : وجوب عینی ہے : ہر قاری
عَلَىٰ كُلِّ قَارِئٍ مِّنْ مُّسْلِمٍ	مسلمان اور قاریہ مسلمہ پر بنا بر قول اللہ
وَّمُسْلِمَةٍ لِقَوْلِهٖ تَعَالَىٰ: وَ	تعالیٰ کہ قرآن کو ٹھیر ٹھیر کر پڑھ۔ یعنی
رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيلًا: اِيْ اِئْتِ	اُسے خوب آرام آرام اور اطمینان و تدبر
بِهٖ عَلَىٰ تُؤَدَةٍ وَطَمَانِيْنَةٍ	سے پڑھ۔ اور خوب ریاضتِ لسان کر
وَتَدَبُّرٍ وَّرِيَاضَةِ اللِّسَانِ	اُس حرف کی تفخیم کے ساتھ جس کی تفخیم
عَلَى الْقِرَاءَةِ بِتَفْخِيمِ مَا	کی جاتی ہے اور ترقیق کے ساتھ جس
يُفَخَّمُ وَتَرْقِيقِ مَا يُرَقَّقُ	کی ترقیق کی جاتی ہے اور مد کے ساتھ
وَمَدِّ مَا يُمَدُّ وَقَصْرِ مَا	جس کی مد کی جاتی ہے اور قصر کے ساتھ

Marfat.com

يُقْصَرُ وَادْغَامِ مَا يُدْغَمُ وَاظْهَارِ مَا يُظْهَرُ وَ اِخْفَآءِ مَا يُخْفٰى اِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ ؛

جس کی قصر کی جاتی ہے اور ادغام کے ساتھ جس کا ادغام کیا جاتا ہے اور اظہار کے ساتھ جس کا اظہار کیا جاتا ہے اور اخفاء کے ساتھ جس کا اخفاء کیا جاتا ہے وغیر ذلک ۔

ولقولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام :-

اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ كَمَا عَلِمْتُمُوْهُ وَلِاِجْمَاعِ الْاُمَّةِ بِهٖ وَلِنُزُوْلِ الْقُرْاٰنِ بِهٖ

اور بہ سبب حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : کہ قرآن ایسا پڑھو، جیسا کہ تم اس کو جانتے ہو اور بہ سبب اجماع امت سے اور بہ سبب نزول قرآن بالتجوید کے ۔

صاحب نہایۃ القول المفید الشیخ ابو العز القلانسی کے چند اشعار نقل کرتے ہیں :-

يَا سَائِلًا تَجْوِيْدَ ذَا الْقُرْاٰنِ ؛ فَخُذْ هُدَيْتَ عَنْ اُولِى الْاِتْقَانِ

اس قرآن کے تجوید کے بارے میں سوال کرنے والے ۔ ؛ پس حاصل کر میری ہدایت جو پختہ کار لوگوں سے منقول ہے

تَجْوِيْدُهٗ فَرْضٌ كَمَا الصَّلٰوةِ ؛ جَآءَتْ بِهِ الْاَخْبَارُ وَالْاٰيَاتُ

تجوید اس قرآن کی نماز کی طرح فرض ہے ؛ جس پر آیات و احادیث بکثرت وارد ہیں ۔

Marfat.com

وَجَاحِدُ التَّجْوِيْدِ فَهُوَ كَافِرٌ ؞ فَدَعْ هَوَاهُ إِنَّهُ لَخَاسِرٌ

اور منکرِ تجوید، سو وہ کافر ہے ؞ پس اس کی ہوا و ہوس کو چھوڑ اس لئے کہ وہ خاسر ہے۔

وَغَيْرُ جَاحِدِ الْوُجُوْبِ حُكْمُهُ ؞ مُعَذَّبٌ وَبَعْدَ ذَاكَ أَنَّهُ

اور غیر منکر وجوب کا حکم "یہ ہے کہ" ؞ وہ معذب ہوگا اور بعد اس کے وہ بیشک

يُؤْتَى بِهِ لِرَوْضَةِ الْجَنَّاتِ ؞ كَغَيْرِهِ مِنْ سَائِرِ الْعُصَاةِ

لایا جائے گا جنات کے باغوں میں ؞ جیسے دیگر تمام گناہ گار لائے جائیں گے

إِذِ الصَّلٰوةُ مِنْهُمْ لَا تُقْبَلُ ؞ وَلَعْنَةُ الْمَوْلٰى عَلَيْهِمْ تُنْزَلُ

اس لئے کہ نماز ان سے قبول نہیں کی جائیگی ؞ اور لعنت اللہ ان پر نازل کی جائے گی

لِأَنَّهُمْ كِتَابَ رَبِّيْ حَرَّفُوْا ؞ وَعَنْ طَرِيْقِ الْحَقِّ زَاغُوْا فَانْتَهُوْا

اس لئے کہ انہوں نے میرے رب کی کتاب کو محرّف کیا۔ ؞ اور طریق حق سے بھٹک گئے سو رک جاؤ اور باز آجاؤ۔

وَفِيْهِ: وَقَالَ الشَّمْسُ ابْنُ الْجَزَرِيْ فِيْ نَشْرِهٖ فَالتَّجْوِيْدُ فَرْضٌ عَلٰى كُلِّ مُكَلَّفٍ: ثُمَّ قَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَإِنَّمَا قُلْتُ التَّجْوِيْدُ فَرْضٌ لِأَنَّهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ بَيْنَ الْأَئِمَّةِ بِخِلَافِ الْوَاجِبِ فَإِنَّهُ

اور اس میں ہے اور فرمایا ہے شمس ابن الجزری نے اپنی کتاب نشر میں پس تجوید فرض ہے ہر مکلّف پر۔ پھر فرمایا رحمۃ اللہ نے کہ بلا شبہ میں نے کہا ہے کہ تجوید فرض ہے اس لئے کہ وہ بین الائمہ متفق علیہ ہے بخلاف واجب کے۔ کہ وہ مختلف فیہ ہے۔

Marfat.com

مُخْتَلَفٌ فِيْهِ

مقدمۃ الجزری میں فرماتے ہیں :-

وَالْاَخْذُ بِالتَّجْوِيْدِ حَتْمٌ لَازِمٌ ❊ مَنْ لَّمْ يُجَوِّدِ الْقُرْاٰنَ اٰثِمٌ

اور حاصل کرنا تجوید کا فرض اور لازم ہے ❊ جس نے قرآن مجود نہیں کیا وہ گناہ گار ہے

لِاَنَّهٗ بِهِ الْاِلٰهُ اَنْزَلَا ❊ وَهٰكَذَا مِنْهُ اِلَيْنَا وَصَلَا

اس لئے شان یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ❊ اور اسی طرح تجوید کے ساتھ اس سے

اُسے تجوید سے نازل کیا ہے . ❊ ہم تک پہونچا ہے .

ابن ناظم رحمۃ اللہ علیہ ان اشعار کی شرح میں لکھتے ہیں :-

فَاَخْبَرَ اَنَّ مُرَاعَاتَ قَوَاعِدِ التَّجْوِيْدِ وَالْاَخْذَ بِذٰلِكَ اَىِ الْعَمَلُ بِهٖ فَرْضُ عَيْنٍ. لَازِمٌ لِكُلِّ قَارِئٍ مِنْ قُرَّآءِ الْقُرْاٰنِ : ثُمَّ اَخْبَرَ اَنَّ مَنْ لَّمْ يُصَحِّحِ الْقُرْاٰنَ اٰثِمٌ اَىْ مَنْ لَّمْ يُرَاعِ قَوَاعِدَ التَّجْوِيْدِ فِىْ قِرَآءَتِهٖ عَاصٍ اٰثِمٌ بِعِصْيَانِهٖ وَالْاٰثِمُ مُعَاقَبٌ : نَعْلَمُ اَنَّ تَرْكَ التَّجْوِيْدِ حَرَامٌ لِاَنَّ الْحَرَامَ

پس خبر دی ہے کہ مراعات قواعد تجوید اور ان کا اخذ یعنی ان پر عمل کرنا فرض عین ہے . لازم ہے ہر قاری پر جو قرآن پڑھے پھر خبر دی ہے کہ جس نے قرآن کو صحیح نہیں کیا وہ گناہ گار ہے . یعنی جس نے اپنی قرآءت قرآن میں قواعد تجوید کی رعایت نہیں کی وہ عاصی ہے گناہ گار ہے اپنے گناہوں سے اور گناہ گار معاقب ہے . پس معلوم ہوا کہ ترکِ تجوید حرام ہے . اس لئے کہ حرام وہ ہے جس کے کرنے

Marfat.com

هُوَ الَّذِیْ یُعَاقَبُ عَلٰی فِعْلِهٖ	پر عذاب ہو اور اس کے ترک پر
وَیُثَابُ عَلٰی تَرْکِهٖ: ثُمَّ	ثواب۔ پھر تصحیح قرآن کے ترک کرنے
عَلَّلَ کَوْنَ الْقَارِیْ اٰثِمًا	پر قاری کے گناہ گار ہونے پر علت
بِتَرْکِ تَصْحِیْحِ الْقُرْاٰنِ،	بیان کی اور کہا۔ لانہ بالالہ انزلا
فَقَالَ لِاَنَّهٗ بِهٖ الْاِلٰهُ	یعنی تحقیق شان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ۔
اَنْزَلَا: اَیِ الشَّاْنُ اِنَّ اللّٰهَ	نے قرآن کو تجوید سے نازل فرمایا ہے
تَعَالٰی اَنْزَلَ الْقُرْاٰنَ بِالتَّجْوِیْدِ	فرمانے ہیں ورتلناہ ترتیلا
قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: وَرَتَّلْنَاهُ	یعنی ہم نے قرآن کو ترتیل یعنی
تَرْتِیْلًا: اَیْ اَنْزَلْنَاهُ بِالتَّرْتِیْلِ	تجوید سے اتارا ہے۔ سو بلا شبہ
اَیِ التَّجْوِیْدِ فَاِنَّهٗ اَنْزَلَهٗ،	اس نے افصح لغات سے نازل کیا
بِاَفْصَحِ اللُّغَاتِ وَهُوَ لُغَةُ	ہے اور وہ لغت عرب العرباء
الْعَرَبِ الْعَرْبَاءِ فَاِذَا کَانَ	ہے۔ پس جبکہ قرآن عربی ہے تو
الْقُرْاٰنُ عَرَبِیًّا یَنْبَغِیْ اَنَّهٗ	چاہیئے کہ اس میں لغت عرب
یُرَاعٰی فِیْهِ قَوَاعِدَ لُغَةِ	کے قواعد کی رعایت کی جائے یعنی
الْعَرَبِ مِنْ تَرْقِیْقِ الْمُرَقَّقِ	مرقق کی ترقیق۔ مفخم کی تفخیم۔ مدغم
وَتَفْخِیْمِ الْمُفَخَّمِ وَاِدْغَامِ	کا ادغام۔ مظہر کا اظہار۔ مخفی کا اخفاء
الْمُدْغَمِ وَاِظْهَارِ الْمُظْهَرِ	ممدود کا مد اور مقصور کا قصر کیا
وَاِخْفَاءِ الْمُخْفٰی وَمَدِّ الْمَمْدُوْدِ	جائے وغیرہ ذلک ان قواعد میں سے
وَقَصْرِ الْمَقْصُوْرِ وَغَیْرِ	جو ان کے کلام میں لازم ہے اور ان کا

Marfat.com

ذٰلِكَ مِمَّا هُوَ لَازِمٌ فِيْ كَلَامِهِمُ الَّذِيْ هُوَ سَلِيْقَةٌ لَّهُمْ لَا يُحْسِنُوْنَ غَيْرَهٗ. فَاِذَا لَمْ يُرَاعِ ذٰلِكَ فَكَاَنَّهٗ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ بِغَيْرِ لُغَةِ الْعَرَبِ وَالْقُرْاٰنُ لَيْسَ كَذٰلِكَ فَهُوَ قَارِئٌ وَّلَيْسَ بِقَارِئٍ بَلْ هَادِمٌ وَعَدَمُ قِرَاءَتِهٖ اَوْلٰى مِنْ قِرَاءَتِهٖ وَهُوَ بِهَا مِنَ الَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا: وَمِنَ الدَّاخِلِيْنَ فِيْ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُبَّ قَارِئٍ لِّلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ يَلْعَنُهٗ.

طبعی سلیقہ ہے جو اس کے غیر کو پسند اور برداشت نہیں کرتے ہیں پس جب ان احکام کی رعایت نہ کی گئی تو گویا اس نے قرآن بغیر لغت عرب کے پڑھا. حالانکہ قرآن ایسا نہیں. پس وہ قاری ہے لیکن حقیقت میں قاری نہیں بلکہ ہادم ہے اور اس کا نہ پڑھنا بہتر ہے پڑھنے سے اور وہ اس کی وجہ سے ان لوگوں میں سے ہوا جن کی تمام کوشش دنیا میں غارت گئیں اور وہ اس گمان میں ہیں کہ انہوں نے کچھ اچھے کارنامے انجام دیئے اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے تحت میں داخل ہوئے کہ بعض قاری قرآن پڑھتے ہیں اور حال یہ ہے کہ قرآن ان پر لعنت بھیجتا رہتا ہے.

نہایۃ القول المفید میں ہے کہ ابن غازی نے شرح جزری میں لکھا ہے کہ

Marfat.com

فرضیتِ تجوید پر ابن جزری منفرد نہیں ہیں بلکہ ابی عبداللہ نصر بن الشیرازی مصنف الموضح. فخرالرازی اور ان کے شیوخ کی ایک بہت بڑی جماعت سے بھی یہی منقول ہے اور علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اتقان میں. حافظ احمد قسطلانی نے لطائف الاشارات میں اور علامہ نویری نے شرح طیبہ میں فرضیتِ تجوید پر اتفاق کیا ہے اور ان سے پیشتر مکی بن ابی طالب اور علامہ دانی جیسے جلیل القدر مشائخ جو تحقیق و تدقیقِ قرآءات کے عالم ہیں اور جن کی سندیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب اور متصل ہیں تجوید اور عمل بالتجوید پر متفق ہیں اور اس کی فرضیت کے قائل ہیں۔

اگر کہا جائے کہ کیسے معلوم ہوا کہ علمِ تجوید اور قواعد تجوید از قسم ادغام و اخفا اور مدود وغیرہ منجانب اللہ ہیں حالانکہ یہ سب مجوزہ قواعد ہیں اور اصطلاحاتِ مجودین و قرآء ہیں تو اس کا ثبوت منجانب اللہ ہونے کا یہ ہے کہ قرآن کریم کا نزول عربی زبان میں ہوا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:--

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ؛

وقال اللہ تعالیٰ لِسَانُ الَّذِىْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِىٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيْنٌ ؛ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؛ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ. عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ؛ بِلِسَانٍ عَرَبِىٍّ مُّبِيْنٍ ؛ اور لسانِ عربی کے اصول و قواعد ہی اصولِ تجوید و ادا ہیں اسی لئے علامہ جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں لانہ بہ الالہ انزلا. وہکذا منہ الینا وصلا. علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ الاتقان فی

Marfat.com

علوم القرآن میں فرماتے ہیں کہ تمام آئمہ اصول مثل قاضی ابی بکر وغیرہ نے اس کے منجانب اللہ ہونے پر نص کی ہے اور یہی صواب ہے اس لئے کہ جب تواترِ لفظ ثابت ہے تو ہیأتِ ادا بھی ثابت ہے کیونکہ لفظ قائم نہیں رہتا مگر اپنی ادا اور ہیأت سے اور صحیح نہیں ہوتا مگر اپنے وجود سے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ تجوید اور عمل بالتجوید منجانب اللہ اور منزّل من عند اللہ ہیں اور تواتر سے ثابت ہے اور قواعد عربیہ اور اصطلاحاتِ مجوّدین اس کے لئے مبیّن و شرح ہیں۔

سوچنا چاہیئے کہ تجوید کو کیسے غیر ضروری قرار دیا جا سکتا ہے اور عمل بالتجوید کو کیسے ترک کیا جا سکتا ہے جبکہ اللہ تعالےٰ اپنا کلام اپنے نبی کی فصیح زبان میں اتار کر ساتھ ہی ترتیل و تجوید کا حکم بھی دیتے ہیں حالانکہ وہ افصح العرب العرباء ہیں اور وہ اپنی زبان کے قواعد و اصول اور فصاحت سے خوب واقف ہیں۔ نیز اُمت ابتدائیہ اور مخاطب اول اپنی زبان کی خوبیوں کو کما حقہ، جانتے ہیں۔ لسان العرب اُم الالسنہ، اول الالسنہ اور افصح الالسنہ ہے۔ لسان العرب اپنے اندر فصاحت و بلاغت، تزئین حروف و کلمات اور تحسین صوت کی ایک ایسی ممتاز اور واحد شان رکھتی ہے جو دیگر السنہ میں قطعاً مفقود ہے۔ ان لامثال ولازوال خوبیوں کی وجہ سے اہل عرب اپنی لسان کے ناقص اور غلط تلفظ کو ایسا ہی مکروہ و معیوب تصور کرتے ہیں جس طرح اہل عجم اپنی زبان کے غلط تلفظ کو معیوب سمجھتے ہیں۔ مثلاً ہم پنکھا، گنجا اور سنگ و پلنگ وغیرہ الفاظ میں اخفاء نون سے تلفظ کرتے ہیں اور اُسے خوبی اور فصاحتِ زبان تصور کرتے ہیں اور اگر اس قسم کے الفاظ میں اظہار نون سے تلفظ کیا جائے تو کس قدر

Marfat.com

کریہہ اور معیوب معلوم ہوتے ہیں؟ بالکل اسی طرح بلکہ اس سے بھی بڑھ کر اہل عرب اپنی لسان میں غلط تلفظ کو مکروہ و معیوب تصور کرتے ہیں اور ایسی اداء کا مذاق اڑاتے ہیں۔ پھر کلام اللہ میں ترکِ تجوید سے جو نقائص پیدا ہوتے ہیں صاحب کلام اسے کب پسند فرماتے ہیں۔ فَاقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ بِالتَّجْوِيْدِ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا.

Marfat.com

مَوْضُوْعُ التَّجْوِیْدِ

س : تجوید کا موضوع کیا ہے ؟

ج : تجوید کا موضوع کلماتِ قرآنی ہیں اور بعض کے نزدیک کلماتِ حدیث بھی تجوید کا موضوع ہیں !

<u>تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ</u> :۔ جاننا چاہیئے کہ تجوید کا موضوع کتاب اللہ اور کلمات القرآن ہیں اور اہلِ اداء کا اس پر اتفاق ہے اس لئے کہ قرآن کریم من اولہ الی آخرہٖ اللہ تعالٰی کا کلام ہے اور منزّل من اللہ ہے اور اس کا نزول بالتجوید خود قرآن سے ثابت ہے جیساکہ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيلًا۔ گذر چکا ہے۔ اسی وجہ سے یہ متفق علیہ ہے اور اس بارہ میں کسی کا اختلاف نہیں ہے ۔

بعض علماء نے تجوید کا موضوع کلمات حدیث کو بھی قرار دیا ہے چنانچہ احادیث قدسیہ تو ظاہر ہی ہیں کہ وہ من جانب اللہ ہیں اور دیگر احادیثِ نبوی میں بھی کلام کی گنجائش نہیں کیونکہ :۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود ؛ گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

اس لئے حدیث کے الفاظ مجود و مرتل پڑھنا بھی ضروریاتِ دین میں سے ہے ورنہ مفہومِ حدیث شارع علیہ السلام کے مقصود کے خلاف ہو جائے گا ۔

فَمَنْ جَهَدَ وَجَدَ الْمَطْلُوْبَ

-:-

Marfat.com

غَايَةُ التَّجْوِيْدِ

س : تجوید کی غرض و غایت کیا ہے ؟

ج : تجوید کی غرض و غایت لفظِ قرآنی کے اداء کرنے میں حدِ انتہا تک پہنچنا اور اس کو اعلیٰ وارفع مرتبہ میں ادا کرنا ہے۔

توضیحُ الجواب: جاننا چاہیئے کہ تجوید کی غرض و غایت ہے: بُلُوْغُ النِّهَايَةِ فِيْ إِتْقَانِ لَفْظِ الْقُرْآنِ عَلٰى مَا تُلُقِّيَ مِنْ حَضْرَةِ النَّبَوِيَّةِ الْأَفْصَحِيَّةِ یعنی قرآن کریم کے الفاظ کی صحت و پختگی میں اس درجہ تک رسائی حاصل کرنا ہے جس درجہ پر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل امین ؑ سے بالمشافہ حاصل کیا ہے۔ نیز قرآن کریم کی اتقان چار امور کی معرفت پر موقوف ہے اور ان امور میں کمال حاصل کرنے کے بعد ہی اتقان حروف کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور غرض و غایت تجوید کما حقہ پوری ہوتی ہے۔ وہ امور اربعہ یہ ہیں:

۱ : معرفت مخارج الحروف (۲) معرفت صفات الحروف

۳ : معرفت مَا يَتَجَدَّدُ مِنْ تَرْكِيْبِ الْحُرُوْفِ .

۴ : رِيَاضَةُ اللِّسَانِ وَكَثْرَةُ التَّكْرَارِ بِأُمُوْرِ الثَّلٰثَةِ السَّابِقَةِ

لیکن امورِ اربعہ اور تجوید میں کمال حاصل کرنے کے ساتھ ارکانِ قرآن کا جاننا بھی ضروری ہے کیونکہ ارکانِ قرآن پر ہی صحت اور تواترِ قرآءۃ کا دار و مدار ہے اور ارکانِ قرآن تین ہیں

رکنِ اوّل: صِحَّةُ السَّنَدِ :- ہے یعنی قاری قرآن پر یہ لازم ہے کہ کسی

Marfat.com

شیخ سے شرفِ تلمذ حاصل کرے جو مشاق، حاذق و مشفق ہو اور فنِ تجوید و قراءۃ میں مہارتِ تامہ رکھتا ہو اور جس کی سند بلا تدلیس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے متصل ہو۔

رکنِ ثانی : مَعْرِفَةُ الرَّسْمِ الْعُثْمَانِيُّ : ہے یعنی قاری قرآن کے لئے لازم ہے کہ وہ علم رسم الخط العثمانی حاصل کرے اگرچہ رسم احتمالی ہو تاکہ مقطوع و موصول، ثابت و محذوف، مقصور و ممدود اور مدور و مطولہ وغیرہ میں تمیز کرسکے اور وقف و ابتداء علی حال مرسوم الخط کرسکے۔

رکن ثالث : مَعْرِفَةُ الْوُقُوْفِ : ہے یعنی قاری قرآن کیلئے لازم ہے کہ وہ علم الوقف والابتداء حاصل کرے تاکہ وقف ابتداء کے لئے محل کا انتخاب کر سکے اور وقف حسب اصولِ وقف اور کیفیتِ وقف کرسکے۔ اور احکام و اقسام وقف جان لے تاکہ وقفِ حرام و قبیح سے احتراز و اجتناب کرسکے۔

رکن رابع : اَنْ تَوَافَقَ الْقِرَاءَةُ وَجْهًا مِّنْ اَوْجُهِ النَّحْوِ : ہے یعنی قاری قرآن پر فرض اور واجب ہے کہ وہ قرآءت کو وجوہِ نحو میں سے کسی ایک وجہ کے موافق و مطابق رکھے اگرچہ وجہ ضعیف ہی ہو۔ نیز اس پر لازم ہے کہ انتخاب قرآءۃ اور تخصیصِ روایت میں محتاط رہے اور خلط فی القراءات اور ایسا ہی خلط فی الروایات اور اشتراک فی الوجوہ سے اجتناب کرے۔

پس غایتِ تجوید میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کے لئے مندرجہ بالا امور اربعہ میں مہارتِ تامہ حاصل کرنا اور ارکان اربعہ پر مضبوطی سے کاربند رہنا لازم اور ضروری ہے ورنہ اگر ارکانِ اربعہ میں سے کوئی رکن ترک کر دیا گیا تو قرآءۃ غیر معتبر اور شاذہ ہوگی۔

Marfat.com

وَلَا یَجُوْزُ التِّلَاوَۃُ بِنِیَّۃِ الْقُرْاٰنِیَّۃِ بِالْقِرَاءَۃِ الشَّاذَّۃِ۔

ثَمْرَۃُ التَّجْوِیْدِ: تجوید کا ثمرہ ہے۔ صَوْنُ اللِّسَانِ عَنِ الْخَطَاءِ فِیْ کَلِمَاتِ الْقُرْاٰنِ وَقْتَ تِلَاوَتِہٖ مِنَ الزِّیَادَۃِ وَالنُّقْصَانِ: یعنی حسب استطاعت بوقت تلاوت کلماتِ قرآن میں زبان کو غلطی سے بچانا اور کمی زیادتی سے محفوظ رکھنا ہے۔

فَضْلُ التَّجْوِیْدِ: شَرَفُہٗ عَلٰی غَیْرِہٖ مِنَ الْعُلُوْمِ لِتَعَلُّقِہٖ بِاَشْرَفِ الْکَلَامِ: یعنی تجوید کی شرف وفضیلت دیگر علوم (دینیہ) پر اس لئے زیادہ ہے کہ وہ متعلق بہ اشرف الکلام ہے۔

نِسْبَۃُ التَّجْوِیْدِ لِغَیْرِہٖ مِنَ الْعُلُوْمِ: اَلتَّبَایُنُ: یعنی تجوید کی نسبت دیگر علوم (قرآنیہ) سے تباین وتمایز ہے۔

وَاضِعُ التَّجْوِیْدِ: اَئِمَّۃُ الْقُرَّاءِ۔ یعنی علم تجوید وضع کرنے والے ائمہ قرآءات ہیں۔ اس حیثیت سے کہ انہوں نے اس کے قواعد وضوابط کو ایک دوسرے سے مرتبط اور منسلک کر کے چند قضایا اور کلیات کی صورت میں پیش کر دیا ہے۔ فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ عَنَّا اَحْسَنَ الْجَزَاءِ۔

اِسْمُ التَّجْوِیْدِ: عِلْمُ التَّجْوِیْدِ: عِلْمُ التَّحْسِیْنِ: عِلْمُ التَّزْیِیْنِ: یعنی تینوں ناموں سے موسوم کیا گیا ہے۔ پس تجوید ایک ایسا لطیف علم ہے جس میں حروفِ ہجائیہ قرآنیہ کے مخارج وصفات سے بحث کی جاتی ہے اور مَا یَتَجَدَّدُ مِنْ تَرْکِیْبِ الْحُرُوْفِ کلیاتِ اصول وقواعد اور قوانین وقضایا بیان کئے جاتے ہیں، نیز تزئین حروف وتحسینِ صوت کے رموز

بتلائے جاتے ہیں۔

مَسَائِلُ التَّجْوِیْدِ ، قَضَایَاهُ الَّتِیْ یَتَوَصَّلُ بِهَا اِلٰی مَعْرِفَةِ اَحْکَامٍ جُزْئِیَّاتِهَا یعنی مسائل تجوید چند ایسے قضایا اور کلیات ہیں جن کے ذریعہ سے احکام جزئیات کی طرف راہ نمائی کی جاتی ہے اور رسائی حاصل ہوتی ہے مثلاً حروف ہجا کے اسمآء میں غور کیا جائے تو دو چیزیں یعنی دو قاعدے سامنے آجاتے ہیں ایک اظہار کا اور دوسرا ادغام کا اور یہ دونوں قاعدے پورے انتیس[۲۹] حروف میں منتشر ہیں۔ قرآء کرام نے حروف ہجاء کو دو قسموں "قمری و شمسی" میں تقسیم کر کے دو مختلف قضیئے اور قاعدے ایسے بنا دیئے جن کے ذریعہ سے حروف ہجا کے اسمآء میں اظہار یا ادغام متعین ہو جاتا ہے جیسے کہتے ہیں کہ الف لام تعریف کا حروف قمری میں اظہار ہوتا ہے اور حروف شمسی میں ادغام۔ تو ایک قضیہ یا قاعدہ اظہار کا ہوا اور دوسرا ادغام کا پس ان قاعدوں کی وساطت سے پورے حروف ہجا کے اسمآء میں جزوی طور پر پتہ چلتا ہے کہ اظہار کہاں کیا جاتا ہے اور ادغام کہاں۔ پھر ان ہی دو قاعدوں کے ذریعہ سے پورے کلام اللہ میں الف لام تعریف کے اظہار و ادغام کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ فافہم۔

فَائِدَةُ التَّجْوِیْدِ : اَلْفَوْزُ بِسَعَادَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔ یعنی تجوید کا فائدہ دنیا و آخرت کی کامیابی، بلندی درجات اور دیدار خداوند قدوس ہے اور یہی معنے ہیں کسی کے قول کے۔ مَنْ یُحْسِنِ التَّجْوِیْدَ یَظْفَرْ بِالرُّشْدِ :

Marfat.com

اَخْذُ التَّجْوِیْدِ

س : تجوید کس سے اور کیسے اخذ کیا جاتا ہے ؟

ج : تجوید و قرآءۃ افواہِ مشائخ العارفین سے بالمشافہ اخذ کی جاتی ہے اور وہ بہ توقیف مشائخ الماہرین پایۂ تکمیل کو پہونچتی ہے اور حصول کا ذریعہ فقط ایک ہی ہے اور وہ ہے سمع و اسماع یعنی سننا سنانا. جو زمانہ نبوی ؐ سے نقلاً بعد نقلٍ اسی طرح چلا آرہا ہے .

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ تجوید و قرآءۃ کے اخذ کرنے کے اہل فن نے تین طریقے بتلائے ہیں ایک یہ کہ شیخ پڑھیں اور تلمیذ سنیں دوم یہ کہ تلمیذ پڑھیں اور شیخ سنیں. سوم ان دونوں کا مجموعہ ہے وہ یہ کہ اولاً شیخ پڑھیں اور تلمیذ سنیں پھر تلمیذ پڑھیں اور شیخ سنیں.

پس جب طالب تجوید و قرآءۃ کو شیخِ کامل مشاق و حاذق اور محسن و مشفق ماہر بہ علوم تجوید و قرآءۃ میسر آجائے تو آدابِ قرآن اور آدابِ شیخ بجالاتے ہوئے شیخ کے روبرو بیٹھیں اور شیخ اپنے تلمیذ کو اپنی طرف متوجّہ کر کے حروف ہجاء کی تعلیم حرفاً حرفاً شروع کرائے اور ہر حرف کو ساکن کر کے بوساطت ہمزہ متحرک تلفظ بتلاتا جائے تلفظ کرتے وقت مخارج حروف کی نشاندہی کرتا جائے ——

اور حرفِ ساکن و مشدد میں فرق بتلاتے ہوئے احتباسِ صوت فی المخرج کی کیفیت سمجھاتا جائے. نیز صفاتِ لازمہ اور جو کچھ صفاتِ لازمہ سے متفرع ہوں اس کی طرف

Marfat.com

راہ نمائی کرتا جائے۔

تلمیذ خلوصِ نیت سے شیخ کے منہ کی طرف دیکھتا رہے اور شیخ کے تلفظ و ادا کے مطابق تلفظ کرتا رہے اور بتلائے ہوئے مخارج سے حروف ادا کرنے کی کوشش بلیغ کرتا رہے۔ نیز صفات لازمہ اور مَا یَتَفَرَّعُ مِنَ الصِّفَاتِ اللَّازِمَۃِ پر شیخ کی ہدایات کے مطابق عمل کرتا رہے تاوقتیکہ حروف ہجا سکون خالص اور تشدید کامل کے ساتھ ادا کرنے میں مہارت تامہ حاصل کرلے اور شیخ تصحیح حروف و مخارج اور تکمیلِ صفات پر اطمینان ظاہر کردے۔

بعد ازاں شیخ حرکاتِ ثلاثہ کے ساتھ حروف ہجا کی اصوات حرفاً حرفاً بتلاتا جائے اور منہ کی کیفیاتِ ثلاثہ یعنی انفتاحِ فم وصوت۔ انخفاضِ فم وصوت اور انضمام شفتین و اقامتِ صوت کی طرف توجہ دلاتا رہے۔ نیز حرکتِ معروف و مجہول اور حرکتِ مشبعہ و غیر مشبعہ میں فرق بتلاتا جائے۔ اسی طرح تفخیم و ترقیقِ حروف کی مشق کراتا جائے تاوقتیکہ مفردات کے تمام مراحل مکمل ہو جائیں۔

تلمیذ نہایت مستعدی کے ساتھ شیخ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے انتہائی استقلال کے ساتھ مشق کرتا رہے تاوقتیکہ حروفِ مفردہ متحرکہ کی اصوات پورے معیار پر آجائیں اور شیخ بطیبِ خاطر حرکاتِ ثلاثہ کے صحیح ہونے کی تصدیق کردے۔

مفردات کا مرحلہ طے ہو جانے اور حروف و حرکات کا منزل صحیح ہو جانے کے بعد اب شیخ مرکبات یعنی کلمات و جمل کی تعلیم شروع کرائے اور پڑھ پڑھ کر سناتا جائے . . . اور تلمیذ رشید بگوش ہوش سنتا جائے اور شیخ کی ادائے حروف و صفاتِ لازمہ اور تفخیم و ترقیق کا اندازہ لگاتا رہے اور مَا یَتَجَدَّدُ مِنْ تَرْكِيبِ الْحُرُوفِ

یعنی جو احکام و مسائل اور صفاتِ عارضہ ترکیب حروف و کلمات سے پیدا ہو کر ظہور میں آئیں ان میں شیخ کی ادا، ذہن نشین کرتا رہے اور دیکھتا رہے کہ اظہار و ادغام، اقلاب و اخفاء کرنے وقت شیخ کا اندازِ ادا اور کیفیت ادا کیا ہے۔ اسی طرح مدود اور اقسامِ مدود میں مقادیر مدود کا جائزہ لیتا رہے۔ وعلیٰ ہذا تحقیق و تسہیل ہمزہ۔ روم و اشمام۔ محلِ وقف۔ کیفیتِ وقف اور قسمِ وقف کو پورے طور پر دل و دماغ میں محفوظ کرتا جائے اور شیخ کے کمالاتِ فن اور عربی لب و لہجہ کو سمجھنے کی کوشش کرتا رہے۔

شیخِ مشفق کے اسماع اور سنانے کے بعد اب تلمیذ پڑھ کر سنائے اور شیخ غور سے سُنے اور اشاروں کنایوں سے مندرجہ بالا امور و احکام کی طرف توجہ دلاتا جائے اور نقائص پر تنبیہ کرتا رہے۔ نہ سمجھیں تو زبان سے بتلائے۔ اور یہ سلسلہ تعلیم و تعلّم اور اخذ قرآءۃ عن فم الشیخ وقتاً فوقتاً عرصہ دراز تک جاری رہے اور تلمیذ انفرادی طور پر خلوت و جلوت میں انتہائی جد و جہد سے مشق و تکرار کرتا رہے حتیٰ کہ تلمیذ کی ادا، من کل الوجوہ شیخ کی ادا سے عین مطابق ہو جائے اور شیخ بغیر لیت و لعل کے اُس کے ماخوذ کی صحت کی تصدیق کر دے۔ علامہ جزری رحمہ اللہ النشر میں تحریر فرماتے ہیں:

اَوَّلُ مَا یَجِبُ عَلٰی	قراءۃ قرآن مضبوط کرنے والے
مُرِیْدِ اِتْقَانِ قِرَآءَةِ	پر اولاً یہ واجب ہے کہ وہ مخارج
الْقُرْاٰنِ تَصْحِیْحُ اِخْرَاجِ	صحیح کرے اور ہر حرف کو اس کے
کُلِّ حَرْفٍ مِّنْ مَّخْرَجِهٖ	مخصوص مخرج سے اس طرح نکالے کہ

Marfat.com

الْمُخْتَصِّ بِهٖ. تَصْحِيحًا يَمْتَازُ بِهٖ عَنْ مُقَارِبِهٖ.	جس سے وہ اپنے مقارب سے الگ ہو جائے۔
وَتَوْفِيَةُ كُلِّ حَرْفٍ صِفَتَهُ الْمَعْرُوْفَةَ بِهٖ تَوْفِيَةً تُخْرِجُهُ عَنْ مُجَانِسِهٖ.	اور ہر حرف کو اس کی صفت معروفہ عطا کرتے ہوئے اس طرح موصوف کرے کہ وہ اپنے مجانس سے جدا اور ممتاز ہو جائے۔
يُعْمِلُ لِسَانَهٗ وَفَمَهٗ بِالرِّيَاضَةِ فِيْ ذٰلِكَ إِعْمَالًا يَصِيْرُ ذٰلِكَ لَهٗ طَبْعًا وَّسَلِيْقَةً	اپنے فم ولسان کو کام میں لائے اور اس قدر ریاضت کرے کہ حروف کو مخارج سے نکالنا اور صفات سے موصوف کرنا اس کی طبیعت ثانیہ اور سلیقہ دائمہ بن جائے۔
فَكُلُّ حَرْفٍ شَارَكَ غَيْرَهٗ فِيْ مَخْرَجٍ فَإِنَّهٗ لَا يَمْتَازُ عَنْ مُشَارِكِهٖ إِلَّا بِالصِّفَاتِ.	پس ہر وہ حرف جو مخرج میں دوسرے حرف سے مشترک ہوتا ہے وہ اس سے جدا نہیں ہوتا مگر فقط صفات سے۔
وَكُلُّ حَرْفٍ شَارَكَ غَيْرَهٗ فِيْ صِفَاتِهٖ فَإِنَّهٗ لَا يَمْتَازُ عَنْهُ إِلَّا بِالْمَخْرَجِ.	اور ہر وہ حرف جو صفات میں دوسرے حرف سے مشترک ہوتا ہے ممتاز نہیں ہوتا مگر فقط مخرج سے۔
وَقَالَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى.	اور فرماتے ہیں رحمہ اللہ تعالیٰ کہ

Marfat.com

فَاِذَا اَحْكَمَ الْقَارِئُ النُّطْقَ بِكُلِّ حَرْفٍ عَلٰى حِدَتِهٖ مُوَفٍّ حَقَّهٗ فَلْيَعْمَلْ بِنَفْسِهٖ بِاَحْكَامِهٖ حَالَةَ التَّرْكِيْبِ لِاَنَّهٗ يَنْشَأُ عَنِ التَّرْكِيْبِ مَا لَمْ يَكُنْ حَالَةَ الْاِفْرَادِ وَذٰلِكَ ظَاهِرٌ

پس جب قاری ہر حرف پر علیحدہ علیحدہ نطق مضبوط کرلے اور ہر حرف کو اس کا حق ادا کردے تو چاہیئے کہ وہ حالتِ ترکیب کے احکام کی طرف متوجہ ہوجائے اس لئے کہ حالتِ ترکیب سے ایسے احکام پیدا ہوجاتے ہیں جو حالتِ افراد میں نہیں ہوتے ہیں اور یہ ایک بدیہی بات ہے۔

فَكَمْ مِّمَّنْ يُّحْسِنُ الْحُرُوْفَ مُفْرَدَةً وَّلَا يُحْسِنُهَا مُرَكَّبَةً بِحَسَبِ مَا يُجَاوِرُهَا مِنْ مُّجَانِسٍ وَّمُقَارِبٍ وَقَوِيٍّ وَّضَعِيْفٍ وَّمُفَخَّمٍ وَّمُرَقَّقٍ فَيَجْذِبُ الْقَوِيُّ الضَّعِيْفَ وَيَغْلِبُ الْمُفَخَّمُ الْمُرَقَّقَ

پس کتنے قاری ہیں جو مفرد حروف کو تو عمدہ ادا کرلیتے ہیں مگر مرکب کو عمدہ ادا نہیں کرسکتے ہیں. خاص کر جب دو حرف مجاور ہوں یعنی مجانس و متقارب قوی وضعیف. مفخم و مرقق تو قوی ضعیف کو جذب کرلیتا ہے اور مفخم مرقق پر غالب آجاتا ہے

فَيَصْعَبُ عَلَى اللِّسَانِ النُّطْقُ بِذٰلِكَ عَلٰى حَقِّهٖ اِلَّا بِالرِّيَاضَةِ الشَّدِيْدَةِ حَالَةَ التَّرْكِيْبِ.

پس اس حالت میں لسان پر نطق دشوار ہوتا ہے اور حرف مجاور کما حقہٗ ادا نہیں ہوتا، بجز ریاضتِ شدیدہ کے حالت ترکیب میں.

Marfat.com

فَمَنْ اَحْكَمَ صِحَّةَ اللَّفْظِ حَالَةَ التَّرْكِيْبِ حَصَّلَ حَقِيْقَةَ التَّجْوِيْدِ بِالْاِتْقَانِ وَالتَّدْرِيْبِ	پس جس نے حالت ترکیب میں صحت لفظ مضبوط کر لیا اس نے حقیقت تجوید اتقان و تدریب سے حاصل کر لیا۔

نہایۃ القول المفید میں ہے :-

قَالَ اَبُوْ عَمْرِو نِ الدَّانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى : يَنْبَغِيْ لِلْقَارِئِ اَنْ يُّعَوِّدَ نَفْسَهٗ عَلٰى تَفَقُّدِ الْحُرُوْفِ الَّتِيْ لَا يُوْصَلُ اِلٰى حَقِيْقَةِ اللَّفْظِ بِهَا اِلَّا بِالرِّيَاضَةِ الشَّدِيْدَةِ وَالتِّلَاوَةِ الْكَثِيْرَةِ مَعَ الْعِلْمِ بِحَقَائِقِهَا وَالْمَعْرِفَةِ بِمَنَازِلِهَا :	ابو عمرو دانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ قاری کو چاہیئے کہ وہ اپنے آپ کو ان حروف کے تفقد کی طرف متوجہ کرے جن میں حقیقت لفظ کی طرف رسائی حاصل نہیں ہوتی مگر ریاضت شدیدہ اور تلاوت کثیرہ کے ساتھ مع علم بحقائقِ حروف اور معرفت بمنازلِ حروف کے ساتھ۔
فَيُعْطِيْ كُلَّ حَرْفٍ مِّنْهَا حَقَّهٗ مِنَ الْمَدِّ اِنْ كَانَ مَمْدُوْدًا وَمِنَ الْمُتَمَكِّنِ اِنْ كَانَ مُتَمَكِّنًا وَمِنَ الْهَمْزِ اِنْ كَانَ مَهْمُوْزًا وَمِنَ الْاِدْغَامِ اِنْ كَانَ	پس قاری عطا کرے ہر حرف کو اس کا حق یعنی مد اگر وہ ممدود ہے، تمکن اگر وہ متمکن ہے، ہمزہ اگر وہ مہموز ہے، ادغام اگر وہ مدغم ہے، اظہار اگر وہ مظہر ہے، اخفاء اگر وہ مخفی ہے

Marfat.com

مُـنْ غمًا وَمِنَ الْاِظْهَارِ اِنْ
كَانَ مُظْهَرًا وَّمِنَ الْاِخْفَاءِ
اِنْ كَانَ مَخْفِيًا وَّمِنَ الْحَرْكَةِ
اِنْ كَانَ مُحَرَّكًا وَّمِنَ
السُّكُوْنِ اِنْ كَانَ سَاكِنًا.
وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ عَلٰى حَسْبِ
مَا يَتَلَقَّاهُ مِنْ اَفْوَاهِ الْمَشَائِخِ
الْعَارِفِيْنَ بِكَيْفِيَّةِ اَدَاءِ الْقِرَاءَةِ
حَسْبَ مَا وَصَلَ اِلَيْهِمْ
مِنْ مَّشَائِخِهِمْ مِنَ الْحَضْرَةِ
النَّبَوِيَّةِ اَوْ فَصِيْحَةِ لَا
بِمُجَرَّدِ اقْتِصَارٍ عَلَى النَّقْلِ
مِنَ الْكُتُبِ الْمُدَوَّنَةِ اَوْ
اِكْتِفَاءِ بِالْعَقْلِ الْمُخْتَلِفِ
الْاَفْكَارِ.
وَلِلّٰهِ دَرُّ الْحَافِظِ ابْنِ
الجزری رح حَيْثُ قَالَ: وَلَا
اَعْلَمُ سَبَبًا لِبُلُوْغِ النِّهَايَةِ
الْاِتْقَانِ وَالتَّجْوِيْدِ وَوُصُوْلِ

حرکت اگر وہ متحرک ہے. سکون اگر وہ
ساکن ہے
اور یہ سب کچھ اس کے مطابق
ہوں جو اس نے پایا اور حاصل کیا ہے
ان مشائخ کے افواہ سے جو کیفیت
ادا ، قرآءۃ سے بخوبی واقف ہیں یا بکل
اسی طرح جیسا کہ ان کو ان کے مشائخ
سے پہونچا ہے اور ان کو حضرت نبویہ
افصیحہ سے ملا ہے نہ فقط اقتصار نقل
کتب مدونہ سے یا اکتفاء عقل مختلف
الافکار سے .
اور اللہ ہی کے لئے خوبی ہے حافظ
ابن جزری رح کی جب کہ فرمایا اور میں
اتقان و تجوید حروف کے اعلیٰ مقام
پر پہونچنے کے لئے اور انتہائے تصحیح و تسدید

Marfat.com

غَايَةِ التَّصْحِيحِ وَالتَّشْدِيدِ مِثْلَ رِيَاضَةِ الْأَلْسُنِ وَالتَّكْرَارِ عَلَى اللَّفْظِ الْمُتَلَقَّى مِنْ فَمِ الْمُحْسِنِ وَأَنْتَ تَرَى تَجْوِيدَ حُرُوفِ الْكِتَابَةِ كَيْفَ يَبْلُغُهَا الْكَاتِبُ بِالرِّيَاضَةِ أَوِ التَّكْرَارِ وَتَوْقِيفِ الْأُسْتَاذِ.	حروف میں رسائی کے لئے کوئی سبب نہیں جانتا مثل ریاضتِ السنہ کے اور فم محسن سے پائے ہوئے لفظ پر کثرتِ تکرار سے اور تو تو دیکھتا ہے تجوید حروفِ کتابت کو کہ کس طرح کاتب ریاضتِ قلم، بار بار لکھنے اور استاذ کے بتلانے سے کتابت کے اعلیٰ مقام پر پہونچ جاتا ہے اور وہ خوشنویس ہو جاتا ہے۔

گر تو می خواہی کہ باشی خوشنویس ❊ می نویس و می نویس و می نویس

وَلِلّٰهِ دَرُّ الْحَافِظِ أَبِي عَمْرٍو الدَّانِي رَحِمَهُ اللّٰهُ حَيْثُ يَقُولُ لَيْسَ بَيْنَ التَّجْوِيدِ وَتَرْكِهِ إِلَّا رِيَاضَةٌ لِمَنْ تَدَبَّرَ بِفَكِّهِ فَلَقَدْ صَدَقَ وَبَصَرَ وَأَوْجَزَ فِي الْقَوْلِ وَمَا قَصَرَ.	اور اللہ ہی کیلئے خوبی ہے۔ حافظ ابی عمرو دانی رحمہ اللہ کی جب کہ فرماتے ہیں: نہیں ہے درمیان تجوید اور ترکِ تجوید کے کچھ فرق مگر ریاضت اس کی جس نے سوچ سمجھ کر اپنے جبڑوں سے کام لیا پس قائل نے خوب اور بصیرت سے کہا اور مختصر و شاندار کلام کیا ہے۔

رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ أَجْمَعِيْنَ

Marfat.com

اَخْذُ التَّجْوِیْدِ عَنْ اَفْوَاہِ الْمَشَائِخ

س :۔ اخذِ تجوید از افواہِ مشائخ کا سلسلہ کب اور کہاں سے شروع ہوا ہے ؟

ج :۔ اخذِ تجوید از افواہ مشائخ کا یہ سلسلہ قرب مکۃ المکرمہ میں جبل نور پر غار حرا میں سن ولادت نبوی کے چالیس سال بعد رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں شروع ہوا اور تا حال بین الاساتذہ والتلامذہ بدستور چلا آرہا ہے — اور تا بقاء قرآن مجید جاری رہے گا۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ جب رب العلمین نے رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور آپ پر تنزیل قرآن کا ارادہ فرمایا — اور سید الملئکہ جبریل امین علیہ السلام کو واسطہ بناکر بھیجا — اور وہ اولاً وحی الٰہی لے کر آتے اور نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم پر ابتداءً بذریعہ وحی غار حرا میں آیات قرآنی اتارنے لگے۔ تو حضور سے مخاطب ہوتے اور کہا :۔

اِقْرَأْ — مَا اُوْحِیَ اِلَیْکَ ، اَیْ اُتْلُ مَا اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ یَا مُحَمَّدُ	اے محمد پڑھیئے — جو کچھ آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے ، یعنی جو کچھ کتاب میں سے آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے اُسے پڑھیئے ۔

Marfat.com

قَالَ مُحَمَّدٌ :- مَا اَنَا بِقَارِئٍ.
محمدؐ نے فرمایا میں تو پڑھا ہوا نہیں ہوں ۔

جبریل امینؑ نے آپ کو سینہ سے لگا کر بھینچا، دبایا اور چھوڑ کر کہا

اِقْرَاْ — اَلْقُرْاٰنَ یَا مُحَمَّدُ، وَاِنْ کُنْتَ اُمِّیًّا،
اے محمد پڑھیئے — قرآن، اگرچہ آپ امی ہیں ۔

قَالَ مُحَمَّدٌ :- مَا اَنَا بِقَارِئٍ
محمدؐ نے فرمایا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، پڑھنا نہیں جانتا

جبریل امین نے پھر آپ کو سینہ سے لگا کر بھینچا، دبایا اور چھوڑ کر کہا :-

اِقْرَاْ — کَمَا اَنَا اَقْرَاُ عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ، وَاَسْمَعُ لَکَ یَا مُحَمَّدُ.
اے محمد پڑھیئے — جیسا کہ میں آپ پر قرآن پڑھتا ہوں اور آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔

قَالَ مُحَمَّدٌ :- مَا اَنَا بِقَارِئٍ
محمدؐ نے فرمایا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں اور نہ ہی کچھ پڑھنا جانتا ہوں ۔

جبریل امینؑ نے آپ کو سینہ سے لگا کر خوب دبایا۔ بھینچا اور چھوڑ کر کہا :-

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ① خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ② اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ③ الَّذِیْ عَلَّمَ

Marfat.com

بِالْقَلَمِ ۝۴ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ ۝۵

النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم نے الفاظ وحی پر تلفظ شروع فرمالیا اور آیات قرآنی فم جبریل امین سے اخذ کرنے لگے۔

اخذ تجوید وقرآءۃ عن فم الشیخ کا یہ پہلا واقعہ تھا جو سنِ ولادت کے چالیس سال بعد قرب مکہ میں جبل نور پر غار حرآء کے اندر رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں وقوع پذیر ہوا۔

تنزیل قرآن کا یہ سلسلہ وقتاً فوقتاً جاری رہا اور حسب حالات بقدر ضرورت جبریل امینؑ نجماً نجماً اور تھوڑا تھوڑا بذریعہ وحی اتارتے رہے اور نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم نزول وحی کے وقت آیاتِ قرآنی تجوید وقرآءۃ کے اصول کے مطابق فم جبریل سے اخذ کرتے رہے اور اس خیال کے پیش نظر کہ حقوقِ تجوید وقرآءۃ بہ پیش جبریل امین مکمل ہوں جلدی جلدی تلفظ فرماتے رہے اور سرعت وعجلت سے زبانِ مبارک کو حرکت دیتے رہے۔ فرمایا گیا اے نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم:۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ	آپ قرآن پر اپنی زبان نہ ہلایا کیجئے
لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝	تاکہ آپ اس کو جلدی جلدی لیں۔
اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝	ہمارے ذمہ ہے اس کا جمع کر دینا اور
فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝	پڑھوادینا بس تو جب ہم اس کو پڑھنے لگیں
ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝	تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے۔

Marfat.com

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ　　　　پھر اس کا بیان کرا دینا ہمارے ذمہ ہے

یعنی اے نبی الامیؐ: آپ وحی کے نزول کے وقت جیسا کہ اب تک آپؐ کی عادت ہے اس قدر مشقت کہ سنتے بھی ہیں پڑھتے بھی ہیں دھیان بھی رکھتے ہیں محض اس احتمال سے کیوں برداشت کرتے ہیں کہ شاید کچھ مضمون میرے ذہن سے نکل جائے کیونکہ جب ہم نے آپؐ کو نبی بنایا اور آپ سے تبلیغ کا کام لینا ہے تو یہاں مقتضاء حکمت بھی ہوگا کہ وہ مضامین آپ کے ذہن میں حاضر رکھے جائیں اور ہمارا محصی ہونا تو ظاہر ہی ہے اس لئے آپ یہ مشقت برداشت نہ کیا کیجئے اور جب وحی نازل ہوا کرے تو آپ قرآن پر اپنی زبان نہ ہلایا کیجئے تاکہ آپ اس کو جلدی جلدی لیں۔ کیونکہ ہمارے ذمہ ہے آپ کے قلب میں اس کا جمع کر دینا اور آپ کی زبان سے اس کا پڑھوا دینا۔ جب یہ ہمارے ذمہ ہے تو جب ہم اس کو پڑھنے لگا کریں یعنی ہمارا فرشتہ پڑھنے لگا کرے۔ تو آپ اپنے ذہن سے اور فکر سے ہمہ تن۔ اس کے تابع ہو جایا کیجئے یعنی ادھر ہی متوجہ ہو جایا کیجئے اور اس کے دہرانے میں مشغول نہ ہوا کیجئے پھر آپ کی زبان سے لوگوں کے سامنے اس کا بیان کرا دینا بھی ہمارے ذمہ ہے یعنی آپ کو یاد کرا دینا اور آپ کی زبان پر جاری کرا دینا پھر تبلیغ کے وقت بھی اس کا یاد رکھوانا اور لوگوں کے سامنے پڑھوا دینا یہ سب ہمارے ذمہ ہے۔ بیان القرآن۔

لیکن بوجہ اُمیّت و بمقتضاء اِقْرَأ۔ اور بقول حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ بندہ بشر ہے شاید بھول گئے، پھر نزول وحی کے وقت جبرئیل امین کے ساتھ ساتھ پڑھتے رہتے تھے اس لئے پھر تقییداً فرمایا گیا۔

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ　　　　اور آپ قرآن میں قبل اس

Marfat.com

مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِىْ عِلْمًا	کے کہ آپ پر اس کی وحی پوری نازل ہو چکے عجلت نہ کیا کیجئے. اور آپؐ یہ دعا کیا کیجئے کہ اے میرے رب میرا علم بڑھا دے۔

قرآن کریم کا نزول نجماً نجماً ہوتا رہا اور اخذِ تجوید و قرآءۃ کا سلسلہ بدستور جاری رہا۔ پھر جس قدر قرآن سال بھر میں نازل ہو جاتا اور جمع ہو جاتا تھا. اختتام سال پر رمضان المبارک میں جبریل امینؑ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ از سرِ نو دَور کرتے رہے ، اور ایک دوسرے کو سناتے رہے جس سے اخذِ تجوید و قرآءۃ کا سلسلہ سال بہ سال تازہ ہوتا رہا حتیٰ کہ بائیس سال گذر گئے اور بائیس مرتبہ دورِ وقوع پذیر ہوا اور تئیسویں (۲۳) سال جدید اہتمام و انصرام کے ساتھ دو مرتبہ دور کرایا گیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی شمولیت کا شرف حاصل ہوا. اور اخذِ تجوید و قرآءات عن فم جبریل علیہ السلام کا موقع ملا اور کیفیتِ تعلیم و تعلّم اور اخذ عن الشیخ کا طریقہ ملاحظہ کیا :

عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ فَاطِمَةَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا. قَالَتْ اَسَرَّ اِلَىَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ	حضرت مسروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ حضرت عائشہؓ سے وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتی ہیں. فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے چپکے سے

Marfat.com

كَانَ يُعَارِضُنِيْ، اَیْ يُدَارِسُنِيْ، بِالْقُرْاٰنِ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ مَّرَّةً فَعَارَضَنِيَ الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَلَا اَرَاهُ اِلَّا حَضَرَ اَجَلِيْ.

فرمایا کہ جبریل علیہ السلام میرے ساتھ ہر سال ایک دفعہ دَور کیا کرتے تھے یعنی مجھے درس دیا کرتے تھے. قرآن کریم کا پس اس سال مُجھے دو مرتبہ دَور کرایا اور درس دیا اس لئے میں محسوس کرتا ہوں کہ میرا وقتِ وصال قریب تر آرہا ہے.

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کا دور کرانا صراحت سے بیان فرما دیا اور بتلا دیا کہ وہ مجھے قرآن کریم کا درس دیا کرتے تھے. کس قدر مقامِ عبرت ہے کہ اُدھر سے عظیم الشان قوت نافذہ اور ادھر سے لامثال قوت آخذہ کے باوجود یہ اہتمام ہے کہ جبریل امین ما نزل وما جمع کا سال بہ سال دَور کرا رہے ہیں درس دے رہے ہیں اور اخذ تجوید و قرآءۃ کی یاد تازہ کرا رہے ہیں یہانتک کہ سال آخر میں دُو مرتبہ دور کرا دیا گیا تاکہ امت میں قارئینِ قرآن اور آخذینِ تجوید و قرآءات کیلئے سنّتِ جاریہ اور آخذین فن کے لئے حجتِ دائمہ باقی رہے.

قِيْلَ كَانَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ يَعْرِضُ جِبْرِيْلَ الْقُرْاٰنَ مِنْ اَوَّلِهٖ اِلٰى اٰخِرِهٖ بِتَجْوِيْدِ اللَّفْظِ وَتَصْحِيْحِ اِخْرَاجِ الْحُرُوْفِ

کہا گیا ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام قرآن کریم جبریل امینؑ کو سنایا کرتے تھے اور اول سے آخر تک تجوید لفظ اور تصحیح مخارج حروف کے ساتھ سنا دیا کرتے تھے تاکہ اُمّت میں

Marfat.com

مِنْ مَّخَارِجِهَا لِيَكُوْنَ سُنَّةً فِي الْاُمَّةِ فَتَعْرِضُ التَّلَامِذَةُ قِرَاءَاتِهِمْ عَلَى الشُّيُوْخِ:

وَاَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَيٍّ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُنِيْ اَنْ اَقْرَاَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ "لِاُعَلِّمَكَ الْقِرَاءَةَ" قَالَ اُبَيٌّ آللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ قَالَ: اَللّٰهُ سَمَّاكَ فَجَعَلَ اُبَيٌّ يَبْكِيْ. وفي نهاية القول المفيد: وَالْمُرَادُ مِنْ قِرَاءَتِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلٰى اُبَيٍّ تَعْلِيْمُهُ وَاِرْشَادُهُ وَهُوَ اَوَّلُ قُرَّاءِ الصَّحَابَةِ وَاَشَدُّهُمْ اِسْتِعْدَادًا لِيَتَلَقَّفَ الْقُرْاٰنَ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ

ایک سنت جاری ہو جائے پس اتباعًا بالسنۃ تلامذہ اپنی قراءات شیوخ پر پیش کیا کریں اور ان کو سنانے رہا کریں۔

اور بخاری نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالٰے عنہ سے نقل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابیؓ کو فرمایا کہ اللہ تعالٰی مجھے حکم فرماتے ہیں کہ میں آپ پر قرآن پڑھوں یعنی آپ کو قراءۃ سکھلا دوں۔ حضرت ابیؓ نے عرض کیا: کیا اللہ تعالٰے نے میرا نام لے کر فرمایا ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ ہاں اللہ تعالٰے نے آپ کا نام لیا ہے۔ پس حضرت ابیؓ رو پڑے۔ اور نہایۃ القول المفید میں ہے: اور مراد آپؐ کی قراءۃ سے حضرت ابیؓ پر آپ کو تعلیم دینا اور پڑھانا ہے اور وہ قراء صحابہ کے اول ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فمِ مبارک سے تلقف

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَلَقُّفِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مِنْ اَمِيْنِ الْوَحْيِ فَلِذٰلِكَ خُصَّ بِذٰلِكَ

قرآن کے بارہ میں بہت زیادہ استعداد رکھنے والے ھیں جس طرح خود نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام امینِ وحی سے تلقفِ قرآن میں اشد استعداد رکھنے والے ہیں. پس اسی لئے حضرت ابی اُس کے لئے منتخب ہوئے ۔

وَيُقَالُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَمَرَ رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُعَلِّمَ اُبَيًّا اَحْكَامَ التَّجْوِيْدِ مِنَ الْمَخَارِجِ وَ الصِّفَاتِ وَاَحْكَامَ الْقِرَاءَاتِ الْمُتَوَاتِرَاتِ كَمَا اَخَذَهٗ نَبِيُّ اللّٰهِ عَنْ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ثُمَّ بَذَلَ جَهْدَهٗ وَسَعٰى سَعْيًا بَلِيْغًا فِيْ حِفْظِ الْقُرْاٰنِ وَمَا يَنْبَغِيْ لَهٗ حَتّٰى بَلَغَ مِنَ الْاِمَامَةِ فِيْ هٰذَا الشَّانِ الْغَايَةَ الْعُظْمٰى.

اور کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم فرمایا کہ وہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ کو احکام تجوید یعنی مخارج و صفاتِ حروف اور احکام قراءاتِ متواترات اس طرح سکھلائیں جس طرح خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے اخذ کیا ہے پھر حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے حفظِ قرآن وما ینبغی لہ یعنی تجوید و قراءات میں خوب جد وجہد کی اور سعیِ بلیغ فرمائی حتیٰ کہ انتہا درجہ کے عظیم الشان امام القراءات قرار پائے۔

پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کس اہتمام سے پڑھایا اور انہوں نے فم النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کس ذوق وشوق سے پڑھا اور کس حد تک اخذ کیا اس کا اندازہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے الفاظ میں ملاحظہ کیجئے۔ فرماتے ہیں "اَقْرَأُكُمْ اُبَیٌّ" کہ تم میں زیادہ بہتر قراءۃ ابیؓ کی ہے یعنی بہت بڑے قاری حضرت ابیؓ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

جب حضرت ابیؓ جیسے جلیل القدر صحابی کے متعلق خود اللہ تعالیٰ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مامور فرماتے ہیں کہ ان کو تجوید وقراءۃ پڑھائیں اور سکھلائیں تو ظاہر ہے کہ اخذِ تجوید وقراءۃ عن افواہ المشائخ کا اہم فریضہ اور عظیم الشان وسیلہ تبلانا مقصود اور رفیع المرتبت ذریعہ جاری رکھنا مطلوب ہے اور یہی وجہ ہے کہ حضرت ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اجل صحابہ کرام اور اکمل تابعین عظام نے اخذ کیا ہے۔

القول السدید فی بیان حکم التجوید میں علامۃ الشیخ محمد بن علی بن خلف الحسینی الشہیر بالحداد تحریر فرماتے ہیں:۔

ثُمَّ اَخَذَہٗ عَلٰی ھٰذَا النَّمَطِ الْاٰخَرُ عَنِ الْاَوَّلِ وَالْخَلَفُ عَنِ السَّلَفِ۔	پھر تجوید وقراءۃ اسی مسنون ونیرہ اور نمط وطریقہ پر اول سے آخر اور سلف سے خلف نے اخذ کیا ہے۔
وَقَدْ اَخَذَ عَنْ اُبَیٍّ بَشَرٌ کَثِیْرُوْنَ مِنَ الصَّحَابَۃِ وَالتَّابِعِیْنَ۔	اور حضرت اُبیؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحابہ اور تابعین کے ایک جم غفیر اور جماعتِ کثیرہ نے اخذ کیا ہے۔
فَمِنَ الصَّحَابَۃِ	پس صحابہ میں ابوہریرہ، ابن عباسؓ

Marfat.com

أَبُوْ هُرَيْرَةَ وَابْنُ عَبَّاسٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنِ السَّائِبْ . وَمِنَ التَّابِعِيْنَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاشِ ابْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ . وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ حَبِيْبِ ، اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيُّ وَاَبُوْ الْعَالِيَةَ الرِّيَاحِيّ وَكَثِيْرُوْنَ غَيْرُهُمْ ثُمَّ عَنْهُمْ مَنْ بَعْدَهُمْ هٰكَذَا فَسَرٰى فِيْهِ سِرُّ تِلْكَ الْقِرَاءَةِ عَلَيْهِ حَتّٰى سَرٰى سِرُّهٗ فِي الْاُمَّةِ اِلَى السَّاعَةِ .

اور عبداللہ بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اخذ کیا ہے ۔ اور تابعین میں سے عبداللہ بن عباش ابن ابی ربیعۃ عبداللہ بن حبیب ابوعبدالرحمٰن السلمی اور ابوالعالیۃ الریاحی نے اور اور ان کے علاوہ بے شمار حضرات نے ان سے اخذ کیا ہے پھر اسی طرح ان سے اور ان کے بعد آنے والوں نے اخذ کیا ہے پس اس میں اسی قرآءۃ علی الشیخ کا راز پوشیدہ رہا ہے۔ یہاں تک امت میں یہی اخذ تجوید عن الشیخ کی ہراب تک چلی آرہی ہے ۔

اور یہی وجہ ہے کہ اقرأ القراء الصحابہ حضرت الامام اُبی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی ذات اقدس پر ائمۃ القرآءات العشرۃ المتواترہ میں سے آٹھ ائمہ نافع وابو جعفر مدنی ، ابن کثیر مکی ، ابوعمرو ، ویعقوب بصری اور عاصم حمزہ کسائی کوفی کی سند منتہی ہوتی ہے اسی طرح دو امام محمد بن محیصن اور یزیدی جو قرآء اربعہ مابعد العشرہ میں سے ہیں ان کی سند آپ کی ذات اقدس پر منتہی ہوتی ہے ۔ نفول اسدیہ میں ہے ۔

وَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اور فرمایا ہے علیہ الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّقْرَأَ الْقُرْاٰنَ غَضًّا كَمَا اُنْزِلَ فَلْيَقْرَأْ قِرَاءَةَ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ يَعْنِىْ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّكَانَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ اُعْطِىَ حَظًّا عَظِيْمًا فِىْ تَجْوِيْدِ الْقُرْاٰنِ وَتَحْقِيْقِهٖ كَمَآ اَنْزَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ نَاهِيْكَ بِرَجُلٍ اَحَبَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّسْمَعَ الْقُرْاٰنَ مِنْهُ وَلَمَّا قَرَأَ اَبْكٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا ثَبَتَ فِى الصَّحِيْحَيْنِ

نے کہ جو یہ پسند کرتا ہے کہ وہ قرآن کریم ہو بہو اسی طرح پڑھے جس طرح وہ اتارا گیا ہے تو اُسے چاہیئے کہ وہ ابن اُم عبد یعنی عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قرآءۃ پڑھے۔ اور تھے وہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بلاشبہ تجوید قرآن اور تحقیق تجوید میں حصہ وافر اور عظیم عطا کئے گئے تھے بالکل اسی طرح جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے اُسے نازل فرما دیا ہے اور نیز لئے تو وہ شخص کافی ہے کہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اُن سے قرآن سننا پسند فرماتے ہیں اور جب انہوں نے پڑھ کر سنایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رولا دیا جیسا کہ صحیحین میں ثابت ہے۔

وَعَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِىِّ قَالَ صَلّٰى بِنَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ الْمَغْرِبَ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَاللّٰهِ لَوَدِدْتُّ

اور ابی عثمان النہدی سے منقول ہے فرمایا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہم کو مغرب کی نماز قل ہو اللہ احد سے پڑھائی۔ اللہ کی

Marfat.com

اَنَّهٗ قَرَاَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ مِنْ حُسْنِ صَوْتِهٖ وَتَرْتِيْلِهٖ.	قسم ان کی حسنِ صوت و ترتیل کی وجہ سے میں نے چاہا کہ کاش سورۃ بقرہ ہی پڑھ لیتے.
وَهٰذِهٖ سُنَّةُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْمَنْ يَّقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مُجَوَّدًا مُّصَحَّحًا كَمَآ اُنْزِلَ تَلْتَذُّ الْاَسْمَاعُ بِتِلَاوَتِهٖ وَتَخْشَعُ الْقُلُوْبُ عِنْدَ قِرَاءَتِهٖ حَتّٰى يَكَادُ اَنْ يَّسْلُبَ الْعُقُوْلَ وَيَاْخُذَ بِالْاَلْبَابِ سِرٌّ مِّنْ اَسْرَارِ اللّٰهِ تَعَالٰى يُوْدِعُهٗ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ خَلْقِهٖ	اور یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایک سنت جاریہ ہے ان لوگوں میں جو قرآن کریم مجوّد و مصحّح کما اُنزل پڑھتے ہیں. اس کی تلاوت سے اسماع متلذذ ہوتے ہیں اور قرآءۃ سے قلوب متخشع. یہاں تک کہ قریب ہے کہ عقول مسلوب ہو جائیں اور ماخوذ و مفقود ہو جائیں الباب. یہ اللہ تعالیٰ کے اسرار میں سے ایک سر ہے جسے چاہتے ہیں اپنے بندوں میں سے ودیعت فرما دیتے ہیں
وَاِذَا قَدْ عَلِمْتَ اَنَّ التَّجْوِيْدَ وَاجِبٌ وَعَرَفْتَ حَقِيْقَتَهٗ عَلِمْتَ اَنَّ مَعْرِفَةَ كَيْفِيَّةِ الْاَدَاءِ وَالنُّطْقِ بِالْقُرْاٰنِ عَلَى الصِّفَةِ الَّتِيْ نُزِلَ بِهَا مُتَوَقِّفَةٌ عَلٰى	اور جب آپ یہ جان چکے کہ بلا شبہ تجوید واجب ہے اور اس کی حقیقت سے آشنا ہو گئے تو یہ بھی جان گئے ہونگے کہ بے شک کیفیت ادا کی معرفت اور نطق بالقرآن اس صفت پر جس پر کہ وہ نازل کیا گیا ہے تلقی بالسماع اور اخذ

Marfat.com

اَلتَّلَقِّیْ وَالْاَخْذِ بِالسَّمَاعِ مِنْ اَفْوَاہِ الْمَشَایِخِ الْاٰخِذِیْنَ لَھَا کَذٰلِکَ الْمُتَّصِلُ سَنَدُھُمْ بِالْحَضْرَۃِ النَّبَوِیَّۃِ۔

من افواہ المشایخ پر موقوف ہے جو اسی طرح آخذین بالسماع ہیں اور جن کی سندیں حضرت نبوی سے متصل ہیں۔

لِاَنَّ الْقَارِیَٔ لَایُمْکِنُہٗ مَعْرِفَۃُ کَیْفِیَّۃِ الْاِدْغَامِ وَالْاِخْفَآءِ وَالتَّفْخِیْمِ وَالتَّرْقِیْقِ وَالْاِمَالَۃِ الْمَحْضَۃِ اَوِالْمُتَوَسِّطَۃِ وَالتَّحْقِیْقِ وَالتَّسْھِیْلِ وَالرَّوْمِ وَالْاِشْمَامِ وَنَحْوِھَا اِلَّا بِالسَّمَاعِ وَالْاِسْمَاعِ حَتّٰی یُمْکِنَہٗ اَنْ یَّحْتَرِزَ عَنِ اللَّحْنِ وَالْخَطَأِ وَتَقَعُ الْقِرَآءَۃُ عَلَی الصِّفَۃِ الْمُعْتَبَرَۃِ شَرْعًا۔

اس لئے کہ قاری کے لئے کیفیت اداء ادغام و اخفاء تفخیم و ترقیق۔ امالہ محضہ یا متوسطہ۔ تحقیق و تسہیل، روم و اشمام وغیرہ کی معرفت اور پہچان ممکن نہیں ہے بجز سمع و اسماع یعنی سننے سنانے کے یہاں تک کہ قاری کے لئے ممکن ہو جائے کہ وہ لحن و خطأ سے احتراز کر سکے اور قرآءۃ شرعًا صفتِ معتبرہ کے مطابق ہو جائے۔

اِذَا عَلِمْتَ ذٰلِکَ تَبَیَّنَ لَکَ اَنَّ التَّلَقِّیَ الْمَذْکُوْرَ وَاجِبٌ کَمَا ھُوَ مَعْلُوْمٌ۔

اور جب آپ یہ جان گئے تو آپ پر ظاہر ہو گیا کہ تلقی مذکور واجب ہے جیسا کہ وہ معلوم ہے۔

Marfat.com

وَلِاَنَّ صِحَّتَ السَّنَدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَنْ رُّوْحِ الْقُدُسِ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ بِالصِّفَةِ الْمُتَوَاتِرَةِ اَمْرٌ ضَرُوْرِيٌّ لِلْكِتَابِ الْعَزِيْزِ الَّذِيْ لَا يَأْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ.

لِيَتَحَقَّقَ بِذٰلِكَ دَوَامُ مَا وَعَدَ بِهٖ تَعَالٰى فِيْ قَوْلِهٖ جَلَّ ذِكْرُهٗ : اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ.

اور اس لئے کہ صحتِ سند عن النبی صلّی اللہ علیہ وسلم عن روح القدس عن اللہ عزوجل صفتِ متواترہ کے مطابق ایک امرِ ضروری ہے کتاب عزیز کے لئے جس میں غیر واقعی بات نہ اس کے آگے کی طرف سے آسکتی ہے اور نہ اس کے پیچھے کی طرف سے یہ خدائے حکیم و حمید کی طرف سے نازل کیا گیا ہے۔

تاکہ اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے دوام کا وہ وعدہ متحقق ہو جائے جس میں فرمایا گیا ہے کہ بے شک ہم نے اس قرآن کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

صحتِ سند یعنی تلقی اور اخذِ تجوید و قرآءۃ عن افواہ المشایخ العارفین بعلوم التجوید والقرآءات ایک امرِ واجب لازم اور ضروری ہے اس لئے کہ جبرئیل علیہ السلام نے حسبِ ہدایاتِ خداوند قدوس رسول الصادق الامین صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن کریم مطابق باحکام التجوید پڑھایا اور سکھلایا ہے اور آپ نے بالمشافہ فم جبرئیل علیہ السلام سے سیکھا اور اخذ کیا ہے۔ پھر رسول الصادق الامین صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے صحابہ کرام کو اسی طرح پڑھایا اور سکھلایا ہے اور انہوںؓ نے آپؐ سے بالمشافہ پڑھا اور اخذ کیا ہے تو اب ظاہر ہے کہ محض مکتوبہ مصاحف اور مدونہ کتب یا آلات جدیدہ سے بدون توقیفِ مؤتقف اور بغیر تعلیم معلّم کے قرآن با تجوید پڑھنا اور قرآءۃ حاصل کرنا ممکن نہیں ہے کیونکہ ہر حرف کی مفرداً و مرکباً ایک خاص کیمت و کیفیت ایک خاص مقدار اور ایک خاص انداز ادا ہوتا ہے جو بغیر توقیفِ مؤتقف اور بغیر تعلیم معلّم کے معلوم و مفہوم ہو ہی نہیں سکتا اسی وجہ سے صحتِ سند یعنی تلقی اور رپا لینا عن افواہ المشائخ العارفین اور اخذ عن لسان الماہرین ایک ایسی شرط قرار دی گئی ہے جس کی بدولت آج سے تیرہ سو سال گذر جانے کے بعد بھی قرآن اپنی اصلی حالت میں اسی شان کے ساتھ ہمارے پاس موجود ہے اور اس میں بال برابر کمی زیادتی واقع نہیں ہوئی ورنہ اگر یہ شرط نہ ہوتی اور فقط مصاحف مکتوبہ اور کتب مدونہ پر اکتفاء کیا جاتا تو دیگر کتبِ سماویہ کی طرح کتاب اللہ جو خاتم الکتب ہے اس میں طرح طرح کی خرابیاں پیدا ہو جاتیں جس کی وجہ سے قرآن کریم اصلی حالت میں ہم تک نہ پہونچتا چنانچہ القول السدید میں ہے:۔

وَحِيْنَئِذٍ فَاَخْذُ الْقُرْاٰنِ مِنَ الْمُصْحَفِ بِدُوْنِ مُوَقِّفٍ لَا يَكْفِيْ بَلْ لَا يَجُوْزُ وَلَوْ كَانَ الْمُصْحَفُ مَضْبُوْطًا	اور اب پس بدون مؤتقف اخذ قرآن من المصحف کافی نہیں ہے بلکہ جائز ہی نہیں ہے۔ اگرچہ مصحف مضبوط ہو۔ یعنی اگرچہ مصحف بلحاظ حروف خوشخط ہو اور باعتبار حرکات و سکنات وغیرہ محکم اور مضبوط ہو۔

Marfat.com

قَالَ الْإِمَامُ السُّيُوطِی رح

وَالْأُمَّةُ كَمَا هُمْ مُتَعَبَّدُونَ بِفَهْمِ مَعَانِي الْقُرْآنِ وَ أَحْكَامِهِ مُتَعَبَّدُونَ بِتَصْحِيحِ أَلْفَاظِهِ وَإِقَامَةِ حُرُوفِهِ عَلَى الصِّفَةِ الْمُتَلَقَّاةِ مِنَ الْأَئِمَّةِ الْقُرَّاءِ الْمُتَّصِلَةِ بِالْحَضْرَةِ النَّبَوِيَّةِ: الخ

نَقُولُهُ عَلَى الصِّفَةِ الْمُتَلَقَّاةِ مِنَ الْأَئِمَّةِ آه" صَرِيحٌ" فِي أَنَّهُ لَا يَكْفِي الْأَخْذُ مِنَ الْمَصَاحِفِ بِدُونِ تَلَقٍّ مِنْ أَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ الْمُتْقِنِينَ.

وَيَدُلُّ لَهُ مَا أَخْرَجَهُ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ فِي سُنَنِهِ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي كَبِيرِهِ بِسَنَدٍ مُعْتَبَرٍ رِجَالُهُ ثِقَاتٌ عَنْ مَسْعُودِ بْنِ زَيْدِ الْكِنْدِيِّ

امام سیوطی رح فرماتے ہیں کہ جس طرح امت فہم معانی قرآن اور اس کے احکام کی معرفت سے قرب الٰہی حاصل کرتی تھی بالکل اسی طرح صفتِ ملتقاۃ کے مطابق ان ائمہ قراءۃ سے جن کی سند بن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے متصل ہیں، تصحیح الفاظ اور اقامتِ حروف سے قربِ الٰہی حاصل کرتی تھی۔

پس علامہ سیوطیؒ کا قول "علی الصفۃ الملتقاۃ من الائمۃ" اس بارہ میں بالکل صریح ہے کہ اخذ من المصاحف بدون تلقی من افواہ المشایخ المتقنین کے کافی نہیں ہے۔

اور دلالت کرتی ہے اس پر وہ حدیث جس کو سعد بن منصور نے اپنی سنن میں اور طبرانی نے اپنی کبیر میں سند معتبر کے ساتھ نقل کیا ہے اور جس کے رجال ثقہ ہیں مسعود بن زید کندی سے روایت

Marfat.com

قال: كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يُقْرِأُ رَجُلاً فَقَرَأَ الرَّجُلُ "اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ" مُرْسِلَةً اي بِغَيْرِ مَدٍّ. فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ مَاهٰكَذَا اَقْرَأَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَسَلَّمَ:

فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک شخص کو قرآن پڑھا رہے تھے تو اس شخص نے پڑھا "انما الصّدقات للفقراء" یعنی بغیر مد کئے پڑھا. تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح نہیں پڑھایا ہے.

فَقَالَ كَيْفَ اَقْرَأَكَهَا يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: قَالَ اَقْرَأَنِيْهَا:

کہا کہ اے ابا عبد الرحمٰن آپ کو کیسے پڑھایا ہے. فرمایا کہ مجھے پڑھایا ہے:

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ "فَمَدَّ الْفُقَرَآءَ" وَالْمَدُّ مُقَدَّرٌ بِحَرَكَاتٍ مَعْلُوْمَةٍ عِنْدَ الْقُرَّآءِ لَا يُعْرَفُ اِلَّا بِتَوْقِيْفِ الْمُعَلِّمِيْنَ

اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ "فَمَدَّ الْفُقَرَآءَ" یعنی فقراء پر مد کیا. اور حالانکہ مد عند القرآء حرکات معلومہ سے مقدر کیا جاتا ہے جو معلمین کی توقیف کے بغیر سمجھ میں نہیں آسکتا ہے

وَلَوْ كَانَ الْاَخْذُ مِنَ الْمَصَاحِفِ كَافِيًا لَكَانَ مُقْتَضَى الرَّسْمِ الْعُثْمَانِيِّ

اور اگر اخذ من المصاحف کافی ہوتا تو البتہ مقتضی رسم عثمانی قراءۃ میں ہر جگہ صحیح ہوتا اور نہ

Marfat.com

صَحِيحًا فِي كُلِّ مَوْضِعٍ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ.

حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

بَلْ يَخِلُّ بِهَا فِي مَوَاضِعَ خَالَفَ فِيهَا خَطُّ الْمُصْحَفِ أُصُولَ الرَّسْمِ الْعَرَبِيِّ إِخْلَالًا بَيِّنًا.

بلکہ کئی مقامات میں زیادہ خلل انداز ہوتا ہے اور کئی جگہ خطِ مصحف اصولِ رسم عربی کے مخالف ہوتا ہے۔

یہ جان لینا بھی ضروری ہے کہ اشکالِ حروفِ قرآنیہ اور کلمات کی ہیئاتِ کذائیہ، مخارجِ حروف و صفاتِ لازمہ وغیرہ احکام تجویدیہ اور قراءاتِ منزلہ متواترہ کُل کے کُل منزل من اللہ اور توقیفی ہیں یعنی جبریل امین ؑ نے حسب ہدایاتِ خداوندِ قدوس، نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم کو تعلیم و تلقین فرمائی ہے اور خبر دی ہے کہ فلاں فلاں حرف اور فلاں فلاں کلمہ کا رسم الخط اس طرح ہے اور تلفظ اس طرح اس لئے قرآن کریم کا صحیح پڑھنا اور تجوید و قرآءۃ حاصل کرنا محض مصاحف اور فقط کتبِ مدونہ سے انتہائی مشکل اور متعسر ہے اور بغیر سیکھے ناممکن۔ چنانچہ القول السدید میں ہے:۔

وَالْحَاصِلُ أَنَّ تَحْرِيرَ رَسْمِ الْحُرُوفِ وَالْكَلِمٰتِ وَمَخَارِجَ الْحُرُوفِ وَالصِّفَاتِ وَتَرْتِيبَ السُّوَرِ وَالْآيَاتِ وَالْقِرَاءٰتِ الْمُتَوَاتِرَاتِ

اور حاصل یہ کہ تحریر رسم حروف و کلمات، مخارجِ حروف و صفات ترتیب سُور و آیات اور قرآءاتِ متواترات یہ سب توقیفی ہیں اس لئے کہ جبریل علیہ السلام نے نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام

Marfat.com

تَوْقِيفِيٌّ لِاَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَخْبَرَ وَعَلَّمَ النَّبِيَّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ كُلَّ هٰذِهِ الْاَحْكَامِ فِي الْعَرْضَةِ الْاَخِيْرَةِ لِتَبْقَى الْعَرْضَةُ عَلَى الشُّيُوْخِ فِي الْاُمَّةِ اِتِّبَاعًا لَّهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

کو عرضۂ اخیرہ میں ان تمام احکام کی خبر دی ہے اور تعلیم فرمادی ہے تاکہ امت میں عرضۂ قرآن علی الشیوخ اتباعاً لہٗ علیہ الصلاۃ والسلام باقی رہے۔

وَلِيَاْخُذُوا الْقُرْاٰنَ بِكَمَالِ الْاَخْذِ عَنْ اَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ، الْمُتَّصِلِ سَنَدُهُمْ اِلَى الْحَضْرَةِ النَّبَوِيَّةِ۔

اور تاکہ وہ قرآن کامل اخذ کے ساتھ اخذ کریں ان مشایخ کے افواہ سے جنکی سندیں حضرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے متصل ہیں۔

وَلِيَصِلَ اِلَيْهِمُ الْفَيْضُ الْاِلٰهِيُّ وَالْاَسْرَارُ الْقُرْاٰنِيَّةُ وَالْبَرَكَاتُ الْفُرْقَانِيَّةُ فَاِنَّهَا لَا تَحْصُلُ اِلَّا بِتَعَلُّمِهِمُ الْقُرْاٰنَ مِنْ اَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ الْمُسَلْسَلَةِ۔

اور تاکہ ان کو فیض الٰہی اور اسرار قرآنیہ اور برکات فرقانیہ پہونچے۔ پس بے شک یہ چیزیں حاصل نہیں ہوتیں مگر ان کے تعلّم قرآن من افواہ المشایخ المسلسلہ سے۔

وَلِيَكُوْنَ كَمَالَ الثَّوَابِ

اور تاکہ ان کو کامل ثواب ہو اُن

Marfat.com

بِعَرْضِهِمُ الْقُرْاٰنَ عَلَى الْمَشَايِخِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يَكْتُبُ الثَّوَابَ لِقَارِئِ الْقُرْاٰنِ بِغَيْرِ التَّعْلِيْمِ بَلْ يُعَذِّبُهٗ.

کے قرآن پیش کرنے کا مشایخ پر۔ پس بلاشبہ اللہ تعالیٰ قاری قرآن کے لئے بغیر تعلیم کے ثواب نہیں لکھے گا بلکہ اُسے عذاب دے گا۔

كَمَا فِي الْحَدِيْثِ

جیسا کہ حدیث میں ہے۔ کہ بہت

رُبَّ قَارِئٍ لِلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ يَلْعَنُهٗ.

سے قاری قرآن پڑھتے ہیں اور حال یہ ہے کہ قرآن ان پر لعنت کرتا رہتا ہے۔

وَلِذَا قَالَ ابْنُ الْجَزَرِيِّ

اور اسی واسطے ابن جزری رح فرماتے ہیں،

شعر :-

وَالْاَخْذُ بِالتَّجْوِيْدِ حَتْمٌ لَازِمٌ
مَنْ لَّمْ يُجَوِّدِ الْقُرْاٰنَ اٰثِمٌ

اور حاصل کرنا تجوید کا (افواہِ مشایخ سے) فرض اور لازم ہے۔ جس نے (نقلاً عن المشایخ) قرآن مجوّد نہیں کیا وہ گنہگار ہے۔

اور وجہ یہ ہے کہ انسان کے قبضۂ قدرت ہی میں نہیں ہے کہ وہ منقول کو بغیر تعلیم معلم اور بدون توقیفِ موقف کے اخذ کرسکے کیونکہ منقولات نقلاً بعد نقلٍ افواہِ ناقلین ہی سے نقل ہوتے چلے آرہے ہیں اور آخر عن الاوّل اور خلف عن السلف اخذ کرتے چلے آرہے ہیں۔

اس لئے ہم پر واجب لازم اور فرض ہے کہ قرآن مع ما ینبغی لہٗ بالمشافہ مشایخ سے اخذ کریں، افواہِ مشایخ العارفین اور لسانِ اساتذۃ الماہرین سے بالمشافہ پائیں۔ حاصل

Marfat.com

کریں سنیں اور سنائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور طریقہ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے قرآن کریم کا نزل صحیح کریں اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کریں اور اپنے آپ کو عذاب الٰہی سے بچائیں۔

جو عجلت پسند حضرات کتب مدونہ اور مؤلفات متعلقہ کے مطالعہ سے ایاماً معدودۃً میں قاری بن جانے کے خواہش مند ہوتے ہیں یا وہ طبقۂ جہلاء جو دیگر السنہ پر قیاس کرتے ہوئے بغیر کسی مؤقف و معلّم کے آناً فآناً قرآن سیکھنا اور پڑھنا چاہتے ہیں یا وہ بزرگ جو کسی صاحبِ فن کے روبرو زانوئے تلمذ طے کرنے کو عار تصور فرماتے ہیں انہیں مندرجہ ذیل عبارات سے عبرت حاصل کرنا چاہیئے۔ القول السدید میں ہے:-

فَاِنَّ الْاِنْسَانَ یَعْجِزُ عَنْ اَدَاءِ الْحُرُوْفِ بِمُجَرَّدِ مَعْرِفَةِ مَخَارِجِهَا وَ صِفَاتِهَا مِنَ الْمُؤَلَّفَاتِ مَالَمْ یَسْمَعْهُ مِنْ فَمِ الشَّیْخِ

پس بلاشبہ انسان کتبِ مدونہ سے مخارج و صفاتِ حروف معلوم کرنے اور یاد کرنے کے باوجود اداءِ حروف سے عاجز ہوتا ہے جب تک کہ اُسے فمِ شیخ سے نہ سُن لے۔۔۔

فَکَیْفَ لَانَتَعَلَّمُ الْقُرْاٰنَ مَعَ کَثْرَةِ جَهْلِنَا وَعَدَمِ فَصَاحَتِنَا وَبَلَاغَتِنَا مِنَ الْمَشَایِخِ الْمَاهِرِیْنَ فِیْ عِلْمِ التَّجْوِیْدِ۔

پس کس طرح ہم اپنی کثرتِ جہالت اور عدمِ فصاحت و بلاغت کے باوجود مشایخ الماہرین فی فن التجوید سے قرآن نہ اخذ کریں اور نہ سیکھیں، حالانکہ دیکھیے ،، :-

فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ كَمَالِ فَصَاحَتِهٖ وَنِهَايَةِ بَلَاغَتِهٖ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ عَنْ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ جَمْعٍ مِّنَ السِّنِيْنَ خُصُوْصًا فِي السَّنَةِ الْاٰخِيْرَةِ الَّتِيْ تُوُفِّيَ فِيْهَا وَمَعَ اَفْضَلِيَّتِهٖ عَلٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال فصاحت اور انتہائی بلاغت کے باوجود اور نیز جبریل علیہ السلام پر برتری اور فضیلت کے باوجود جبریل علیہ السلام سے کئی سال میں قرآن کو تم پایا۔ اخذ کیا اور سیکھا ہے خصوصاً اس آخر سال میں جس میں آپؐ کا وصال ہوا ہے اور جس میں دو مرتبہ دور کرایا گیا اور حفظ قرآن وما ینبغی لہ کو مکمل کیا ہے یعنی تجوید و قراءۃ کے تمام احکام کو پایۂ تکمیل کو پہونچایا (صلی اللہ علیہ وسلم)

وَقَالَ: فَالْحَاصِلُ اَنَّهٗ لَا بُدَّ مِنَ التَّلَقِّيْ مِنْ اَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ الضَّابِطِيْنَ الْمُتْقِنِيْنَ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ وَلَا يُعْتَدُّ بِالْاَخْذِ مِنَ الْمَصَاحِفِ بِدُوْنِ مُعَلِّمٍ اَصْلًا وَلَا قَائِلَ بِذٰلِكَ.

اور فرمایا پس حاصل کلام یہ کہ بلا شبہ تلقی من افواہ المشایخ الضابطین۔ المتقنین اشد ضروری ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے اور اخذ من المصاحف کا بدون معلم کے اصلاً کوئی اعتبار نہیں اور نہ اس کا کوئی قائل ہے

وَمُرْتَكِبُهٗ لَا حَظَّ لَهٗ

اور اس کے مرتکب کے لئے بوجہ

Marfat.com

فِی الدِّیْنِ لِتَرْکِہِ الْوَاجِبَ وَارْتِکَابِہِ الْمُحَرَّمَ۔
ترکِ واجب اور ارتکابِ حرام کے دین میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

وَقَدْ قِیْلَ فِیْ حَقِّہِمُ الَّذِیْنَ یَاْخُذُوْنَ الْعِلْمَ عَنِ الْمَصَاحِفِ بِدُوْنِ الْمُعَلِّمِ وَالْمُوَقِّفِ۔
اور کہا گیا ہے ان لوگوں کے حق میں جو بدون معلم و موقف کے فقط مصاحف سے علم لیتے اور اخذ کرتے ہیں، "اور قاری وعالم بنتے ہیں"

مَنْ یَّاْخُذُ الْعِلْمَ عَنْ شَیْخٍ مُّشَافَہَۃً
یَکُنْ عَنِ الزَّیْغِ وَالتَّصْحِیْفِ فِیْ حَرَمٍ

جو شخص کہ شیخ سے بالمشافہ علم لیتا اور اخذ کرتا ہے
وہ کجی اور غلطی سے محفوظ و مامون رہتا ہے

وَمَنْ یَّکُنْ اٰخِذًا لِّلْعِلْمِ مِنْ صُحُفٍ
فَعِلْمُہٗ عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ کَالْعَدَمِ

اور جو شخص لینے اور اخذ کرنے والا ہو علم کو مصاحف و کتب سے
سو اس کا علم اہلِ علم کے نزدیک نیست کے حکم میں ہے

وَقِیْلَ:۔ مَنْ کَانَ شَیْخُہُ الْکِتَابَ، فَغَلَطُہٗ اَکْثَرُ مِنَ الثَّوَابِ

قرآن کریم دیگر کتب سماویہ کی طرح دفعۃً اور مکتوب فی الصحف نازل نہیں کیا گیا ہے۔ بلکہ نجماً نجماً اور آیۃً فآیۃً بتدریج نازل کیا گیا ہے۔ اس لئے کہ قراءۃ بالتلقی مطلوب تھی جو تدریج و تراخی کو مقتضی تھی اور قراءۃ بالتلقی اس لئے مطلوب تھی کہ قرآن و قراءۃ تاقیامت باقی رکھنا مقصود تھا۔

Marfat.com

اور لاتعداد اسرار میں سے ایک سرّ انہیں یہ ہے کہ حروف عربیہ قرآنیہ کی مختلف حالات میں مخصوص و ممتاز شؤن اور مختلف اصوات ہوتے ہیں جو مخارج و صفات کی صحیح ادائگی سے معرض وجود میں آتے ہیں اور جنہیں ماہرین اصوات عربیہ اور حاذقین فن تجوید ہی سمجھتے اور سمجھاتے ہیں.

پھر حرکات و سکنات حروف کی مختلف حالات میں مختلف انداز اور مُعیّن مقدار ہوتے ہیں جنہیں ناقدین فن ہی جانتے اور بتلاتے ہیں. اسی طرح اتصالِ حرف بالحرف اور وصل کلمہ بالکلمہ کی جداگانہ شؤن و احکام ہوتے ہیں جنہیں ماہرین قراءات ہی بتلایا کرتے ہیں. پس ان ہی اسرار کی بناء پر تلقّی عن الشیخ کو ضروری قرار دیا گیا ہے اس لئے کہ بغیر تلقّی کے حصولِ تجوید قراءۃ ممکن ہی نہیں ہے.

هٰذَا مُحَصَّلُ مَا كَتَبَهُ فِيْ هٰذَا الْمَوْضُوْعِ مِنْ فُطَاحِ الْاَئِمَّةِ مَنْ يُوْثَقُ بِقَوْلِهِمْ وَمِنْ جَهَابِذَةِ الْاُمَّةِ مَنْ يُؤْخَذُ بِرَائِهِمْ: فِي الْمَعْقُوْلِ يُرْجَعُ اِلَيْهِمْ وَفِي الْمَنْقُوْلِ يُعْتَمَدُ عَلَيْهِمْ وَهُمُ الْمَغْفُوْرُ لَهُمْ :-

یہ ما حصل ہے اس کا جو اس موضوع پر بڑے بڑے ائمہ نے لکھا ہے جن کے قول پر وثوق کیا جاتا ہے اور امت کے جلیل القدر علماء نے لکھا ہے جن کی رائے سے تمسک کیا جاتا ہے معقول میں ان کی طرف رجوع کیا جاتا ہے اور منقول میں اُن پر اعتماد کیا جاتا ہے. اور وہ یہ نیک ہستیاں ہیں:-

شَيْخُ الْاِسْلَامِ الشَّيْخُ مُحَمَّدُ الْاَنْبَانِيُّ الشَّافِعِيُّ رح

Marfat.com

وَشَيْخُ الْقُرَّاءِ وَالْمَقَارِئِ خَاتِمَةُ الْمُحَقِّقِيْنَ الشَّيْخُ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُتَوَلِّيِّ الشَّافِعِيُّ وَوَارِثُ عِلْمِهِ وَفَضْلِهِ الشَّيْخُ حَسَنُ بْنُ خَلَفِ الْحُسَيْنِيُّ الْمَالِكِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الشَّيْخُ عَبْدُ الْهَادِي نَجَا الْاِبْيَارِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الشَّيْخُ مُحَمَّدُ بْنُ الْبِسْيَانِيُّ الْمَالِكِيُّ، وَالْعَلَّامَةُ الشَّيْخُ مُصْطَفَى الْقُلْنَاوِيُّ الْمَالِكِيُّ. وَالْاُسْتَاذُ الْكَبِيْرُ الشَّيْخُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْبَحْرَاوِيُّ الْحَنَفِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الشَّيْخُ اَحْمَدُ شَرَفُ الدِّيْنِ الْمُرْصَفِيُّ الشَّافِعِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الشَّيْخُ اَحْمَدُ الْمَنْصُوْرِيُّ الْمَالِكِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الشَّيْخُ عَبْدُ الْمُعْطِيِّ الْخَلِيْلِيُّ الْحَنَفِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ.

قرآن کے معنے "مَا يُقْرَأُ" کے ہیں یعنی پڑھے جانے کی چیز: اور پڑھے جانے کی چیز ظاہر ہے کہ الفاظ ہی ہیں اور الفاظ کے قاری اول خود صاحب کلام جل مجدہٗ ہیں چنانچہ "فَاِذَا قَرَاْنٰهُ" "جب ہم قراءۃ کرنے لگیں" فرماکر اپنے آپ کو قاری ظاہر فرمادیا ہے اور "نَتْلُوْا عَلَيْكَ" "ہم تم پر اے نبی الامیؐ تلاوت کرتے ہیں" فرماکر اپنے آپ کو تالی اور تلاوت کنندہ بتلادیا ہے اور واضح فرمادیا ہے کہ عند اللہ اوّلاً مطلوب قراءۃ حروف اور تصحیح اصوات ہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ نے جبرئیل امین کو نیابۃً وواسطۃً رسول بناکر بھیجا اور جبرئیل امین نے قرآن حکیم کیا نہ تقوّل کیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر سنایا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل امین علیہ السلام سے بالمشافہ اخذ کیا اور قرآن ربّ اللفظ فرمایا، تو واضح فرمادیا کہ شیخ اول صاحبِ کلام جل مجدہ بواسطہ جبرئیل

Marfat.com

امین علیہ السلام ہیں اور تلمیذ اول نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

جب صاحب کلام جل وعلی نے خلاصۃ الانبیاء افصح العرب العرباء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تعلیم وتدریس قرآن حکیم کے لئے جبریل امین علیہ السلام کو مخبر ومعلم بنا کر بھیجا ہے اور نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارفع وافضل ہونے کے باوجود فم جبریل امین ؑ سے اخذ کیا اور سیکھا ہے تو گویا بتلا دیا ہے کہ افضلیت و عدم افضلیت اور چھوٹے بڑے کے تصور سے بالاتر ہو کر تجوید وقراءۃ بالتلقی عن افواہ المشائخ العارفین اخذ کرنا چاہیئے اگرچہ تلمیذ کسی وجہ سے شیخ پر فوقیت رکھتا ہو۔

پس جب یہ اظہر من الشمس ہے کہ تجوید وقراءۃ بدون تلقی من افواہ المشائخ العارفین اور بغیر اخذ من لسان الماہرین عند العلماء المحققین کالعدم اور نیست کے حکم میں ہے تو پھر کیف ما اتفق جو بھی اور جہاں بھی شیخ متقن اور ماہر بالتجوید والقراءات میسر آجائے خواہ وہ عمر و مرتبہ میں کم درجہ ہی کیوں نہ ہو۔ اس کے سامنے زانوئے تلمذ طے کرتے ہوئے اخذ کرنا چاہیئے اور قرآنِ کریم کا نزل صحیح کرنا چاہیئے۔ القول السدید فی حکم التجوید میں ہے :۔

وَالْعَجَبُ مِنْ بَعْضِ عُلَمَآءِ زَمَانِنَا فَإِنَّهٗ إِذَا وَجَدَ أَهْلَ الْأَدَاءِ فِيْ أَعْلَى الْمَرَاتِبِ تَعَلَّمَ مِنْهُ وَفِيْ أَدْنَى الْمَرَاتِبِ لَا يَتَعَلَّمُ مِنْهُ اِسْتِكْبَارًا عَنِ الرُّجُوْعِ إِلَيْهِ.	ہمارے زمانہ کے بعض علماء پر تعجب ہے کہ جب وہ اہلِ اداء کو اعلیٰ مراتب میں پاتے ہیں تو ان سے پڑھتے اور سیکھتے ہیں اور جب انہیں ادنیٰ مراتب میں دیکھتے ہیں تو استکباراً ان کی طرف رجوع نہیں کرتے اور نہ ان سے پڑھتے ہیں۔

Marfat.com

كَمَا قَالَ صَاحِبُ تَهْذِيْبِ الْقُرْاٰنِ قَدْ رَاَيْنَا بَعْضَ مَنْ لَا يَقْدِرُ عَلٰى قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ قَدْرَ مَا تَجُوْزُ بِهِ الصَّلٰوةُ.	جیساکہ صاحب تہذیب القرآن نے فرمایا ہے کہ ہم نے بعض ایسے حضرات کو دیکھا ہے کہ قرأت قرآن پر اتنا بھی قدرت نہیں رکھتے جس سے نماز صحیح ہو سکے۔
وَهُوَ قَدْ يَتَصَدّٰى لِلتَّقْوٰى وَقَدْ هَدَمَ لِلتَّقْوٰى مِنْ اَسَاسِهَا.	اور وہ "ماشآء اللہ" حصول تقوٰے کے درپے اور مدعی ہیں اور حالانکہ تقوٰے بیخ و بن سے منہدم کر چکے ہیں۔
وَيَتَوَرَّعُ عَنِ الشُّبُهَاتِ وَيُفْسِدُ الصَّلٰوةَ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ.	و نیز شبہات سے محترز رہتے ہیں اور حالانکہ روزانہ پانچ نمازیں فاسد اور غارت کرتے رہتے ہیں،
وَيَتَّخِذُ وِرْدًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ يُرِيْدُ اَنْ يَّعْبُدَ اللّٰهَ تَعَالٰى بِالسَّيِّئَاتِ	اور مزید برآں یہ کہ آیات و سُوَر کی وردو ظائف کرتے رہتے ہیں اور یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت سیئات سے کرتے رہیں۔
ثُمَّ اَنَّهٗ يَسْتَحْيِيْ مِنَ النَّاسِ اَنْ يَّقْعُدَ بِالْعِمَامَةِ الْكُبْرٰى وَرِدَاءِ الْعُلَمَاءِ بَيْنَ يَدَيْ مُعَلِّمٍ مِّنْ اَهْلِ	پھر بھی وہ لوگوں سے شرماتے ہیں اور یہ خیال کرتے ہیں کہ بڑی پگڑی اور عالمانہ لباس پہنے ہوئے کسی معلم کے سامنے کیسے بیٹھیں اور کیونکر پڑھیں۔ سو یہ طریق کار

Marfat.com

الْأَدَاءِ۔ فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ وَظَائِفِ الْمُبْتَدِئِينَ وَهُوَ قَدْ صَارَ مِنَ الْمُدَرِّسِينَ الْفُضَلَاءِ ۔

ہے مبتدیوں کا (جو اپنے آپ کو مثل مادیگرے نیست تصور کرتے ہیں، اور حالانکہ وہ از سوءِ اتفاق سے فاضل بنکر مدرس بھی بن بیٹھے ہیں (لاحول ولا قوۃ)

وَقَالَ بَعْضُهُمْ إِنَّ أَكْثَرَ عُلَمَاءِ زَمَانِنَا يَشْتَغِلُونَ بِعُلُومٍ غَيْرِ نَافِعَةٍ وَيَتْرُكُونَ الْأَهَمَّ وَالْأَلْزَمَ لَهُمْ كَالَّذِينَ يَهْتَمُّونَ بِالْاِشْتِغَالِ بِالْعُلُومِ الْآلِيَةِ مُدَّةَ حَيَاتِهِمْ بَلْ يُفْنُونَ أَعْمَارَهُمْ فِيهَا ثُمَّ يَفْتَخِرُونَ وَيَتَكَبَّرُونَ بِسَبَبِهَا وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا۔

اور بعض نے فرمایا ہے کہ ہمارے زمانہ کے اکثر علماء علوم غیر نافعہ میں مشغول رہتے ہیں اور جو ان کے لئے اہم والزم ہے اسے ترک کر دیتے ہیں. بالکل انہیں لوگوں کی طرح جو علوم آلیہ کے اشتغال واہتمام میں منہمک رہتے ہیں بلکہ اپنی عمریں اس میں فنا کر دیتے ہیں. پھر اسکی وجہ سے وہ فخر و تکبر کرتے ہیں اور اپنی فوقیت جتلاتے ہیں اور وہ بوجہ جہالت کے اسی خیال میں ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں.

فَمَا ظَنُّكَ فِي حَقِّ الْعِلْمِ الَّذِي تَكُونُ ثَمَرَتُهُ وَنَتِيجَتُهُ عُجْبًا وَكِبْرًا۔

پس کیا گمان رکھتے ہیں آپ اس علم کے بارے میں جس کا ثمرہ اور نتیجہ عجب و تکبر ہو اور فخر و غرور.

Marfat.com

وَقَالَ بَعْضُ الْمَشَايِخِ مَنِ اتَّخَذَ وِرْدًا مِنَ الْقُرْاٰنِ اَوِ الْاَسْمَآءِ فَعَلَيْهِ اَوَّلًا اَنْ يُّصَحِّحَ مَخَارِجَ الْحُرُوْفِ وَالصِّفَاتِ فَاِنَّهٗ لَايَجِدُ تَاْثِيْرًا مِنْ قِرَآءَتِهٖ وَلَا يَحْصُلُ اِلٰى مَطْلُوْبِهٖ مَالَمْ يُصَحِّحِ الْمَخَارِجَ وَالصِّفَاتِ لِاَنَّ الْخَصَائِصَ وَالْاَسْرَارَ لَاتَحْصُلُ اِلَّا بِصِحَّةِ الْمَعَانِيْ وَالْمَعَانِيْ لَاتَحْصُلُ اِلَّا بِصِحَّةِ الْكَلِمَاتِ وَالْكَلِمَاتُ لَاتَحْصُلُ اِلَّا بِصِحَّةِ الْمَخَارِجِ وَالصِّفَاتِ

اور بعض مشائخ نے کہا ہے کہ جو شخص قرآن کریم اور اسمآءِ الٰہی میں سے وِرد و وظائف کے لئے کچھ لیتا اور منتخب کرتا ہے تو اوّلاً اس پر واجب ہے کہ وہ (کم از کم اس مخصوص حصہ کے) مخارج وصفات صحیح کرلے۔ پس بلا شبہ وہ اپنی قرآءۃ اور ورد و وظائف کی تاثیر وثمرہ نہیں پائے گا اور نہ ہی وہ اپنے مطلوب تک پہونچے گا تاوقتیکہ مخارج وصفات صحیح نہ کرلے۔ اس لئے کہ وِرد و وظائف کے خصائص و اسرار حاصل نہیں ہوتے مگر صحتِ معانی سے اور معانی حاصل نہیں ہوتے مگر صحتِ کلمات سے اور کلمات حاصل نہیں ہوتے مگر صحتِ حروف سے اور حروف حاصل نہیں ہوتے مگر صحتِ مخارج وصفات سے۔

وَكُلَّمَا تَغَيَّرَتِ الصِّفَةُ اللَّازِمَةُ لِلْحُرُوْفِ تَغَيَّرَتِ اللُّغَةُ وَكُلَّمَا تَغَيَّرَتِ

اور جب کبھی حروف کی صفتِ لازمہ متغیر ہوجاتی ہے تو لغت بھی متغیر ہوجاتی ہے۔ اور جب لغت متغیر

Marfat.com

اللُّغَۃُ تَغَیَّرَتِ الْمَعَانِیْ وَالْاَسْرَارُ.	ہو جاتی ہے تو اسرار و معانی بھی متغیر ہو جاتے ہیں" پس ظاہر ہے کہ وظائف کی تاثیر کیسے حاصل ہو گی اور عامل منزلِ مقصود تک کیسے پہونچے گا"
وَقَالَ ابْنُ حَجَرٍ: اِعْلَمْ اَنَّ کُلَّ مَا اَجْمَعَ الْقُرَّآءُ عَلٰی اِعْتِبَارِہٖ مِنْ مَخْرَجٍ وَّ مَدٍّ وَّ اِدْغَامٍ وَّ اِخْفَآءٍ وَّ اِظْھَارٍ وَغَیْرِھَا وَجَبَ تَعَلُّمُہٗ وَحَرُمَ مُخَالَفَتُہٗ كَذَا ذَكَرَہٗ عَلِیُّ الْقَارِئُ.	اور ابن حجرؒ نے کہا ہے کہ جن امور کے معتبر اور ضروری ہونے پر قرآء کرام نے اجماع کیا ہے یعنی مخرج و صفت لازمہ اور صفت عارضہ مثل مد، ادغام اخفاء اور اظہار وغیرہ ان کا تعلم واجب ہے اور مخالفت حرام. ملا علی قاریؒ نے اسی طرح ذکر کیا ہے.
وَحُکِیَ عَنْ ظَھِیْرِ الدِّیْنِ بْنِ الْمُرْغِیْنَانِیْ اَنَّ مَنْ قَالَ لِقَارِیْ زَمَانِنَا عِنْدَ قِرَآءَتِہٖ اَحْسَنْتَ یَکْفُرُ. وَوَجْہُ جَعْلِ التَّحْسِیْنِ کُفْرًا، اَنَّ ھٰذَا الزَّمَانَ قَلَّمَا تَخْلُوْا قِرَآءَتُھُمْ فِی الْمَجَالِسِ وَالْمَحَافِلِ عَنِ	اور ظہیر الدین مرغینانیؒ سے منقول ہے کہ جس نے ہمارے زمانہ کے کسی قاری کو اَحْسَنْتَ کہا اور شاباش دی وہ کافر ہو گیا اور اس کی تحسین کو کفر قرار دینے کی وجہ یہ ہے کہ بلاشبہ اس زمانہ میں بہت کم قاری ایسے ہیں جو مجالس و محافل میں اپنی قرآءۃ کو تغنّی للناس سے خالی و محفوظ رکھتے ہیں اور تغنّی للناس بالاجماع

Marfat.com

التَّغَنِّيْ لِلنَّاسِ وَهُوَ حَرَامٌ	قطعاً حرام ہے اور ممنوع اور صاحب
قَطْعًا بِالْإِجْمَاعِ وَبِذٰلِكَ	ذخیرہ اور ایسا ہی صاحب ہدایہ نے
سَمَّاهُ صَاحِبُ الذَّخِيْرَةِ	اس کو اسی طرح کا فر سے مسمّٰی کیا ہے جب
وَكَذَا صَاحِبُ الْهِدَايَةِ	کہ فرمایا ہے کہ جو تغنی للناس کا مرتکب ہو
حَيْثُ قَالَ فِيْهَا وَلَا تُقْبَلُ	اس کی شہادت قبول نہ کی جائے اس لئے
شَهَادَتُ مَنْ يُّغَنِّيْ لِلنَّاسِ	کہ وہ لوگوں کو ارتکاب کبیرہ پر جمع کرتا
لِاَنَّهٗ يَجْمَعُهُمْ عَلٰى	ہے ۔

ارْتِكَابِ كَبِيْرَةٍ .اھ

وَكَمَا قَالَ الرَّفَاعِيُّ رحمہ

رُبَّ تَالٍ تَلِ الْقُرْاٰنَ مُجْتَهِدًا

بَيْنَ الْخَلَائِقِ الْقُرْاٰنُ يَلْعَنُهٗ

بہت سے پڑھنے والے مجالس میں مجتہدانہ شان میں بناؤ سنگار سے قرآن پڑھتے ہیں. اور حال یہ ہے کہ قرآن کا ہر ہر حرف ان پر لعنت کرتا رہتا ہے

وَالْحَاصِلُ اَنَّ الْقُرْاٰنَ	اور حاصل یہ کہ بلا شبہ قرآن
وَاَسْمَاءَ اللّٰهِ تَعَالٰى	اسماءِ الٰہی اور اذان توقیفی ہیں جو زیادتی
وَالْاَذَانَ تَوْقِيْفِيَّةٌ لَا تَقْبَلُ	ونقصان اور تغییر کو قبول نہیں کرتے اور
الزِّيَادَةَ وَلَا النُّقْصَانَ	نہ اس کے متحمل ہیں. لہٰذا واجب ہے
وَلَا التَّغْيِيْرَ وَاَنَّهٗ يَجِبُ	سامع پر نکیر اور تالی پر تغییر .
عَلَى السَّامِعِ النَّكِيْرُ وَعَلٰى	

Marfat.com

التَّالِي التَّغْيِيرُ۔

فَنَسْأَلُ اللّٰهَ تَعَالٰى لِيْ وَلَكُمْ اَنْ يَّجْعَلَنَا مِنَ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ۔

خلاصۂ کلام یہ کہ جب اخذ تجوید و قرآءۃ بلا تلقی اور عن غیر المشایخ متعسر اور غیر ممکن ہے اور حصول عن المصاحف والکتب والآلات الجدیدۃ عند العلماء غیر معتبر، غیر مقبول بلکہ منکر و مردود ہے۔ تو اے مخاطب اور طالب تجوید اپنی ہمت کو ابھار اور اپنے ارادوں کو حرکت میں لا۔ تیار ہو جا اور حاصل کر، اخذ کر جو کچھ تجھ پر پڑھا جاتا ہے اور قبول کر جو تجھے بتلایا جاتا ہے کیونکہ قرآن پڑھنے والے تین قسموں میں منقسم ہیں :-

(۱) محسن و ماجور (۲) مسئ و آثم (۳) معذور . . .

اب تو دیکھ اور سوچ کہ تو کس قسم میں شامل ہے۔ اگر تو محسن و ماجور ہے اور قرآن کریم کما نزل پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لا۔ اور اگر تو مستغنی بنتا ہے اور اپنے آپ کو کامل و ماہر تصور کرتا ہے اور جو کچھ تو پڑھتا ہے اور تیرے دل و دماغ میں سما چکا ہے اسی پر تکیہ کئے بیٹھا ہے اور کسی ماہر معلم و موقف کی طرف رجوع کرنا عار اور کسرِ شان سمجھتا ہے تو جان لے کہ بلا شبہ تو مقصر و مغرور، مسئ و آثم اور غیر معذور ہے۔ اور اگر تو ان میں سے ہے جن میں اخذ کرنے کا مادہ ہی نہیں، زبان چلتی نہیں، پڑھنے پر قدرت نہیں اور حاصل کرنے سے قطعاً عاجز ہے، یا شیخِ کامل میسر نہیں تو جان لے کہ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لیکن باایں ہمہ معطل بیٹھے رہنے اور مایوس ہونے میں فائدہ نہیں بلکہ پڑھنے پر قدرت

Marfat.com

حاصل کرنے اور تلاش شیخ میں جد و جہد اور جستجو لازم اور واجب ہے۔

لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا اِنَّ الْعَمَلَ بِالتَّجْوِيْدِ فَرْضُ عَيْنٍ. لَازِمٌ لِكُلِّ مَنْ يَقْرَأُ شَيْئًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ لَاسِيَّمَا فِي الصَّلٰوةِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَنْزَلَهٗ بِالتَّجْوِيْدِ وَالْاَخْذُ بِالتَّجْوِيْدِ مَوْقُوْفٌ عَنْ اَفْوَاهِ الْمَشَايِخِ الْعَارِفِيْنَ الْمُتْقِنِيْنَ الَّذِيْنَ الْمُتَّصِلُ سَنَدُهُمْ بِالنَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

○

Marfat.com

اَللَّحْنُ

س :۔ لحن کسے کہتے ہیں ؟

ج :۔ اصولِ تجوید کے خلاف اور بے قاعدہ پڑھنے کو لحن کہتے ہیں ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآنِ کریم کو تجوید کے ساتھ نازل کیا ہے جیسا کہ فرماتے ہیں :

وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِیْلاً : اَیْ اَنْزَلْنَاهُ بِالتَّرْتِیْلِ : وَهُوَ التَّجْوِیْدُ ۔ اور تجوید کی فرضیت کتاب وسنت اور اجماعِ اُمت سے ثابت ہو چکی ہے جیسا کہ اوراقِ سابقہ میں مذکور رہے ۔

لحن قرآن کریم میں حرام ہے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ۔ قُرْآنًا عَرَبِیًّا غَیْرَ ذِیْ عِوَجٍ ۔ کہ وہ عربی قرآن ہے جس میں ذرا بھی کجی نہیں ۔ لہٰذا قاری کے لئے ضروری ہے کہ وہ لحن کی معرفت حاصل کرے تاکہ اس سے اجتناب کر سکے علامہ خاقانیؒ فرماتے ہیں ؎

فَاَوَّلُ عِلْمِ الذِّکْرِ اِتْقَانُ حِفْظِهٖ
وَمَعْرِفَةٌ بِاللَّحْنِ مِنْ فِیْكَ اِذْ یَجْرِیْ

پس اوّل علمِ قرآن یہ ہے کہ حفظِ لفظی اس کا مضبوط ہو ۔ اور دوم یہ کہ معرفت لحن ہو اس لئے کہ وہ تیرے منہ سے واقع ہوتا ہے ۔

Marfat.com

فَكُنْ عَارِفًا بِاللَّحْنِ كَيْمَا تَزِيْلُهُ
وَمَا لِلَّذِيْ لَا يَعْرِفُ اللَّحْنَ مِنْ عُذْرِيْ

سو ہو جا تو عارف بہ لحن کہ وہ کیسے اور کہاں واقع ہوتا ہے۔
اور نہیں ہے کسی شخص کے لئے یہ عذر معتبر کہ وہ لحن جانتا نہیں ہے۔

پس جب قاری ان اوصاف سے متصف ہو جائے یعنی اتقانِ حفظِ لفظ اور حقیقتِ لحن سے متعارف ہو جائے تو وہ اُولی الاتقان میں شمار کیا جاتا ہے اور ماہرینِ قرآن سے منسلک ہو جاتا ہے۔

اب جاننا چاہیئے کہ لحن لغتِ عرب میں دو معنوں میں مستعمل ہے۔
ایک بمعنی تحسین و تزئینِ صوت جو مستحب و مستحسن ہے اور موجبِ ثواب۔
دوم بمعنی خطاء و غلطی جو معیوب و ممنوع اور موجبِ عتاب و عذاب۔ یہاں لحن سے مراد ثانی الذکر ہے اور وہ ایک ایسا نقص و خلل ہے۔ جو حروف و الفاظ پر طاری ہو کر اسے درجۂ فصاحت سے گرا دیتا ہے اور اس میں سُقم پیدا کر کے حدِ تجوید سے خارج کر دیتا ہے اسی واسطے اصولِ تجوید کے خلاف اور بے قاعدہ پڑھنے کو لحن کہتے ہیں اور یہ دو قسم پر ہوتا ہے۔ لحن جلی و لحن خفی۔

Marfat.com

اَللَّحْنُ الْجَلِیُّ

س : لحنِ جلی کسے کہتے ہیں ؟

ج : ظاہر اور کھلی ہوئی غلطی کو لحنِ جلی کہتے ہیں !

تَوضِیحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ :۔ لحنِ جلی ایک ایسے نقص وخلل اور ایسی کھلی ہوئی غلطی کو کہتے ہیں جو الفاظ پر طاری ہو کر عرفِ قرآء میں کلمہ کو مختل کر دیتا ہے برابر ہے کہ مخل معنی ہو یا نہ ہو مگر عموماً لحنِ جلی سے قرآنِ کریم کے حروف والفاظ بدل کر معانی اور مفہومِ قرآن بھی بدل جاتے ہیں اور مقصودِ خداوندی کے خلاف ہو جاتے ہیں اسی واسطے پڑھنے والا خطاوار اور گناہ گار ہو کر لعنت وعذاب کا مستحق ہو جاتا ہے جیسا کہ حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے :۔

رُبَّ قَارِئٍ لِلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ یَلْعَنُهٗ ، یعنی اکثر قرآن پڑھنے والے قرآن پڑھتے ہیں اور حال یہ ہے کہ قرآن اُن پر لعنت کرتا رہتا ہے ۔

لحنِ جلی چونکہ ایک ظاہر اور کھلی ہوئی غلطی ہوتی ہے اس لئے اسے مجوّدین وقرآء اور علماء وغیرہ سب ہی جانتے ہیں اور اس کے نتائج سے باخبر ہوتے ہیں اور جانتے ہیں کہ لحن واقع ہونے سے معنی ومفہومِ قرآن میں کیا کچھ تغیر واقع ہوتا ہے ــــ لحنِ جلی کا وقوع کئی قسم پر ہوتا ہے ۔

۱ : یہ کہ حرفِ عربی کی جگہ حرفِ مخترع اور غیر عربی پڑھ لیا جائے جیسے قُلْ کی جگہ غُل ۔ جبال کی جگہ گبال اور حق کی جگہ حگ ۔ وغیرہ ۔

۲ : یہ کہ مخارج میں غلطی کی جائے اور ایک حرف کو دوسرے حرف سے

Marfat.com

بدل دیا جائے جیسے اَلْحَمْدُ کی جگہ اَلْھَمْدُ، قَلْبٌ کی جگہ کَلْبٌ۔ قُلْ کی جگہ کُلْ: قَالَ کی جگہ کَالَ: حَالَ کی جگہ خَالَ اور خَابَ کی جگہ حَابَ وغیرہ۔

۳ : یہ کہ صفاتِ لازمہ ممیزہ میں غلطی کی جائے اور کسی حرف کو غیر متعلقہ صفت سے موصوف کیا جائے جیسے ص کو س سے ط کو ت سے ظ کو ذ سے ض کو ظ۔ د سے بدل کر عَصٰی کی جگہ عَسٰی۔ صِرَاط کی جگہ صِرَات مَحْظُوْرًا کی جگہ مَحْذُوْرًا: اَلْمَغْضُوْبِ کی جگہ اَلْمَغْظُوْبِ وَلَا الضَّآلِّیْنَ کی جگہ وَلَا الظَّآلِّیْنَ یا وَلَا الدَّآلِّیْنَ پڑھ دیا جائے۔

۴ : یہ کہ حرکات میں غلطی کی جائے اور ایک حرکت کو دوسری کی جگہ پڑھ دیا جائے جیسے اَنْعَمْتَ کو اَنْعَمْتِ۔ اِیَّاکَ کو اِیَّاکِ اور اِھْدِنَا کو اَھْدِنَا وغیرہ پڑھ دیا جائے۔

۵ : یہ کہ حرکت و سکون میں غلطی کی جائے اور متحرک کو ساکن اور ساکن کو متحرک کر دیا جائے جیسے قَتْلَ کو قَتَلَ۔ جَعَلْنَا کو جَعَلَنَا۔ اَنْعَمْتَ کو اَنْعَمَتَ۔ اُکُلَھَا کو اُکْلَھَا۔ رَفَثَ کو رَفْثَ وغیرہ پڑھ دیا جائے۔

۶ : یہ کہ تشدید و تخفیف میں غلطی کی جائے اور مشدد کو مخفف یا مخفف کو مشدد کر دیا جائے جیسے فَعَّالٌ کو فَعَالٌ۔ مُسْتَقَرٌّ کو مُسْتَقَرٌ۔ اِیَّاکَ کو اِیَاکَ۔ ھَمَّازٍ مَشَّآءٍ کو ھَمَازٍ۔ مَشَآءٍ۔

Marfat.com

فَدَّرَ کو قَدَّرَ. وغیرہ پڑھ دیا جائے۔

۷ : یہ کہ مفرد کو تثنیہ اور تثنیہ کو مفرد کر دیا جائے جیسے قَالَ کو قَالَا. قَتَلَ کو قَتَلَا. جَعَلَ کو جَعَلَا. بَلَغَا کو بَلَغَ. نَسِيَا کو نَسِيَ جَاوَزَا کو جَاوَزَ وغیرہ پڑھ دیا جائے۔

۸ : یہ کہ بے جا حذف و اضافہ کیا جائے یا حرکت مشبعہ کو غیر مشبعہ پڑھ دیا جائے جیسے يُقِيمُونَ کو يُقِيمُنَ. يَفْعَلُونَ کو يَفْعَلُنَ. اَلْحَمْدُ کو اَلْحَمْدُوْ. اِيَّاكَ کو اِيَاكَ. لَمْ يُوْلَدْ کو لَمْ يُلَدْ عَسٰى کو عَسَى. وَقَضٰى کو وَقَضَى وغیرہ پڑھ دیا جائے۔

۹ : یہ کہ جب ایک قرأۃ دوسری قرأۃ پر موقوف ہو اس میں مطابقت نہ کی جائے جیسے ایک قرأۃ فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ ہے اور دوسری فَتَلَقّٰی اٰدَمَ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٌ ہے پس اٰدَمُ کے رفع کے ساتھ کَلِمٰتٍ لفظ مجرور ہے اور آدَمَ کی نصب کے ساتھ کَلِمٰتٌ مرفوع ہے اس میں خلط کرنا جیسے فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٌ یا فَتَلَقّٰی اٰدَمَ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ پڑھنا یا مثلاً سورۃ حجرات میں لفظ " فَتَبَيَّنُوْا قرأۃ عاصم رحہ ہے اور اسی لفظ میں دوسری قرأۃ امام حمزہ کی فَتَثَبَّتُوْا ہے سو جب عاصم رحہ کی قرأۃ کا التزام کیا جائے تو حمزہ کی قرأۃ پڑھنا. چونکہ یہ خلط فی القرآءات ہے اس لئے حرام اور ممنوع ہے۔

۱۰ : یہ کہ تخصیصِ روایت کا خیال نہ رکھا جائے اور ایک روایت میں دوسری

Marfat.com

روایت داخل کر دی جائے یا ایک طریق کو دوسرے طریق میں شامل کر دیا جائے اس حالت میں چونکہ خلط فی الروایہ یا خلط فی الطُّرق واقع ہوتا ہے اس لئے عند القرآء ممنوع اور ناجائز ہے: تلک عشرۃ کاملہ۔

خلاصۂ کلام یہ کہ مخارج۔ صفاتِ لازمہ۔ اعراب۔ حرکات و سکنات۔ تخفیف و تشدید۔ مفرد و تثنیہ۔ حذف و اضافہ اور گھٹاؤ بڑھاؤ وغیرہ کی غلطی کو لحنِ جلی کہتے ہیں جو حرام و ممنوع اور موجبِ عذاب و عقاب اور بسا اوقات مفسدِ صلوٰۃ ہے۔

Marfat.com

اَللَّحْنُ الْخَفِیُّ

س : لحنِ خفی کسے کہتے ہیں؟

ج : پوشیدہ اور ہلکی قسم کی غلطی کو لحنِ خفی کہتے ہیں!

<u>توضیحُ الجواب</u>: جاننا چاہیئے کہ لحنِ خفی ایک ہلکی قسم کی غلطی ہوتی ہے جو الفاظ پر طاری ہو کر عرفِ قراء میں حرف، و کلمہ کو تو مختل کر دیتا ہے مگر مخلِ معنی نہیں ہوتا یعنے یہ خفی ہونے کے باوجود الفاظ پر اثر انداز ہو کر اس کی حسن و خوبی کو فناء و معدوم یا ناقص و معیوب کر دیتا ہے۔ اسی واسطے اہلِ فن کے نزدیک نہایت ہی معیوب اور کریہہ تصور کیا جاتا ہے۔ اور یہ اگرچہ مبدّلِ معنی و مفہوم نہیں اور نہ ہی پڑھنے والا گناہ گار کہلاتا ہے مگر چونکہ الفاظِ قرآن کے حسن و جمال میں کمی کا باعث ہوتا ہے اس لئے اس کا مرتکب ملامت اور تہدید و عقاب کا مستوجب ضرور ہوگا۔

لحنِ خفی اپنی خفت اور خفی ہونے کی وجہ سے دو قسم پر منقسم ہے ایک وہ کہ جسے علماء قرآءۃ ہی جانتے ہیں جیسے ترک اظہار و ادغام، اقلاب، و اخفاء اور غنہ وغیرہ اور جیسے ترقیقِ مفخم اور تفخیمِ مرقق۔ مدِ مقصور اور قصر ممدود، تشدیدِ مخفف اور تخفیفِ مشدد۔ یا جیسا کہ وقف بالحرکات الکوامل۔

دوم وہ کہ جسے مَہَرۃ القرآء ہی جانتے ہیں۔ جیسے تکریرِ راءات۔ تطنینِ نونات۔ تغلیظِ لامات تشویۃ الحروف بالغنہ۔ ترعیدِ صوت بالمدود والغنات۔ ترقیصِ

Marfat.com

راءات فی محل التفخیم اور تفخیم راءات فی محل الترقیق ۔

نہایت القول المفید میں علامہ ناصر الدین رحمہ اللہ کا ایک طویل فتوےٰ منقول ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ سوال کیا گیا ہے کہ کیا واجب ہے ؟ ادغام کرنا نون ساکن اور تنوین کا عند حروف الادغام اور اظہار کرنا عند حروف الاظہار۔ اخفاء کرنا عند حروف الاخفآء ۔ اقلاب کرنا عند حرف القلب اور کیا یہی حکم ہے مد لازم اور مد منفصل کا بھی۔ اگر جواب ان سب کا وجوب ہے تو کیا یہ وجوب شرعی ہے جس کے فاعل کو ثواب ہو اور تارک گناہ گار ہو اور ترک اس کا لحن ؟ اور اگر یہ وجوب صناعی ہے کہ نہ فاعل کو ثواب نہ گناہ اور نہ ترک اس کا لحن۔ اور اگر کوئی شخص اس کے وجوب کا انکار کرے تو کیا وہ مصیب ہو گا یا مخطئ اور کیا مترتب ہو گا۔ اس پر انکار کی صورت میں ؟

بعد حمد وصلوٰۃ کے جواب دیا گیا ہے کہ ہم احکام نون ساکن و تنوین اور مد لازم و مد منفصل کے وجوبِ شرعی کے قائل ہیں اور اس بارہ میں ہم نے ائمہ میں سے کسی کو خلاف نہیں پایا . . . آگے چل کر لکھتے ہیں کہ علمآءِ اصول اور فقہآء کا اجماع ہے کہ قرآءۃِ شاذہ کی تلاوت جائز نہیں باوجود اس کے کہ وہ فی الجملہ وارد بھی ہے پس کیا خیال ہے اس قرآءۃ کے بارہ میں جو اصلاً وارد ہی نہ ہو۔ اور فرماتے ہیں کہ فقہآء نے نصًّا تصریح کی ہے کہ اگر کسی نے شد کو ترک کر دیا مثلاً سورۃ فاتحہ میں ۔ اَلرَّحۡمٰن ۔ کی لام کو جزم واظہار کے ساتھ پڑھا تو اس کی نماز صحیح نہ ہو گی۔ اور عدم صحت سے تحریم لازم آئے گی اس لئے کہ ہر وہ چیز جو نماز کو باطل کرے اس کی تعاطی حرام ہوتی ہے۔ یعنی جو شئے مفسدِ صلوٰۃ ہو اُسے دیدہ دلیری سے اختیار کرنا شرعاً حرام اور ممنوع ہے۔ علامہ جزری اپنی کتاب تمہید میں

Marfat.com

فرماتے ہیں کہ جو کلمہ پڑھا جائے اور وہ متواتر ہو. تو اس کا پڑھنا جائز ہے اگرچہ اس کا لفظ مختلف ہو اور وہ جو ثابت نہ ہو سو اس کی تعاطی حرام اور اس کا اعتقاد رکھنے والا کافر ہوگا. پس جب یہ ثابت ہو گیا تو احکام ماذکرہ کا ترک کرنا شرعاً ممنوع اور حرام ہے اور اس میں قیاس کو کوئی دخل نہیں بلکہ فقط اتباع ہی اتباع ہے. علامہ جزری فرماتے ہیں ؎

وَالْاَخْذُ بِالتَّجْوِيْدِ حَتْمٌ لَّازِمٌ

مَنْ لَّمْ يُجَوِّدِ الْقُرْاٰنَ اٰثِمٌ

اور اخذ کرنا تجوید کا واجب و لازم ہے. جس نے تجوید حاصل نہ کی قرآن کو مجوّد نہ کیا وہ گناہ گار ہے.

لہٰذا واجب ہے ہر عاقل پر جو کسی قدر بھی دیانت رکھتا ہو کہ وہ ان احکام کو قبول کرے اور ائمہ کاملین سے سیکھے اور حاصل کرے اور کیفیتِ اداء کے لئے ان کی طرف رجوع کرے اس لئے کہ ہر فن اس کے اہل سے ہی سیکھا جاتا ہے سو اس نصیحت پر اعتماد رکھ اور خود بخود نہ تو ظن و اٹکل سے سیکھنے کی کوشش کر اور نہ ہی غیر اہل سے نقل کر.

پس خلاصۂ کلام یہ کہ صفاتِ محسنہ محلیہ میں غلطی واقع ہونے کو لحن خفی کہتے ہیں جو کہ ناجائز اور مکروہ ہے اور یہ اگرچہ مفسدِ صلوٰۃ نہیں مگر احتراز و اجتناب اس سے بھی ضروری ہے.

○

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الْخَامِسُ فِیْ حُرُوْفِ الْھِجَاءِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حُرُوْفُ الْھِجَاءِ

س: حروفِ ہجآء کسے کہتے ہیں اور وہ کتنے ہیں؟

ج:- جو حروف الگ الگ، علیحدہ علیحدہ اور جدا جدا لکھے جاتے ہیں انہیں حروفِ "ہجآء" اور حروفِ "مفردہ" کہتے ہیں. اور وہ کل اُنتیس ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ:- جاننا چاہیئے کہ لسانِ عربی میں حروفِ ہجاء کل اُنتیس ۲۹ ہیں ــــــ اور قرآنِ کریم، و نیز لسانِ عربی میں جملہ کلمات انہیں حروف "ہجاء" سے مرتب اور مرکب ہیں.

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابو البشر سیّدنا حضرتِ آدم علیہ السلام پر سب سے پہلے جو صحیفہ آسمانی نازل ہوا تھا وہ انہیں حروفِ "ہجآء" پر مشتمل تھا.

سیّدِنا و ابونا حضرتِ آدم علیہ السلام، حروفِ "ہجآء"

Marfat.com

کو ایک دوسرے سے ملا کر ترتیب دیتے تھے اور کلمات واضع کیا کرتے تھے اور حسب تعلیم خداوند قدوس موجودات عالم کے لیئے اسمآء متعین فرماتے تھے: وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا۔

حروف "ہجآء" کے تہہ میں بڑے بڑے اسرار ہیں، اسی واسطے اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ نے قرآن کریم میں حروف مقطعات سے سید المرسلین خاتم النّبیین جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب فرما کر امتیازی شان عطا فرمائی ہے۔

اہل عرب حروف "ہجآء" کو دو ترتیبوں سے لکھتے ہیں، ایک ترتیب آسمانی اور نزولی کے مطابق —— دوم ترتیب ابجدی کے مطابق جو کہ اہل عرب کا ایجاد کردہ ہے —— طلبآء کے معلومات میں اضافہ کے پیش نظر حروف "ہجآء" کو تحت القاعدۃ ترتیب نزولی کے مطابق —— اور تحت الامثلہ ترتیب ابجدی کے مطابق قلم بند کیئے گئے ہیں۔ نیز حروف ابجد کے عدد بھی بتلائے گئے ہیں۔

اَلْقَاعِدَۃُ

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز

س ش ص ض ط ظ ع غ ف

ق ك ل م ن و ھ ء ی

Marfat.com

وَالْاُمْثِلَۃُ

ا ب ج د ، ہ و ز ، ح ط ی ، ک ل م ن ،
س ع ف ص ، ق ر ش ت ، ث خ ذ ،
ض ظ غ

حطی	ھوز	ابجد
۸ ۹ ۱۰	۵ ۶ ۷	۱ ۲ ۳ ۴

قرشت	سعفص	کلمن
۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰	۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰	۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰

ضظغ	ثخذ
۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰	۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰

ابج ، دھز ، حطی ، کلم
نصع ، فضق ، رست ، ثخذ
وظغش

Marfat.com

اَلْحُرُوْفُ الْمُهْمَلَةُ وَالْمُعْجَمَةُ

س :۔ حروفِ مہملہ کسے کہتے ہیں اور معجمہ کسے ؟

ج :۔ بے نقطہ حروف کو "حروفِ مُہْمَلَہ" کہتے ہیں ـــــ اور بانقطہ یعنی نقطہ دار حروف کو "حروفِ مُعْجَمَہ" کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ حروفِ مفردہ مُنَزَّلَہ میں اکثر حروف بِصُوْرَۃٍ وَّاحِدَۃٍ یعنی ہم شکل وصورت نازل ہوئے ہیں اس لئے ان میں ایک دوسرے سے امتیاز اور جدائی مشکل تھی ـــــ ضرورت تھی اس بات کی کہ کوئی ایسی علامت وضع کی جائے کہ جس سے یہ حروف متشخص اور الگ الگ ہوں ـــــ واضع نے نقطہ وضع کر کے ہمشکل وصورت حروف میں فرق وامتیاز پیدا کر دیا ہے۔ دیکھئے تحت العنوان اعجام القرآن۔

اب جاننا چاہیئے کہ یہ بین القوسین (۔) نقطہ ہے یہ نقطہ کبھی حرف کے اُوپر ہوتا ہے (ـــ) اور کبھی نیچے (ـبـ) پھر کسی حرف کا ایک نقطہ ہوتا ہے (ـــ ، ـبـ) کسی کے دو نقطے ہوتے ہیں (ـتـ ، ـيـ) اور کسی کے تین نقطے (ـثـ) اور تین سے زیادہ نقطے کسی حرف کے نہیں ہوتے ہیں۔

واضع النقط نے متماثل الرسم اور مشتبہ الصورۃ اور ہم شکل حروف

Marfat.com

کو انہی نقطوں کے ذریعہ ایک دوسرے سے الگ کرکے دو حصّوں میں تقسیم کردیئے ہیں ـــ پس جو حروف نقطوں سے عاری اور خالی رکھے گئے ہیں وہ حروف "مُہْمَلَہ و غیر منقوطہ" کہلاتے ـــ اور جن حروف پر نقطے لگائے گئے وہ "مُعْجَمَہ و مَنْقُوطَہ" کے نام سے موسوم ہو گئے۔

ناظرین کے استفادہ کے پیش نظر تحت القاعدہ حروفِ "مُہْمَلَہ و مُعْجَمَہ" علیحدہ علیحدہ لکھے گئے ہیں اور تحت الامثلہ حروف بہ ترتیبِ مخارج قلم بند کئے گئے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

اح در س ص طع ک ل م و ھ ء ؛

ب ج ي ، ت ق ، ث ش ، خ ذ ز
ض ظ غ ف ن ، ۔

وَالْاَمْثِلَةُ

أ ھ ـــ ع ح ـــ غ خ ـــ ق ک ـــ ج ش ی ـــ
ض ـــ ل ن ر ـــ ط د ت ـــ ظ ذ ث ـــ
ـــ ص ز س ـــ ف ، م ، ب ، و

Marfat.com

جَوَاهِرُ الحُرُوفُ

س : جواہر حروف کسے کہتے ہیں ؟

ج :۔ ترتیب حروف اور وضع کلمات کے وقت جو حصۂ حروف لکھنے میں آجاتا ہے اُسے : جَوَاہِر حُرُوْف : کہتے ہیں ۔

تَوضِیحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ جب حروفِ ہجائیہ مفردہ کو ایک دوسرے سے ملا کر باہم ترتیب دیتے ہیں اور کلمات وضع کرتے ہیں تو قطع و برید کرکے اُن کی شکل و صورت کسی قدر بدل جاتی ہے ، پس جو جو حصّہ لکھنے میں آجاتا ہے ، انہیں : جَوَاهِرُ الْحُرُوْف : اور : رُءُوسُ الْحُرُوْف : کہتے ہیں ۔

نیز جاننا چاہیئے کہ حروفِ مفردہ ہجائیہ میں سے ہر حرف کے لئے ایک مخصوص شکل و صورت متعین اور مقرر ہے —— لیکن " ہمزہ " کے لیئے کوئی شکل و صورت مقرر نہیں ہے —— ہمزہ کبھی تو اپنی حرکت کے مطابق اور کبھی ماقبل کے حرکت کے مطابق حرفِ مدّ سے لکھا جاتا ہے —— اور کبھی وہ محذوف الرسم ہوتا ہے ۔

تحت القاعدہ رءوس الحروف یا جواہر الحروف کو کثیر الاستعمال اشکال و صور میں تحریر کیا گیا ہے —— اور تحت الامثلہ رءوس و جواہر الحروف کو واضح کیا گیا ہے —— فَانْظُرُوْا وَافْهَمْ

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

ا ا، ب بـ ، ت تـ ، ث ثـ ، ج جـ ، ح حـ ، خ خـ ، د د ،
ذ ذ ، ر ر ، ز ز ، س ـسـ ، ش ـشـ ، ص ـصـ ، ض ـضـ ، ط ، ظ ، ع ـعـ ،
غ ـغـ ، ف ـفـ ، ق ـقـ ، ك ك ، ل ، م ـمـ ، ن ـنـ ، و ، ه ، ـهـ ، ـه ،
لا ، أ ، ئ ، ؤ ، ء ، ي ، ـيـ

وَالْاَمْثِلَةُ

بد ، نذ ، بر ، نز ، بح ⁂ ثم ، نم ، فر ، قر ، مم
بح ، بج ، نج ، يج ، نخ ⁂ نج ، فج ، فج ، يج ، بخ
بع نع فع جع ⁂ عع غغ فع صع ضع
لا ، الا ، بالا ⁂ بلا ، فلا ، شلا
طغى ، دنى ، على ⁂ قلى ، نهى ، فهى
غفور ، شكور ، عزيز ⁂ حريص ، حميد ، مجيد
يعملون ، يفعلون ⁂ تعقلون ، يفقهون
يجحدون ، يضربون ⁂ ينظرون ، يقولون
يستطيعون ، منكرون ⁂ قسيسين ، مستكبرين
فسيكفيكهم الله ⁂ وهو السميع العليم

Marfat.com

ب س م ، ال ل اه ، ال ر ح م ان ، ال رح ى م ،

ال ح م د ، ل ل ل اه ، ر ب ب ، ال ل ع ال م ى ن ،
ال رح م ان ، ال رح ى م ، م ال ك ، ى و م ، ا ل
د ى ن ، ا ى ى اك ، ن ع ب د ، و ا ى ى اك
ن س ت ع ى ن ، اه د ن ا ، ال ص ر اط ،
ال م س ت ق ى م ، ص ر اط ، ال ل ذ ى
ن ، ان ع م ت ، ع ل ى ه م ، غ ى ر ، ال
م غ ض و ب ، ع ل ى ه م ، و ل ا ، ال ض ا
ل ل ى ن ——— ا م ى ن

سبحان ربك رب ∴ العزة عما يصفون
وسلم على المرسلين ∴ والحمد لله رب العلمين

Marfat.com

اَلْفَتْحَۃُ وَالْمَفْتُوْحُ

س:۔ فتحہ کسے کہتے ہیں ——— اور مفتوح کسے کہتے ہیں ؟

ج : زبر کو: فتحہ :کہتے ہیں ——— اور زبر والے حرف کو: مفتوح : کہتے ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ:۔ جاننا چاہیئے کہ یہ بین الفوسین خطّ مستقیم کے اُوپر (ـــَـــ) فتحہ ہے ، فارسی والے اسے "زبر" کہتے ہیں فتحہ ہمیشہ حرف کے اوپر لکھا جاتا ہے ——— اور جس حرف پر فتحہ ہوتا ہے اُسے : مفتوح :کہتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ "فتحہ" کے لغوی معنی: اِنْفِتَاح : یعنی کھولنے کے ہیں ——— واضع نے فتحہ کو انفتاحِ فم وصوت پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا ہے ۔ پس جب کسی حرف پر فتحہ ہو ——— تو اُسے ادا کرتے وقت کسی قدر منہ کھولنا چاہیئے تا کہ فتحہ کی آواز بلند ہو کر نکلے ——— لیکن ساتھ ہی یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ آواز میں امتداد اور درازی نہ ہونے پائے، تا کہ حرف کی آواز اپنی حد پر قائم رہے ——— نیز یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ فتحہ کی ادائیگی میں حرف کے ساتھ ہمزہ ، یا نہ ملنے پائے ۔

مذکورۃ الذیل قاعدہ میں بغور دیکھا جائے تو ہر حرف کے اُوپر فتحہ ہے اس لئے حسبِ اصطلاحِ اہلِ عرب ہر حرف کو "مفتوح" کہنا چاہیئے

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَ بَ تَ ثَ جَ حَ خَ دَ ذَ رَ زَ سَ شَ صَ ضَ
طَ ظَ عَ غَ فَ قَ كَ لَ مَ نَ وَ هَ ءَ يَ ےَ ؞

وَالْاَمْثِلَةُ

بَدَاَ، خَلَقَ، خَرَجَ ؞ قَتَلَ، صَرَفَ، فَعَلَ
ضَرَبَ، غَلَبَ، جَعَلَ ؞ مَنَعَ، سَلَمَ، صَدَقَ
دَخَلَ، وَجَدَ، نَصَرَ ؞ جَرَبَ، فَصَلَ، كَتَبَ
صَبَرَ، سَجَدَ، ظَلَمَ ؞ كَفَرَ، قَدَرَ، ذَهَبَ
عَرَضَ، مَرَضَ، جَمَعَ ؞ سَقَطَ، خَتَمَ، شَكَرَ
فَتَحَ، كَتَمَ، بَلَغَ ؞ قَلَبَ، جَلَسَ، ذَكَرَ

Marfat.com

اَلْکَسْرَۃُ وَالْمَکْسُوْرُ

س: کسرہ کسے کہتے ہیں ـــــ اور مکسُور کسے کہتے ہیں ؟

ج : زیر کو: کسرہ :کہتے ـــــ اور زیر والے حرف کو: مکسُور: کہتے ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔جاننا چاہیئے کہ یہ بین القوسین خطِّ منقیم کے نیچے (ــِــ) کسرہ ہے. فارسی والے اسے زیر کہتے ہیں ـــــ کسرہ ہمیشہ حرف کے نیچے لکھا جاتا ہے ـــــ اور جس حرف کا کسرہ ہوتا ہے اُسے : مکسور: کہتے ہیں.

نیز جاننا چاہیئے کہ "کسرہ" کے لغوی معنی: اِنْخِفَاضْ وَانْکِسَارْ : یعنی پست کرنے اور سمیٹنے کے ہیں ـــــ واضع نے کسرہ کو انخفاض فم وصوت پردلالت کرنے کے لیئے وضع کیا ہے ـــــ پس جب کسی حرف کا کسرہ ہو، اسے ادا کرنے وقت کسی قدر منہ پست کرکے سمیٹنا چاہیئے تاکہ کسرہ کی آواز پست ہوکر نکلے ـــــ لیکن ساتھ ہی یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ آواز میں امتداد اور درازی نہ ہونے پائے تاکہ حرف کی آواز اپنی حد پر قائم رہے ـــــ نیز یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ کسرہ کی ادائیگی میں حرف کے ساتھ ہمزہ ، یا ، نہ ملنے پائے .

مذکورۃ الذیل قاعدہ میں بغور دیکھا جائے تو ہر حرف کے نیچے کسرہ ہے اس لیئے حسب اصطلاحِ اہلِ عرب ہر حرف کو: مَکْسُوْرْ: کہنا چاہیئے

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اِ بِ تِ ثِ جِ حِ خِ دِ ذِ رِ زِ سِ شِ
صِ ضِ طِ ظِ عِ غِ فِ قِ كِ لِ مِ نِ
وِ هِ ءِ ىِ يِ

وَالْاَمْثِلَةُ

حَسِبَ ، حَبِطَ ، خَسِرَ ⁘ سَمِعَ ، بَرِقَ ، شَرِبَ
بَئِسَ ، وَسِعَ ، بَلِجَ ⁘ فَرِحَ ، عَلِمَ ، غَضِبَ
نَضِجَ ، شَهِدَ ، وَلِىَ ⁘ خَشِىَ ، نَسِىَ ، وَهِىَ
مَعِىَ ، رَضِىَ ، نَهِىَ ⁘ عَمِىَ ، سَخِرَ ، عَمِلَ
لَهِىَ ، لَبِثَ ، لَعِبَ ⁘ نَعِلَ ، وَرِثَ ، رَحِمَ

Marfat.com

اَلضَّمَّۃُ وَالْمَضْمُوْمُ

س: ضمہ کسے کہتے ہیں ــــــ اور مضموم کسے کہتے ہیں؟

ج: پیش کو: ضمہ: کہتے ہیں اور پیش والے حرف کو: مضموم: کہتے ہیں:۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب:۔ جاننا چاہیئے کہ یہ بین الفوسیان خطِّ مستقیم کے اُوپر (ـُـ) ضمہ ہے فارسی والے اسے پیش کہتے ہیں ــــــ ضمہ ہمیشہ حرف کے اُوپر لکھا جاتا ہے ــــــ اور جس حرف پر ضمہ ہوتا ہے اسے مضموم: کہتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ "ضمہ" کے لغوی معنیٰ اِنْضِمَام: یعنی مُدَوَّر اور گول کرنے کے ہیں ــــــ واضع نے اُسے اِنْضِمَام شَفَتَیْنِ پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا ہے ــــــ پس جب کسی حرف پر ضمہ ہو، تو اُسے ادا کرتے وقت دونوں ہونٹوں کو مُدَوَّر اور غنچہ کی طرح گول کرنا چاہیئے تاکہ ضمہ کی آواز سامنے کی طرف ہو کر نکلے ــــــ لیکن ساتھ ہی یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ ضمہ کی آواز میں امتداد اور درازی نہ ہونے پائے۔ تاکہ حرف کی آواز اپنی حد پر قائم رہے ــــــ نیز یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ ضمہ کی ادائیگی میں حرف کے ساتھ ہمزہ: ع، ہ، ح: کا الحاق نہ ہو جائے۔

Marfat.com

مذکورۃ الذیل قاعدہ میں بغور دیکھا جائے تو ہر حرف کے اُوپر ضمّہ ہے ـــــ اِس لئے ہر حرف کو حسبِ اصطلاحِ اہلِ عرب مَضْمُوْم کہنا چاہیئے:۔

اَلْقَاعِدَةُ

أُ بُ تُ ثُ جُ حُ خُ دُ ذُ رُ زُ سُ شُ
صُ ضُ طُ ظُ عُ غُ فُ قُ كُ لُ مُ
نُ وُ هُ ءُ ؤُ يُ

وَالْاَمْثِلَةُ

نُعِلَ ، جُعِلَ ، مُنِعَ ⁖ حُمِلَ ، وُجِلَ ، قُتِلَ
خُلِقَ ، فُتِحَ ، دُخِلَ ⁖ سُقِطَ ، سُئِلَ ، قُدِرَ
ضُرِبَ ، نُصِرَ ، صُرِفَ ⁖ حُشِرَ ، عُلِمَ ، غُلِبَ
ظُلِمَ ، كُتِبَ ، عُرِضَ ⁖ شُرِبَ ، نُسِبَ ، نُوِيَ
وُلِدَ ، هُدِيَ ، قُضِيَ ⁖ خُلِقَ ، صُلِبَ ، قُرِئَ

Marfat.com

اَلْحَرَکَۃُ وَالْمُتَحَرِّکُ

س : حرکت کسے کہتے ہیں اور متحرک کسے کہتے ہیں۔؟

ج : زبر، زیر اور پیش کو حرکت کہتے ہیں۔ — اور حرکت والے حرف کو متحرک کہتے ہیں۔

تَوضِیحُ الْجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ: فتحہ، کسرہ، ضمہ: کو حرکت کہتے ہیں — اور حرکت والے حرف کو متحرک: کہتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ حرکت کے لغوی معنی مرکز اور جگہ سے ہلنے کے ہیں۔ واضع نے ان حرکاتِ ثلاثہ کو منہ کی حرکاتِ ثلاثہ پر دلالت کرنے کے لئے واضع کئے ہیں۔

وَاضِعُ الْحَرَکَاتُ نے : اَلْفَتْحَۃُ : کو انفتاحِ فم اور ارتفاع صوت پر دلالت کرنے کے لئے واضع کیا ہے — پس، "اَلْفَتْحَۃُ" کو کامل انفتاحِ فم کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے تاکہ صَوْتُ الْفتحۃ بلند ہوکر نکلے

وَاضِعُ الْحَرَکَاتُ نے: اَلْکَسْرَۃُ : کو انخفاضِ فم اور انکسار صوت پر دلالت کرنے کے لیے وضع کیاہے — پس: اَلْکَسْرَۃُ : کو کامل انخفاض فم کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے تاکہ صَوْتُ الْکَسْرَۃُ منکسر اور پست ہوکر نکلے۔

Marfat.com

وَاضِعُ الْحَرَكَاتْ نے: اَلضَّمَّةُ: کو انضمام شفتین اور امامت صوت پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا ہے۔ـــ پس : اَلضَّمَّةُ: کو کامل انضمام شفتین کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے تاکہ صَوْتُ الضَّمَّةُ اَمَامَ الْفَمْ یعنی مابین الفتحہ والکسرۃ بالکل سامنے کی طرف ہو کر نکلے۔

اَلْفَتْحَةُ :۔ کو ادا کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اس کی ادائیگی میں انخفاض فم و صوت نہ ہونے پائے تاکہ فتحہ مشابہ کسرہ کے نہ ہو جائے ـــ ایسا ہی اس کی ادائیگی میں انضمام شفتین سے احتراز کرنا چاہیئے تاکہ فتحہ مشابہ ضمہ کے نہ ہو جائے۔

اَلْكَسْرَةُ :۔ کو ادا کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اسکی ادائیگی میں انفتاحِ فم و صوت نہ ہونے پائے تاکہ کسرہ مشابہ فتحہ کے نہ ہو جائے ایسا ہی اس کی ادائیگی میں انضمام شفتین سے اجتناب کرنا چاہیئے تاکہ کسرہ مشابہ ضمہ کے نہ ہو جائے۔

اَلضَّمَّةُ :۔ کو ادا کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اس کی ادائیگی میں انفتاحِ فم و صوت نہ ہونے پائے تاکہ ضمّہ مشابہ فتحہ کے نہ ہو جائے ـــ ایسا ہی اس کی ادائیگی میں انخفاضِ فم و صوت سے احتراز و اجتناب کرنا چاہیئے تاکہ ضمّہ مشابہ کسرہ کے نہ ہو جائے۔

پس مذکورۃ الذیل قاعدہ میں فتحہ کو انفتاحِ فم اور ارتفاع صوت سے کسرہ کو انخفاضِ فم اور انکسارِ صوت سے اور ضمّہ کو انضمامِ شفتین

Marfat.com

اور امامت و تقدیم صوت سے ادا کرنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَبِ جُ، دَهِوُ، زَحِ طُ، یَ كِ لُ، مَنِ سُ،
عَ فِ صُ، قَ رِ شُ، تَ ثِ خُ، ذَ ضِ ظُ غَ

وَالْاَمْثِلَةُ

كُتِبَ، قُضِیَ، هُدِیَ ⁂ نُرِیَ، مُنِعَ، فُعِلَ
نُتِحَ، وُضِعَ، جُمِعَ ⁂ عُرِضَ، وُلِدَ، جُعِلَ
ضُرِبَ، صُرِفَ، نُرِیَ ⁂ حُشِرَ، سُئِلَ، قُرِئَ
وُجِدَ، سُقِطَ، قُتِلَ ⁂ خُلِقَ، قُتِلَ، فُتِحَ
عُلِمَ، ظُلِمَ، شُرِبَ ⁂ عُرِضَ، صُلِبَ، لُعِنَ

Marfat.com

اَلسُّکُوْنُ وَالسَّاکِنُ

س: سکون کسے کہتے ہیں ـــــ اور ساکن کسے کہتے ہیں؟

ج: عدم حرکت یعنی حرکت نہ ہونے کو سکون کہتے ہیں ـــــ اور سکون والے حرف کو ساکن کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ:۔ جاننا چاہیئے کہ یہ بین القوسین خطِ مستقیم کے اُوپر (ـــ ْ ـــ) سکون ہے، اسے جزمہ اور جزم بھی کہتے ہیں۔

سکون و جزم ہمیشہ حرف کے اُوپر لکھا جاتا ہے ـــــ اور جس حرف پر سکون و جزم ہوتا ہے، اُسے ساکن اور مجزوم کہتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ: اَلسُّکُوْنُ: کے لغوی معنوی مرکز اور جگہ پر قائم رہنے کے ہیں اور یہ حرکت کی ضد ہے ـــــ واضع نے اُسے عدمِ حرکت پر دلالت کرنے کے لیئے وضع کیا ہے۔

واضع السکون نے سکون کو عدمِ حرکت پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا ہے ـــــ یعنی جب کوئی حرف ـــــ حرکت سے عاری اور خالی ہوتا ہے اور اُسے ادا کرتے وقت منہ کو کسی قسم کی حرکت نہ کرنی پڑے تو اُس پر علامت (ْ) "سکون" لکھ دیتے ہیں تاکہ پڑھنے والا حرف ساکن کو جماد کے ساتھ ادا کرے۔

حرفِ ساکن چونکہ حرکت سے عاری اور خالی ہوتا ہے ـــــ

Marfat.com

اور اُس پر تلفظ دشوار ـــــ اس لئے اُسے ماقبل حرف متحرک سے ملا دینا چاہیئے ـــ اور حرفِ ساکن پر تلفظ کرتے وقت منہ کو حرکاتِ ثلاثہ (انفتاح، انخفاض، انضمام) سے محفوظ رکھنا چاہیئے تاکہ حرفِ ساکن کامل سکون اور جماؤ سے ادا ہو جائے ـــــ ورنہ اگر ذرہ برابر بھی منہ کو حرکت ہوگئی تو سکون ـــــ حرکت کے مشابہ ہو جائے گا اور حرفِ ساکن کما حقہٗ ساکن نہ رہے گا۔

مذکورۃ الذیل قاعدہ میں حرفِ ساکن کو ماقبل ہمزہ متحرک سے اور امثلہ میں ماقبل حرفِ متحرک سے ملا کر سکونِ خالص کے ساتھ خوب جماؤ سے ادا کرنا چاہیئے ـــــ اور حسب اصطلاحِ اہلِ ادا اُسے حرفِ ساکن سے موسوم کرنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَبْ ، اَتْ ، اَثْ ، اَجْ ، اَحْ ، اَخْ ، اَدْ ، اَذْ

اِرْ ، اِزْ ، اِسْ ، اِشْ ، اِصْ ، اِضْ ، اِطْ ، اِظْ ، اِعْ

اَغْ ، اُفْ ، اُقْ ، اُكْ ، اُلْ ، اُمْ ، اُنْ ، اُوْ ، اُهْ

اُءْ ، اَیْ

وَالْاَمْثِلَةُ

نَدْ ، مَنْ ، عَنْ ⁂ هَلْ ، دَعْ ، بَلْ

Marfat.com

ذُقْ ، خُنْ ، کُنْ ∴ قُمْ ، قُلْ ، عُلْ

اِذْهَبْ، اِدْفَعْ ،اِشْرَحْ ∴ اِجْعَلْ ،اِضْرِبْ،اِعْلَمْ

اِفْعَلْ ،اِنْحَرْ،اِصْرِفْ ∴ اِسْئَلْ ، اِفْتَحْ ، اِقْرَأْ

اُنْظُرْ ، اُدْخُلْ ،اُنْصُرْ ∴ اُقْتُلْ ، اُشْدُدْ ، اُخْرُجْ

اُرْكُضْ ،اُضْمُمْ ،اُضْطُرْ ∴ اُسْكُنْ ،اُسْلُكْ ، اُكْفُرْ

اَنْظِرْنِیْ ، اَدْخِلْنِیْ ∴ اَمْهِلْهُمْ ،اَدْخِلْهُمْ

Marfat.com

اَلشَّدُّ وَالْمُشَدَّدُ

س :۔ شد کسے کہتے ہیں —— اور مشدد کسے کہتے ہیں ؟

ج :۔ تشدید کو شد کہتے —— اور شد والے حرف کو مشدد کہتے ہیں ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ یہ بین القوسین خطِّ مستقیم کے اُوپر (ـــّـــ) شد ہے اسے تشدید بھی کہتے ہیں —— شد و تشدید ہمیشہ حرف کے اُوپر لکھا جاتا ہے —— اور جس حرف پر شد ہو، اُسے : مُشَدَّدْ : کہتے ہیں ۔

نیز جاننا چاہیئے کہ : اَلشَّدُّ : کے لغوی معنی باندھنے ، سخت کرنے اور باہم ملانے کے ہیں ۔

واضع الشدّ : نے اسے دو حرفوں کو باہم ملانے ، باندھنے اور سخت کرنے پر دلالت کرنے کے لیئے وضع کیا ہے —— یعنی جب کسی حرف کو دوسرے حرف میں ملاتے ہیں تو دوسرے حرف پر شد لکھ دیتے ہیں تاکہ وہ دال علی الحرفین ہو ۔

دو حرفوں کو باہم باندھنا اور ملانا باعتبار محل اور وقوع دو قسم پر ہوتا ہے ۔

۱ :۔ یہ کہ جب ایک ہی کلمہ میں مثلین یعنی ایک طرح کے دو حرف جمع ہوں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو —— تو اہل الرسم ایک

Marfat.com

ہی حرف لکھ کر اُس پر شد لکھ دیتے ہیں تاکہ اُسے دو حرفوں کے ہم وزن پڑھا جائے ــــــ یعنی اُسے ادا کرتے وقت اتنی دیر لگائی جائے جتنی کہ دو حرفوں کے ادا کرنے پر لگائی جاتی ہے ــــــ اہل ادا ایسے ملے ہوئے دو حرفوں کو: حَرفِ مُشَدَّدْ: کہتے ہیں۔

۲: یہ کہ جب دو کلموں میں دو حرف متجانسین ــــــ یا متقاربین جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو ــــــ تو پہلے حرف کو دوسرے میں فقط ملانے کے پیشِ نظر ــــــ دوسرے حرف پر "شد" لکھ دیتے ہیں: تاکہ اُسے دو حرفوں کے ہم وزن پڑھا جائے ــــــ اہل ادا اور قرا قسم اول کو "حرفِ مُشَدَّدْ" کے نام سے ــــــ اور قسم دوم کو "اِدْغَام" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

مذکورۃ الذیل قاعدہ، وامثلہ میں حرف ساکن کو حرفِ متحرک میں ملا کر اُسے خوب سختی سے ادا کرنا چاہیئے ــــــ اور حسب اصطلاح اہل ادا اسے حرف "مُشَدَّدْ" کہنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَبْ بَّ ــ اَتْ تَّ ــ اَثْ ثَّ ــ اَجْ جَّ ــ اَحْ حَّ

اَخْ خَّ ــ اَدْ دَّ ــ اَذْ ذَّ ــ اَرْ رَّ ــ اَزْ زَّ

Marfat.com

اَسْ سَّ ـــ اَشْ شَّ ـــ اَصْ صَّ ـ اَضْ ضَّ ـ اَطْ طَّ
اَظْ ظَّ ـــ اَعْ عَّ ـــ اَغْ غَّ ـــ اَفْ فَّ ـ اَقْ قَّ
اَكْ كَّ ـــ اَلْ لَّ ـــ اَمْ مَّ ـــ اَنْ نَّ ـــ اَوْ وَّ
اَهْ هَّ ـــ اَیْ یَّ

وَالْاَمْثِلَةُ

مَرَّ ، حَرَّ ، غَلَّ ÷ عَمَّ ، تَمَّ ، مَنَّ
ثَمَّ ، كَفَّ ، هَمَّ ÷ حَقَّ ، جَنَّ ، ظَنَّ
حَرَّمَ ، عَلَّمَ ، صَرَّفَ ÷ فَرَّقَ ، سَخَّرَ ، دَمَّرَ
حُرِّمَ ، زُيِّنَ ، نُزِّلَ ÷ سُيِّرَ ، فُصِّلَ ، كُذِّبَ
نُقَتِّلُ ، نُصَرِّفُ ، يُسَيِّرُ ÷ يُفَصِّلُ ، يُبَيِّنُ ، يُعَذِّبُ

Marfat.com

اَلتَّنوِینُ وَالْمُنَوَّنُ

س: تنوین کسے کہتے ہیں ـــــ اور منوّن کسے

ج: دو زبر ـــــ دو زیر ـــــ اور دو پیش کو: تنوین: کہتے ہیں ـــــ اور "تنوین" والے حرف کو: مُنَوَّنْ: کہتے ہیں۔

__توضیحُ الجواب__: جاننا چاہیئے کہ یہ بین الفوسین خطِ مستقیم کے اوپر (ــًـ) دو زبر ہیں ـــــ یہ نیچے (ــٍـ) دو زیر ہیں ـــــ اور یہ اُوپر (ــٌـ) دو پیش ہیں ـــــ اہلِ اداء اس قسم کی دوہری اور حرکت مکررہ کو: اَلتَّنْوِیْنُ: کہتے ہیں ـــــ اور جس حرف پر دوہری حرکت ہو اُسے: اَلْمُنَوَّنْ: کہتے ہیں۔

وَاضِعُ التَّنْوِیْنُ نے دوہری اور حرکتِ مکررہ کو نون ساکن غیر موسوم پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا ہے ـــــ یعنی جب کسی کلمہ کے آخر میں نون ساکن غیر موسوم ہوتا ہے تو اس پر حرکت دوہری اور مکرر لکھ دیتے ہیں تاکہ پڑھنے والا پہلی حرکت کے بعد نون ساکن پر تلفظ کرے ـــــ پس حرکتِ اُولیٰ اس حرف کی ہوتی ہے ـــــ اور حرکتِ ثانیہ نون تنوین کی علامت ہوتی ہے۔

اَلتَّنْوِیْنُ: کا محل کلمۂ اسم غیر معرف باللام کا آخر حرف ہوتا ہے اور اس کی خصوصیّت یہ ہے کہ وہ غیر اسم پر داخل نہیں ہوتا ـــــ

Marfat.com

اور نہ ہی الف لام تعریف کے ساتھ جمع ہوتا ہے ـــــ یعنی جب کسی کلمۂ اسم پر الف لام تعریف داخل ہو ـــــ تو اس کے آخر میں نون تنوین لاحق نہیں ہوتا ـــــ اس کا مفصل حال اپنے موقع پر معلوم ہو گا۔ انشآء اللہ۔

مذکورۃ الذیل قاعدہ میں نون تنوین کو مفرد حروف پر لکھا گیا ہے ـــــ اور امثلہ میں اسمآء غیر معرّف باللام کے آخر حرف پر تنوین مرسوم ہے ـــــ پس حسب اصطلاح اہل ادآء ہر کلمہ کو "مُنَوَّن" کہنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اً، اٍ، اٌ ـــــ تاً، تٍ، تٌ ـــــ ثاً، ثٍ، ثٌ ـــــ

جاً، جٍ، جٌ ـــــ حاً، حٍ، حٌ ـــــ خاً، خٍ، خٌ ـــــ

داً، دٍ، دٌ ـــــ ذاً، ذٍ، ذٌ ـــــ راً، رٍ، رٌ ـــــ

زاً، زٍ، زٌ ـــــ ساً، سٍ، سٌ ـــــ شاً، شٍ، شٌ ـــــ

صاً، صٍ، صٌ ـــــ ضاً، ضٍ، ضٌ ـــــ طاً، طٍ، طٌ ـــــ

ظاً، ظٍ، ظٌ ـــــ عاً، عٍ، عٌ ـــــ غاً، غٍ، غٌ ـــــ

فاً، فٍ، فٌ ـــــ قاً، قٍ، قٌ ـــــ کاً، کٍ، کٌ ـــــ

لاً، لٍ، لٌ ـــــ ماً، مٍ، مٌ ـــــ ناً، نٍ، نٌ ـــــ

واً، وٍ، وٌ ـــــ ھاً، ھٍ، ھٌ ـــــ ءاً، ءٍ، ءٌ ـــــ

یاً، یٍ، یٌ،

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

اَبَدًا، عَمَدًا، خَرَجًا ∴ عَمَلًا، حَسَنًا، عَرَضًا
شُهُبًا، سُبُلًا، قُبُلًا ∴ نُزُلًا، قَدَرًا، عُرُبًا

بَيِّنٍ، فِئَةٍ، لَهَبٍ ∴ مَسَدٍ، لَبَنٍ، جُرُفٍ
نَبَإٍ، وَلَدٍ، بَلَدٍ ∴ خُلُقٍ، بَرَدٍ، عَمَلٍ

اَحَدٌ، مَلَكٌ، عَرَضٌ ∴ نَبَأٌ، اُمَمٌ، عَمَلٌ
سُرُرٌ، بَشَرٌ، خُمُرٌ ∴ جُدَدٌ، رَجُلٌ، رُسُلٌ

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ
الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

Marfat.com

اَلجُزءُ السَّادِسُ فِی حُرُوفِ المَدِّ وَاللِّینِ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلاَلِفُ المَدِّیَّۃُ

س : الف مدہ کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے ادا کیا جاتا ہے ؟

ج : دیکھئے یہ " ـَا " الف مدہ ہے یہ ہمیشہ ساکن ماقبل مفتوح ہوتا ہے اور اس مفتوح حرف سے مل کر بے جھٹکے پڑھا جاتا ہے !

تَوضِیحُ الجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ الف اسم ہے اور رسم الخط کے اعتبار سے یہ :ـَا : خاص شکل وصورت اس کا مُسمّٰی ہے، یعنی الف اس خاص شکل کا نام ہے، اور اس کا اطلاق اس خاص صورت پر اس وقت ہوتا ہے جب کہ اس کے ماقبل فتحہ ہو، اور اس وقت زیرِ بحث مسمّٰی ہی ہے اسم سے کوئی بحث نہیں اس لیے کہ قرآن کریم میں سوائے حروفِ مقطعات کے اسم کسی جگہ بھی مقرو نہیں ہے۔

الف : جب وسطِ کلمہ یا طرفِ کلمہ میں واقع ہوتا ہے تو خلافِ تلفظ عمودی صورت : ا : پر مرسوم ہوتا ہے ۔ لیکن جب وہ طرفِ کلمہ میں لام کے بعد واقع ہوتا ہے تو موافقِ تلفظ مائل الرأس الی القدام ہوتا ہے ۔ یعنی آگے کی طرف جھکا ہوا ہوتا ہے : لا :۔ الف ہمیشہ ساکن ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔ اور ماقبل فتحہ کی امتداد ہی سے ملفوظ ہوتا ہے۔ یعنی صوت الفتحہ کو دوگنی کر دی جائے تو الف ملفوظ ہو جاتا ہے جیسے : ب ب : کو ملا دیا جائے تو : بَا : بن جاتا ہے یعنی الف دو فتحوں

Marfat.com

کی مخلوط آواز سے ملفوظ ہوتا ہے اور امتدادِ صوت سے معرض وجود میں آتا ہے. پس الف کے ادا کے وقت انفتاحِ فم کے ساتھ امتدادِ صوت دو فتحوں کے برابر ہونی چاہیئے تاکہ الف مدّہ اپنے وجود و مقدار پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے مبّرا ہو.

الف مدہ جیسا کہ وہ اپنے وجود و بقا میں ہمیشہ اپنے ماقبل کا محتاج ہوتا ہے اس لئے وہ ہمیشہ مدہ ہی رہتا ہے. ایسا ہی وہ اپنی حقیقت میں اپنے ماقبل کا تابع ہوتا ہے اس لئے پُر و باریک کے اعتبار سے جو حالت اس کے ماقبل کی ہوتی ہے وہی حالت اس کی بھی ہوتی ہے. پس اگر ماقبل اسکا پُر ہے تو اُسے بھی پُر پڑھنا چاہیئے اور اگر ماقبل اس کا باریک ہے تو اُسے بھی باریک پڑھنا چاہیئے. لہٰذا. حروف مستعلیہ اور راء کے بعد اُسے پُر پڑھنا چاہیئے اور حروف مستفلہ کے بعد باریک .

الف مدہ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہمیشہ حرکت اور علامتِ جزم سے عاری ہوتا ہے . ابتداء کلمہ میں واقع نہیں ہوتا. ہم شل اور ہم جنس کے ساتھ جمع نہیں ہوتا. اور کسی حرف میں مدغم نہیں ہوتا ہے لہٰذا اُسے ادا کرتے وقت خاص خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ کسی دوسرے حرف سے غلط ملط نہ ہو جائے .

اَلْقَاعِدَةُ

ءَا بَا تَا ثَا جَا حَا دَا ذَا رَا زَا سَا شَا عَا فَا

كَا لَا مَا نَا وَا هَا يَا

خَا صَا ضَا طَا ظَا غَا قَا رَا

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

لَا اَلَا فَلَا خَلَا اَلَّا اِلَّا ❊ مَا وَمَا فَمَا كَمَا لَمَّا عَمَّا

اٰتِيَا لَقِيَا نَسِيَا رَكِبَا بَلَغَا ❊ قَتَلَا جَعَلَا فَعَلَا دَخَلَا وَجَدَا

كَانَا كَانَتَا اٰبَانَا دَعَانَا لَنَا ❊ نَادَانَا نَجَّانَا تَنْسَانَا بِمَا

نَامَ كَانَ عَادَ تَابَ بَالَ ❊ حَاقَ مَاتَ زَاغَ سَاغَ مَالَ

قَالَ قَالَا قَامَ صَارَ ضَاقَ ❊ خَابَ خَافَ تَابَ طَالَ ظَاهَرَ

صَادِقٌ ضَامِرٌ ظَالِمٌ قَادِرٌ ❊ خَالِقٌ غَالِبٌ ظَاهِرٌ رَازِقٌ

اَلْفَتْحَةُ الْقَائِمَةُ

س : فتحہ قائمہ کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے اداء کیا جاتا ہے اور الف مدہ اور فتحہ قائمہ میں کیا فرق ہے ؟

ج : دیکھئے بین القوسین (ـٰـ) خطِ مستقیم کے اُوپر فتحہ قائمہ ہے جسے ہم کھڑی زبر کہتے ہیں. فتحہ قائمہ دراصل الف مدہ ہی ہوتا ہے اس لئے دونوں کے اداء میں کوئی فرق نہیں ہوتا بلکہ دونوں کی آواز یکساں اور برابر ہوتی ہے. پس جیسے " بَا " پڑھا جاتا ہے ویسے ہی " بٰ " پڑھنا چاہیئے. !

توضیحُ الجواب :. جاننا چاہیئے کہ فتحہ قائمہ باعتبارِ وجود اور کیفیتِ اداء ہو بہو الف مدہ کی طرح ہے یعنی فتحہ قائمہ رسمًا الف ساکن ماقبل مفتوح کا مرکب اور

Marfat.com

خلاصہ ہوتا ہے اسی لئے اُسے الف مقصورہ کہتے ہیں اور الف غیر مرسوم بھی۔ پس جس طرح الف مدہ انفتاحِ فم اور امتدادِ صوت سے ادا کیا جاتا ہے اسی طرح فتحہ قائمہ بھی انفتاح فم اور امتداد صوت سے اداء کرنا چاہیئے۔ تاکہ فتحہ قائمہ اپنی وجود و مقدار پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے محفوظ ہو۔ اور جس طرح الف مدہ بلحاظ وجود ما قبل کا محتاج اور بلحاظ حقیقت ما قبل کا تابع ہوتا ہے اسیطرح فتحہ قائمہ بھی ما قبل کا محتاج اور ما قبل کا تابع ہوتا ہے۔ لہٰذا حروفِ مفخمہ کے بعد اُسے مفخم اور حروفِ مرققہ کے بعد مرقق پڑھنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اٰ بٰ تٰ ثٰ جٰ حٰ خٰ دٰ ذٰ رٰ زٰ سٰ شٰ عٰ فٰ
كٰ لٰ مٰ نٰ وٰ هٰ ءٰ یٰ

خٰ صٰ ضٰ طٰ ظٰ غٰ قٰ رٰ رٰی

وَالْاَمْثِلَةُ

اَتٰی ، بَلٰی ، اِلٰی ، عَلٰی ⁂ هَوٰی ، سَعٰی ، دَنٰی ، مَتٰی
قَلٰی، كَفٰی ، غَوٰی ، رَمٰی ⁂ رَاٰی ، نَهٰی ، نَجٰی ، اَدْنٰی
یُمْنٰی، یُبْتَلٰی ، نُتْلٰی، یَخْشٰی ⁂ حَتّٰی ، شَتّٰی ، تَوَلّٰی ، تَزَكّٰی
تَمَنّٰی ، تَرَدّٰی ، فَصَلّٰی ⁂ تَجَلّٰی ، تَصَدّٰی ، تَلَهّٰی
قَضٰی ، عَصٰی ، یُسْقٰی ⁂ اُخْرٰی ، اُسْرٰی ، سُكٰرٰی

Marfat.com

اَلْیَاءُ الْمَدِّیَّۃُ

س : یاء مدہ کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے ادا کی جاتی ہے ؟

ج : دیکھئے یہ "ـِـی" یاء مدہ ہے یعنی جب یاء ساکن ماقبل مکسور ہو تو اسے "یاء مدہ" کہتے ہیں اور وہ اس مکسور حرف سے مل کر نرم پڑھی جاتی ہے !

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ صوت الکسرہ یعنی زیر کی آواز بڑھا کر دوگنی کر دی جائے تو یاء مدہ پیدا ہو جاتی ہے جیسے بِ بِ کو ملا دیا جائے تو "بِی" بن جاتا ہے یعنی یاء مدہ دو کسروں کی مخلوط آواز سے بنتی ہے اور امتدادِ صوت کی وجہ سے معرضِ وجود میں آتی ہے۔ پس یاء مدہ کے ادا کے وقت انکسار وانخفاض فم کیساتھ امتدادِ صوت دو کسروں کے برابر ہونی چاہیئے تاکہ یاء مدہ اپنے وجود و مقدار پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے محفوظ و مبرّا ہو۔ یاء مدہ چونکہ اپنے وجود میں ماقبل کا محتاج اور تابع نہیں ہوتی اور چونکہ اس کے اور اس کے ماقبل کے حالات بدلتے رہتے ہیں اس لیئے وہ ہمیشہ اور ہر حال میں باریک ہی پڑھی جاتی ہے

یاء مدہ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہمیشہ حرکت سے عاری ہوتی ہے مگر علامت جزم ضرور رکھتی ہے۔ ابتداء کلمہ میں واقع نہیں ہوتی۔ ہم مثل اور ہم جنس کے ساتھ جمع نہیں ہوتی۔ اور کسی حرف میں مدغم نہیں ہوتی ہے۔ لہٰذا اُسے ادا کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ کسی دوسرے حرف سے خلط ملط نہ ہو جائے۔ بلکہ خوب واضح اور ظاہر رہے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

إِئْ هِيْ عِيْ حِيْ غِيْ خِيْ قِيْ كِيْ جِيْ شِيْ يِيْ لِيْ نِيْ

رِيْ طِيْ دِيْ تِيْ ظِيْ ذِيْ ثِيْ صِيْ زِيْ سِيْ فِيْ

بِيْ مِيْ وِيْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اَخِيْ اَجْرِيْ نَفْسِيْ قَبْلِيْ ∴ لَعْنَتِيْ اِخْوَتِيْ اِمْرَاَتِيْ قِبْلَتِيْ

قِيْلَ جِيْلَ غِيْضَ فِيْمَ ∴ بَنِيْهِ اَخِيْهِ اَبِيْهِ يُغْنِيْهِ

يُؤْتِيْهِ يَهْدِيْهِ لِاَبِيْهِ لِاَخِيْهِ ∴ يُلْقِيْهِ يُعْطِيْهِ يُنْجِيْهِ فِيْكُمْ

قَرِيْبٌ بَعِيْدٌ شَرِيْكٌ حَرِيْصٌ ∴ عَزِيْزٌ حَلِيْمٌ بَصِيْرٌ اَلِيْمٌ

مُحْصِنِيْنَ قِسِّيْسِيْنَ مُسْتَكْبِرِيْنَ ∴ مُسْتَضْعَفِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ

Marfat.com

اَلْکَسْرَۃُ الْقَآئِمَۃُ

س : کسرہ قائمہ کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے اداء کیا جاتا ہے۔ اور یاء مدہ اور کسرہ قائمہ میں کیا فرق ہے ؟

ج : دیکھئے یہ بین القوسین (ـِ) خطِ مستقیم کے نیچے کسرہ قائمہ ہے جسے ہم کھڑی زیر کہتے ہیں اور کسرہ قائمہ دراصل یاء مدہ ہی ہوتی ہے اس لیئے دونوں کی اداء اور آواز میں کوئی فرق نہیں ہوتا بلکہ وہ یکساں اور برابر ہوتی ہے پس جیسے بِی پڑھا جاتا ہے ویسے ہی بِ پڑھنا چاہیئے !

توضیح الجواب : جاننا چاہیئے کہ کسرہ قائمہ باعتبار وجود اور کیفیت اداء موبہو یاء مدہ کی طرح ہوتا ہے یعنی کسرہ قائمہ رسماً یاء ساکن ماقبل مکسور کا مرکب اور خلاصہ ہوتا ہے اسی لئے اُسے یاء محذوفُ الرسم کہتے ہیں۔ پس جس طرح یاء مدہ انخفاض وانکسارِ فم اور امتدادِ صوت سے ادا کیا جاتا ہے اسی طرح کسرہ قائمہ بھی انخفاض وانکسارِ فم اور امتدادِ صوت سے ادا کرنا چاہیئے تاکہ کسرہ قائمہ اپنے وجود و مقدار پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے محفوظ ہو۔

یاء مدہ اپنے وجود وبقاء میں ماقبل کا محتاج اور تابع نہیں ہوتی لیکن کسرہ قائمہ اپنے وجود وبقاء میں ماقبل کا محتاج ہوتا ہے۔ البتہ اپنی حقیقت اور کیفیتِ اداء میں ماقبل کا تابع نہیں ہوتا۔ لہٰذا اسے ہر حال میں مرقق اور باریک ہی پڑھنا چاہیئے۔

قاعدہ میں اور ایسا ہی امثلہ میں صوت الکسرہ کو اس قدر بڑھانا چاہیئے کہ پوری یاء ساکن ملفوظ ہوجائے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

أ ہ، ع ح، غ خ، ق ك، ج ش ی، ض ل
ن ر، ط د ت، ظ ذ ث، ص س ز، ف،
ب، م، و

وَالْاَمْثِلَةُ

اُحِیْ یُحْیِیْ نُحْیِیْ نَسْتَحْیِیْ ⁖ یَسْتَحْیِیْ اَنْتَ وَلِیِّ اِلْفِہِمْ
بِہٖ بِبَیِّنَۃٍ بِوَلَدِہٖ بِعَبْدِہٖ ⁖ بِعِلْمِہٖ بِوَجْہِہٖ بِاِذْنِہٖ قَبْلِہٖ
بَعْدِہٖ بِاَمْرِہٖ بِفَضْلِہٖ لِنَفْسِہٖ ⁖ قَبْرِہٖ حَرْثِہٖ قَلْبِہٖ کَمِثْلِہٖ
بِنُوْرِہٖ بِرُسُلِہٖ بِخُمْرِہٖ بِغَیْرِہٖ ⁖ بِنِعْمَتِہٖ بَعْضِہٖ بِمُزَحْزِحِہٖ
اَلْاُمِّیّٖنَ اَلنَّبِیّٖنَ ⁖ اَلْحَوَارِیّٖنَ رَبَّانِیّٖنَ

⁖

Marfat.com

اَلْوَاوُالْمَدِّیَّۃُ

س : واو مدہ کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے ادا کیا جاتا ہے ؟

ج : دیکھیئے یہ " ـُـوْ " واو مدہ ہے یعنی جب واو ساکن ماقبل مضموم ہو تو اُسے " واو مدہ " کہتے ہیں اور وہ اس مضموم حرف سے مل کر نرم پڑھا جاتا ہے !

توضیحُ الجوابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ صوت الضمہ یعنی پیش کی آواز بڑھا کر دگنی کر دی جائے تو واو مدہ پیدا ہو جاتا ہے جیسے بُ بُ کو ملا دیا جائے تو " بُوْ " بن جاتا ہے یعنی و، و مدہ دو ضموں کی مخلوط آواز سے ملفوظ ہوتا ہے اور امتدادِ صوت سے معرض وجود میں آتا ہے. پس واو مدہ کے ادا کے وقت کامل انضمام شفتین کے ساتھ امتدادِ صوت دو ضمتوں کے برابر ہونی چاہیئے تاکہ واو مدہ اپنے وجود و مقدار پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے مامون و محفوظ رہے .

واوٗ مدہ چونکہ اپنے وجود میں اپنے ماقبل کا محتاج اور تابع نہیں ہوتا بلکہ اس کی اور اس کے ماقبل کی حالت بدلتی رہتی ہے اس لئے وہ ہمیشہ اور ہر حال میں باریک پڑھا جاتا ہے ماقبل خواہ مفخم ہو یا غیر مفخم . اگرچہ بعض حضرات واو مدہ کو الف مدہ پر قیاس کر کے اس کے تفخیم کے بھی قائل ہیں .

واو مدہ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہمیشہ حرکت سے عاری ہوتا ہے مگر علامت جزم ضرور رکھتا ہے. ابتداء کلمہ میں واقع نہیں ہوتا ہم مثل اور ہم جنس کے ساتھ جمع نہیں ہوتا. اور کسی حرف میں مدغم نہیں ہوتا ہے . لہٰذا اُسے ادا کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ کسی دوسرے حرف سے خلط ملط نہ ہو جائے .

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اُوْ هُوْ عُوْ حُوْ غُوْ خُوْ قُوْ كُوْ جُوْ شُوْ يُوْ
ضُوْ لُوْ نُوْ رُوْ طُوْ دُوْ تُوْ ظُوْ ذُوْ ثُوْ صُوْ
سُوْ زُوْ فُوْ بُوْ مُوْ وُوْ .

وَالْاَمْثِلَةُ

نُوْبُوْا ، مُوْتُوْا ، ذُوْقُوْا ؛ قُوْلُوْا ، كُوْنُوْا ، نُوْدُوْا
تَعُوْدُوْا ، تَصُوْمُوْا ، تَقُوْلُوْا ؛ تَكُوْنُوْا ، تَمُوْتُوْا ، تَعُوْلُوْا
كَانُوْا ، قَالُوْا ، قَامُوْا ؛ تَابُوْا ، هَانُوْا ، ذَاقُوْا
يَعْلَمُوْنَ ، يَفْقَهُوْنَ ، يُبْصِرُوْنَ ؛ يَشْهَدُوْنَ ، يَسْمَعُوْنَ ، يَقْتُلُوْنَ
يَسْتَطِيْعُوْنَ ، فَسَيَقُوْلُوْنَ ؛ فَسَيُنْغِضُوْنَ ، مُسْتَضْعَفُوْنَ

اَلضَّمَّةُ الْمَقْلُوْبَةُ

س : ضمہ مقلوبہ کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے ادا کیا جاتا ہے اور واو مدہ اور ضمہ مقلوبہ میں کیا فرق ہے ؟

ج : دیکھئے یہ بین الفوسین (ُ) خطِ مستقیم کے اُوپر ضمہ مقلوبہ ہے جسے ہم اُلٹا پیش کہتے ہیں۔ اور ضمہ مقلوبہ دراصل واو مدہ ہی ہوتا ہے اس لئے دونوں کی اداء اور آواز میں کوئی فرق نہیں ہوتا بلکہ وہ یکساں اور برابر ہوتی ہے۔ پس جیسے " بُوْ "

Marfat.com

پڑھا جاتا ہے ویسے ہی "ب" پڑھنا چاہیئے!

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ: ضمۂ مقلوبہ باعتبار وجود اور کیفیت اداء ہو بہو واو مدہ کی طرح ہے یعنی ضمۂ مقلوبہ رسماً و لفظاً واو ساکن ماقبل مضموم کا مرکب اور خلاصہ ہوتا ہے اسی لئے اُسے واو محذوف الرسم کہتے ہیں۔ پس جس طرح واو مدہ کامل انضمام شفتین اور امتداد صوت سے ادا کیا جاتا ہے اسی طرح ضمۂ مقلوبہ بھی کامل انضمام شفتین اور امتداد صوت سے ادا کرنا چاہیئے تاکہ ضمۂ مقلوبہ اپنے وجود و مقدار پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے محفوظ ہو۔

واو مدہ فی ذاتہ اپنے ماقبل کا محتاج اور تابع نہیں ہوتا لیکن ضمۂ مقلوبہ اپنے ماقبل کا محتاج اور تابع ہوتا ہے۔ لہٰذا اُسے ہر حال میں باریک اور مرقق پڑھنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اُ ھُ عُ حُ غُ خُ قُ كُ جُ شُ يُ ضُ لُ نُ

رُ طُ دُ تُ ظُ ذُ ثُ صُ سُ زُ فُ

بُ مُ وُ

وَالْاَمْثِلَةُ

دَاوُدَ ۔ مَاوُرِىَ ۔ يَلْوُنَ ۔ اَلْغَاوُنَ ۔ يَسْتَوُنَ ۔ لِيَسْئَوُا

لِيَسُوْءُ ۔ تَلْوُا ۔ فَاوُا ۔ اَلْمَوْءُدَةُ

Marfat.com

لَهٗ يَرَهٗ، مَعَهٗ، اُمُّهٗ، خَلَقَهٗ ∴ رَزَقَهٗ، وَعَلَاهٗ، دَخَلَهٗ، جَعَلَهٗ

اِنَّهٗ رَبَّهٗ كُلُّهٗ يَمُدُّهٗ يَجُرُّهٗ ∴ عَدُوُّهٗ يَضُرُّهٗ يُؤَيِّدُهٗ يُعَلِّمُهٗ

يُبَيِّنُهٗ يَسْئَلُهٗ اِمْرَاَتُهٗ ∴ يُعِيْدُهٗ اٰيٰتُهٗ خَتَمَهٗ نُوْرُهٗ

سُبْحٰنَهٗ يُبَدِّلُوْنَهٗ يَضْرِبُهٗ ∴ مِزَاجُهٗ فَضْلُهٗ وَحْدَهٗ نَضْرِبُهٗ

حُرُوْفُ الْمَدِّ

س: حروفِ مدہ کتنے ہیں اور ان کی کیفیت ادا اور مقدارِ مد کیا ہے؟

ج: حروفِ مدہ تین ہیں الف، واؤ، یاء، جبکہ ماقبل حرکت ہر ایک کی موافق ہو اور مقدارِ مد ہر ایک کی دو حرکت یا ایک الف ہے۔

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ حروفِ مدہ تین ہیں جو لفظ "وائی" میں جمع ہیں اور ان کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱: الف ساکن ماقبل مفتوح ـَا ــــ یا اس کا قائم مقام فتحہ قائمہ ـٰ

۲: یاء ساکن ماقبل مکسور ـِی ــــ یا اس کا قائم مقام کسرہ قائمہ ـٖ

۳: واؤ ساکن ماقبل مضموم ـُو ــــ یا اس کا قائم مقام ضمہ مقلوبہ ـٗ

حروفِ مدہ میں سے ہر ایک کو فم وصوت کے ایک مخصوص انداز سے ادا کیا جاتا ہے۔ چنانچہ الف مدہ کو ادا کرتے وقت انفتاحِ فم وصوت کے ساتھ امتدادِ صوت میں صعود و رفعت ہونی چاہیئے تاکہ آواز کا رخ اوپر کی طرف ہو اور اعتمادِ صوت علی الہواء ہو۔

Marfat.com

یائے مدہ کو ادا کرتے وقت انخفاضِ فم و صوت کے ساتھ امتدادِ صوت میں ہبوط و پستی ہونی چاہیئے تاکہ آواز کا رُخ نیچے کی طرف ہو اور اختتامِ صوت علی الہواء ہو۔

واو مدہ کو ادا کرتے وقت کامل انضمامِ شفتین کیساتھ امتدادِ صوت میں امامت اور پیشگی ہونی لازم ہے تاکہ آواز کا رُخ پستی و بلندی کے درمیان بالکل سامنے کی طرف ہو اور اختتامِ صوت علی الہواء ہو۔ دیکھو آواز کا رُخ۔



مِقدارُ الاَلِف: اصولِ کتابت میں الف کی مقدار قلم کی تین قط بتائی جاتی ہے اور تین قط سے الف کا وجود تیار ہوتا ہے جس کا تعلق رسم الخط سے ہے اور قلم کی مشق سے صحیح کیا جاتا ہے۔

اسی طرح تجوید و قراءت میں الف کی مقدار دو حرکت بتلائی جاتی ہے اور دو حرکت سے الف مکمل ہوتا ہے جس کا تعلق تلفظ سے ہے اور مشقِ لسانی سے صحیح کیا جاتا ہے۔

حرفِ متحرک کی ادائیگی میں کسی قدر امتدادِ صوت پیدا ہو جاتا ہے جو حرکت کی آواز ہوتی ہے اور اگر یہی آواز بڑھا کر دوگنی کر دی جائے تو مجموعی طور پر اس مخصوص مقدار پر الف کا اطلاق ہوتا ہے اور اسی مخصوص مقدار کو الف کہتے ہیں۔ بہرحال الف کی مقدار دو حرکت ہے اور حرف مدہ کی مقدار ایک الف۔

الف کی مقدار اس طرح بھی معلوم کی جاتی ہے کہ معتدل رفتار سے ہاتھ کی کھلی ہوئی انگلیوں کے بند کرنے میں یا بند انگلیوں کے کھولنے میں جس قدر دیر لگتی ہے اتنی ہی دیر ایک الف کی مقدار تصور کرلینی چاہیئے۔ لیکن الف کی مقدار معلوم کرنے کا یہ

Marfat.com

طرز و طریقہ فقط ایک اندازہ ہے اصل دار و مدار مشق اور ماہر استاذ کی تعلیم و تصدیق پر موقوف ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ

ءَا اُوْ اِیْ ، بَا بُوْ بِیْ ❁ تَا تُوْ تِیْ ، ثَا ثُوْ ثِیْ

جَا جُوْ جِیْ ، حَا حُوْ حِیْ ❁ خَا خُوْ خِیْ ، دَا دُوْ دِیْ

ذَا ذُوْ ذِیْ ، رَا رُوْ رِیْ ❁ زَا زُوْ زِیْ ، سَا سُوْ سِیْ

شَا شُوْ شِیْ ، صَا صُوْ صِیْ ❁ ضَا ضُوْ ضِیْ ، طَا طُوْ طِیْ

ظَا ظُوْ ظِیْ ، عَا عُوْ عِیْ ❁ غَا غُوْ غِیْ ، فَا فُوْ فِیْ

قَا قُوْ قِیْ ، کَا کُوْ کِیْ ❁ لَا لُوْ لِیْ ، مَا مُوْ مِیْ

نَا نُوْ نِیْ ، وَا وُوْ وِیْ ❁ هَا هُوْ هِیْ ، یَا یُوْ یِیْ

وَالْاَمْثِلَةُ

نُوْحِیْهَا ، اُوْتِیْنَا ، اُوْذِیْنَا ❁ اَنْۢبِئُوْنِیْ ، اِمْنُوْنِیْ ، هٰرُوْنَ اَخِیْ

فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ ، تُبْدُوْنَهَا ❁ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ، فَاَعِيْنُوْنِيْ

مَا خَلَفْتُمُوْنِیْ ، اَطِیْعُوْنِیْ ❁ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ ، وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ

تَذْكِيْرِیْ ، يُوَارِیْ هَدٰنِیْ ❁ هٰذَا اِلٰی اِسْمٰعِیْلَ اِبْرٰهِیْمَ هٰرُوْنَ

فُرَادٰی ، سُكٰرٰی ، يٰنَصٰرٰی ❁ كُسَالٰی نَصٰرٰی ، مُوْسٰی عِیْسٰی

عَابِرِیْ ، اِدْرِیْسَ ، اِبْلِیْسَ ❁ فَاٰوٰی ، فَنَادٰی ، اَتْقٰوٰی تَنْهٰی

اُنْثٰی يُحْيِ ، نُحْيِ ، وَلِيّٖ ❁ لِاِیْلٰفِ اِلٰفِهِمْ ، رَبّٰنِیّٖنَ

Marfat.com

اَلْوَاوُ اللَّیِّنَۃُ

س : واو لین کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے ادا کیا جاتا ہے ؟

ج : دیکھیے یہ " ـَ وْ " واو لین ہے۔ یعنی جب واو ساکن ہو اور اس سے پہلے حرف پر زبر ہو تو اُسے واو لین کہتے ہیں اور وہ اس زبر والے حرف سے مل کر پڑھا جاتا ہے !

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ جب واو ساکن ماقبل مفتوح ہو تو اُسے واو لین کہتے ہیں اور اس کے ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ واو ساکن سے قبل حرف مفتوح پر انفتاحِ فسم وصوت سے تلفظ کرتے ہی انضمامِ شفتین سے کام لینا چاہیئے یعنی دونوں ہونٹوں کو گول کرنا چاہیئے اور کامل گولائی کے ساتھ انتہائی لطافت اور نرمی سے واو لین کی آواز اس طرح نکالنی چاہیئے کہ اگر اس پر کوئی مد کرنا چاہے تو کر سکے۔

واو لین میں فی نفسہٖ اگرچہ مد نہیں ہے مگر انضمامِ شفتین اور صوت میں نرمی و لطافت پیدا کرنے کی وجہ سے مد کی سی کیفیت اس میں پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی وجہ سے وجود سبب کے بعد اس پر مد کیا جاتا ہے اور یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ واوِ لین چونکہ مستفل بالذات ہے اس لئے عندالکل اُسے ہر حال میں باریک اور مرقق پڑھنا چاہیئے خواہ حرفِ مفخم کے بعد واقع ہو یا مرقق کے بعد۔ کیونکہ واو لین کے تفخیم کے کوئی بھی قائل نہیں ہے۔ فَافْهَمْ وَاعْمَلْ بِمَا نَقُوْلُ ۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَوْ هَوْ ، عَوْ حَوْ ، غَوْ خَوْ ، قَوْ كَوْ ، جَوْ شَوْ
يَوْ ، ضَوْ ، لَوْ نَوْ رَوْ ، طَوْ دَوْ تَوْ ، ظَوْ زَوْ ثَوْ ،
صَوْ زَوْ سَوْ ، فَوْ بَوْ مَوْ وَوْ

وَالْاَمْثِلَةُ

سَوْفَ ، سَوْطَ ، خَوْفَ ، حَوْلَ ⁘ قَوْلَ ، قَوْمَ ، يَوْمَ ، نَوْمَ
فَوْقَ ، ثَوْبُ ، مَوْتُ ، مَوْجُ ⁘ فَوْجٌ ، جَوْفُ ، يَوْمُ ، نَوْمَهُ
عَلَوْا ، بَنَوْا ، عَتَوْا ، نُهُوْا ⁘ طَغَوْا ، تَوَلَّوْا ، تَمَنَّوْا ، وَلَّوْا
قَوْلًا ، غَوْرًا ، فَوْجًا ، هَوْنًا ⁘ قَوْلًا ، يَوْمًا ، طَوْلًا ، مَوْتًا
فِرْعَوْنَ ، يَخْشَوْنَ ، يَرْضَوْنَ ⁘ تَنْسَوْنَ تَنْهَوْنَ ، يَنْئَوْنَ
يُسْقَوْنَ ، تُجْزَوْنَ ، مُرْجَوْنَ ⁘ يَسْعَوْنَ ، يَدْعَوْنَ ، تَخْشَوْنَ
اَلْيَوْمَ ، اَلْاَعْلَوْنَ ، اِخْشَوْنِيْ ⁘ يَرَوْنَ ، يَلْقَوْنَهُ ، يَرَوْنَهُ

Marfat.com

اَلْیَاۤءُ اللَّیِّنَۃُ

س : یاء لین کسے کہتے ہیں اور وہ کیسے ادا کی جاتی ہے ؟

ج : دیکھئے یہ " ـَ یْ : یَآءِ لَیِّنَہْ : ہے یعنی جب یا ساکن ہو اور اس سے پہلے حرف پر زبر ہو تو اُسے : یَآءِ لَیِّنَہْ : اور : یَآءِ لِیْن : کہتے ہیں اور وہ اس زبر والے حرف سے مل کر پڑھی جاتی ہے !

توضیحُ الجواب :- جاننا چاہیئے کہ جب یاء ساکن ماقبل مفتوح ہو تو اُسے : یَآءِ لَیِّنَہ کہتے ہیں اور اس کے ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ یا ساکن سے قبل حرف مفتوح پر انفتاحِ فم وصوت سے تلفظ کرتے ہی یاء ساکن سے ملانا چاہیئے اور یاء لین کی آواز انتہائی لطافت اور نرمی سے اس طرح نکالنی چاہیئے کہ اگر اس پر کوئی مد کرنا چاہے تو کر سکے۔ یاء لین میں بھی اگرچہ فی ذاتہ مد نہیں ہے مگر وسط لسان حنک اعلیٰ سے بہ سہولت لگنے اور صوت میں لطافت و نرمی پیدا کرنے کی وجہ سے اس میں مد کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے اور چونکہ یاء لین مستقل بالذات ہے اس لئے بالاتفاق ہمیشہ اور ہر حال میں باریک اور مرقق پڑھی جاتی ہے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَیْ ھَیْ، عَیْ حَیْ، غَیْ خَیْ، قَیْ کَیْ، جَیْ شَیْ یَیْ، ضَیْ لَیْ نَیْ رَیْ، طَیْ دَیْ تَیْ، ظَیْ ذَیْ ثَیْ، صَیْ زَیْ سَیْ، فَیْ بَیْ مَیْ وَیْ۔

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

لَارَیْبَ، ضَیْرَ، غَیْرَ، کَیْفَ ⁂ حَیْثُ، قَضَیْتُ، صَیْفٌ، کَیْلُ

شَیْءٌ، خَیْرٌ، وَیْلٌ، عُزَیْرٌ ⁂ شُعَیْبٌ، قُرَیْشٌ، فُوَیْلٌ، رَیْحٌ

خَیْرًا، شَیْئًا، طَیْرًا، شَیْبًا ⁂ شَیْخًا، عَیْنًا، نَیْرًا، مَیْلًا

اِلَیْهِ، عَلَیْهِ، لَدَیْهِ، اَبَوَیْهِ ⁂ اِلَیْکَ، عَلَیْکَ، لَدَیْکَ، اَبَوَیْکَ

اِلَیْهِمْ، عَلَیْهِمْ، لَدَیْهِمْ ⁂ اِلَیْکُمْ، لَدَیْکُمْ، عَلَیْکُمْ

اَلْفَرْقُ بَیْنَ الْهَمْزَةِ وَالْاَلِفِ

س : ہمزہ اور الف میں کیا فرق ہے ؟

ج : ہمزہ اور الف میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ با ضغطہ پڑھا جاتا ہے اور ہمیشہ یا تو متحرک ہوتا ہے یا ساکن بہ علامتِ سکون بخلاف الف کے کہ وہ بے ضغطہ اور نرم پڑھا جاتا ہے اور ہمیشہ ساکن ماقبل مفتوح ہوتا ہے !

تَوضِیحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ حروف عربیہ ہجائیہ میں جیسا کہ تمایُز بالمخرج والصفت ہوتا ہے اسی طرح تمایُز بالرسم والصورت بھی ہوتا ہے علی ہذا ہمزہ اور الف مدہ میں بھی فرق وامتیاز دو طرح سے ہوتا ہے لفظاً و رسماً۔ لفظاً فرق یہ ہے کہ ہمزہ چونکہ مخرج محقق سے نکلتا ہے اور موصوف بہ صفتِ شدت ہے اس لئے ضغطہ سے ادا ہوتا ہے اور اس کی آواز مخرج میں بند ہو کر سخت ہو جاتی ہے

اور الف مدہ چونکہ غیر محقق مخرج سے نکلتا ہے اور موصوف بہ صفت رخوہ ہے۔ نیز ہوائیہ بھی ہے اس لئے وہ ہمیشہ بے ضغطہ اور نرم پڑھا جاتا ہے اور اس کی آواز ہواء پر تمام ہوتی ہے۔ یعنی الف مدہ کی آواز مبدأ صوت یعنی ابتداء حلق سے لیکر حلق وفم کے پورے فضاء میں ممتد ہو جاتی ہے اور کسی جزء معین پر رُکے بغیر ہواء پر ختم ہو جاتی ہے۔

رسما فرق یہ ہے کہ الف مدہ عمودی صورت پر مرسوم ہوتا ہے اور ہمیشہ ساکن ماقبل مفتوح۔ بخلاف ہمزہ کے کہ وہ کبھی متحرک ہوتا ہے اور کبھی ساکن بعلامت جزم۔ نیز ہمزہ کی کوئی مستقل اور معین رسمی صورت مقرر نہیں ہے بلکہ وہ اپنی حرکت کے موافق یا ماقبل کی حرکت کے مطابق کبھی مرسوم بصورت الف ہوتا ہے۔ کبھی مرسوم بصورت واؤ۔ کبھی مرسوم بصورت یا اور کبھی محذوف الرسم ہوتا ہے۔

دیکھیے جدول الذیل۔ اَیُّھَا الْقُرَّاءُ:-

اَلْاَلِفُ	اَقْسَامُ الْهَمْزَةِ	وَالْهَمْزَةُ
۱	اَلْهَمْزَةُ بِصُوْرَتِ الْاَلِفِ	اَ اِ اُ ـــ اَ اِ اُ ـــ اُ
	اَلْهَمْزَةُ بِصُوْرَتِ الْوَاوِ	ؤَ ؤِ ؤُ ـــ ؤَ ؤِ ؤُ ـــ ؤْ
	اَلْهَمْزَةُ بِصُوْرَتِ الْيَاءِ	ئَ ئِ ئُ ـــ ئَ ئِ ئُ ـــ ئْ
	اَلْهَمْزَةُ مَحْذُوْفَةُ الرَّسْمِ	ءَ ءِ ءُ ـــ ءَ ءِ ءُ ـــ ءْ

Marfat.com

اَلْجُزْءُ السَّابِعُ فِیْ مَخَارِجِ الْحُرُوْفِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَقْسَامُ الْحُرُوْفِ

س: حروف کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: حروف کی دو قسمیں ہیں ایک حروف اصلیہ دوم حروف فرعیہ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیے کہ اقسامِ حُرُوف باختلافِ اوطان والسنہ کثیر ہیں اور ان کی تعداد بھی مختلف ہے پھر ان کے مخارج وصفات میں بڑا فرق ہے لیکن یہاں جو حروف زیر بحث ہیں وہ حروف ہجائیہ عربیہ قرآنیہ ہیں، حروف عجمیہ نہیں ہیں، حروف عربیہ قرآنیہ دو قسم پر ہیں اصلی اور فرعی۔

اَلْحُرُوْفُ الْاَصْلِیَّۃُ

س: حروف اصلیہ کسے کہتے ہیں اور وہ کتنے ہیں؟

ج: وہ حروف جن کے مخارج واضح متعین و مشخص ہوتے ہیں اور [illegible] صفات ہوتے ہیں اور حروف اصلیہ انتیس ہیں اور جو حروف ہجائیہ کے نام سے مشہور ہیں۔

توضیح الجواب: جاننا چاہیے کہ جزء خامس کے ابتداء میں حروف ہجائیہ

بیان ہو چکے ہیں وہی حروف ہجائیہ حروف اصلیہ عربیہ کے نام سے موسوم ہیں اور جن سے لغت کلام افصح مؤلف ہوتا ہے اور جو شخص ان حروف کے مخارج و صفات میں اتقان کامل حاصل کر لیتا ہے وہی تلفظ بافصح اللغات پر قدرت رکھتا ہے۔

حروف ہجائیہ عربیہ اور ان سے مرکب کلام کو جو فضیلت و فوقیت علی الالسنہ حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ کیونکہ یہ لغت عرب العرباء ہے جس پر قرآن کا نزول ہوا ہے۔ یہ لغت سید ولد عدنان ہے اور لغت اہل الجنۃ فی الجنۃ ہے۔ اسی واسطے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اَحِبُّوا الْعَرَبَ لِثَلٰثٍ لِاَ نِّیْ عَرَبِیٌّ وَالْقُرْاٰنُ عَرَبِیٌّ وَلِسَانُ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِی الْجَنَّةِ عَرَبِیٌّ۔ نیز ان حروف کی شرف و عظمت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتی ہے کہ کتاب اللہ انہی حروف سے مرکب ہے۔ انہی حروف سے سور مطولہ کا افتتاح ہوا ہے۔ انہی سے نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب فرمایا گیا ہے۔ انہی حروف سے اللہ تعالیٰ نے قسمیں کھائی ہیں۔ انہی سے اس کے اسماء و صفات نازل ہوئے ہیں۔ انہی حروف سے توحید پہچانی جاتی ہے۔ انہی سے حجۃ اللہ علی المخلوق قائم ہوتی ہے اور انہی سے اشیاء عالم کا علم حاصل ہوتا ہے۔ فَطُوْبٰی لِمَنْ جَوَّدَ الْحُرُوْفَ الْهِجَائِيَّةَ الْاَصْلِيَّةَ وَاَتْقَنَهَا اِتْقَانًا كَامِلًا۔

اَلحُرُوفُ الفَرعِيَّۃُ

س : حروفِ فرعیہ کسے کہتے ہیں اور وہ کتنے ہیں؟

ج : جو حروف مابین المخرجین سے ادا ہوتے ہیں اور مابین الحرفین متردد ہوتے ہیں، نیز وہ مستقل بالذات وصفات نہیں ہوتے ہیں۔ انہیں حروفِ فرعیہ کہتے ہیں! اور وہ دو قسم پر ہیں —— فصیحہ اور غیر فصیحہ۔

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ حروفِ فرعیہ چونکہ دو مختلف متعین مخرجوں سے متفرع ہو کر دونوں کے مابین سے ادا ہوتے ہیں اس لئے وہ نہ تو مستقل بالذات ہوتے ہیں اور نہ ہی کسی مخرج واحد کی طرف منسوب ہو سکتے ہیں۔ ایسا ہی چونکہ وہ دو مختلف و مشخص حرفوں کے امتزاج سے معرضِ وجود میں آتے ہیں اور دونوں کے مابین متردد ہوتے ہیں اس لئے دونوں کی مختلف صفات سے بہ یک وقت متصف ہوتے ہیں اسی وجہ سے وہ نہ تو مستقل بالذات ہوتے ہیں اور نہ ہی مخصوص صفات سے متصف ہو سکتے ہیں۔ پھر حروفِ فرعیہ دو قسم پر ہیں :۔ فصیحہ اور غیر فصیحہ قرآن کریم میں چونکہ حروفِ فرعیہ غیر فصیحہ وارد نہیں ہوئے ہیں اس لئے وہ متروک البحث ہیں۔

Marfat.com

اَلْحُرُوْفُ الْفَرْعِيَّۃُ الْفَصِیْحَۃُ

س : حروفِ فرعیہ فصیحہ کسے کہتے ہیں اور وہ کتنے ہیں ؟

ج : جو حروف تبعًا لاداءِ قبائل العرب ورعایۃً للشیوخ والغلمان منزل من اللہ ہیں اور جبرئیل امین نے نبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی تعلیم فرما دیئے ہیں انہیں حروف "فرعیہ فصیحہ" کہتے ہیں۔ اور وہ چار ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ اہلِ عرب جیسا کہ نجد و حجاز اور شام و عراق وغیرہ کے اطراف واکناف میں منتشر تھے ویسے ہی مختلف قبائل مثل قریش، بنو سعد، بنو تمیم، بنو ہذیل، بنو اسد، بنو ربیعہ، اور بنو قضاعہ وغیرہ میں منقسم تھے اور جیسا کہ بین البلاد لغات میں اختلاف تھا ویسا ہی بین القبائل بھی لغات میں اختلاف تھا۔ پھر جیسا کہ لغات میں اختلاف تھا ویسا ہی اداء و تلفظ میں بھی اختلاف تھا۔

منزل القرآن نے نزول قرآن کے وقت شفقۃً علی القبائل وتسہیلًا علی الشیوخ والغلمان حروف فرعیہ فصیحہ بھی نازل فرما دیئے ہیں تاکہ اہل لسان کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو اور وہ ایک دوسرے کی اداء سے روشناس ہو جائیں۔

جس طرح حروف کی دو قسمیں ہیں اسی طرح حرکات کی بھی دو قسمیں ہیں اصلیہ و فرعیہ۔ حرکاتِ اصلیہ بالاتفاق تین ہیں، فتحہ، کسرہ، ضمہ۔ اور حرکاتِ فرعیہ بالاتفاق دو ہیں حرکتِ ممالہ اور حرکتِ مشمّہ۔ حروفِ منزلہ فرعیہ فصیحہ جو وارد فی القرآن ہیں عند القراء متعدد ہیں۔ لیکن بروایت حفص عن العاصم فقط چار ہیں :-

Marfat.com

(۱) ہمزہ مسہلہ (۲) الف ممالہ (۳) الف مفخمہ (۴) لام مفخمہ جن کا بیان اپنے محل پر ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

حروف کی اس تقسیم کے بعد اب مخارج حروف اصلیہ بتلانا مقصود ہے لیکن قبل اس کے مخارج کی بحث شروع کی جائے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ لسان کے حصص اور اسنان کی توصیف و تعریف اور تعداد و اسماء سے طلباء تجوید کو روشناس کرایا جائے۔

ہم ترتیب میں لسان کو بہ چند وجوہ اسنان سے مقدم رکھنا مناسب تصور کرتے ہیں:۔

اوّلاً:۔ اس لئے کہ لسان بلحاظ خلقت اور باعتبار وضع اسنان سے مقدم ہے

ثانیاً:۔ اس لئے کہ لسان متحرک اور آلۂ ضاربہ اور ناشئۃ الحروف ہے۔

ثالثاً:۔ اس لئے کہ لسان کو یہ عز و شرف حاصل ہے کہ وہ بغیر اسنان کے بھی نشأت [illegible] کرتی ہے کَمَا فِیْ اَفْوَاہِ الشُّیُوْخِ الَّذِیْنَ

اَللِّسَانُ

س :- لسان کسے کہتے ہیں اور وہ کتنے حصص پر مشتمل ہے ؟

ج :- اہل عرب زبان کو : لِسَانُ : کہتے ہیں اور : لِسَانُ : چھ حصص پر مشتمل ہے :-

اَقصیٰ لِسَان — وَسْطِ لِسَانُ — حَافَۂ لِسَانَ — طَرفِ لِسَانُ —

ظُہرِ لِسَانُ — رَاسِ لِسَان ۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ : لِسَانُ : یعنی زبان ، قادرِ مطلق اور خالقِ حیوانات کے انعاماتِ کثیرہ میں سے ایک عظیم الشان انعام ہے جو جملہ حیوانات کو حسب خلقت عطا کی گئی ہے ۔ لیکن جو لسان حضرتِ انسان کو عطا ء کی گئی ہے ، وہ کسی دوسرے حیوان کو نصیب نہیں ہوتی ہے ۔ کیونکہ اسی لسان ہی سے حضرتِ انسان ، دیگر حیواناتِ کثیرہ سے جدا اور ممتاز ہوا ہے — اور : حَیْوَانِ نَاطِقْ : کے نام سے موسوم کیا گیا ہے ۔

لسان ہی سے انسان اشرف المخلوقات قرار پاکر اعلیٰ ترین مرتبہ پر پہنچا ہے لسان ہی سے انسان صادق یا کاذب کے القاب سے ملقب کیا جاتا ہے ۔ لسان ہی سے انسان فصیح یا غیر فصیح کی صفات سے موصوف کیا جاتا ہے ۔ لسان ہی سے انسان مافی الضمیر کا اظہار اور قول وقرار کرتا ہے ۔ لسان اگر درست ہے تو عالم انسانیت میں امن داماں ہے ، لسان بگڑ جائے تو عالم انسانیت کا کارخانہ درہم برہم ہو جائے ۔

لسان کے اشرف الاعضاء ہونے میں کیا کلام ہو سکتا ہے کہ اسی سے خالق کائنات کی وحدانیت اور اس کے رسُل کی حقانیت کا اقرار ہوتا ہے ۔ اسی سے

Marfat.com

اس کے شرائع اور اس کے احکام کی افہام و تفہیم ہوتی ہے۔ اسی سے اس کی عبادات کما حقہٗ ادا کی جاتی ہیں اسی سے صناع مطلق کی حمد و ثناء کی جاتی ہے اور اسی سے اس کے جلیل القدر کلام قرآن کریم کی تلاوت کی جاتی ہے۔

لسان اپنی نرالی خلقت کی وجہ سے جس قدر نرم و نازک ہے اسی قدر سخت و مضبوط بھی ہے صناع مطلق نے تیز و نوکدار ہڈیوں کے پنجرہ میں اس کی تخلیق فرما کر اسے جو فرائض تفویض فرمائے ہیں وہ بھی عجیب و غریب جانکاہ اور پُر از خطر ہیں لیکن یہ فرمانبردار لسان اپنے فرائض کی بجا آوری میں ایک ثانیہ کے لئے بھی غافل نہیں۔ دانتوں کے اس مضبوط اور متحرک قلعہ میں محصور ہونے کے باوجود انتہائی ہوشیاری سے اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے انتہائی خوردنی کو نہایت چستی سے کاٹ کھانے والے دانتوں کے درمیان پہونچا کر سپرد کرتی رہتی ہے اور اپنے آپ کو بچاتی ہے اور اپنی حفاظت کرتی رہتی ہے۔

لسان انسانی ارادے کی اس قدر فرماں بردار ہوتی ہے کہ جب وہ ارادہ کرتا ہے یہ فوراً حرکت میں آجاتی ہے اور انتہائی سرعت و پھرتی کے ساتھ مختلف حرفوں کے مخارج میں اپنے مخصوص حصص لگاتی ہے اور اپنی ساخت و خلقت کے مطابق حروف کی ادائیگی میں اعلیٰ کردار ادا کرتی رہتی ہے۔

ایک طرف لسان کی یہ ہوشیاری چستی و چالاکی اور پھرتیلی حرکتیں کیجئے کہ پورے اٹھارہ حرفوں کیلئے جا بجا، دائیں بائیں، اوپر نیچے [illegible] طرح طرح کی حرکتیں کرتی ہوئی اپنے فرائض منصبی [illegible] مظاہرہ کرتی رہتی ہے تو دوسری طرف اس کی [illegible] اطاعت

Marfat.com

انکساری دیکھئے کہ جب حروفِ مدّہ مبدأ صوت سے سر اٹھاتے ہیں اور فضاءِ حلق سے نکل کر جوفِ فم پر مرور کرتے ہیں تو یہی چست وچالاک اور متحرک لسان ہمہ تن سرِ تسلیم خم کر دیتی ہے اور اپنے پورے جسم پر آناً فاناً سکوت وسکون طاری کر دیتی ہے تاکہ حروفِ مدہ کے مرور میں کسی قسم کا خلل نہ واقع ہو جائے اور وہ پوری سلامتی کے ساتھ خلاء الفم سے گذر جائیں: فَتَبَارَکَ اللّٰہُ احسن الخالقین.

لسان کے اس مختصر تعارف کے بعد اب یاد رکھیے کہ لسان یعنی زبان مندرجہ ذیل چھ حصص پر مشتمل ہے۔

اَقصٰی لِسَان:- "جڑ زبان" یہ وہ حصہ ہے جو لھات یعنی کوّے کے متصل حنکِ اعلیٰ یعنی اوپر کے تالو کے بالمقابل ہے۔

وَسْطِ لِسَان: "بیچ زبان" یہ وہ حصّہ ہے جو کہ جڑ زبان اور نوک زبان کے درمیان حنکِ اعلیٰ کے بالمقابل ہے۔

حَافَۂ لِسَان: "کروٹ زبان" یہ وہ حصّہ ہے جو کہ اضراس علیا کے بالمقابل ہے۔

طَرَفِ لِسَان: "کنارۂ زبان" یہ وہ حصّہ ہے جو ثنایا: رباعی اور انیاب علیا کے بالمقابل ہے۔

ظَہرِ لِسَان، "پشتِ زبان" یہ وہ حصّہ ہے جو راس لسان سے قدرے وسطِ لسان کی طرف واقع ہے۔

رَاسِ لِسَان: نوکِ زبان" یہ وہ حصّہ ہے جو فقط ثنایا کے بالمقابل ہے

Marfat.com


رَأسُ اللِّسَانِ
طَرَفُ اللِّسَانِ
طَرَفُ اللِّسَانِ
ظَهرُ اللِّسَانِ ÷ وَسطُ اللِّسَانِ
حَافَةُ اللِّسَانِ
حَافَةُ اللِّسَانِ
اَصلُ اللِّسَانِ
صُورَةُ اللِّسَانِ

Marfat.com

اَلْاَسْنَانُ

س : اسنان کسے کہتے ہیں اور وہ کتنے ہیں ؟

ج : اہلِ عرب دانتوں کو اسنان کہتے ہیں اور یہ عموماً ہر بالغ انسان کے منہ میں بتیس ۳۲ ہوا کرتے ہیں۔ سولہ اوپر اور سولہ نیچے۔

توضیحُ الجوابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ اسنان یعنی دانت قادر مطلق اور خالق الحیوانات کی صنعت گری کا اعلیٰ ترین نمونہ ہیں۔ یہ انسان کے لیئے نہ صرف باعث حسن و جمال ہیں بلکہ ممد تلفظ و کلام بھی ہیں و نیز ماضغ و محللِ طعام بھی۔ اسی وجہ سے ان کے افعال بھی مختلف ہیں۔ کوئی قاطع الاشیاء ہیں کوئی کاسر الاشیاء اور کوئی طاحن الاشیاء یعنی کوئی کاٹنے کے کام آتے ہیں۔ کوئی توڑنے کے۔ اور کوئی پیسنے کے۔ اسی واسطے ان کے نام بھی مختلف ہیں اور چونکہ حروف کے اداء کرنے میں ان کا خاص تعلق ہوتا ہے بلکہ اکثر حروف بغیر دانتوں کے ادا ہی نہیں ہو سکتے ہیں اس لئے ان کے نام یاد کرنے چاہیئے تاکہ مخارج معلوم کرنے میں آسانی ہو۔ پس یاد رکھیئے۔

ثَنَایَا :۔ (جوڑا) جس کا واحد "ثَنِیَّۃ" ہے یہ سامنے کے دو جوڑے جوڑے دانتوں کا نام ہے اُوپر کے ۲ دو کو ثنایا عُلیا اور نیچے کے دو کو ثنایا سُفلےٰ کہتے ہیں۔

رَبَاعِیَاتُ :۔ جس کا واحد "رَبَاعِیہ" ہے یہ ثنایا سے ملے ہوئے دائیں بائیں اوپر نیچے چار دانتوں کا نام ہے انکو اور ثنایا کو قَوَاطِع (کاٹنے والے بھی کہتے

Marfat.com

ہیں.

اَنْیَاب: جس کا واحد "نَاب" ہے یہ رباعیات سے ملے ہوئے دائیں بائیں اُوپر نیچے چار دانتوں کا نام ہے ان کو کواسر (توڑ نے والے) بھی کہتے ہیں۔

ضَوَاحِكُ: جس کا واحد "ضَاحِكٌ" ہے۔ یہ انیاب سے ملے ہوئے دائیں بائیں اوپر نیچے چار دانتوں کا نام ہے۔ یہ چونکہ ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں اس لئے اس نام سے موسُوم ہوئے ہیں۔

طَوَاحِنُ: جس کا واحد "طَاحِنٌ" ہے۔ یہ ضواحک سے ملے ہوئے دائیں بائیں اُوپر نیچے تین تین یعنی کل بارہ دانتوں کا نام ہے۔ یہ چونکہ غذا پیستے ہیں اس لئے اس نام سے موسُوم ہوئے ہیں۔

نَوَاجِذُ: جس کا واحد ناجذ ہے یہ طواحن سے ملے ہوئے سب سے آخر میں دائیں بائیں اُوپر نیچے چار دانتوں کا نام ہے۔ یہ چونکہ جوانی کے ایّام میں نکلتے ہیں اس لئے نواجذ یعنی عقل کی ڈاڑھ سے نامزد ہوتے ہیں۔ پھر ضَوَاحِكُ، طواحن اور نواجذ کے مجموعہ کو اضراس کہتے ہیں۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ نیچے کے دانتوں میں سے صرف ثنایا سفلے ہی مخارج کے کام آتے ہیں باقی کو مخارج سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ فافہم۔

یاد کی آسانی کیلئے جمال القرآن کی درج ذیل اشعار انتہائی موزون ہیں:۔

ہے تعداد دانتوں کی کل بتیس اور دو دو ؛ ثنایا ہیں چار اور رباعی ہیں دو دو

ہیں انیاب چار اور باقی رہے بیس ؛ کہ کہتے ہیں قراء اضراس انہیں کو

ضواحک ہیں چار اور طواحن ہیں بارہ ؛ نواجذ بھی ہیں ان کے بازو میں دو دو

Marfat.com

تفصیل مندرجہ ذیل اشعار سے واضح ہے۔

دانت اکثر منہ میں ہر انسان کے ؛ ہوتے ہیں بتیس کل اے نیک پے
سامنے جوڑے سے ہیں جو دانت چار ؛ ہیں ثنایا نزدِ مردِ باوقار
دو ہیں عُلیا اُن میں جو اُوپر کے ہیں ؛ اور سُفلیٰ ان میں دو نیچے کے ہیں
ہیں رباعی چار پھر اے مردِ نیک ؛ اُن کے ہر جانب ہیں جڑے ایک ایک
اُن کے پہلو میں ہے اِک اِک نوکدار ؛ کہتے ہیں انیاب ان کو ہیں یہ چار
اب رہے باقی جو ڈاڑھیں بیس اور ؛ نام ہے اضراس اُن کا سُن بغور
چار کو ان میں ضواحک جان لے ؛ ہیں جو بالکل متصل انیاب کے
پاس جو ہیں ان کے بارہ اور نیز ؛ کہتے ہیں ان کو طواحن اے عزیز
جن کی یہ تفصیل ہے مردِ متین ؛ دائیں بائیں نیچے اُوپر تین تین
پھر نواجذ ان کے بازو میں ہیں چار ؛ یاد کر لے ان کو تو اے باوقار

Marfat.com

صورة فم الانسان مبينا فيه مخارج الحروف



فم انسانی کی صورت، جس میں مخارج حروف بتلائے گئے ہیں

Marfat.com



الثنايا العليا
رباعية
ناب
الاضراس العليا
ضاحك
طواحن
ناجذ
لهات
صورة فك الاعلى
ثم الخاء
الغين
ثم الحاء
العين
ثم الهاء
الهمزة
خ
غ
ح
ع
ه
ء
صورة الحنجرة

Marfat.com



صورة الحلق مع فك الاعلى وفك السفلى

Marfat.com

اَلصَّوْتُ وَالنَّفَسُ

س : صَوْت کسے کہتے ہیں اور نَفَس کسے ؟

ج : سینے اور پھیپھڑوں سے جو ہوا منہ کی جانب خارج ہوتی ہے اگر وہ طبعی طور پر آرام سے اور ایسے انداز سے خارج ہو کہ مسموع نہ ہو یعنی سنائی نہ دے تو اسے ''نَفَس'' یعنی سانس کہتے ہیں۔ اور اگر وہی ہوا جو منہ کے جانب خارج ہوتی ہے اجزاء حلق و فم وغیرہ میں مُتَمَوِّج ہو کر شدّت اور گونج کے ساتھ خارج ہو کر مسموع ہو جائے تو اسے ''صَوْت'' یعنی آواز کہتے ہیں۔

توضیحُ الجوابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ صوت باعتبار ضعف و قوت اور پستی بلندی دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک صوت خفی کہ جس میں اجزاء حلق و فم باقاعدہ متحرک ہوتے ہیں اور حروف پورے طور پر ادا ہوتے ہیں اور جسے متکلم تو بخوبی سن سکتا ہے۔ مگر دوسروں کو سنائی نہیں دیتی تاوقتیکہ سننے کی کوشش بلیغ نہ کی جائے۔

دوم صوتِ جہری کہ جس میں اجزاء حلق و فم پورے شدّت کے ساتھ متحرک ہوتے ہیں اور جسے دوسرے بلا ارادہ نہ صرف سن سکتے ہیں بلکہ اس کے سننے پر مجبور ہوتے ہیں، پھر صوتِ جہری کے درجات باعتبارِ ضعف و قوت قاری بالکل مختلف اور جداگانہ ہوتی ہے۔

صوت بھی خالق حیوانات کے انعاماتِ کثیرہ میں سے ایک عظیم الشان انعام ہے۔ صانعِ مطلق نے جملہ حیوانات کو حسبِ خلقت و حیثیت اور حصہ بقدرِ جثّہ صوت سے نوازا ہے۔ اگر حمار صوتِ بلند و کریہہ اور قبیح سے نوازا گیا ہے۔

Marfat.com

اِنَّ اَنْکَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ: تو بلبل کو بھی صوتِ لطیف و حسین عطا کی گئی ہے۔ اگر مچھر کو صوت دی گئی ہے: تو نملہ اور چیونٹی کو بھی صوت عطاء کی گئی ہے۔ قَالَتْ نَمْلَۃٌ یّٰاَیُّھَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ: فَتَبَسَّمَ ضَاحِکًا مِّنْ قَوْلِھَا پس یوں تو ہر حیوان اور ہر متنفس کو اس کی خلقت و حیثیت کے مطابق صوت مرحمت کی گئی ہے۔ لیکن حضرتِ انسان چونکہ اشرف المخلوقات اور حیوانِ ناطق ہے۔ اِس لئے جو صوت ودیعت کی گئی ہے وہ اشرف الاصوات اور احسن الاصوات ہے۔

صوت کے حسن و قبح کا دارومدار حلقوم پر ہوتا ہے اور حلقوم ساخت و خلقت کے لحاظ سے ہر فردِ بشر کا جداگانہ اور مختلف ہوتا ہے۔ اسی لئے ایک شخص کی صوت دوسرے شخص کے صوت سے بلکلیہ مطابقت نہیں رکھتی چنانچہ مشاہدہ کہ اگر ایک شخص خفی الصوت ہے، تو دوسرا جہیر الصوت، اگر ایک شخص کریہہ الصوت ہے تو دوسرا حسین الصوت، وفوق کل ذی حسن حسین [1]

---

[1] خالق الاصوات جس کو حسن صوت جیسی نعمت عظمیٰ سے نوازے اور جس قدر بھی حصّہ صوت اُسے عطا کرے اسے چاہیئے کہ حتی الامکان اس کی حفاظت کرتا رہے اور ایسے اعمال و افعال کے ارتکاب منشیات و مخدرات اور مسکنات وخامضات کے استعمال، اور ایسے اکل و شرب سے اجتناب حتمی کرتا ہے جو آلات صوت و نفس کیلئے مہلک ثابت ہوں خصوصاً جوانی کی بدعنوانی تمباکو خوری اور شرب دخان سے بچتا رہے کیونکہ یہ چیزیں اعصاب اور آلات صوت و نفس کیلئے انتہائی تباہ کن ثابت ہوتی ہیں اور بہت جلد نہ صرف اصوات کو بلکہ اصحاب الاصوات کو بھی ناکارہ کرکے رکھ دیتی ہیں فَاجْتَنِبُوْا یَا اُولِی الْاَصْوَاتِ:

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ وَالْحَرْفُ،

س : مخرج کسے کہتے ہیں اور حرف کسے؟

ج : مخرج بروزن مَفْعَلْ کے لغوی معنی جائے خروج کے ہیں یعنی کسی شیٔ کے نکلنے کی جگہ کو مخرج کہتے ہیں اور اصطلاح مجودین میں حرف کے نکلنے کی جگہ کو مخرج کہتے ہیں یعنی اجزاء حلق و فم وغیرہ میں جس جگہ صوت رک کر بند ہو جائے یا بند ہو سکے تو اس جگہ کو مخرج کہتے ہیں۔ اور جو صوت و آواز کسی مخرج سے نکلے اسے ,, حُرُفْ ،، کہتے ہیں!

توضیحُ الجَواب :۔ جاننا چاہیئے کہ مخرج علی وزن مَفْعَلْ صیغۂ ظرف ہے جیسا کہ مَدْخَلْ و مَرْتَدْ بمعنی جائے دخول و رتود صیغۂ ظرف ہے

مخرج میں ہمیشہ بالمقابل دو عضو کام کرتے ہیں اور دونوں کے عمل مشترک سے صوت معرض وجود میں آتی ہے۔ چنانچہ ان دونوں مقابل اعضاء میں سے کبھی تو ایک عضو آلہ بنکر دوسرے عضو پر ضرب لگاتا ہے اور صوت معرض وجود میں آجاتی ہے اور کبھی بیک وقت دونوں عضو آلہ بنکر ایک دوسرے پر ضرب لگاتے ہیں اور ایک دوسرے پر اثرانداز ہونے کی صورت میں صوت معرض وجود میں آجاتی ہے۔

پس عُضْوَیْن کی اس ضرب و تصادم سے جو صوت و آواز معرضِ وجود میں آکر ایک مخصوص قسم کی شکل و صورت اختیار کرکے مسموع ہوتی ہے اُسے: حَرْفْ کہتے ہیں حَرْفْ :۔ کے لغوی معنی طرف اور کنارہ کے ہیں۔ کیونکہ کسی شئی کی نہایت اور کنارہ ”حرف“ یعنی طرف ہوتا ہے اور اصطلاحِ اہلِ ادا، اور مجودین و قراء میں وہ :۔

Marfat.com

صَوْتٌ اعْتَمَدَ عَلٰی مَقْطَعٍ اَیْ مَخْرَجٍ مُّحَقَّقٍ. وَهُوَ اَنْ یَّکُوْنَ اِعْتِمَادُهٗ عَلٰی جُزْءٍ مُّعَیَّنٍ مِّنْ اَجْزَآءِ الْحَلْقِ وَاللِّسَانِ وَالشَّفَتَیْنِ اَوْ مَقْطَعٍ مُّقَدَّرٍ وَّهُوَ هَوَآءُ الْفَمِ

ایک آواز ہے جو کسی مقطع یعنی مخرج محقق پر معتمد ہو کر بند ہو: اور وہ اعتماد اس کا اجزاء حلق وفم اور شفتین کے کسی جز معین پر ہو: یا وہ آواز ہے جو کسی مقطع مقدر یعنی غیر معین پر معتمد ہو اور وہ ہوا الفم ہے

پس معلوم ہوا کہ مخرج کی دو قسمیں ہیں :۔

۱ : مَخْرَجْ مُحَقَّقْ (۲) مَخْرَجْ مُقَدَّرْ ـــــ وعلیٰ ہذا حرف کی بھی دو قسمیں ہیں :۔ ۱ : حَرْفْ مُحَقَّقْ ۲: حَرْفْ مُقَدَّرْ .

اگر صوت معتمد او رمسموع کے متعلق بیقین و برہان کے ساتھ کہا جا سکے اور مشاہدہ کرایا جا سکے کہ وہ اجزاء حلق وفم اور شفتین کی فلاں مخصوص جگہ سے برآمد ہو کر بجبر وہی جا ئحہ ی ہے جہاں سے برآمد ہوتی تھی اسے مَخْرَجْ مُقَدَّرْ کہتے ہیں اور جو صوت مخرج محقق سے برآمد ہو کر حرف کی صورت اختیار کر لیتی ہے اُسے : حَرْفْ مُحَقَّقْ: کہتے ہیں ـــ اور اگر صوت مسموع کے متعلق بیقین و دلیل کے ساتھ نہ کہا جا سکے اور نہ ہی مشاہدہ کرایا جا سکے کہ وہ اجزاء حلق وفم اور شفتین یا خیشوم کی فلاں مخصوص جگہ سے برآمد ہوتی ہے. تو اسے : مخرج مقدر کہتے ہیں اور جو صوت مخرج مقدر سے برآمد ہو کر حرف کی صورت اختیار کر لیتی ہے تو اسے حرف مقدر کہتے ہیں ـــ یہاں حرف سے مراد "حرف المعنی" نہیں ہے یعنی: مِن. عن. علیٰ. حتیٰ: وغیرہ جیسے کہ کتب عربیہ میں مذکور ہے بلکہ اس سے مراد: حرف المبنی من الحروف الہجائیہ: ہیں یعنی: ا ب ت ث الخ مراد ہیں. فَتَدَبَّرُوْا اَیُّهَا النّٰظِرُوْنَ .

Marfat.com

اَلْمَخَارِجْ

س : مخارج کسے کہتے ہیں ؟

ج : مخارج جمع مخرج کی ہے اور مخارج حروف کیلئے بمنزلہ میزان و اوزان کے ہوتے ہیں جن سے حروف کی جانچ پرکھ ہوتی ہے ساتھ ان کی حجم و کمیت اور مقدار بھی معلوم ہوتی ہے یعنی حروف کی خاص مقدار کی حفاظت کی جاتی ہے تاکہ حروف افراط و تفریط سے بچیں اور اپنے اپنے مخارج میں محصور و محفوظ رہیں۔

تَوضِیحُ الجَوَابْ : جاننا چاہیئے کہ اوراق سابقہ میں مخرج کی تعریف و توصیف بیان ہو چکی ہے اور یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ حرف تصادم جسمین سے ادا ہوتا ہے۔ دیکھو المخرج والحرف. اب جاننا چاہیئے کہ مخارج اپنی وسعت ہے تو حرف پورے مخرج میں ممتد ہوگا اور زیادتی قبول کرے گا اور اگر مخرج میں ضیق و تنگی ہے تو حرف اپنے مخرج میں محصور ہو کر رہ جائے گا اور زیادتی قبول نہیں کرے گا پس ہر حرف اپنے مخرج کے برابر ہوتا ہے۔

حروف ہجا چونکہ انتیس ہیں اس لیئے مخارج بھی انتیس ہونے چاہیئے کیونکہ حقیقتاً ہر حرف کا مخرج الگ الگ ہے مگر بعض مخارج میں اس قدر قرب ہے کہ ان میں باہم امتیاز دشوار ہے۔

محققین اور مجودین کرام تحقیق و تدقیق اور اختبار و امتحان کے بعد مختلف نتائج پر پہونچے ہیں اور مختلف تعداد بتلاتے ہیں. پس اولاً مخارج دو قسم پر ہیں.

(۱) کلی (۲) جزئی

Marfat.com

مَخَارِج کُلّی :- یہ وہ بڑے بڑے مخارج ہیں، جن میں متعدد جزءی مخارج ہوتے ہیں —— اور یہ کلی مخارج تین ہیں :-

حَلْقٌ ۔ لِسَان ۔ شَفَتَانِ :-

مَخَارِج جُزءِی :- یہ وہ چھوٹے چھوٹے مخارج ہیں، جن سے ایک یا ایک سے زیادہ حرف نکلتے ہیں —— اور جزءی مخارج کی تعداد میں تین قول ہیں۔ اور ہر قول کا محقق الگ الگ ہے :-

۱ : قول یہ ہے کہ مخارج سترہ ہیں ایک جوف میں۔ تین حلق میں۔ دس لسان میں۔ دو شفتین میں اور ایک خیشوم میں۔ یہ مذہب خلیل بن احمد، اکثر نحویین اور اکثر قراء کرام کا ہے جن میں سے علامہ جزری رحمہ اللہ بھی ہیں۔

۲ : قول یہ ہے کہ مخارج سولہ ہیں یہ مذہب سیبویہ اور انکے متبعین کا ہے جن میں و لی الشاطبی رحمہ اللہ بھی شامل ہیں اُن حضرات نے مخرج جوف ساقط کیا ہے اور اس کے حروفِ ثلاثہ کو دیگر مخارج پر تقسیم کرکے الف کا مخرج اس کے مبدا یعنی اقصیٰ حلق بتلایا ہے اور "یا" کا مخرج وسط لسان اور "واو" کا مخرج شفتین قرار دیا ہے۔

۳ : قول یہ کہ مخارج چودہ ہیں یہ مذہب ابن کیسان اور فراء ابن زیاد وغیرہ کا ہے اور انہوں نے مخرج جوف مثل سیبویہ کے ساقط کیا ہے اور لام۔ نون۔ راء کا مخرج واحد گردانا ہے۔ حاصل یہ کہ مجموعی طور پر مخارج پانچ جگہوں میں محصور ہیں جوف : حلق : لسان : شفتان اور خیشوم ہیں۔ ان اوراق میں تبعاً للجزری رحمہ اللہ مذہب خلیل بن احمد شیخ سیبویہ اختیار کیا گیا ہے اس لیے

Marfat.com

بنا بر قول مختبر ومعتبر ستّرہ مخارج بیان کئے جاتے ہیں لیکن قبل اس کے کہ مخارج بیان کئے جائیں مخرج معلوم کرنے کا طریقہ سیکھنا چاہیئے۔

سو مخرج معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس حرف کا مخرج معلوم کرنا مطلوب ہو تو ــــ اُسے ساکن کرنا چاہیئے ــــ اور اس سے قبل ایک ہمزہ متحرک لگاکر ــــ پھر اس پر تلفظ کرنا چاہیئے ــــ اور خیال رکھنا چاہیئے کہ اس کی آواز کہاں پر رکھکر بند ہوتی ہے ــــ پس بتلاتے ہوئے مخارج کے مطابق جس جگہ اس کی صوت و آواز بند ہو جاتے ــــ تو وہی اس کا مخرج ہے۔

Marfat.com

اَلمَخرَجُ الاَوَّلُ

س :۔ پہلا مخرج کیا ہے اور اس سے کون سے حُروف نکلتے ہیں ؟

ج :۔ پہلا مخرج جوفِ دہن، یعنی منہ کے اندر کا خلا ہے —— اور اُس سے تین حُروفِ مدّہ نکلتے ہیں —— یعنی الف ساکن بے جھٹکے ماقبل مفتوح : ـَـ ا : واؤ ساکن ماقبل مضموم : ـُـ و : یاء ساکن ماقبل مکسور : ـِـ ی : اور اس حالت میں ان تینوں کو حروفِ مدّہ کہتے ہیں۔

تَوضِیحُ الجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ مخرجِ اوّل، یعنی پہلا مخرج خلاً الفم، جوف الفم، جوفِ دہن، یعنی منہ کے اندر کا خلاء ہے —— اور اِس سے تینوں حُروفِ مدّہ ادا ہوتے ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ ہر مسافت اور ہر مقدار کے لیئے دو نہایتیں اور دو طرفیں ہوتی ہیں —— یعنی ابتداء اور انتہاء ہوتی ہے —— تو جب کسی ایک طرف کو ابتداء فرض کر لیا جائے تو دوسری طرف اس کی انتہاء ہوتی ہے۔

وضع انسانی چونکہ علی الانتصاب اور عمودی ہے اس لئے سر جو اشرف الاعضاء اور منبع عقل وفہم ہے انسان کی ابتداء ہے —— اور اس کے پاؤں اس کی انتہاء ہے۔ یہ حقیقت مسلم، کہ وضع انسانی علے الانتصاب ہے اور جسم انسانی کی مسافت کی ابتداء سر اور انتہاء پاؤں ہے

Marfat.com

— لیکن ہوا جو کہ مادۂ صوت و حرف ہے وہ چونکہ داخلِ انسان سے خارج ہوتی ہے اس لئے اول اس کا آخرِ حلق ہے اور آخر اس کا اولِ شفتین اس لئے علامہ جزری رحمہ اللہ نے وفاقاً للجمہور حروف کو باعتبار صوت ترتیب دی ہے اور تسمیۂ مخارج کو باعتبار وضع اصلی۔ فتدبر۔

پھر یہ بھی جاننا چاہیئے کہ حروف مدہ کا مخرج بوجہ مقدر اور غیر محقق ہونے کے سب سے آخر میں لانا چاہیئے تھا مگر تبعاً للجزری سب سے مقدم کیا گیا ہے اس لئے کہ ان کا مخرج بمنزلہ کل الی الجزء کے ہے اور یہ کہ حروف مدہ کا مخارج ثلاثہ پر مرور ہوتا ہے یعنی مبدأ صوت سے لیکر حلق و لسان پر گذرتا ہوا خارجِ شفتین پر منتہی ہوتا ہے۔ فافہم

الف ہمیشہ ساکن ماقبل مفتوح ہوتا ہے اس لئے ہمیشہ مدہ و ہوائیہ ہوتا ہے بخلاف واو اور یا کے کہ وہ کبھی متحرک ہوتے ہیں اور کبھی ساکن۔ ایسا ہی کبھی ماقبل حرکت ان کے موافق ہوتی ہے اور کبھی مخالف۔ اسی وجہ سے ان دونوں کے مخرج حسبِ حالات مختلف ہوتے ہیں فافہم۔

حروف مدہ و ہوائیہ تین ہیں۔

۱ : اَلِفْ: جبکہ ساکن بلا ضغطہ و بلا علامتِ جزم ہو اور اس سے پہلے حرف پر فتحہ ہو ـَـا

۲ : وَاوْ: جبکہ ساکن ہو اور اس سے پہلے حرف پر ضمہ ہو ـُـوْ

۳ : یَـا: جبکہ ساکن ہو اور اس سے پہلے حرف پر کسرہ ہو ـِـیْ

یہ تینوں حرف حروف مقدرہ ہیں اس لئے کہ مخرج مقدر سے ادا ہوتے

Marfat.com

ہیں ان کو حروف جوفیہ کہتے ہیں اس لئے کہ یہ جوف الفم سے ادا ہوتے ہیں اور حروف مدہ بھی کہتے ہیں اس لئے کہ ان کی ذات میں مدیت ہے۔ نیز ان کو حروف ہوائیہ بھی کہتے ہیں، اس لئے کہ وہ ہوا پر تمام ہوتے ہیں۔ نیز: و، ی: کا وجود مستقل بالذات ہے۔ مگر الف مدہ کا وجود مستقل بالذات نہیں ہوتا بلکہ وہ ماقبل کا تابع اور محتاج ہوتا ہے اور ماقبل کے اشباع ہی سے وجود میں آتا ہے اور پایۂ تکمیل کو پہونچتا ہے اس لئے قاعدہ میں حروف مدہ۔ ہوائیہ کو ادا کرنے کیلئے ماقبل کی حرکت کو اشباع دے کر اس قدر کھینچنا چاہیئے کہ وہ دوگنا ہو جائے اور خیال رکھنا چاہیئے کہ خود حرف مدہ ہوائیہ کی آواز کسی جگہ رُکنے نہ پائے بلکہ ہوا پر ختم ہو جائے نیز الف میں انفتاح فم وصوت یا میں انخفاض فم وصوت اور واو میں انضمام شفتین اور امامت صوت سے کام لینا چاہیئے تاکہ مابین الحروف جدائی واقع ہو۔

اَلْقَاعِدَةُ

ءَا —— اُوْ —— اِیْ ⁘ ءَا —— اُوْ —— اِیْ

وَالْاَمْثِلَةُ

قَالَ ، حَالَ ، مَالَ ⁘ حَاقَ ، خَابَ ، ضَاقَ

تَقُوْمُ ، قُلُوْبُ ، ثَمُوْدَ ⁘ يَغُوْثَ ، يَعُوْقَ ، هُوْدٌ

قِيْلَ ، سِيْقَ ، فِيْمَ ⁘ غِيْضَ ، جِيْلَ ، رِيْحٌ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الثَّانِیْ

س :۔ دوسرا مخرج کیا ہے اور اس سے کون سے حروف نکلتے ہیں ؟

ج :۔ دوسرا مخرج اقصٰی حلق ہے اور اس سے دو حرف نکلتے ہیں ء اور ہ!

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ حلق کے تین حصّے ہیں :۔

۱ :۔ اَقْصَی الْحَلْقْ ۲ وَسَطُ الْحَلْقْ ۳ اَدْنَی الْحَلْقْ

اَقْصَی الْحَلْقْ یہ حلق کا وہ حصّہ ہے جو سینہ کی طرف واقع ہے، یہ خاص اُس حصّہ اور اُس جگہ کو کہتے ہیں جہاں مبدأ صوت ہے ——— یعنی جہاں سے آواز کی ابتداء ہوتی ہے.

اَقْصَی الْحَلْقْ : یعنی ابتدآء حلق سے بالترتیب دو حرف ادآء ہوتے ہیں۔

ہمزہ اور ھا :——— ہمزہ خواہ مرسوم بالالف ہو، خواہ وہ محذوف الرسم ہو۔ اُ ——— ؤُ ——— اُ ——— ءَ .

قاعدہ میں ہمزہ متحرکہ سے کام لیتے ہوئے "أ" اور "ہ" کو انتہائی لطافت کے ساتھ ادآء کرنا چاہیئے ——— اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اُن کے ادآء کے وقت ناف اور شکم کا کوئی حصّہ ہلنے نہ پائے ——— کیونکہ ناف و شکم سے حروف کا کوئی تعلق نہیں ہے ، فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ .

نیز ہمزہ کے ادآء کرنے میں ارتفاعِ صوت ——— اور احتباسِ صوت ونَفَس ضروری ہے ——— اور : ھا : کے ادآء کرنے میں جریانِ صوت ونفس اور انخفاض واخفآء صوت لازمی اور ضروری ہے . تاکہ مابین الحرفین فرق وتمایز

Marfat.com

واقع اور واضح ہو جائے ۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَءْ ـــ اِءْ ـــ اُءْ ⁖ اَءْ ـــ اِءْ ـــ اُءْ

اَاْ ـــ اِاْ ـــ اُاْ ⁖ اَاْ ـــ اِاْ ـــ اُاْ

اَهْ ـــ اِهْ ـــ اُهْ ⁖ اَهْ ـــ اِهْ ـــ اُهْ

اَةْ ـــ اِةْ ـــ اُةْ ⁖ اَةْ ـــ اِةْ ـــ اُةْ

وَالْاَمْثِلَةُ

نَبَاُ ، نَشَاُ ، اِقْرَاْ ⁖ بَاْسٌ ، شَاْنٌ مَاْكُوْلٌ

نَبِّئْ ، هَيِّئْ اَنْبِئْ ⁖ اَنْبِئْهُمْ ، نَبِّئْهُمْ

رَاْفَةٌ ، مَاْمَنَةٌ مُؤْمِنَةٌ ⁖ لُؤْلُؤٌ ، مُؤْمِنٌ ، مُؤْصَدَةٌ

اِفْتَدِهْ ، يَعْلَمْهُ ، رَبَّهْ ⁖ عِنْدَهْ ، لِعَبْدِهْ ، بَهْجَةْ

نَرْفَعْهُ ، بِعَبْدِهْ ، بِفَضْلِهْ ⁖ نُعِيْدُهْ ، اَرْجِهْ ، رَبِّهْ

اِهْدِنَا ، اِهْبِطُوْا ، اَهْلَنَا ⁖ اَهْدِنَا ، اِهْبِطَا ، اَهِنَّا

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الثَّالِثُ

س : تیسرا مخرج کیا ہے اور اس سے کون سے حروف نکلتے ہیں؟

ج : تیسرا مخرج وَسَطِ حلق ہے اور اس سے بھی دو حرف نکلتے ہیں ع. ح مہملہ

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ : مابَیْنَ الْبعدَیْن : کو "وُسْطُ" کہتے ہیں لیکن "وَسَطْ" بہ فتحہ سین خاص اس جگہ کو کہتے ہیں جو بالکل درمیان میں واقع ہو پس وَسَطِ حلق یعنی حلق کے بالکل درمیان سے بالترتیب دو حرف ادا ہوتے ہیں : ع، ح : مہملہ

قاعدہ میں ہمزہ متحرکہ سے کام لیتے ہوئے : ع، ح : کو نہایت لطافت کیساتھ ادا کرنا چاہیئے، اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ ان کی ادا میں "تَہَوُّع" اور "تَقَیُّؤْ" کی سی کیفیت پیدا نہ ہونے پائے، بلکہ : ع : کی ادا میں "بُعُوْعَتْ" اور : ح : کی ادا میں "بُحُوْحَتْ" کی سی کیفیت پیدا کرنی چاہیئے تاکہ مابین الحرفین فرق تام اور واضح ہو جائے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَعْ اَحْ ، اَعُ اَحُ ؛ اَعَ اَحَ ، اَعِ اَحِ

وَالْاَمْثِلَةُ

اِدْفَعْ ، نَضَعُ ، تَقَعُ ؛ اِشْرَحْ، تَفْرَحْ، فَاصْفَحْ
نَسْمَعُ، نَمْنَعُ ، يَقْطَعُ ؛ نُفَتِّحُ، اَلشُّحَّ ، نَشْرَحْ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الرَّابِعُ

س : چوتھا مخرج کیا ہے اور اس سے کون سے حروف نکلتے ہیں ؟

ج : چوتھا مخرج ادنیٰ حلق ہے اور اس سے بھی دو حرف نکلتے ہیں غ ۔ خ معجمہ

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ : جاننا چاہیئے کہ : اَدْنَی الْحَلْقْ : حلق کا وہ حصّہ ہے جو زبان کی جڑ کے بالکل قریب ہے ، اس سے بھی دو حرف ادا ہوتے ہیں : غ ، خ : معجمہ ۔ ان چھ حرفوں : ء ھ ، ع ح ، غ خ : کو حروف حلقی کہتے ہیں ۔

بالنِّسْبَتِ اِلَی الْحَلْقْ : اور حُرُوفِ حلقی عند علمائے المخارج بالاتفاق چھ ہیں

حرفِ حلقی چھ سمجھ اے باوفا ❊ ہمزہ ، ہا ، عین و حا ، غین و خا

قاعدہ میں ہمزہ متحرکہ سے کام لے کر غ خ کو نہایت عمدگی سے ادا کرنا چاہیئے اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ مُخَامَہ یعنی خرخراہٹ کی سی کیفیت پیدا نہ ہو بلکہ غ میں بُغُوغَت اور خ میں بُخُوخَت کی کیفیت پیدا کرنی چاہیئے تاکہ مابین الحرفین فرق واضح ہو جائے

اَلْقَاعِدَةُ

اَغْ اَخْ ، اَغْ اَخْ ❊ اَغْ اَخْ ، اَغْ اَخْ

وَالْاَمْثِلَةُ

بَلَغْ ، بَلِغْ ، يَبْلُغْ ❊ مَغْفِرَةً ، مَغْرَمٍ ، اَلْمَغْضُوْبِ

يُنْفَخْ ، نَنْسَخْ ، نَسْلَخْ ❊ اُخْتُ ، مَخْمَصَةً ، اَخْرَجَ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الْخَامِسُ

س : پانچواں مخرج کیا ہے اور اُس سے کون سا حرف نکلتا ہے ؟

ج :۔ پانچواں مخرج اقصیٰ لسان — اور : لہات : کے متصل اُوپر کا تالو ہے — اور اس سے : ق : نکلتا ہے — اور اس کو : لہاتیہ : کہتے ہیں: لِخُرُوجِهَا مِنَ اللَّهَاتِ .

تَوْضِيحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ اقصیٰ لسان ، یعنی جڑ زبان جسے اصل لسان بھی کہتے ہیں یہ لسان کا پہلا مخرج ہے اور : ق : حروفِ لسانی کا پہلا حرف ہے ۔ اس کو : لہاتیہ : کہتے ہیں بِالنِّسْبَتِ اِلَی اللَّهَاتِ

نیز جاننا چاہیئے کہ " المخرج الخامس " سے لیکر " المخرج الرابع " تک دس مخارج خاص لسان و اسنان سے تعلق رکھتے ہیں ۔ مگر ان کا انتساب لسان ہی کی طرف کیا جاتا ہے ۔ اس لئے ان دس مخارج سے ادا ہونے والے حروف کو : حُرُوفُ اللِّسَانِ : کہتے ہیں ۔ جیسا کہ حلق سے ادا ہونے والے حروف کو : حُرُوفُ الْحَلْقِ : کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ۔

اسی طرح شَفَتَيْنِ سے ادا ہونے والے حروف کو : حُرُوفُ الشَّفَتَيْنِ : اور حُرُوفِ شَفَوِيَّة : کے نام سے موسوم کرتے ہیں ۔ اگرچہ وہ شفتین کے کسی حصہ اور جزء کی طرف منسوب ہوں ۔

وعلیٰ ہذا : خیشوم سے ادا ہونے والے حرف کو : حَرْفِ خَيْشُومِي : کے نام سے نامزد کیا جائے گا ۔ کیونکہ اہلِ ادا اور مجوّدین و قرآء ہر حرف کو اس کے

Marfat.com

مخرج کی طرف منسوب کرتے ہیں اور یہ اِنْتِسَابُ الْحُرُوْفِ اِلٰی مَخَارِجِهَا : ایسا ہے جیسا کہ : اِنْتِسَابُ الْحُرُوْفِ اِلَی الصِّفَاتِ الذَّاتِیَةِ لِلْحُرُوْفِ ــــ فَافْهَمُوْا اَیُّهَا الْقُرَّاءُ وَالْمُقْرِءُوْنَ ۔

مزید ــــ : جاننا چاہیئے کہ لسان کی توضیح اور اس کے حصص کی تفصیل مع صورت و نقشہ ، اوراقِ سابقہ میں گذر چکی ہے ، دیکھئے : اَللِّسَانُ وَصُوْرَةُ اللِّسَان ــــ اب جاننا چاہیئے کہ جڑ زبان کو : اَقْصَی اللِّسَانِ : اور : اَصْلُ اللِّسَانِ : کہتے ہیں ۔

اقصیٰ لسان : کے بالمقابل اُوپر کے تالو سے جو گوشت کا ٹکڑا لٹکا ہوا ہے جسے اردو میں : کوّا : کہتے ہیں ــــ اسے عربی میں : لَهَاةٌ : لَحْمَةُ الْمُشْرِفَةُ : اور : لَحْمَةُ الْمُشْتَبِكَةُ : کہتے ہیں ۔

وسطِ لسان : کے بالمقابل اُوپر کے تالو کو : اَلْحَنَكُ الْاَعْلٰی : کہتے ہیں : دیکھئے صُوْرَةُ فَكِّ الْاَعْلٰی ۔

اَلْحَنَكُ الْاَعْلٰی یعنی اُوپر کا تالو : اگرچہ عام ہے اور وہ : لَحْمَةُ الْمُشْرِفَة سے لے کر یعنی لہات اور کوّے سے لے کر : نُطْعِ الْغَار : تک پھیلا ہوا ہے ــــ اور وہ لسان کے تمام حصص پر حاوی ہے ، اور اسے پورے طور پر ڈھانک لیا ہے ۔

لیکن یہاں پر مراد : اَلْحَنَكُ الْاَعْلٰی وہ حصہ ہے جو لحمۃ المشتبکۃ سے بالکل متصل ہے ، یعنی کوّے سے بالکل ملا ہو ہے اور وہ : اِبْتِدَاءُ الْحَنَكِ الْاَعْلٰی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے : فَافْهَمُوْا اَیُّهَا الْمَاهِرُوْنَ ۔

Marfat.com

قاعدہ میں ہمزہ متحرک سے کام لے کر : ق : کو مفخم ادا کرنا چاہیئے اور اس کے مخرج میں جنبش دینا چاہیئے تاکہ وہ مقلقل ہو کر نکلے ۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَقْ ـــ اِقْ ـــ اُقْ ؛ اَقْ ـــ اِقْ ـــ اُقْ

وَالْاَمْثِلَةُ

ذُقْ ، فَافْرُقْ ، اَلْفَلَقْ ؛ خَلَقْ ، عَلَقْ ، خُلِقْ

اُقْتُلُوْا ، نَقْتُلُ ، يَقْدِرُ ؛ نَقْدِرُ ، رُزِقْنَا ، رَزَقْنٰهُمْ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ السَّادِسُ

س :۔ چھٹا مخرج کیا ہے —— اور اس سے کونسا حرف نکلتا ہے ؟

ج :۔ چھٹا مخرج بھی اقصیٰ لسان —— اور اس کے بالمقابل اُوپر کا تالو ہے —— مگر قاف کے مخرج سے کچھ منہ کی جانب ہٹ کر ہے اور اس سے : ك : نکلتا ہے —— اور اس کو بھی : لَهَاتِيَہ : کہتے ہیں۔ لِخُرُوْجِهَا مِنَ اللَّهَاتُ ۔

تَوْضِيْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیے کہ " لَهَاتُ " کے متصل یعنی " کوے " کے قریب اقصیٰ لسان ، اور اس کے بالمقابل " حَنَكِ اَعْلٰى " یعنی اُوپر کے تالو سے بالترتیب اَوَّلاً : ق : اور اس کے بعد قدرے منہ کی جانب ہٹ کر : ك : ادا ہوتا ہے ۔

یاد رکھنا چاہیئے کہ " کوّے " کے قریب یعنی " لَهَاتُ " کے متصل اقصیٰ لسان —— اور اس کے بالمقابل " حَنَكِ اَعْلٰى " سے بالترتیب اَوَّلاً : ق : اور اس کے بعد قدرے منہ کی جانب ہٹ کر : ك : ادا ہوتا ہے ۔

پس قاف کا مخرج : اَقْرَبُ اِلَى الْحَلْقِ : ہے —— اور : ك : کا مخرج : اَقْرَبُ اِلَى الْفَمِ : یعنی : اَسْفَلُ مِنَ الْقَافِ اِلَى الْفَمِ قَلِيْلاً : فَافْهَمْ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ اَيُّهَا الطَّالِبُ ۔

ان دونوں کو یعنی : ق ، ك : کو : لَهَاتِيَہ : اور : لَهَوِيَّہ : کہتے

Marfat.com

ہیں: بِالنِّسْبَتِ اِلَی اللَّهَاتِ، اَوْلِخُرُوْجِهِمَا مِنْ مَّابَیْنَ اَقْصَی اللِّسَانِ، وَاللَّهَاتِ.

قاعدہ میں ہمزہ متحرک سے کام لیتے ہوئے: ق: کو مُفَخَّمْ وَمُقَلْقَلْ اور: ك: کو مُرَقَّقْ وَمَهْمُوْسَهْ ادا کرنا چاہیئے تاکہ: مَابَیْنَ الْحَرْفَیْنِ: تمایز اور جدائی بالمخرج واقع ہو.

قاعدہ میں ہمزہ متحرک سے کام لیتے ہوئے: ك: کو مُرَقَّقْ ادا کرنا چاہیئے اور اس کے مخرج میں تھوڑا سا سانس جاری رکھنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے ہم مخرج سے جدا اور ممتاز ہو جائے.

اَلْقَاعِدَةُ

اَكْ اِكْ اُكْ ∴ اَكْ اِكْ اُكْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اُسْلُكْ، قَبْلِكْ، ذٰلِكْ ∴ نَسْلُكْ، عِنْدَكْ، ذِكْرَكْ

صَدْرَكْ، وِزْرَكْ، ظَهْرَكْ ∴ كَذٰلِكْ، رَكَّبَكْ تَحَرَّكْ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ السَّابِعُ

س : ساتواں مخرج کیا ہے ـــ اور اس سے کونسے حروف نکلتے ہیں ؟

ج : ساتواں مخرج وسطِ لسان ـــ اور اُس کے بالمقابل اُوپر کا تالو ہے

اور اس سے تین حرف نکلتے ہیں : ج ، ش ، ی : غیر مدہ ـــ

اور ان تینوں کو : حُرُوْفِ شَجْرِیَّہ : کہتے ہیں ـــ لِخُرُوْجِھَا مِنْ شَجْرِ الْفَمِ

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ مابین ، وَسْطِ اللِّسَانِ ، اور : حَنَکِ اَعْلٰی : سے بالترتیب تین حرف : ج ، ش ، ی : غیر مدہ ادا ہوتے ہیں یہ ترتیب ولی الشاطبی اور علامہ جزری رحمہما اللہ کی ہے ۔ ملا علی القاری نے امام مہدویؒ کا قول نقل کیا ہے کہ انہوں نے : ش : کو : ج : سے مقدم قرار دیا ہے ۔

ترتیب مخارج جیساکہ ابو شامہ رحمہ اللہ نے علامہ ابو عمرو الدانی رحمہ اللہ سے نقل کیا ہے حسب طبع سلیم و مستقیم ہوتا ہے جو عاری اور خالی عن التکلف ہو ـــ پس علماء ادا کا اختلاف ترتیب مخارج میں اختلاف فِیْ حُکْمِ الطَّبْعِ الْمُسْتَقِیْمِ : ہے ۔ فتدبرابہا القاری ۔

جیم ، شین اور یاء غیر مدہ کو : حُرُوْفِ شَجْرِیَّہ : کہتے ہیں بِالنِّسْبَتِ اِلٰی شَجْرِ الْفَمِ :

قاعدہ میں : ج ، ش : پر ہمزہ متحرک ـــ اور : ی : غیر مدہ پر ہمزہ

Marfat.com

مفتوح لگا کر تلفظ کرنا چاہیئے ــــ اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ صَوتُ الحَرفِ محصور فی المخرج ہو۔

اَلقَاعِدَۃُ

اَجْ ، اِجْ ، اُجْ ⁘ اَجْ ، اِجْ ، اُجْ

اَشْ ، اِشْ ، اُشْ ⁘ اَشْ ، اِشْ ، اُشْ

اَیْ ، اَیْ ، اَیْ ⁘ اَیْ اَیْ ، اَیْ

وَالاَمْثِلَۃُ

اُخْرُجْ ، اَخْرَجَ ، تَخْرُجُ ⁘ تَبَرُّجَ ، مَجْمُوْعٌ ، مَجْذُوْذٍ

مُشْرِكِيْنَ ، مُشْفِقِيْنَ ⁘ اَلْمَشْرِقُ ، كَمِشْكٰوةٍ

وَيْلٌ ، خَيْرٌ ، قُرَيْشٍ ⁘ غَيْرُ ، طَيْرًا ، اَلصَّيْفِ

بَيْنَ يَدَىْ ⁘ وَبُكَآئَهٗ ، ذَوَاتَىْ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الثَّامِنُ

س :- آٹھواں مخرج کیا ہے ـــــ اور اُس سے کونسا حرف نکلتا ہے ؟

ج :- آٹھواں مخرج حافۂ لسان ـــــ اور اضراس علیا کی جڑ ہے ـ اور اس سے : ض : نکلتا ہے ، اس کا نکلنا بائیں طرف سے آسان ہے اور دائیں طرف سے مشکل ـــــ اور دونوں طرف سے بیک وقت نکالنا بھی صحیح ہے مگر بہت ہی مشکل ہے ـــــ اور اس کو : حَافِیَۃ : کہتے ہیں ـ لِخُرُوْجِھَا مِنْ حَافَۃِ اللِّسَانِ ـ

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :ـ جاننا چاہیئے کہ حافۂ لسان : کا اوّل حصّہ وہ ہے جو حلق سے متّصل ہے ـــــ اور آخر حصّہ وہ ہے جو خارج کی طرف ضاحک کے بالمقابل ہے ، دیکھئے صُوْرَۃُ اللِّسَانِ ـ

پس : ض : کا مخرج مابین حافۂ لسان ـــــ اور اصول اضراس علیا ہے ـ جانب اَیْسَرْ سے اَسْھَلْ وَاَکْثَرْ ـــــ جانبِ اَیْمَنْ سے اَصْعَبْ وَاَقَلّْ ـــــ اور جانبین سے اَعَزّْ وَاَعْسَرْ ادا ہوتا ہے اور اُسے : حَافِیَہ کہتے ہیں : بِالنِّسْبَتِ اِلٰی حَافَۃِ اللِّسَانِ ـ

اَلنَّبِیُّ الْاُمِّیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اور عمر بن الخطابُ رضی اللہ تعالٰی عنہ " ضاد " کو بیک وقت حافتین سے یعنی جانبین سے ادا فرمایا کرتے تھے ، وَفِی الْجُمْلَۃِ ھِیَ اَصْعَبُ الْحُرُوْفِ وَاَشَدُّھَا عَلَی اللِّسَانِ ـ

Marfat.com

ضاد کو صحیح ادا کرنے کیلئے حسب طبیعت کسی ایک جانب شروع مخرج سے آخر مخرج تک یعنی حافۂ لسان کو پورے اضراس علیا سے لگانا چاہیئے۔ اور ارتفاعِ اقصیٰ لسان ـــــ اور وسطِ لسان سے پورے حَنَکِ اعلیٰ کو ڈھانک لینا چاہیئے تاکہ صَوْتُ الضّاد مخرج میں مُمْتَدّ اور مُفخّم ہوکر نکلے۔

اس انداز سے ضاد ادا کرنے میں صَوْتُ الضَّادُ کسی قدر مشابہ بِصَوْتِ الظّاءِ ضرور ہوگی' لیکن خالص اور عین "ظاء" نہ ہوگی۔ اس لئے کہ اعتماد صوت اور آواز کا لگاؤ "ضاد" کے مخرج میں ہے۔ "ظاء" کے مخرج میں نہیں ہے ـــــ اور بتلایا جاچکا ہے کہ ہر حرف اپنے مخرج کے مساوی ہوتا ہے ـــــ ضاد کا مخرج پانچ عظیم ڈاڑھیں ہیں، بخلاف "ظاء" کے کہ اس کا مخرج فقط ثنایا علیا ہے۔

ایسا ہی صَوْتُ الضَّادُ مشابہ بِصَوْتِ الدَّال بھی نہ ہوگی کیونکہ ضاد کا مخرج طویل ہے اور "دال" کا مخرج ضِیْق و قَصِیْر ضاد ممتد فی المخرج ہوتا ہے اور "دال" مَحْصُوْر فی المخرج ـــ ضاد میں امتداد و جَرَیَانِ صوت پایا جاتا ہے ـــــ اور "دال" میں اِحْتِبَاس و انقِطَاعِ صوت ـــــ فَتَدَبَّرُوْا اَیُّھَا الْمُنْکِرُوْن۔

ضَاد کو ادا کرنے کیلئے ہمزہ متحرکہ سے کام لیکر بار بار تلفظ کرنا چاہیئے اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ صوتِ "ضاد" مُمْتَدّ و مُطَوَّل فی المخرج ہوکر نکلے ـــــ نیز "ضاد" کو ارتفاعِ اقصیٰ لسان اور اِلصاقِ وسطِ لسان اِلَی الْحَنَکِ الْاَعْلیٰ کے ذریعے مُفَخَّم کرنا چاہیئے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَضْ ، اِضْ ، اُضْ ∴ اَضْ ، اِضْ ، اُضْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اَعْرِضْ ، اِخْفِضْ ، اُرْكُضْ ∴ مَرَضْ ، عَرَضْ ، يَغْضُضْ

اَضْلَلْنَ ، نَضْرِبُ ، اِضْرِبْ ∴ يَقْبِضْنَ ، مَضْطَرِرْتُمْ ، مُضْطَرٌّ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ التَّاسِعُ

س : نواں مخرج کیا ہے —— اور اس سے کونسا حرف نکلتا ہے ؟

ج : نواں مخرج طرفِ لسان —— اور ضَاحِکْ، نَابْ، رباعی اور ثنایا علیا کے مسوڑھے ہیں —— اس سے : ل : نکلتا ہے —— دائیں طرف سے آسان ہے اور بائیں طرف سے مشکل —— دونوں طرف سے بیک وقت نکالنا بھی صحیح ہے مگر بہت ہی مشکل —— اس کو : طرفیہ : کہتے ہیں : لِخُرُوجِهَا مِنْ طَرَفِ اللِّسَانِ

تَوْضِيحُ الْجَوَابْ : جاننا چاہیئے کہ "طَرَفْ" —— لسان کا وہ حصہ ہے جو : ضَاحِکْ، نابْ، رباعی، اور ثنایا علیا : کے بالمقابل واقع ہے پس : ل : مابین طرف لسان —— اور لثہ ضَاحِکْ، ناب، رباعی اور ثنایا علیا : سے مَآئِلًا إِلَى الْحَنَکِ الْاَعْلٰی ادا ہوتا ہے —— جانب اَیْمَنْ سے اَسْهَلْ واکثر، جانب اَلْیَسَرْ سے اَصْعَبْ واَقَلْ۔ اور طرفان سے یعنی جانبین سے اَعَزّ و اَعْسَرْ ادا ہوتا ہے —— اور اسے : طَرَفِیَّہ : کہتے ہیں —— بِالنِّسْبَتِ اِلٰی طَرَفِ اللِّسَانْ —— وَهِيَ اَوْسَعُ الْمَخْرَجِ مِنَ الْحُرُوفِ۔

لام کو ادا کرنے کے لئے ہمزہ متحرکہ سے کام لیکر حسب طبیعت کسی ایک طرف کنارۂ زبان کو : ضاحک، ناب، رباعی اور ثنایا علیا : کے مسوڑھوں سے نہایت نرمی کے ساتھ لگانا چاہیئے تاکہ : ل : اپنے مخرج کے مساوی ہو کر نکلے

Marfat.com

کیونکہ ضاد کی طرح لام بھی وسیع المخرج بلکہ اوسع المخرج ہے۔

ہمزہ متحرک سے لام لے کر لام کو ادا کرنا چاہیئے ——— اور یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اس کے مخرج سے زبان ہٹنے نہ پائے تاکہ اصوتُ اللّام مخرج میں جاری رہے اور وہ منقطع ہو کر مقلقل نہ ہو جائے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَلْ — اِلْ — اُلْ ؛ اَلْ — اِلْ — اُلْ

وَالْاَمْثِلَةُ

قُلْ ، بَلْ ، هَلْ ؛ اَفْعِلْ ، اِعْمَلْ ، اُدْخُلْ

اُقْتُلْ ، اَقْبِلْ ، اَدْخِلْ ؛ اَمْهِلْ ، تَعْمَلْ ، تَفْعَلْ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الْعَاشِرُ

س: دسواں مخرج کیا ہے ــــ اور اُس سے کونسا حرف نکلتا ہے؟

ج: دسواں مخرج طرفِ لسان ــــ اور: ناب، رباعی اور ثنایا علیا کے مسوڑھے ہیں. اس سے: ن: مُظْهَرْ نکلتا ہے ــــ اس کو بھی: طَرَفِيَّهْ: کہتے ہیں، لِخُرُوْجِهَا مِنْ طَرَفِ اللِّسَانْ

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ: ن: مابین طرفِ لسان ــــ اور ناب، رباعی اور ثنایا علیا کے مسوڑھوں سے: مَائِلًا اِلٰى مَا تَحْتَ اللَّامْ: ادا ہوتا ہے، اس کو بھی: طَرَفِيَّهْ: کہتے ہیں، بِالنِّسْبَتِ اِلٰى طَرَفِ اللِّسَانْ.

نیز جاننا چاہیئے کہ یہ مخرج "نون مُظْهَرْ" کا ہے، نونِ مُخْفَاةْ کا نہیں ہے: لِاَنَّ النُّوْنَ الْمُخْفَاةَ هِيَ غُنَّةٌ مَخْرَجُهَا الْخَيْشُوْمْ وَهِيَ مِنَ الْحُرُوْفِ الْمُتَفَرِّعَةِ: جس کا مخرج آخر میں آرہا ہے. فَافْهَمْ وَانْظُرْ هُنَاكَ.

نون کو ادا کرنے کے لئے بھی ہمزہ متحرکہ سے کام لیکر حسب طبیعت کسی ایک طرف کنارہ زبان کو: ناب، رباعی اور ثنایا علیا: کے مسوڑھوں سے نرمی کے ساتھ لگانا چاہیئے تاکہ نون اپنے مخرج کے مساوی ہوکر نکلے۔ نیز یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ نون کے مخرج سے زبان ہٹنے نہ پائے تاکہ صَوْتُ النُّوْنْ جاری رہے اور وہ منقطع ہوکر مقلقل نہ ہوجائے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَنْ ـــ اِنْ ـــ اُنْ ؞ اَنْ ـــ اِنْ ـــ اُنْ

وَالْاَمْثِلَةُ

مَنْ ، مِنْ ، عَنْ ، كُنْ ؞ لٰكِنْ ، اِمْنْ ، اِبْسْ ، اُسْكُنْ

مِنْهُ ، عَنْهُ ، آمَنَهُ ؞ مِنْهُمْ ، عَنْهُمْ ، اَنْعَمْتَ

نَحْنُ ، نَضْرِبُ ، نَجْمَلُ ؞ نَقْعُدُ ، نَقْتُلُ ، نَذْهَبُ

نَمْلَةٌ ، نَخْلَةٌ ، نَضْرَةً ؞ نَضْرِبُهُ ، نَصْرٌ ، نِعْمَ

ضَرَبْتَ ، جَعَلْنَا ، قَتَلْتَ ؞ سَأَلْتَ ، ضَلَلْنَا ، ...

وَجَدْنَا ، ذَهَبْنَا ، دَخَلْنَا ؞ خَرَجْتَ ، اَخْرَجَ ، ...

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الْحَادِیْ عَشَرْ

س: گیارہواں مخرج کیا ہے ــــــ اور اُس سے کونسا حرف نکلتا ہے؟

ج: گیارہواں مخرج بھی طرفِ لسان ــــــ اور: ناب، رباعی اور ثنایا علیا کے مسوڑھے ہیں ــــــ اس سے: را: نکلتی ہے۔ اس کو بھی طَرَفِیَّہ: کہتے ہیں۔ لِخُرُوْجِہَا مِنْ طَرَفِ اللِّسَانْ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ: جاننا چاہیئے کہ: را: کا مخرج ہوبہو نون ہی کا مخرج ہے یعنی مابین طرفِ لسان ــــــ اور لثۂ ناب، رباعی اور ثنایا علیا ہے ــــــ لیکن اس میں ظَہْرِ لسان یعنی پُشتِ زبان کو بھی دخل ہے مراد ظَہرِ لسان سے زبان کا وہ بالائی حصّہ ہے جو وسطِ لسان اور راسِ لسان کے مابین واقع ہے، دیکھئے، صُوْرَۃُ اللِّسَانْ ــــــ را: کو بھی: طَرَفِیَّہ: کہتے ہیں: بِالنِّسْبَتِ اِلٰی طَرَفِ اللِّسَانْ۔

ہمزہ متحرکہ سے کام لے کر "راء" کو ادا کرنا چاہیئے ــــــ اور اس کے ادا کے وقت راْسِ لسان میں مرۃً واحدۃً رعشہ کی سی کیفیت پیدا کرنی چاہیئے تاکہ صوت الرّاء مکرر ہوکر نکلے ــــــ لیکن اگر وہ مشدد ہو، تو رعشہ کی کیفیت قدرے زیادہ ہونی چاہیئے۔ تاکہ را بحسن وخوبی ادا ہو ــــــ اور اس کے ادا میں یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اس کی آواز منقطع ہوکر مقلقل نہ ہوجائے ــــــ کیونکہ را میں تکریر تو ہے لیکن قلقلہ نہیں ہے۔ اور تکریر قلقلہ میں بڑا فرق ہے جسے ماہرینِ فن ہی جانتے ہیں۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَرْ ـــ اِرْ ـــ اُرْ ÷ اَرْ ـــ اِرْ ـــ اُرْ

وَالْاَمْثِلَةُ

فَاغْفِرْ، اِسْتَغْفِرْ، وَكَفِّرْ ÷ نَسْتَغْفِرُ فَكَبِّرْ ، فَطَهِّرْ

بِمُصَيْطِرٍ، فَذَكِّرْ، مُذَكِّرٌ ÷ وَنَهَرٍ ، مُقْتَدِرٍ، مُنْهَمِرٍ

اَلْحُرُّ ، بِالْحُرِّ، فِي الْحَرِّ ÷ اَيْنَ الْمَفَرُّ الْمُسْتَقَرُّ ، وَاَمَرَّ

مُسْتَمِرٌّ . مُسْتَقَرٌّ مُسْتَمِرٌّ، مُسْتَقِرٌّ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الثَّانِیْ عَشَرُ

س :- بارہواں مخرج کیا ہے ـــــ اور اُس سے کون سے حُروف نکلتے ہیں؟

ج :- بارہواں مخرج راْسِ لسانِ یعنی نوکِ زبان ـــــ اور ثنایا علیا کی جڑ ہے اس سے : ط ۔ د ۔ ت : نکلتے ہیں ـــــ ان کو: حُرُوفِ نُطْعِیَّہْ کہتے ہیں ، لِخُرُوْجِہَا مِنْ نُطْعِ الْغَارِ الْحَنَکِ الْاَعْلٰی ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ راْسِ لسان ، زبان کے اُس حصہ کو کہتے ہیں جو ثنایا علیا کے بالمقابل ہے ، دیکھئے صُوْرَۃُ اللِّسَانْ ۔

پس : ط ۔ د ۔ ت : مابین راْسِ لسان ـــــ اور اصولِ ثنایا علیا سے : مُصْعِدً اِلَی الْحَنَکِ الْاَعْلٰی : ادا ہوتے ہیں ان تینوں کو : حُرُوْفِ نُطْعِیَّہْ : کہتے ہیں ۔ بِالنِّسْبَتِ اِلٰی نُطْعِ الْغَارِ ہمزہ متحرکہ سے کام لیکر : ط : کو اس طرح ادا کرنا چاہیئے کہ اس کی صوت مفخمہ اور متقلقل ہوکر نکلے ـــــ اور : د : کی صوت مرقق و متقلقل ہو کر نکلے ـــــ اور : ت : کے مخرج میں تھوڑا سا سانس جاری رہے تاکہ مابین الحروف فرق واضح ہو جائے ۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَطْ ـــ اِطْ ـــ اُطْ ؛ اَطْ ـــ اِطْ ـــ اُطْ

اَدْ ـــ اِدْ ـــ اُدْ ؛ اَدْ ـــ اِدْ ـــ اُدْ

اَتْ ـــ اِتْ ـــ اُتْ ؛ اَتْ ـــ اِتْ ـــ اُتْ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَة

اِهْبِطْ ، تَشْطُطْ، تَسْقُطْ ⁘ يَبْسُطْ ، بَطْشًا، مُطْمَئِنٌّ

لَقَدْ ، نَعْدُ، نَعْبُدُ ⁘ فَاسْجُدْ، اَلْمَسْجِدُ، اَلْحَجّ

كُنْتُ ، ضُرِبْتُ، خُلِقْتُ ⁘ نَصَحْتُ، نُشِرْتُ، فُرِدْتُ

بَطَشَ، وَاهْبِطْ، فَاخْتَلَطَ ⁘ فَاتَّصَلَ، تَسْتَطِيعُ، تَسْطِعُ

وُعِدْنَا، عُدْنَا، وَعَدْنَا ⁘ وَجَدْنَا، مَدَدْنَا، اَمْدَدْتَ

كُتِبَ، كُتِبْتَ، كِتَبَ ⁘ كَتَبَتْ، كُتُبَ، كُتِبْتُ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الثَّالِثُ عَشَرَ

س:۔ تیرھواں مخرج کیا ہے — اور اس سے کون سے حروف نکلتے ہیں؟

ج:۔ تیرھواں مخرج رأسِ لسان —— اور ثنایا علیا کا کنارہ ہے ——
اور اس سے: ظ، ذ، ث: نکلتے ہیں۔ اور ان کو: حُرُوفِ لَثَوِیَّہ: کہتے ہیں، لِخُرُوْجِهَا مِنْ قُرْبِ لَثَّةِ الثَّنَايَا الْعُلْيَا۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ:۔ جاننا چاہیئے کہ علامہ جزری رحمہ اللہ نے اس مخرج کو آئندہ مخرج سے مقدم کیا ہے —— اس لیے کہ یہ باعتبار رأسِ لسان، اَقْرَبُ اِلٰی دَاخِلِ الْفَمِ ہے —— وَيُعْرَفُ ذٰلِكَ بِالْاِخْتِبَارِ وَالْاِمْتِحَانِ، فَتَدَبَّرُوْا اَيُّهَا الْمَاهِرُوْنَ۔

پس مابینِ رأس لسان —— اور ثنایا علیا سے: ظ، ذ، ث ادا ہوتے ہیں اور ان کو حُرُوف لَثَوِیَّہ: کہتے ہیں، بِالنِّسْبَتِ اِلٰی لَثَّةِ الثَّنَايَا الْعُلْيَا۔

ہمزہ متحرکہ سے کام لیتے ہوئے: ظ: کو ادا کرنے کیلئے بھی ارتفاع اقصیٰ لسان کے ساتھ اِلصاقِ وسطِ لسان لازم اور ضروری ہے تاکہ: صَوْتُ الظَّاءِ: مفخّم ہو کر نکلے اور تاکہ: ظ: اور اس کے: اُخْتَيْن: کے درمیان فرق اور جدائی واقع ہو جائے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَظْ ـــ اِظْ ـــ اُظْ ÷ اَظْ ـــ اِظْ ـــ اُظْ

اَذْ ـــ اِذْ ـــ اُذْ ÷ اَذْ ـــ اِذْ ـــ اُذْ

اَثْ ـــ اِثْ ـــ اُثْ ÷ اَثْ ـــ اِثْ ـــ اُثْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اَظْلَمَ ، مَظْلُوْمٌ ، اَوْعَظْتَ ÷ اَظْهَرَ ، اِسْتَغْلَظَ ، اُغْلُظْ

ذَهَبَ ، مَذْكُوْرٌ ، مَذْمُوْمٌ ÷ اِذْهَبْ ، نَسْتَعِذُ ، اِسْتَعِذْ

مِثْلَهُ ، مَثْوَاىَ ، مَثْنٰى ÷ اَلثُّلُثُ ، تَحْتَثُ ، يَلْهَثُ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الرَّابِعُ عَشَرْ

س :۔ چودھواں مخرج کیا ہے —— اور اُس سے کونسے حُرُوف نکلتے ہیں ؟

ج :۔ چودھواں مخرج راْس لسان۔ اور ثنایا سُفلیٰ کا کنارہ مع کچھ اتصال ثنایا علیا ہے، اس سے: ص، ز، س: نکلتے ہیں، اور اُن کو: حُرُوفِ اَسَلِیَّہ: کہتے ہیں، لِخُرُوجِہَا مِنْ اَسَلَۃِ اللِّسَانْ.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ علامہ جزری رحمہ اللہ نے حروف لثویّہ کے بعد: ص، ز، س: کا مخرج بتلایا ہے، کیونکہ مشاہدۃً یہ سابقہ مخرج سے مؤخر ہے .

پس: ص، ز، س: مابین راْس لسان —— اور اطراف ثنایا سُفلیٰ، و علیا سے آدا ہوتے ہیں، اور ان کو: حُرُوفِ اَسَلِیَّہ: کہتے ہیں، بِالنِّسْبَتِ اِلٰی اَسَلَۃِ اللِّسَانْ .

ہمزہ متحرک سے کام لیتے ہوئے: ص: کو ادا کرنے کے لئے ارتفاع اقصیٰ لسان کے ساتھ، اِلْصَاقِ وسطِ لسان، حَنَکِ اعلیٰ سے ضروری ہے تاکہ صَوْتُ الصَّادْ مفخّم ہو کر نکلے —— زای: کی صوت میں صوتِ غزال سے مشابہت ہونی چاہیئے —— اور: س: کی صوت میں سیٹی کی سی مشابہت ضروری ہے تاکہ مابین الاَخوَانْ فرق ظاہر ہو جائے .

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَصْ ــ اِصْ ــ اُصْ ⁘ اَصْ ــ اِصْ ــ اُصْ

اَزْ ــ اِزْ ــ اُزْ ⁘ اَزْ ــ اِزْ ــ اُزْ

اَسْ ــ اِسْ ــ اُسْ ⁘ اَسْ ــ اِسْ ــ اُسْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اَلْقَصَصُ . تَقْصُصُ . نَقْصُصُ . تَحْرِصُ ⁘ اَلْقَصَصُ ، اِصْرِيْ ، اِصْطَبِرْ

اَزْكٰى ، اَزْوَاجُ ، مُزْجٰةٍ ⁘ وِزْرَكَ ، وَتُعِزُّ ، اِسْتَفْزِزْ

فَوَسْوَسَ ، تَنَفَّسَ ⁘ عَسْعَسَ ، يُوْنُسُ ، اَلْقُدُسُ ، اَلْمَسُّ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ الْخَامِسُ عَشَرُ

س :۔ پندرھواں مخرج کیا ہے ـــــ اور اس سے کونسا حرف نکلتا ہے؟

ج :۔ پندرھواں مخرج نیچے کے ہونٹ کا شکم ـــــ اور ثنایا علیا کا کنارہ ہے ـــــ اس سے : ف : نکلتی ہے ـــــ اور اس کو : شَفَوِیَّہ کہتے ہیں : لِخُرُوجِہَا مِنَ الشَّفَۃِ۔

تَوْضِیحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ : شَفَتَیْنِ : یعنی دونوں ہونٹوں کے دو حصّے ہیں ـــــ ایک حصّہ وہ ہے جو داخلِ فم سے ملا ہوا ہے ـــــ دوسرا حصّہ وہ ہے جو خارجِ فم یعنی بشرہ سے ملا ہوا ہے ـــــ اور بالترتیب بحری و برّی یعنی تری اور خشکی کے نام سے موسوم ہیں۔

نیز جاننا چاہیئے کہ "شَفَتَیْنِ" یعنی دونوں ہونٹوں میں چار مخرج ہیں ـــــ پہلا مخرج مابینِ شفتِ سُفلیٰ ـــــ اور اطرافِ ثنایا علیا ہے ـــــ اس سے : ف : ادا ہوتی ہے ـــــ اور اس کو : شَفَوِیَّہ : کہتے ہیں، بِالنِّسْبَتِ اِلَی الشَّفَۃِ۔

ہمزہ متحرکہ سے کام لیتے ہوئے : ف : کو اس طرح ادا کرنا چاہیئے کہ شفتِ سُفلیٰ کو ثنایا علیا سے لگاتے وقت شفتِ علیا کو حرکت نہ ہو جائے ـــــ کیونکہ شفتِ علیا کو فا کے ادا کرنے میں کوئی دخل نہیں ہے۔ نیز : ف : کو ادا کرتے وقت اس کے مخرج سے ہوا خوب تیزی کے ساتھ نکالنی چاہیئے تاکہ وہ بخوبی ادا ہو ـــــ اور اگر وہ مشدّد ہو تو اس کی ہوا میں مزید تیزی ہونی چاہیئے

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَثْ ــ اِثْ ــ اُثْ ∴ اَفْ ــ اِفْ ــ اُفْ

وَالْاَمْثِلَةُ

تَلَقَّفْ، تَصْرِفْ، تَعَفُّفْ ∴ نُصَرِّفُ، نَخَوِّفُ، اُفٍّ
نَفْسٌ، لِنَفْسٍ، نَفْعَلُ ∴ نَفْعَلُ، نَفْرَحُ، نَفْجُرُ

لَغَفَّارٌ، كَفَّارٍ، كَفَّارٌ ∴ اَفَّاكٍ، اَلْكُفَّارُ، اَلْغَفَّارُ
قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ ∴ وَلَا تَقُلْ لَهُمَا اُفٍّ

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ السَّادِسُ عَشَرْ

س :۔ سولھواں مخرج کیا ہے ـــــ اور اُس سے کونسے حُرُوف نکلتے ہیں ؟

ج :۔ سولھواں مخرج دونوں ہونٹ ہیں ـــــ اور ان سے : ب ، م ، و : غیر مدہ نکلتے ہیں : ب : دونوں ہونٹوں کی نرمی سے نکلتی ہے اس لئے اُسے : بَحْرِی : کہتے ہیں : م : دونوں ہونٹوں کی خشکی سے نکلتا ہے اس لئے اُسے : بَرّی : کہتے ہیں ـــــ اور : و : غیر مدہ دونوں ہونٹوں کے انضمام کامل اور نا تمام ملنے سے نکلتا ہے، اور ان تینوں کو بھی : شَفَوِیَّہ : کہتے ہیں ۔ لِخُرُوجِهَا مِنَ الشَّفَتَيْنِ ۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ شَفَتَيْنِ یعنی دونوں ہونٹوں سے تین حرف ادا ہوتے ہیں، اوّلاً : ب : ثانیاً : م : ثالثاً : و : غیر مدہ ان تینوں میں فرق یہ ہے کہ شَفَتَيْنِ کے حصۂ نرمی کے انطباق اقوی سے : ب : ادا ہوتی ہے، اس لئے اُسے : بَحْرِی : کہتے ہیں لِخُرُوجِهَا مِنْ بَحْرِ الشَّفَتَيْنِ ـــــ اور دونوں کے حصۂ خشکی کے اِنْطِبَاق اَضْعَف سے : م : ادا ہوتا ہے، اس لئے اُسے : بَرّی : کہتے ہیں ۔ لِخُرُوجِهَا مِنْ بَرِّ الشَّفَتَيْنِ ـــــ اور دونوں کے انضمام کامل اور انفتاح نا تمام سے : و : غیر مدہ ادا ہوتا ہے ـــــ پس شَفَتَيْنِ کا مخرج آخرِدہ ہے جو خارج عَنِ الْفَم : بشرہ سے ملا ہوا ہے ـــــ اور ان تینوں کو : حُرُوفِ شَفَوِيَّہ : کہتے ہیں، بِالنِّسْبَتِ اِلٰى مَابَيْنَ الشَّفَتَيْنِ ۔

Marfat.com

ہمزہ متحرکہ سے کام لیتے ہوئے : ب : کو انقطاعِ صوت فی المخرج کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے تاکہ صوت ایسا مقلقل ہو کر نکلے اور وہ اپنے "اُخْتُبْنٌ" سے جدا ہو جائے ـــــ : م : کی صفتِ غنّہ کو خیشوم سے نکالنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے ہم مخرجوں سے ممتاز ہو جائے ـــــ نیز : و : کو ادا کرنے کے لئے کامل انضمام شفتین سے کام لینا چاہیئے خواہ واو متحرک ہو، خواہ ساکن ماقبل مفتوح۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَبْ ـــ اِبْ ـــ اُبْ ؛ اَبْ ـــ اِبْ ـــ اَبْ

اَمْ ـــ اِمْ ـــ اُمْ ؛ اَمْ ـــ اِمْ ـــ اُمْ

وَ ـــ وِ ـــ وُ ؛ اَوْ ـــ اَوْ ـــ اَوْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اُرْكَبْ ، اِضْرِبْ ، اِذْهَبْ ؛ نَلْعَبُ ، يَغْتَبْ ، يَكْتُبُهُ

يَعْلَمُ ، يَظْلِمُ ، اِعْلَمُ ؛ اَلْقَلَمُ ، لَاتَقُمْ ، مُكْرِمٌ

خَلَوْا ، عَلَوْا ، وَعَتَوْا ؛ وَنَهَوْا ، اَلْفَوْا ، وَنَشَرُوهُ ۔

Marfat.com

اَلْمَخْرَجُ السَّابِعُ عَشَرُ

س :۔ سترھواں مخرج کیا ہے ــــــ اور اس سے کونسا حرف نکلتا ہے؟

ج :۔ سترھواں مخرج: خَیْشُوْمُ : یعنی ناک کا بانسہ ہے ــــــ اور اُس سے : غُنَّہ : نکلتا ہے ــــــ غُنَّہ : خواہ نون و میم "مُشَدَّدْ" کا ہو خواہ نون و میم "مُدْغَمْ" بادغامِ ناقص کا ہو ــــــ خواہ نون "مُنْقَلِبْ" کا ہو ــــــ اور خواہ نون "مُخْفَاۃْ" کا ہو ــــــ سب کا مخرج فقط یہی "خَیْشُوْمُ" ہی ہے۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ: خَیْشُوْمُ : اقصیٰ انف، یعنی ناک کے "بانسہ" کو کہتے ہیں ــــــ اور یہی خَیْشُوْمُ حرفِ غنّہ کا مخرج ہے۔

غُنَّہْ : کا اطلاق عند اہل الاداء اس صوت پر ہوتا ہے جو خارج "عَنِ الْخَیْشُوْمُ" ہو ــــــ برابر ہے کہ وہ قائم بالحرف ہو ــــــ یا وہ قائم بنفسہٖ ہو۔

لیکن اہل اداء کی اصطلاح میں "غُنَّہ" خاص اُس صفت کو کہتے ہیں جو قائم بالحرف ہوتا ہے، اور جو حرف کے ساتھ ہی اداء ہوجاتا ہے ــــــ اور جو "غُنَّہ" قائم بنفسہٖ ہوتا ہے اور زائد عن الحرف ــــــ اسے اہل اداء اور قراء: حَرْفُ الْغُنَّۃْ : کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

بروایت حفص عن عاصم رحمہما اللہ: حَرْفُ الْغُنَّۃْ : کا ظہور چھ مقام پر ہوتا ہے۔

Marfat.com

۱ :- نون و میم مشدد تین میں، یعنی بحالتِ تشدیدہما۔

۲ :- میم ساکن میں بحالتِ ادغام فی مثلہا۔

۳ :- میم ساکن میں بحالتِ اخفاء عند الباء۔

۴ :- نون ساکن و تنوین میں بحالتِ ادغام بالغنہ

۵ :- نون ساکن و تنوین میں بحالتِ اقلاب عند الباء

۶ :- نون ساکن و تنوین میں بحالتِ اخفاء عند حروف الاخفاء۔

پس ان حالاتِ ستہ میں : ن ، م : مخرجِ اصلی سے مُتَحَوَّل ہو کر :خَیْشُوْمْ: میں منتقل ہو جاتا ہے ــــ جیسا کہ بعض : حرفِ مدہ: اپنے مخرجِ اصلی سے مُتَحَوَّل ہو کر "جَوْفُ الْفَمْ" میں منتقل ہو جاتا ہے۔

یہ تحوّلِ مخرج اگرچہ فی الجملہ حالاتِ ستہ میں قدرِ مشترک ہے، لیکن حالت سادسہ میں تحوّل : اِلَی الْخَیْشُوْمْ : بدرجہ اَکْمَلْ وَ اَتَمْ اور اَظْہَر و اَبْیَن ہوتا ہے۔

یہ تَحَوُّلْ مِنَ الْمَخْرَجِ الْاَصْلِیِّ اِلَی الْخَیْشُوْمْ ــــ ماذکر کے خلاف نہیں ہے، کہ نون طرف لسان سے اور میم شفتین سے ادا ہوتا ہے" کیونکہ مراد نون و میم سے نون و میم متحرک ہیں ــــ یا ساکن بحالت اظہار ہے ــــ اور یہاں مراد بحالت اخفا ہے ــــ اور اخفاء [illegible] ــــ اعدام ذات حرف بالکلیہ اور القاء غنہ بالکمال

حاصل کلام یہ کہ: غُنَّہ : دو طرح کا ہوتا ہے ــــ ایک وہ غنہ ہے جو: ن ، م : میں بحالت حرکت ، یا بحالت اظہار بطور صفت لازمہ

Marfat.com

کے پایا جاتا ہے ـــــ اور حرف کے ساتھ قائم رہتا ہے اور موصوف کے ساتھ ہی ادا ہو جاتا ہے، اُسے: غُنَّۃ ذَاتِیَۃ: کہتے ہیں ـــــ اور غُنَّۃُ مُطْلَقَۃٌ: ـــ یا ـــ: غُنَّۃُ جَامِدَۃٌ: کے نام سے بھی تعبیر کیا جا سکتا ہے.

دوسرا غنہ وہ ہے جو: ن، م: میں بحالاتِ سنہ سابقہ بطور صفتِ عارضہ کے پیدا ہوتا ہے ـــــ اور وہ زائد عن الاصل ہوتا ہے ـــــ اسی غُنّہ: کو اہل ادآء حرفِ غنہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں.

پس فرق "مَابَیْنَ الْغُنَّۃُ وَحَرْفِ الْغُنَّۃُ" یہ ہے کہ غنہ صفت ہے: ن، م: متحرک، یا ساکن مظہرہ کا، جیسا کہ: عَنْ، لَمْ: میں کہ یہ صوتِ خیشومی داخل فی حد الحرف، شامل فی ذاتہ، اور قائم بذاتہ ہوتا ہے اور: غُنَّۃُ ذَاتِیَۃُ ـــــ اور: غُنَّۃُ اَصْلِیَّۃُ: کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے.

حَرْفُ الْغُنَّۃُ: وہ ہے جو: ن، م: مخفاۃ میں بطورِ صفتِ عارضہ کے پیدا ہوتا ہے ـــــ اور خارج عن حد الحرف، زائد عن الاصل اور قائم بنفسہ ہوتا ہے ـــــ پس اہل ادآء اور قرآء اسی پیدا شدہ صفتِ عارضہ "جو خارج عن حد الحرف، زائد عن الاصل اور قائم بنفسہ ہوتا ہے" کو: حَرْفُ الْغُنَّۃُ: کے نام سے موسوم کرتے ہیں ـــــ جس کا مخرج فقط خیشوم ہے اور جس کا مقدار ایک الف ہے. فَافْهَمُوْا اِنْ كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔

Marfat.com

حَرفُ الغُنَّۃ: قائم بنفسہ رہ جاتا ہے ـــــ کیونکہ اس کا مخرج جُداگانہ اور مستقل ہے ـــــ اسی واسطے اس کا تلفظ بلاموصوف کے ممکن ہے، جیسا کہ مشاہدہ ہے۔

حَرفُ الغُنُّۃ: مستقل بنفسہ اور قائم بذاتہ ہونے کی وجہ ہی سے اہلِ اداء اور قرآء مستقل حرف شمار کرتے ہیں ـــــ بخلاف صفتِ غنہ اور دیگر صفاتِ لازمہ وغیرہ کے کہ وہ قائم بالحرف الموصوف ہوتے ہیں اور اداء موصوف کے ساتھ ہی وہ بھی اداء ہو جاتے ہیں۔ اسی واسطے وہ نہ تو: حَرفُ الغُنَّۃ کے نام سے موسوم ہوتے ہیں ـــــ اور نہ ہی ان کے لئے کوئی مخرج ہے۔ فَتَدَبَّرُوا اَیُّھَا الْمُقْرِءُوْنَ۔

حَرفُ الغُنَّۃ: کے قواعد اور امثلہ کثیرہ صفاتِ عارضہ کے ضمن میں مفصل آئیں گے ان شاء اللہ۔

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ
وَاِنْ اَسَأْتُمْ فَلَھَا

Marfat.com

الحروف	وَمَخَارِجُهَا الَّتِيْ اِخْتَارَهَا الْخَلِيْلُ النَّحْوِيُّ رح	
ء، ھ	اَقْصَى الْحَلْقِ مِمَّا يَلِي الصَّدْرِ	اقصیٰ حلق جو سینہ سے ملا ہوا ہے۔
ع، ح	وَسْطُ الْحَلْقِ	درمیان حلق
غ، خ	اَدْنَى الْحَلْقِ مِمَّا يَلِي اَقْصَى اللِّسَانِ۔	ادنیٰ حلق جو جڑ زبان سے ملا ہوا ہے۔
ق	اَقْصَى اللِّسَانِ مَعَ مَا يُحَاذِيْهِ مِنَ الْحَنَكِ الْاَعْلٰى	جڑ زبان مع اُوپر کا تالو۔
ك	اَقْصَى اللِّسَانِ مَعَ مَا يُحَاذِيْهِ مِنَ الْحَنَكِ الْاَعْلٰى اَسْفَلُ مِنْ مَخْرَجِ الْقَافِ۔	جڑ زبان مع اُوپر کا تالو مگر قاف کے مخرج سے نیچے کچھ منہ کی طرف ہٹ کر۔
ج، ش، ی	وَسْطُ اللِّسَانِ مَعَ مَا يُحَاذِيْهِ مِنَ الْحَنَكِ الْاَعْلٰى	بیچ زبان مع بالمقابل اوپر تالو کے۔
ض	اِحْدٰى حَافَتَيِ اللِّسَانِ مَعَ مَا يُحَاذِيْهَا	زبان کی کسی ایک کروٹ بائیں یا دائیں سے مع اُوپر کے داڑھوں

Marfat.com

	مِنْ اُصُوْلِ الْاَضْرَاسِ	کی جڑ۔
	الْعُلْيَا۔	
ل	اَدْنٰی حَافَتَیِ اللِّسَانِ	زبان کی کسی ایک کروٹ
	اِلٰی مُنْتَھٰی طَرَفِہٖ	دائیں یا بائیں سے نوک
	مَعَ مَا یُحَاذِیْہِ ذٰلِكَ	زبان تک مع بالمقابل
	مِنَ اللِّثَّةِ بَعْدَ الضَّادِ	دانتوں کے مسوڑھے ضاد کے
		بعد۔
ن	طَرَفُ اللِّسَانِ تَحْتَ	زبان کی طرف، لام کے مخرج
	مَخْرَجِ اللَّامِ قَلِیْلاً مَعَ	سے کچھ کم، مع بالمقابل اوپر
	مَا یَلِیْہِ مِنَ اللِّثَةِ	کے دانتوں کے مسوڑھے۔
	الْاَسْنَانِ الْعُلْيَا۔	
ر	طرفُ اللِّسَانِ، وَاَدْنٰی	زبان کی طرف۔ ولپشت
	ظَهْرِہٖ مَعَ مَا یُحَاذِیْہِ	زبان مع بالمقابل اوپر کے
	ذٰلِكَ مِنَ اللِّثَّةِ	دانتوں کے مسوڑھے
	الثَّنِیَّتَیْنِ الْعُلْیَیَیْنِ	
ط	طَرَفُ اللِّسَانِ	زبان کی نوک اور ثنایا علیا
د	وَاُصُوْلِ الثَّنِیَّتَیْنِ	کے جڑیں۔
ت	الْعُلْیَیَیْنِ	
ظ	طَرَفُ اللِّسَانِ مَعَ	زبان کی نوک۔ مع کنارہ

Marfat.com

ذ	طَرَفِ الثَّنِيَّتَيْنِ	ثنایا علیا۔
ث	العُلْيَيَيْنِ	
صٌ	طَرَفُ اللِّسَانِ	زبان کی نوک، مع مابین
ز	مَعَ مَا بَيْنَ أَطْرَافِ	ثنایا علیا و سفلی۔
س	الأَسْنَانِ العُلْيَا	
،	وَالسُّفْلَى	
ف	بَاطِنُ الشَّفَةِ	نیچے کے ہونٹ کا شکم اور ثنایا
،	السُّفْلَى	علیا کا کنارہ
ب	مَا بَيْنَ	دونوں ہونٹوں کے
م و	الشَّفَتَيْنِ	درمیان۔
الغُنَّةُ	الخَيْشُومُ	ناک کا بانسہ۔
أَحْرُفُ	جَوْفُ الفَمِ،	جوف دہن یعنی منہ
المَدِّ	أَيْ خَلَاءُ الفَمِ	کے اندر کا خلاء

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الثَّامِنُ فِی الصِّفَاتِ اللَّازِمَۃِ لِلْحُرُوْفِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصِّفَۃُ وَالْمَوْصُوْفُ

س : صفت کسے کہتے ہیں اور موصوف کسے ؟

ج : صفت حرف کی وہ حالت ہے جس کے ادا کرنے سے ایک مخرج کے کئی حرف ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز ہو جاتے ہیں اور حرف صحیح سختی نرمی، پستی بلندی اور پُر باریک وغیرہ میں مثل انداز ادا اہل عرب ہو جاتا ہے۔ اور جس حرف میں کوئی صفت پائی جاوے اسے " مَوْصُوْف " کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ صفت کے لغوی معنے " مَا قَامَ بِالشَّیْءِ مِنَ الْمَعَانِیْ کَالْعِلْمِ وَالسَّوَادِ " کے ہیں یعنی کسی چیز کی وہ حالت جو اس کے ساتھ ہر وقت اور ہر حال میں لازم اور وابستہ رہے۔ اور کسی وقت اور کسی حال میں اس سے جدا نہ ہو سکے جیسے علم اور سیاہی وغیرہ اور اصطلاح مجودین میں ـــ ھِیَ کَیْفِیَّۃٌ عَارِضَۃٌ لِّلْحَرْفِ عِنْدَ حُصُوْلِہٖ فِی الْمَخْرَجِ ، یعنی حرف کی وہ حالت اور کیفیت ہے جو بوقت حصول فی المخرج اسے عارض اور لاحق ہو کر ساتھ لازم ہو جاتی ہے

Marfat.com

اور ہمیشہ ساتھ وابستہ رہتی ہے۔ یعنی کسی حرف کو ادا کرتے وقت جب اس کے مخرج میں صوت و نفس میں حبس و جریان اور ضعف و قوت جیسی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں تو اس مخصوص قسم کی کیفیت کو اہل ادا صفت کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ لہٰذا جب کسی حرف میں کوئی صفت پائی جاوے اسے " مَوْصُوْف " کہتے ہیں۔

اَلصِّفَاتُ

س : صفات کسے کہتے ہیں ؟

ج : صفات جمع صفت کی ہے اور صفات کی دو قسمیں ہیں لازمہ اور عارضہ

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہئیے کہ گذشتہ اوراق میں بتلایا جا چکا ہے کہ مخرج حرف کیلئے بمنزلہ وزان و میزان کے ہوتا ہے جس سے حرف کی ماہیت اور کمیت معلوم ہو جاتی ہے اور اس کی حدود متعین ہو جاتی ہیں فَلَا یَزَادُ وَلَا یَنْقُصُ وَاِلَّا فَکَانَ لَحْنًا۔

اب جاننا چاہئیے کہ صفت حرف کیلئے بمنزلہ مُحَکُّ و ناقد یعنی کسوٹی کے ہوتی ہے جس سے حرف کی ہیئت اور کیفیت معلوم ہو جاتی ہے یعنی اگر مخرج حرف میں جریانِ صوت و نفس خفض و رفعت صوت، ضعف و قوتِ صوت، ارتفاع وانکسارِ صوت اور الصاق وانفتاحِ صوت جیسی کیفیات پیدا ہو جائیں تو اس قسم کی کیفیات کو صفات کہتے ہیں جن کے ادا کرنے سے حرف صحیح و فصیح، سختی و نرمی، پستی بلندی، پُر باریک وغیرہ میں مثل انداز ادائے اہلِ عرب ہو جاتا ہے اور حرف

Marfat.com

جَیِّدٌ عَنْ حَرْفٍ الرَّدِیْ جدا اور ممتاز ہو جاتا ہے. نیز مخرج واحد کے کئی حروف ایک دوسرے سے جدا جدا اور الگ الگ ہو جاتے ہیں.

وَلَوْلَا ذٰلِكَ الصِّفَاتُ لَكَانَ الْكَلَامُ بِمَنْزِلَةِ الْبَهَائِمِ الَّتِیْ لَهَا مَخْرَجٌ وَّاحِدٌ وَّصِفَةٌ وَّاحِدٌ فَلَا یُفْهَمُ مِنْهَا الْمَرَامُ فَسُبْحَانَ مَنْ دَقَّ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ حِکْمَتُهٗ.

اور اگر یہ صفات نہ ہوتیں تو یقیناً کلام انسانی بمنزلہ بہائم کے ہو جاتی جس کا مخرج ایک اور صفت بھی ایک ہی ہوتی ہے. پس مقصود اس سے مفہوم نہ ہوتا. سو پاک ہے وہ ذات جس نے ہر شئی میں حکمت پوشیدہ کر رکھی ہے.

پس صفات حروف کیلئے بمنزلہ کسوٹی اور ناقد کے ہوتی ہیں کہ جس سے کھرے کھوٹے کی تمیز ہو جاتی ہے اور صحیح و غلط اور فصیح و غیر فصیح میں فرق اور امتیاز پیدا ہو جاتا ہے. پھر صفات کی دو قسمیں ہیں :-

(۱) صفاتِ ذاتیہ. لازمہ مقومہ. ممیزہ (۲) صفاتِ عارضہ محسنہ. محلیہ. مزینہ

اَلصِّفَاتُ الذَّاتِیَۃُ اللَّازِمَۃُ الْمُمَیِّزَۃُ الْمُقَوِّمَۃُ

س : صفاتِ ذاتیہ. لازمہ. ممیزہ اور مقومہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : صفاتِ ذاتیہ. لازمہ. ممیزہ اور مقومہ وہ ہیں جو حرف کے ساتھ ہر وقت اور ہر حال میں موجود اور وابستہ رہتی ہیں نہ کبھی اس سے جدا ہوتی ہیں اور نہ ہی جدا ہو سکتی ہیں اور یہ صفات مثل مخارج کے بنا بر قول مختلف سترہ ہیں جن کی دو قسمیں ہیں متضادہ اور غیر متضادہ.

Marfat.com

اَلصِّفَاتُ الْمُتَضَادَّةُ

س : صفاتِ متضادّہ کسے کہتے ہیں اور وہ کتنی ہیں ؟

ج : صفات متضادہ . وہ ہیں جن میں سے ہر ایک صفت کے مقابلہ میں دوسری صفت بطور ضد اور مقابل کے موجود ہوتی ہے اور مجودین نے اسے ایک خاص نام سے نامزد کر دیا ہوتا ہے ۔

تَوضِیحُ الْجَوَابُ : جاننا چاہیئے کہ صفاتِ متضادہ وہ صفات ہیں جن کو اہلِ ادا اور مجودین کرام نے خاص خاص نام سے نامزد اور موسوم کر دیا ہے ۔ یعنی ہر ایک صفت کیلئے ایک ایسا نام تجویز کر دیا ہے ۔ جو حرف کی حقیقت باعتبار کیف اور حجم کے ظاہر کرتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ حرف کی ہیئت کذائیہ کیا ہے تعداد صفات میں مجودین کرام کا اختلاف ہے کوئی چودہ تبلاتے ہیں کوئی سولہ اور کوئی چوالیس تبلاتے ہیں ۔ مگر ان اوراق میں بنا بر خیر الامور اوسطہا علامہ جزری رحمہ اللہ کا قول اختیار کیا گیا ہے کہ انہوں نے سترہ صفات بیان کی ہیں ۔ لہذا جاننا چاہیئے کہ یہ سترہ صفات دو قسم پر ہیں ۔ ایک وہ جن کی اضداد موجود ہیں اور مجوّدین نے انہیں نامزد کر دیا ہے ۔ ایسی صفات دس ہیں جن کو ذَوَاتُ الْاَضْدَادْ یا متضادّہ کہتے ہیں ۔

Marfat.com

اَلصِّفَاتُ اللَّازِمَۃُ ذَوَاتُ الْاَضْدَادِ

(۱)	اَلْھَمْسُ	ضِدُّہٗ	(۲)	اَلْجَھْرُ
(۳)	اَلشِّدَّۃُ	ضِدُّھَا	۴	اَلرِّخَاوَۃُ

(اَلتَّوَسُّطُ)

〃

بَیْنَ الشِّدَّۃِ وَالرِّخَاوَۃِ

(۵)	اَلْاِسْتِعْلَاءُ	ضِدُّہٗ	(۶)	اَلْاِسْتِفَالُ
(۷)	اَلْاِطْبَاقُ	ضِدُّہٗ	(۸)	اَلْاِنْفِتَاحُ
(۹)	اَلْاِذْلَاقُ	ضِدُّہٗ	(۱۰)	اَلْاِصْمَاتُ

تِلْكَ عَشَرَۃٌ کَامِلَۃٌ

قبل اس کے کہ ان صفاتِ عشرہ کی تعریف و توصیف کی جائے. صفت معلوم کرنے کا طریقہ سیکھنا چاہیئے تاکہ علم صفات کے ساتھ ہی علم ادا، صفات بھی حاصل ہو جائے. پس صفت معلوم کرنے کا طریقہ ہو بہو وہی ہے جو مخرج معلوم کرنے کا بتلایا گیا ہے فرق صرف یہ ہے کہ مخرج معلوم کرتے وقت یہ خیال کرنا پڑتا ہے کہ آواز کس جگہ سے نکلتی ہے اور صفت معلوم کرتے وقت یہ سوچنا ہوتا ہے کہ آواز کس انداز سے مخرج میں لگ رہی ہے. پست ہے یا کہ بلند جاری ہے یا کہ بند، جماؤ سے نکلتی ہے یا کہ پھسل کر، پُر ہو کر نکلتی ہے یا کہ باریک، نیز یہ سوچنا ہوتا ہے کہ سانس جاری ہے یا کہ بند،

اِن صفاتِ عشرہ کے تحت جو قاعدے لکھے جائیں گے ان میں بھی کیفیات

Marfat.com

پیشِ نظر رکھنی چاہئیں اور خوب مشق کرنی چاہیئے تاکہ ہر حرف کی موجودہ اور مطلوبہ صفت بخوبی ادا ہو۔

اَلْھَمْسُ

س: ہمس کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے۔

ج: ہمس ایک خاص قسم کی صفت ہے جو ،، فَحَثَّہٗ شَخْصٌ سَکَتَ [۱] کے دس حروف میں پائی جاتی ہے۔ پس ان حروف کو ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں آواز ایسے ضعف کے ساتھ ٹھہرنی چاہیئے کہ سانس جاری رہ سکے اور آواز میں ایک قسم کی پستی ہو جیسے ،، تَلَقَّفُ ،، کی فاء اور جن حروف میں صفت ہمس پائی جاتی ہے ان کو حروف ،، مَہْمُوْسَۃ ،، کہتے ہیں۔

---

(۱) فَحَثَّہٗ شَخْصٌ سَکَتَ پس ابھارا۔ اور برانگیختہ کیا اس کو کسی خاموش شخص نے اس جملہ میں اس طرح تغیر بھی جائز ہے بلکہ احسن ہے جس سے معنی زیادہ بہتر ہو جاتے ہیں سَکَتَ رَجُلٌ فَحَثَّہٗ شَخْصٌ عَلَی الْکَلَامِ فَتَکَلَّمَ ای سَکَتَ طَالِبٌ فَحَثَّہٗ مُقْرِئٌ عَلَی الْقِرَاءَۃِ فَقَرَأَ۔ یعنی طالب تجوید پڑھتے پڑھتے مایوس ہو گیا اور خاموش ہو کر بیٹھ گیا۔ کسی شفیق استاذ نے اسے ابھارا اور پڑھنے پر آمادہ کیا اور وہ پڑھنے لگا اور بالآخر منزل مقصود کو پہنچا اور کامل قاری بن گیا۔ یعنی اس مختصر جملہ میں طالب تجوید کو متنبہ کیا گیا ہے کہ مشکلاتِ تجوید، ضروریاتِ زندگی اور تنگ و افلاس کیوجہ سے بددل ہو کر خاموش نہیں بیٹھنا چاہیئے اور نہ ہی عوام کالانعام کے طعن و تشنیع سے پریشان ہونا چاہیئے اور مال و دولت اور جاہ و جلال دنیوی کے لالچ میں (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ

Marfat.com

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ ہمس کے لغوی معنے " الخفاء " یعنی مخفی اور پوشیدہ ہونے کے ہیں اور اونٹ کے قدم رکھتے وقت جو آواز پیدا ہوتی ہے اُسے ہمس کہتے ہیں ومنہ قولہ تعالیٰ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا۔ ای صَوْتًا خَفِیًّا. وَالْمُرَادُ بِهٖ حِسُّ مَشْیِ الْاَقْدَامِ اِلَی الْمَحْشَرِ۔

اور اصطلاح مجودین میں " جَرَیَانُ النَّفَسِ عِنْدَ النُّطْقِ بِالْحَرْفِ " کے ہیں یعنی ہمس صوت ونفس کی ایک خاص قسم کی کیفیت ہے جو " ف ح ث ھ ش خ ص س ك ت " کے دس حروف میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے. پس ان حروف کے ادا کے وقت اعتماد صوت فی المخرج یعنی آواز کا لگاؤ اور جماؤ ایسے ضعف کے ساتھ ہونا چاہیئے کہ سانس جاری رہ سکے اور آواز میں کسی قدر پستی ہو جیسے " یَلْہَثْ " کی ثاء . اور ان حروف میں چونکہ انخفاض صوت اور جریان نفس پایا جاتا ہے اس لئے اہل ادا ان کو حروف مَهْمُوسَة کے نام سے موسوم کرتے ہیں.

قاعدہ میں ہمزہ متحرک سے کام لیتے ہوئے اور صفت معلوم کرنے کا طریقہ پیش نظر رکھتے ہوئے تلفظ کرنا چاہیئے اور حروف . موصوف بہ صفت ہمس ادا کرتے وقت خیال

(بقیہ حاشیہ ۱) آکر حصول مقصد سے پیچھے ہٹنا چاہیئے بلکہ اپنی مردہ اور خفتہ ہمت کو ابھار کرتے دولہ کے ساتھ منزل کی طرف بڑھنا چاہیئے کیونکہ قرآن کریم کا پڑھنا پڑھانا ہی ایک ایسی دولت ہے جو دنیا و آخرت کی سُرخ روئی کا سامان ہے . اَلْقُرْاٰنُ غِنًى لَا فَقْرَ مَعَهٗ وَلَا غِنَى دُوْنَهٗ: اَلْحَدِیْث

Marfat.com

رکھنا چاہیئے کہ کیفیتِ صوت و نفس تعریفِ صفت کے مطابق ہو جائے۔ نیز یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ جریان نفس بہ نسبت ساکن کے متحرک میں اظہر و ابین ہوتا ہے۔ فتامل۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَفْ — اَحْ — اَثْ — اَهْ — اَشْ

اَخْ — اَصْ — اَسْ — اَكْ — اَتْ

وَالْاَمْثِلَةُ

تَلْقَفْ، يُوْسُفْ ❁ تَفْرَحْ، نَشْرَحْ ❁ يَلْهَثْ، تَخْشَ

اَرْجِهْ، اَلْقِهْ ❁ مَعَايِشْ، اَلتَّنَاوُشْ ❁ اَلْوَخْ، اَبْرَحْ

اَلْوَبْرَصْ، تَحْرِصْ ❁ يُوْنُسْ، اَلْقُدُسْ ❁ صَدْرَكْ، وِزْرَكْ

Marfat.com

اَلْجَھْرُ

س : جہر کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : جہر ایک خاص قسم کی صفت ہے جو ہمُوسہ کے سوا باقی انیس ۱۹ حروف میں پائی جاتی ہے جو "عَظُمَ وَزْنُ قَارِئٍ ذِی غَضٍّ جَدَّ طَلَبَ"[۱] میں مرکب ہیں۔ پس ان حروف کو ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں آواز ایسی قوت کے ساتھ ٹھہرنی چاہیئے کہ سانس بند اور آواز بلند ہو جائے جیسے "مَأْکُوْلٍ" کا ہمزہ اور اَضَلَّ کا لام۔ اور جن حروف میں صفت جہر پائی جاتی ہے۔ ان کو مَجْھُوْرَۃ کہتے ہیں۔ اور صفت ہمس اور جہر ایک دوسرے کی ضد اور متقابل ہیں۔

---

[۱] : عَظُمَ وَزْنُ قَارِئٍ الخ ای رَجَحَ مِیزَانُ قَارِئٍ ذِی غَضِّ الْبَصَرِ اِجْتَهَدَ فِی الطَّلَبِ یعنی وزن اور توانا اس قاری کا بڑھ گیا جو نگاہ نیچے رکھتا ہوا طلبِ علم اور حصولِ مقصد میں جدوجہد کرتا رہا۔ یعنی جو قاری غضِ بصر اور چشم پوشی سے کام لیتا ہوا ماحول سے بے پرواہ ہو کر منزلِ مقصود کی طرف بڑھتا گیا اس نے اپنا مقصد پا لیا اور حصولِ مقصد کی وجہ سے قدر و منزلت کا مالک بن گیا۔ مطلب یہ کہ چند آیات مشق کر کے اترانا نہیں چاہیئے بلکہ عجز و انکساری سے حصول اور تکمیل علم تجوید و قراءت اور اس کی اشاعت میں مصروفِ عمل رہنا چاہیئے اور جس قدر بھی فن میں کمال حاصل کرے اسی قدر اپنے اندر صفات حمیدہ پیدا کرے تاکہ عنداللہ و عندالناس مقبول ہو اور بروز قیامت ترازوئے اعمال بھاری ہو۔ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ الرَّاضِیَةٍ۔

Marfat.com

توضیحُ الجواب:۔ جاننا چاہیئے کہ جہر کے لغوی معنی: "اَلْاِعْلَانُ وَالْاِظْهَارُ" ہیں اور اصطلاح مجودین میں "اِعْتِمَادُ الصَّوْتِ فِی الْمَخْرَجِ بِالْقُوَّةِ" کے ہیں یعنی ان حروف کے مخرج میں اعتمادِ صوت ایسی قوت کے ساتھ ہونی چاہیے کہ احتباسِ نفس کے ساتھ ارتفاعِ صوت پایا جائے پس جہر آواز کی ایک خاص قسم کی کیفیت ہے جو "ع ظ م۔ وزن۔ ق ا ر ء۔ ذ ی۔ غ ض۔ ج د۔ ط ل ب" میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہوجاتی ہے۔ سو ان حروف کو ادا کرنے وقت ان کے مخرج میں آواز کا لگاؤ اور دباؤ ایسی قوت سے ہونا چاہیئے کہ سانس بند اور آواز بلند ہو جائے جیسے "اَحَدْ" کی دال اور "اَضَلُّ" کا لام۔ اور چونکہ ان حروف میں انحباسِ نفس اور اعلانِ صوت پایا جاتا ہے اس لیئے اہلِ ادا ان کو "مَجْهُوْرَة" کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور اسی وجہ سے صفت جہر، صفت ہمس کی ضد اور مقابل ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَعْ اَظْ اَمْ اَوْ اَزْ اَنْ اَقْ ءا اَرْ اَذْ اِیْ اَغْ اَءْ
اَضْ اَجْ اَدْ اَطْ اَلْ اَكْ

وَالْاَمْثِلَةُ

اِتَّبِعْ ۔ اُغْلُظْ ۔ لَاتَقُمْ ؛ مَشَوْا ۔ قَالُوْا ۔ اِسْتَفْزِزْ
مُمَزَّقْ ۔ لَاتَقْرَبَا ۔ فَلَاتَقْهَرْ ؛ اِقْرَاْ ۔ فَاسْتَعِذْ ۔ ذَوَیْ
اِصْرِیْ ۔ لَاتُزِغْ ۔ اَعْرِضْ ؛ فَاخْرُجْ فَاسْجُدْ ۔ اِهْبِطْ
تَسْئَلُ ؛ نُجِبْ

Marfat.com

اَلشِّدَّةُ

س : شدّت کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے؟

ج : شدّت ایک خاص قسم کی صفت ہے جو " اَجِدُ قَطٍ بَکَتْ[1] " کے آٹھ حروف میں پائی جاتی ہے پس ان حروف کو ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں آواز ایسی قوت کے ساتھ ٹھہرنی چاہیئے کہ آواز بند ہو کر سخت ہو جائے خواہ سانس جاری رہے یا نہ رہے۔ جیسے " قُتِلَتْ کی تا اور اَحَدُ " کی دال اور یہ حروف چونکہ صفتِ شدّت سے متصف ہیں اس لیئے ان کو حروف " شَدِیْدَۃٌ " کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ شدّت کے لغوی معنے " اَلْقُوَّۃُ " کے ہیں اور اصطلاحِ مجودین میں اِنْحِبَاسُ جَرْیِ الصَّوْتِ عِنْدَ النُّطْقِ بِالْحَرْفِ " کے ہیں۔ یعنی حروف شدیدہ کے ادا کے وقت اعتماد صوت فی المخرج ایسی قوت سے

---

[1] ای اَجِدُ قَطٍ حَالَ کَوْنِہِمَا بَکَتْ فِیْ بَیْتِہِمَا۔ عرب عاشق نے اپنی محبوبہ کے گھر میں بکاء کی آواز سنی تو کہنے لگا کہ میں نے اپنی محبوبہ قط کو عرصہ دراز اور تلاش بسیار کے بعد اس وقت پالیا جب کہ وہ گھر میں رو رہی تھی۔ ان کلمات کی ترتیب یہ بھی ہو سکتی ہے " اَجِدُكَ قَطَبْتَ " میں تجھے ترش روئی کا مظاہرہ کرتا ہوا پا رہا ہوں اور یہ کہ گویا باپ اپنے مفرور بیٹے سے کہتا ہے کہ میں تجھے اس وقت پا رہا ہوں جب کہ تو علم وعمل اور تقوی طہارت میں مقتدا اور پیشوا بنا۔ فالحمد للہ۔

Marfat.com

ہونی چاہیئے کہ صوت الحرف بالکلیہ منحبس ہوجائے خواہ انحباس صوت کے ساتھ ہی انحباس نفس بھی ہو جیساکہ حروف شدیدہ مجہورہ " اَجِدُ قُطُبَ " میں ہوتا ہے خواہ انحباس صوت کے بعد جَرَیَانُ النَّفَسْ ہو جیساکہ حروف شدیدہ مہموسہ " ك . ت " میں ہے اور اسی سے صوت و نفس میں فرق بھی معلوم ہوگیا. فتامل

حروف شدیدہ قوت میں مختلف ہیں کیونکہ جب شدت کے ساتھ جہر جمع ہوجاتی ہے تو حرف زیادہ قوی ہوجاتا ہے. جیساکہ. ج. اور جب شدت کے ساتھ ہمس جمع ہوجاتی ہے تو حرف ضعیف ہوجاتا ہے جیساکہ. ت. پس جس حرف میں قوی صفات زیادہ ہوں گی وہ حرف قوی ہوگا اور جس حرف میں صفات ضعیفہ زیادہ ہوں گی وہ حرف ضعیف ہوگا. فَافْهَمْ هٰذَا لِتُعْطِیَ كُلَّ حَرْفٍ حَقَّهٗ فِیْ قِرَاءَتِكَ مِنَ الْقُوَّةِ وَتَتَحَفَّظَ عَلٰی بَیَانِ الضَّعِیْفِ فِیْ قِرَاءَتِكَ. پس حروفِ شدیدہ اپنی ذاتی قوت اور قوت اعتماد فی المخرج کی وجہ سے ایسی شدید قوت سے ادا ہوتے ہیں جو انحباس صوت و نفس کو مقتضی ہوتا ہے جیساکہ " اُجْ . اَتْ " میں کہ صوت جیم و تا اپنے مخرج میں اس قدر سخت ہے کہ اگر اُسے جاری رکھنا بھی چاہیں تو نہیں رکھ سکتے. پس اسی اشتداد و انحباس فی المخرج کی وجہ سے اہلِ ادا ان حروف کو حروفِ شدیدہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں جو " اَجِدُ قَطٍ بَكَتْ " میں مرکب ہیں.

اَلْقَاعِدَةُ

اَءْ — اَجْ — اَدْ — اَقْ — اَطْ — اَبْ — اَكْ — اَتْ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

يَشَآءُ. تَبَرَّاَ. اُخْرُجْ. اَلْحَجُّ ؛ تَفْعَلُ. هُدًى هُدًى. بِالْحَقِّ. مُمَزَّقٍ

تُشْطِطْ. اِهْبِطْ. اَقْرَبْ. اِذْهَبْ ؛ قَبْلِكَ. ظَهْرَكَ. فُرِجَتْ. فُتِحَتْ

اَلرِّخَاوَةُ

س : رخاوت کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : رخاوۃ ایک خاص قسم کی صفت ہے جو شدیدہ اور متوسط کے سوا باقی سولہ حروف میں پائی جاتی ہے جو " خُذْ غَثَّ حَظٍّ فُضَّ شَوْصٍ زِيٍّ سَاهٍ "[1] میں مرکب ہیں.

پس ان حروف کو ادا کرنے وقت ان کے مخرج میں آواز ایسے ضعف کے ساتھ ٹھرنی چاہیئے کہ آواز نرم ہو کر جاری رہے جیسے " مَعَايِشَ " کی شین اور جن حروف

---

[1] خُذْ (لو) غَثَّ (ناقص) حَظٍّ (حصہ) فُضَّ (سب بہا دیا) شَوْصٍ (غسالہ) زِيٍّ (لباس) سَاهٍ (غافل) یعنی لو اپنا ناقص حصہ اس لئے کہ بہایا گیا ہے غافل کے لباس کا غسالہ. مطلب یہ کہ اے طالب تجوید حسب استعداد جو کچھ حصہ فن تجوید سے تجھے مل رہا ہے اگرچہ وہ قلیل و حقیر ہے اسے لو اور قبول کر اور از راہ تکبر رد گردانی نہ کر کیونکہ قرآن کریم کے صحیح تلفظ سے اعراض کرنے والوں کے تکبر کی گندگی عنقریب جہنم کی آگ سے دھوئی جائیگی. فاحذر

جن میں صفتِ رخاوت پائی جاوے ان کو حروفِ ”رِخْوَہ“ کہتے ہیں۔ اور شدت و رخوت ایک دوسرے کی ضد اور مقابل ہیں۔

تَوضِیحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ رخاوۃ کے لغوی معنے ”اَللِّیْنُ“ یعنی نرم ہیں اور اصطلاح مجودین میں جَرَیَانُ الصَّوْتِ عِنْدَ النُّطْقِ بِالْحَرْفِ“ کے ہیں یعنی حروف رخوہ کے ادا کے وقت اعتماد صوت فی المخرج ایسے ضعف کے ساتھ ہونا چاہیئے کہ آواز جاری اور نرم رہے پس رخاوت آواز کی ایک خاص قسم کی کیفیت ہے جو ” خ ذ . غ ث . ح ظ . ف ض . ش وص . ز ی . س ا ھ “ میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ان حروف کو ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں آواز کا لگاؤ اور جماؤ ایسے ضعف کے ساتھ ہونا چاہیئے کہ صوت الحرف جاری رہ کر نرم ہو جائے جیساکہ ” مَعَایِشْ “ کی شین میں آواز نرم اور جاری ہے۔ اور رخوت ضد شدت کی ہے اس لئے اہل ادا حروف شدیدہ اور متوسطہ کے علاوہ باقی سوّلہ حروف کو ” رِخْوَہْ “ کے نام سے موسوم کرتے ہیں

اَلْقَاعِدَۃُ

اَخْ اَذْ اَغْ اَثْ اَحْ اَظْ اَفْ اَضْ

اَشْ اَوْ اَصْ اَزْ اَیْ اِیْ اَسْ ءَا اَھْ

وَالْاَمْثِلَۃُ

نَنْسَخْ فَاسْتَعِذْ لَاتُزِغْ ۞ لَاتَخْشَ لَاتَفْرَحْ اُغْلُظْ

لَاتَخَفْ اُرْکُضْ مَعَایِشْ ۞ تَعَالَوْا تَعَاوَنُوْا لَانَقْصُصْ

اِسْتَفْزِزْ نَبَاَبْنَیْ عَابِرِیْ ۞ مِنَ الْمَسِّ نَسِیًّا اِقْتَدِہْ

Marfat.com

اَلتَّوَسُّطُ

س : توسط کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : توسط: شدت و رخوت کے درمیان ایک خاص قسم کی صفت ہے جو "لِنْ عُمَرْ"[1] کے پانچ حروف میں پائی جاتی ہے پس ان حروف کو ادا کرتے وقت ان کے مخرج میں آواز ایسے انداز پر ٹھہرنی چاہیئے کہ نہ شدت کی طرح بند و سخت ہو اور نہ رخاوۃ کی طرح جاری اور نرم جیسے "قُلْ" کا لام اور "اِتَّبِعْ" کا عین پس جبکہ یہ حروف ایک درمیانی صفت سے متصف ہیں اس لئے ان کو "حروفِ متوسطہ" اور بینیہ کہتے ہیں۔

توضیحُ الجواب: جاننا چاہیئے کہ توسط لغت میں ما وقع بین الشیئین کو کہتے ہیں خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَطُهَا اور اصطلاحِ مجودین میں هُوَصَوْتٌ بَیْنَ الشِّدَّةِ وَالرِّخَاوَةِ: یعنی شدت و رخوت کی درمیانی صوت کو توسط کہتے ہیں سو توسط ایک خاص قسم کی کیفیت ہے جو "ل ن ع م ر" کے پانچ حروف میں پائی جاتی ہے۔ پس حروف متوسطہ کو ادا کرتے وقت اعتمادِ صوت فی المخرج ایسے انداز پر ہونا چاہیئے

---

[1] لِنْ عُمَرْ: ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جا رہے تھے اور ان کے پیچھے کچھ لوگ تھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لِنْ یَا عُمَرْ: کہ اے عمر میانہ روی اختیار کر جیا کے کی ضرورت نہیں آہستہ آہستہ چل۔ مطلب یہ کہ اے طالب تجوید حصول فن میں جلدی ذکر کیونکہ علم تجوید علم المنقولات اور علم الاصوات ہے۔ جو جلدی حاصل ہونے والا نہیں ہے۔ فتدبر۔

Marfat.com

کہ صوت الحرف متوسط حالت پر نکلے جیسے یَغْلِقَ کا لام کہ نہ تو حروف شدیدہ اِضْرِبْ کی باء اور اَجِلْدُ کی دال کی طرح بالکلیہ بند اور سخت ہے اور نہ حروف رخوہ اَکْبِسْ کی سین اور اَلْعَنْشُ کی شین کی طرح بالکلیہ جاری اور نرم ہے۔ لہٰذا صفتِ توسط اگرچہ متضادہ میں سے نہیں ہے۔ اس لئے کہ اس کے مقابلہ میں کوئی صفت ضد نہیں ہے، مگر غیر متضادہ بھی نہیں ہے، کیونکہ یہ متضادہ ہی کے اختلاط سے پیدا ہوتی ہے۔ گویا فی الجملہ اس میں شدت بھی ہے اور فی الجملہ رخاوت بھی، تو صفتِ توسط شدت اور رخوت کے اشتراک و اختلاط سے وجود میں آتی ہے۔ پس جبکہ صفتِ توسط بین القوتین ہے، اس لئے اہل اداء اس سے موصوف حروف کو: مُتَوَسِّطَہ، بَیْنِیَّہ: اور لَاشَدِیْدَۃ وَلَا رِخْوَۃ: کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَلْ — اَنْ — اَعْ — اَمْ — اَرْ

وَالْاَمْثِلَۃُ

اَرْسِلْ، اَدْخِلْ، فَنَجْعَلْ ⁘ مُؤْمِنْ، اَعْیُنْ، نُعْلِنْ

نَرْتَعْ، اِدْفَعْ، مَنَعْ ⁘ فَاعْلَمْ، یَعْتَصِمْ، یَظْلِمْ

اَبْصِرْ، اِصْطَبِرْ ⁘ قَدْ قُدِرْ، فَاصْبِرْ

Marfat.com

اَلْاِسْتِعْلَاءُ

س : استعلاء کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : استعلاء ایک خاص قسم کی صفت ہے جو " خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ "[۱] کے سات حروف میں پائی جاتی ہے۔ پس ان حروف کے ادا کے وقت ہمیشہ جڑ زبان اوپر کے تالو کی طرف اٹھ جاتی ہے جس کی وجہ سے یہ حروف پُر اور موٹے ہو جاتے ہیں جیسے " خَلَقَ " کی خا اور قاف اور جن حروف میں صفت

---

۱ ؎ خُصَّ جھونپڑی۔ قبر۔ ضَغْطٍ: تنگ گرفت : قِظْ : ٹھہر۔ قیام کر۔ بیدار ہو جا لے قُمْ وَقْتَ حَرَارَةِ الصَّيْفِ فِي خُصٍّ ذِي ضَغْطٍ اَوْ خُصَّ الْقَبْرُ بِالضَّغْطِ وَالْحَصْرِ فَقِظْ مِنْ غَفْلَتِكَ وَاعْمَلْ لِاٰخِرَتِكَ یعنی شدت حرارت کے وقت کسی جھونپڑی میں ٹھہر کر وقت گذار اور اس دنیائے فانی میں اس طرح رہ جیسا کہ تو راہ گذر ہے پس دنیا میں ایک مسافر کی طرح مختصر سا سامان کر اور جائے دوام سمجھ کر زیب و زینت سے باز آ۔ اس لئے کہ تو نے آخر کار کوچ کرنا ہے اور قبر جو حصر و تنگی کی جگہ ہے اور جائے گرفت ہے اور تیری آخری قیام گاہ وہ تجھے بلا رہی ہے۔ سو اے طالب تجوید و قرأت ہوش کر اور خواب غفلت سے اٹھ اور قرآن کریم کی صحیح تلاوت کر کے توشۂ آخرت بنا اور دیکھ دنیا کے لالچ میں قرآن جیسی نعمت عظمیٰ کو نہ چھوڑ کیونکہ قبر میں یہی قرآن لبیک اور خوش آمدید کہتا ہوا ملے گا اور تیرے لیے اللہ تعالیٰ کے راضی کرنے میں جد و جہد کرے گا تا آنکہ تجھے بخشوا کر جنت کے بلند مقام پر پہنچا دے

وَحَيْثُ الْفَتٰى يَرْتَاعُ فِي ظُلُمَاتِهِ ∴ مِنَ الْقَبْرِ يَلْقَاهُ سَنًا مُتَهَلِّلَا

استعلاء پائی جاتی ہے ان کو حروف "مُسْتَعْلِیَہ" کہتے ہیں!

تَوْضِیحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ استعلاء کے لغوی معنے عُلُوّ اور ارتفاع یعنی بلند کرنے کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں اِرْتِفَاعُ اللِّسَانِ عِنْدَ النُّطْقِ بِالْحَرْفِ اِلَی الْحَنَكِ الْاَعْلٰی: کے ہیں یعنی حروف مستعلیہ کے خروج و ادا کے وقت اصل لسان یعنی جڑ زبان اُپر تالو کی طرف مرتفع اور بلند کرنی چاہیئے تاکہ صوت الحرف اپنے مخرج سے مفخم ہو کر نکلے پس استعلاء ایک خاص قسم کی صفت ہے جو "خ ص ض غ ط ق ظ" کے سات حروف میں بوقت حصول فی المخرج عارض اور لاحق ہو جاتی ہے۔ اور چونکہ صفت استعلاء ارتفاع لسان کو مقتضی ہے اور ارتفاع لسان تفخیم صوت کو اس وجہ سے ان حروف میں تفخیم عارض ہو جاتی ہے اور یہ مفخم ادا ہوتے ہیں اس لئے اہل ادا ان کو حروف مُسْتَعْلِیَہ "مُفَخَّمَہ" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

اُخْ اِصْ اُضْ اِغْ اُطْ اِ اِظْ

وَالْاَمْثِلَةُ

نَنْسَخْ نُفِخْ ⁂ تَخْرُصْ. نَقْصُصْ

اُرْكُضْ اَعْرِضْ اُغْضُضْ ⁂ اَذِغْ مَنْ بَلَغْ اَبْلِغْهُ

نَحْبُطْ يَبْسُطْ تُشْطِطْ ⁂ وَارْزُقْ مَاخَلَقْ بِالْحَقِّ

Marfat.com

اَلْاِسْتِفَالُ

س: استفال کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے؟

ج: استفال ایک خاص قسم کی صفت ہے جو حروف مستعلیہ کے سوا باقی بائیس[۲۲] حروف میں پائی جاتی ہے جو "ثَبَتَ عِزُّ مَنْ يُجَوِّدُ حَرْفَهُ اِذْ سَلَّ شَكًّا"[۱] میں مرکب ہیں پس ان حروف کے ادا کے وقت جڑ زبان اوپر کے تالو کی طرف نہیں اٹھتی ہے جس کی وجہ سے یہ حروف باریک رہتے ہیں جیسے "مَالِكِ" کا میم اور چونکہ یہ حروف صفت استفال سے متصف ہیں اس لئے ان کو حروف "مُسْتَفِلَهُ" کہتے ہیں. اور استعلاء و استفال ایک دوسرے کی ضد اور مقابل ہیں۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب:۔ جاننا چاہیئے کہ استفال کے لغوی معنے انخفاض یعنی پستی کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں انخفاض اصل اللسان عند النطق بالحرف عن الحنك الی قاع الفم ہیں. یعنی حروف مستفلہ کے ادا کے وقت اصل لسان یعنی جڑ زبان اوپر کے تالو کی طرف نہ اٹھنے پائے تاکہ صوت الحرف اپنے مخرج سے باریک اور مرقق ہو کر نکلے پس استفال ایک خاص قسم کی صفت ہے

۱۔ ثَبَتَ الخ یعنی ثابت ہو چکی ہے عزّ و شرف اس قاری کی جس نے حروف قرآنی کو مجود کیا اور اہل فن سے پوچھ کر اپنا شک رفع کیا پس اے مجود اگر تو کسی حرف میں کمی محسوس کرتا ہے اور تیرے تجوید حروف میں کچھ سقم اور کمی ہے تو اہل ادا سے پوچھ اور اپنا شک و شبہ دفع کر. اور کسی قسم کا عار اور کسر شان تصور نہ کر اس لئے کہ فن تجوید اہل فن ہی سے بالمشافہ حاصل کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

جو ث ب ت ع ز م ن ی ج و د ح ر ف ھ أ ذ س ل ش ك ا ر کے بائیس ۲۲ حروف ہیں بوقت حصول فی المخرج عارض اور لاحق ہو جاتی ہے اور چونکہ صفت استفال انخفاض وانحطاط لسان کو مقتضی ہے اور انحطاط لسان عدم تفخیم کو اس وجہ سے ان میں ترقیق عارض ہو جاتی ہے۔ اور یہ حروف مرقق ادا ہوتے ہیں اس لئے اہل ادا ان کو حروف ،، مُسْتَفِلَه ،، کے نام موسوم کرتے ہیں۔ اور اسی لیے استعلاء اور استفال ایک دوسرے کی ضد اور مقابل ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَثْ اَبْ اَتْ اَعْ اَزْ اَمْ اَنْ

اَیْ اَجْ اَوْ اَدْ اَحْ اَرْ اَفْ اَهْ

اَءْ اَذْ اَسْ اَلْ اَشْ اَكْ اَءْ ۞

وَالْاَمْثِلَةُ

بَلْهَثْ نَتَعَجَّبْ بَعَدَتْ ۞ اَسْمِعْ اَعَزُّ نَعْلَمْ

نُعْلِنْ ذَوَاتَىْ رَبِّىْ ۞ تَخْرُجْ لَبَغَوْا ذُوْقُوْا

وَاقْصِدْ فَاصْفَحْ اَنْظُرْ ۞ يُوْسُفُ اُزْلِفَتْ اِقْرَاْ

فَاسْتَعِذْ عَسْعَسَ نَبْتَهِلْ ۞ وَاهْشُ اُسْلُكْ جَاوَزْنَا

Marfat.com

اَلْاِطْبَاقُ

س : اطباق کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : اطباق ایک خاص قسم کی صفت ہے جو " ص ض ط ظ " میں پائی جاتی ہے۔ پس ان حروف کو ادا کرتے وقت بیچ زبان اُوپر کے تالو سے مُلصق ہوجاتا ہے یعنی منطبق ہوکر اُسے ڈہانک لیتا ہے اس لئے یہ حروف زیادہ پُر اور موٹے ہوجاتے ہیں جیسے " مَطْلَعْ " کی طا۔ اور چونکہ یہ حروف صفت اطباق سے متصف ہیں اس لیئے ان کو حروف " مُطْبَقَهْ " کہتے ہیں!

توضیحُ الجواب:۔ جاننا چاہیئے کہ اطباق کے لغوی معنے " اِلْصَاقْ " یعنی لپٹنے کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں هُوَ اِطْبَاقُ اَیْ تَلَاصُقُ مَا یُحَاذِی اللِّسَانَ مِنَ الْحَنَكِ الْاَعْلٰی عَلَی اللِّسَانِ عِنْدَ النُّطْقِ بِالْحُرُوْفِ" کے ہیں۔ انکے خروج واداکے وقت وسطِ لسان سے اُوپر کے تالو کو ڈھانک لینا چاہیئے تاکہ صوت الحرف مفخم ہوجائے جیساکہ " طَلَعَتْ " کی طا پس اطباق ایک خاص قسم کی کیفیت ہے، جو " ص ض ط ظ " میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہوجاتی ہے۔ سو ان حروف کو ادا کرتے وقت وسط لسان اُوپر کے تالو سے مُلصق ہوجاتی ہے اور درمیان میں صوت محصور ہوجاتی ہے اس لیئے یہ حروف زیادہ مفخم ہوجاتے ہیں جیسے " تَحِیْطُ " کی طاء۔ حروف مطبقہ چونکہ مستعلیہ بھی ہیں اس لیئے ان کے اداکے وقت صفت استعلاء کی وجہ سے اقصٰی لسان اُوپر تالو کی طرف بلند ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے یہ حروف پُر اور مفخم ہوجاتے ہیں

Marfat.com

پھر صفت اطباق کی وجہ سے وسط لسان اُوپر کے تالو سے پٹ کر اس طرح منطبق ہو جاتی ہے کہ لسان اور حنک اعلیٰ کے مابین کچھ جوف او رخلار ہوجاتا ہے اس لیئے ان حروف کی صوت خلار میں منحصر ہوجاتی ہے اور ان کی تفخیم دوبالا ہوجاتی ہے اور یہ اپنی اخوات۔ خ۔ غ۔ ق۔ سے زیادہ مفخم ہوجاتے ہیں۔ پس یہ!صفت اطباق۔ الصاق واطباق وسط لسان مع الخلار کو مقتضی ہے اور انطباق مع الخلار تفخیم صوت کو۔ تو حروف مطبقہ میں تفخیم علی وجہ الکمال ہوتی ہے اس وجہ سے اہل ادار ان کو حروف ,,مطبقہ،، کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور وہ ,,ص ض ط ظ،، ہیں کما قال ابن الجزری رح صَادُ ضَادٌ طَاءُ ظَاءٌ مُطْبَقَہْ۔

اہلِ ادار حروف مطبقہ کو اس نام سے موسوم کرتے ہیں حالانکہ اطباق تو لسان وحنک کا ہوتا ہے نہ کہ حروف کا۔ مگر چونکہ لسان وحنک کے اطباق والصاق ہی سے یہ حروف منحصر و منطبق ہو کر درجۂ کمال کو پہونچتے ہیں اس لیئے اسی نام سے موسوم کرتے ہیں واللہ اعلم

نیز جاننا چاہیئے کہ اطباق، استعلار سے ابلغ واخص ہے۔ اس لیئے کہ اطباق کے ساتھ استعلار لازم ہے مگر استعلار کے ساتھ اطباق لازم نہیں جیساکہ ,, خخ غغ۔ قق،، پر نطق کرتے وقت اقصیٰ لسان حنک اعلیٰ کی طرف مستعلی اور بلند ہوجاتی ہے مگر الصاق وسط لسان مع الحنک نہیں ہوتا اور جب صص ضض طط ظظ پر نطق کرتے ہیں تو الصاق وسط لسان مع الحنک کے ساتھ ہی اقصیٰ لسان بھی مستعلی الی الحنک ہوجاتا ہے اسی واسطے حروف مطبقہ مستعلیہ سے افخم واقوی ہیں اگرچہ مطبقہ مابین القوی مختلف ہیں۔ فتدبر

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَصْ اِصْ اُصْ ∴ اَصْ اِصْ اُصْ

اَضْ اِضْ اُضْ ∴ اَضْ اِضْ اُضْ

اَطْ اِطْ اُطْ ∴ اَطْ اِطْ اُطْ

اَظْ اِظْ اُظْ ∴ اَظْ اِظْ اُظْ

وَالْاَمْثِلَةُ

حَصْحَصَ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ ∴ يَخْتَصُّ. نَنْقُصُ. نَقُصُّ

رَوْبِحُضُّ نُقَيِّضْ اُرْكُضْ ∴ وَاخْفِضْ وَاغْضُضْ اَعْرِضْ

اَنْ نَخْبَطَ. تُشْطِطْ تَسْقُطْ ∴ نَبْسُطْ فَاهْبِطْ بِالْقِسْطِ

فَاسْتَغْلَظَ وَاغْلُظْ الْغَيْظِ ∴ حَفِيْظٌ عَظِيْمٌ غَلِيْظٌ

Marfat.com

اَلْاِنْفِتَاحُ

س : انفتاح کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : انفتاح ایک خاص قسم کی صفت ہے جو: مُطْبَقَہْ: کے علاوہ باقی پچیس ۲۵ حروف میں پائی جاتی ہے جو: مَنْ اَخَذَ وَجَدَ سَعَةً فَزَكَا حَقٌّ لَهُ شُرْبُ غَيْثٍ: [1] میں مرکب ہیں. پس ان حروف کے خروج اور ادا کے وقت بیچ زبان اُوپر کے تالو سے جدا رہتا ہے خواہ جڑ زبان اُوپر کے تالو سے لگے جیسے ق میں لگ جاتی ہے خواہ نہ لگے جیسے كَذٰلِكَ کا کاف اور چونکہ یہ حروف صفتِ انفتاح سے متصف ہیں اس لیے

---

[1] مَنْ اَخَذَ الخ یعنی جس نے مال کما کر وسعت کا وقت پایا اور اپنے حاصل کردہ مال کی زکوٰۃ ادا کی تو اس کی سیرابی رحمت کی بارش سے یقینی ہو گی. مطلب یہ کہ اے طالبِ تجوید و قرأت حصول فن کے بعد علم تجوید و قرأت کی زکوٰۃ فن کی خدمت ہی کی صورت میں ادا کر اور قرآنی خدمات درس وتدریس کی صورت میں سرانجام دے جس کا اجر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں سے مالا مال ہونا ہے. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے. اے معاذ اگر تو چاہتا ہے زندہ رہنا نیک اور مرنا شہید. بروزِ حشر نجات. بروز خوف امن. بروز ظلمت نور. بروز تپش سایہ. بروز عطش سیراب ہونا. بروز خفت عزت اور بروز ضلال ہدایت تو پڑھاؤ لوگوں کو قرآن. کیونکہ یہی ہے ذکر رحمٰن حرز از شیطان اور رجحان میزان : اَلْحَدِيْث

Marfat.com

ان کو حروف: مُنفَتِحَہ : کہتے ہیں اور اطباق و انفتاح ایک دوسرے کی ضد اور مقابل ہیں.

تَوضِیحُ الجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ انفتاح کے لغوی معنی اَلاِفتِرَاقُ یعنی جدائی کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں: تَجَافِی کُلٍّ مِّنَ الطَّائِفَینِ اَی طَائِفَتَیِ اللِّسَانِ وَالحَنَکِ عَنِ الاُخرٰی حَتّٰی یَخرُجَ الرِّیحُ عِندَ النُّطقِ بِالحَرفِ —— یعنی ان حروف کے خروج و اداء کے وقت وسط لسان حنک اعلیٰ سے جدا رہنا چاہیئے تاکہ سانس و ہواء کھل کر نکلے پس انفتاح ایک خاص قسم کی صفت ہے جو: م ن أ خ ذ و ج د س ع ت ف ر ك ا ح ق ل ھ ش ر ب غ ی ث میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے.

لہٰذا ان حروف کو ادا کرتے وقت وسط لسان کو حنک اعلیٰ سے جدا رکھنا چاہیئے تاکہ صوت الحرف اپنے مخرج سے غیر مفخم ہو کر ادا ہو جیسے: ذَاھِبٌ: کا ذال پس جب کہ انفتاح. افتراق و تجافی عن الحنک کو مقتضی ہے اور تجافی عدم انحصار صوت و ہوار کو اس لیئے یہ حروف اپنے اپنے مخرج سے کھل کر نکلتے ہیں اور اسی وجہ سے اہل اداء ان کو حروفِ: مُنفَتِحَہ: کے نام سے موسوم کرتے ہیں.

اہل اداء حروفِ منفتحہ کو اس نام سے موسوم کرتے ہیں حالانکہ انفتاح تو لسان و حنک کا ہوتا ہے نہ کہ حروف کا. لیکن لسان و حنک کے انفتاح سے چونکہ یہ حروف منفتح ہو کر نکلتے ہیں اس لئے ان کو اسی نام سے نامزد کرتے ہیں اور اسی وجہ سے

Marfat.com

یہ مطبقہ کی ضد اور مقابل ہیں۔ اور یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ انفتاح اعمّ ہے استفال سے اس لئے کہ ہر مستفل منفتح ہوتا ہے مگر ہر منفتح مستفل نہیں ہوتا جیسے خ غ ق منفتح ہیں اور مستفل نہیں ہے۔ فتدبر۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَمْ — اَنْ — اَءْ — اَخْ — اَذْ — اَوْ — اُوْ
اَجْ — اَدْ — اَسْ — اَعْ — اَثْ — اَفْ — اَزْ
اَكْ — ءَا — اَحْ — اَقْ — اَلْ — اَهْ — اَشْ
اَرْ — اَبْ — اَغْ — اَیْ — اِیْ — اَتْ ⁘

وَالْاَمْثِلَةُ

يَعْلَمْ، نُعْلِنْ، تَبَرَّأْ ⁘ نَنْسَخْ، يَوْمَئِذٍ، خَلَوْا
ذُوْقُوْا، نَخْرُجْ، مُقْتَصِدْ ⁘ يُوْنُسْ، نَرْفَعْ، كُشِطَتْ
نَعَقَّفْ، اِسْتَفْزِزْ، ذٰلِكَ ⁘ اِذَا خَلَا، اِفْتَحْ، عَلَقْ
ذُوْقُوْا، اِقْتَدِهْ، اَهُشُّ ⁘ مُسْتَمِرّْ، تَلْعَبْ، بَلِّغْ
نَبَاَبَنِیْ، اِصْرِیْ ⁘ فَحَدِّثْ، يَلْهَثْ

Marfat.com

اَلْاِذْلَاقُ

س : اذلاق کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے؟

ج : اذلاق ایک خاص قسم کی صفت ہے جو " فَرَّ مِنْ لُبٍّ " کے چھ حروف میں پائی جاتی ہے۔ پس یہ حروف اپنے مخرج سے یعنی زبان اور ہونٹ کے کنارہ سے سہولت کے ساتھ جلدی سے ادا ہو جاتے ہیں جیسے " فَفَزِعَ " کی فار۔ اور جن حروف میں صفت اذلاق پائی جاوے ان کو " مُذْلَقَہ " کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ اذلاق کے لغوی معنی اَلْحِدَّۃُ وَالسُّرْعَۃُ " کے ہیں اور اصطلاح قراء میں " حِدَّۃُ اللِّسَانِ وَالشَّفَۃُ " ہیں یعنی ان حروف کے ادا کے وقت طرف لسان اور شفت میں حدت و سرعت کی سی کیفیّت پیدا ہو جاتی ہے۔ پس اذلاق ایک خاص قسم کی کیفیّت ہے جو " ف ر م ن ل ب " کے چھ حروف میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ان حروف کو لسان اور ہونٹ کے کنارہ سے ایسی سہولت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے کہ جیسے پھسلتی جگہ سے کوئی چیز باسانی پھسل جاتی ہے جیسے " تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا. هُمْ فِیْهَا.

نیز یہ جاننا چاہیئے کہ حروف مذلقہ میں دو قسم کے حروف ہیں ـــ تین لسانی ہیں ل ن ر اور تین شفوی ہیں ف ب م۔ لہٰذا حروف لسانی کو لسان کے کنارہ سے اور حروف شفوی کو شفتین کے کنارہ سے اس طرح ادا کرنا چاہیئے کہ صوت

Marfat.com

الحرف پھسل کر نکلے اور حدت و سرعت سے ادا ہو کیونکہ جب صفت اذلاق حدۃ اللسان والشفۃ کو مقتضی ہے اور حدت لسان وشفت سرعت صوت کو تو یہ حروف سریع النطق ہوتے ہیں اس لیئے اہل ادا ان کو حروف " مُذْلَقَہ " کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اور چونکہ ان حروف کا مخرج طرف میں واقع ہے اس لیئے ان کے ادا میں ایک خاص قسم کی سہولت ہوتی ہے مگر صفت اذلاق کے ادا کرنے میں احتیاط سے کام لینا چاہیئے کہ یہ حد سے تجاوز نہ کر جائے ورنہ یہ حروف یا تو صحیح ادا نہ ہونگے یا دوسرے حرف سے بدل جائیں گے جیساکہ " غَافِرِ الذَّنْبِ " کی جگہ غَافِلِ الذَّنْبِ " ہو جانے کا احتمال رہتا ہے۔ لہٰذا ان حروف کو صفت اذلاق کے ساتھ خوب صاف ادا کرنا چاہیئے خاص کر جب یہ باہم وگر ملتے ہیں

اَلْقَاعِدَۃُ

اَفْ اَرْ اَمْ اَنْ اَلْ اَبْ

اَلْ اَنْ اَرْ اَفْ اَبْ اَمْ

وَالْاَمْثِلَۃُ

نَخُوْفُ لَا تَخَفْ نَعَفَّفُ ⁘ فِي الْحَرِّ مُسْتَقَرٌّ مُسْتَمِرٌّ

تَظْلِمُ اِلَيْكُمْ وَاضْمُمْ ⁘ وَلَا تَمْنُنْ وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ

يُضْلِلْ فِيْ ظُلَلٍ مَدَّ الظِّلَّ ⁘ اِرْكَبْ تَعْجَبْ اَقْرَبْ

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ ⁘ لَمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ ۔ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

Marfat.com

اَلْاِصْمَاتُ

س : اِصْمَاتُ کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : اِصْمَات ایک خاص قسم کی صفت ہے جو مذلقہ کے سوا باقی تیئیس حروف میں پائی جاتی ہے۔ جو جُزْ غَشَّ سَاخِطٍ صُدَّ ثِقَةً اِذْ وَعْظُهٗ یَحُضُّكَ[1] میں مرکب ہیں۔ پس یہ حروف اپنے مخرج سے مضبوطی اور جماؤ کے ساتھ ادا ہوتے ہیں آسانی اور جلدی سے ادا نہیں ہوتے ہیں۔ جیسے " اَفْرِغْ " کی غین۔ اور جن حروف میں صفتِ اِصمات پائی جاوے ان کو " مُصْمَتَۃٌ " کہتے ہیں۔ اور اذلاق و اِصمات ایک دوسرے کی ضد اور مقابل ہیں۔

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ اصمات کے لغوی معنی " اَلْمَنْعُ " کے ہیں لِاَنَّ مَنْ صَمَتَ مَنَعَ نَفْسَهٗ مِنَ الْكَلَامِ : اور اصطلاحِ اہلِ فن اور واضعینِ کلمات میں " اِمْتِنَاعُ الْكَلِمَةِ الرُّبَاعِيَّةِ وَالْخُمَاسِيَّةِ مِنْ غَيْرِ حَرْفٍ مِنَ الْمُذْلَقَةِ فَالْعَسْجَدُ عَجَمِيٌّ

---

[1] جُزْ غَشَّ سَاخِطٍ الخ ای عُدْ عَنْ غَشِّ سَاخِطٍ لِلْحَقِّ وَاصْطُلْ ثِقَةً فَاِنَّ وَعْظَهٗ یَحُثُّكَ عَلَی الْخَیْرِ۔ غاضب حق یعنی حق گو کی لغزش سے درگذر کر اور اسے ثقہ جان پس بلا شبہ اس کا وعظ تجھے بھلائی پر آمادہ کرے گا پس اے طالب تجوید اگر تیرا شیخ اور استاذ تندخو یا ترش رو ہے اور حصول فن کیلئے تجھ پر سختی کرتا ہے ترش و تند ستاتا ہے تو اس کی ترش روئی سے متنفر نہ ہو اور اسے غیر معتبر سمجھ کر نہ چھوڑ بلکہ اسے ثقہ اور معتبر جان کر استفادہ کر اور فن کی تکمیل کر کیونکہ ماہرین فن تجوید اور علم قراءات شاذ و نادر ہی پائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

یعنی وضع کلمہ رُباعِیّہ اور خُماسِیّہ بغیر حرفِ مذلقہ کے ممتنع ہے۔ اسی وجہ سے کلمہ عسجد۔ جو فقط حروفِ مصمتہ سے وضع کیا گیا ہے عجمی ہے یعنی غیر عربی ہے۔

اور اصطلاحِ قراء اور مجودین میں اِصمات ایک خاص قسم کی مضبوطی اور رجاؤ ہے

جو "ج ز غ ش س ا خ ط ص د ث ق ت أ ذ و ع ظ ھ ی ح ض ك" کے تئیس حروف میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے۔ پس یہ حروف اپنے مخرج سے مضبوطی اور رجاؤ کے ساتھ ادا ہوتے ہیں جلدی اور آسانی سے ادا نہیں ہوتے ہیں جیسے "وَجَدَ"

صفت اصمات کے وقت چونکہ مخرج میں استقرار صوت کی وجہ سے سہولت کم ہوتی ہے اس لیئے صوت الحرف میں کسی قدر ثقل اور رجاؤ پایا جاتا ہے۔

پس جبکہ صفتِ اِصمات اِستقرارِ صوت کو مقتضی ہے اور استقرار صوت ثقل و جماؤ کو اس لئے اہلِ اداء ان کو حروفِ مُصْمَتَہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

حروفِ مدہ کا مخرج اگرچہ مقدر ہے اور ان کی صوت کی ابتداء سہولت سے ہوتی ہے لیکن صوت کی انتہاء بغیر استقلال اور قصداً جماؤ کے ممکن نہیں ہے۔ لہٰذا یہی جماؤ اداء موجب ثقل ہوتا ہے اس لیئے حروف مدہ کا شمار عند المحققین حروفِ مُصْمَتَہ: میں صحیح اور درست ہے۔

نیز جاننا چاہیئے کہ صفتِ اذلاق اور اصمات عند البعض صفاتِ ادائی نہیں بلکہ صفات وضعی ہیں یعنی جب واضعینِ لغات لغت وضع کرتے ہیں تو کلمات رباعیہ اور خماسیہ حروف مذلقہ اور مصمتہ دونوں قسم کے حروف سے مرکب وضع کرتے ہیں تاکہ کلمہ خالص عربی وضع ہو جیسے "جَعْفَرٌ، سَفَرْجَلٌ"

Marfat.com

کیونکہ جو کلمہ چار یا پانچ حروف پر مشتمل ہوتا ہے اور وہ صرف حروف مصمتہ سے مرکب ہوتا ہے تو وہ غیر عربی ہوتا ہے جیسے "عسجد" جو فقط حروف مصمتہ سے مرکب ہے لہٰذا اُسے عجمی تصوّر کرتے ہیں.

اسی واسطے امام الاولیاء جناب ولی الشاطبی رحمہ اللہ نے اپنے قصیدۂ لامیہ یعنی: کتاب الشاطبیہ: میں ـــــ اور جامع الفن التجوید والقراءات حضرت علامہ جزری رحمہ اللہ نے اپنے مبسوط کتاب: اَلنَّشْرِ فِی الْقِرَاءَاتِ الْعَشْر: میں صفتِ اذلاق اور اس کی ضد صفتِ اصمات کا ذکر نہیں کیا ہے.

اسی طرح استاذ العرب والعجم استاذ اساتذۃ الہند حضرت قاری عبدالرحمٰن المکی ثم الالہ آبادی رحمہ اللہ نے بھی اپنے رسالہ: ـــــ فوائد مکیہ: میں ان دونوں صفتوں کا ذکر نہیں کیا ہے.

باقی رہا امام جزری رحمہ اللہ کا: مقدمۃ الجزریہ میں ذکر کرنا سو یہ اس لئے کہ یہ "مقدمہ" بطور: قاعدۃ التجوید للصّبیان والغلمان: کے ہے اس لئے اس میں رعایۃ للفریقین ذکر کر دیا ہے.

ھکذا، علمنی الشیخ استاذی المکرم المرحوم المغفور حضرت قاری عبداللہ المرادآبادی. نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مسکنہ

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَجْ ـــ اَزْ ـــ اَعْ ـــ اَشْ ـــ اَسْ ـــ ءَا ـــ اَخْ
اَطْ ـــ اَصْ ـــ اَدْ ـــ اَس ـــ اَقْ ـــ اَثْ ـــ اَءْ
اَذْ ـــ اَوْ ـــ اَعْ ـــ اَظْ ـــ اَهْ ـــ اَیْ ـــ اَحْ
اَضْ ـــ اَكْ

وَالْاَمْثِلَةُ

تَخْرُجُ اِسْتَفْزِزْ اَفْـرِغْ ۞ مَعَايِشْ عَسْعَسْ لَقِيَا
تَنْفُخْ نَسْقُطْ تَقْصُصْ ۞ مَسْجِدْ تَخْنَتْ بِالْحَقِّ
كُوِّرَتْ اِقْرَاْ فَاسْتَعِنْ ۞ قَالُوْا وَعَتَوْا اِدْفَعْ
اُغْلُظْ اَلْفِهْ ذَوَاتَیْ ۞ سَبِيْلِیْ نَفْرَحْ اَعْرِضْ
رَكَّبَكْ ۞ كَذٰلِكْ

Marfat.com

اَلصِّفَاتُ اللَّازِمَةُ الَّتِیْ لَا اَضْدَادَ لَهَا

س : وہ صفات لازمہ جن کے لئے کوئی ضد نہیں، کتنی اور کونسی ہیں ؟

ج : جن صفات لازمہ کے لیے ضد نہیں ہے۔ وہ سات ہیں :

صفیر۔ قلقلہ ۔لین ۔ انحراف ۔تکریر۔ تفشی ۔ استطالت

توضیح الجواب } جاننا چاہیے کہ عقلاً ہر صفت کے لئے کوئی نہ کوئی ضد اور مقابل صفت ضرور ہوا کرتی ہے، خواہ اس کے ضد اور مقابل کا کوئی نام ہو، خواہ نہ ہو۔ کیونکہ اہلِ عرب کا مشہور مقولہ ہے :

تُعْرَفُ الْاَشْیَاءُ بِاَضْدَادِهَا

"تمام اشیاء اپنی اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں"

پس اس اصول پر ہر صفت کے لئے ضد اور مقابل صفت ہونی چاہیے جیسے صفیر کی ضد عدم صفیر — قلقلہ کی ضد عدم قلقلہ ضرور ہوسکتی ہے۔ اور ہے — مگر اہلِ ادا اور مجودین کرام نے ان صفات سبعہ کے لئے کوئی ضد اور مقابل صفت تجویز کر کے نہیں کیا — اس لئے ان صفاتِ لازمہ سبعہ کو — صفاتِ غیر متضادّہ — کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں :

Marfat.com

۱ : صَفِیرٌ ۴ : اِنحِرَاف
۲ : قَلْقَلَۃ ۵ : تَکرِیرٌ
۳ : لِینٌ ۶ : تَفَشِّی

۷ : اِستِطَالَت

اَلصَّفِیرُ

س :۔ صفیر کسے کہتے ہیں۔ اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج :۔ صفیر ایک خاص قسم کی صفت ہے جو ص ، ز ، س : میں پائی جاتی ہے ۔ پس ان حروف کے ادا کے وقت ایک آواز تیز مثل سیٹی کی نکلتی ہے اور جن حروف میں صفت صفیر پائی جاتی ہے ان کو : حروفِ صفیریہ : کہتے ہیں۔

تَوضِیحُ الجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ : اَلصَّفِیرُ : لغت میں اس آواز کو کہتے ہیں جس سے بہائم کو پکارا جاتا ہے۔

اور اصطلاح مجودین میں یہ ایک خاص قسم کی آواز ہے جو : ص ، ز ، س : میں بوقتِ حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے ۔ یعنی ان حروف کے ادا کے وقت ایک آواز سیٹی کی طرح نکل کر ان حروف کی مصاحبت اختیار کر لیتی ہے ۔ جس کی وجہ سے یہ حروف صوت البہائم کے مشابہ ہو جاتی ہیں۔

حروفِ صفیریہ چونکہ طرف لسان اور ثنایا سفلیٰ کے مابین سے ادا ہوتے

Marfat.com

ہیں اور صوت الحرف مخرج میں محصور ہو کر صوت الطیور کے مشابہ ہو جاتی ہے اس لئے اہل ادا ان کو حروفِ صفیریہ : کے نام سے موسوم کرتے ہیں ۔ اور یہ اس لئے کہ جب ان پر تلفظ کیا جاتا ہے تو ان کی ادا میں ایک آواز مسموع ہوتی ہے ۔ جو صوت الطیور سے مشابہت رکھتی ہے ۔ پس صوت الصّاد مشابہ بالصّوت الاَوَز ، صوت الزّای مشابہ بالصوت النّحل اور صوت السّین مشابہ بالصّوت الجراد ہوتی ہے ۔

حروفِ صفیریہ میں بوجہ صفتِ صفیر قوت ہوتی ہے ۔ مگر وہ آپس میں مختلف القویٰ ہیں ۔ پس ان میں سے " ص " اقویٰ ہے بوجہ صفت استعلاء اور اطباق کے ۔ اور " ز " قوی ہے بوجہ صفت جہر کے ۔ اور " س " اضعف ہے بوجہ صفت ہمس کے ۔ کیونکہ ہمس میں خفاء ہے ۔ بنا ٔ علیہ تالی کو چاہیئے کہ وہ علے حسب القوۃ ہر ایک کو صفت صفیر سے خوب موصوف کرے ۔

اَلْقَاعِدَہ

اَصْ اَزْ اَسْ ، اَصْ اَزْ اَسْ

وَالْاَمْثِلَہ

يَخْتَصُّ ، تَقْصُصْ ، تَحْرِصْ ؛ حَصْحَصَ ، يَقُصُّ ، نَقُصُّ

اِسْتَغْفِرْ ، نُعِزُّ ؛ اَعَزُّ ، تَسْتَفْزِزْ

عَسْعَسَ ، يُوْنُسْ ، اَلْمَسُّ ؛ تَنَفَّسَ ، اَنْفُسْ ، اَلْقُدْسْ

Marfat.com

اَلْقَلْقَلَۃُ

س : قلقلہ کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : قلقلہ ایک صفت ہے جو " قُطْبُ جَدٍ[1] " میں پائی جاتی ہے۔ پس ان حروف کے اداء کے وقت خاص کر جب یہ ساکن ہوں ایک آواز ٹوٹتی ہوئی نکلتی ہے جیسے خَلَقْ کا قاف اور جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حروف " قَلْقَلَہ " کہتے ہیں۔

تَوْضِیحُ الْجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ قلقلہ کے لغوی معنی تحریک واضطراب یعنی جنبش کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں ایک خاص قسم کی آواز ہے جو " ق ط ب ج د " کے پانچ حروف میں بوقت حصول فی المخرج لاحق ہو جاتی ہے یعنی ان کے اداء کے وقت ان کے مخرج میں جنبش کی وجہ سے آواز لوٹ کر نکلتی ہے اس لئے اہل اداء انکو حروف " قَلْقَلَہ اور مُتَقَلْقَل " کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

قلقلہ دراصل صَوْتُ النَّبْرَہ کو کہتے ہیں یعنی تصادم جسمین اور التصاق محکم کے بعد انفکاک جسمین سے دفعۃً جو آواز نکلتی ہے اُسے قلقلہ کہتے ہیں اور اس کا احساس و اظہار بہ نسبت متحرک کے ساکن میں زیادہ ہوتا ہے اور بہ نسبت ساکن کے سکون وقفی میں زیادہ ہوتا ہے اسی وجہ سے قلقلہ کی دو قسمیں ہیں چنانچہ سکون محض میں قلقلہ بین و ظاہر ہوتا ہے اس لئے اُسے قَلْقَلَہ صُغْرٰی کہتے ہیں اور سکون وقفی

---

[1] می یابم تراکہ ترش روئی کردی.

کی حالت میں قلقلہ ابین واظہر ہوتا ہے اس لئے اُسے : قَلْقَلَہ کُبْریٰ ؛ کہتے ہیں ۔

قاف میں قلقلہ واجب یعنی اکد ہے اس لیئے کہ اس کے مخرج میں تصادم جسمین کے بعد آلۂ ضاربہ یعنی اقصیٰ لسان کو قرار و جمادٗ نہیں ہوتا بلکہ وہ غیرارادی طور پر اپنے مستقر سے ہٹ کر کاف کے مخرج کی طرف منتقل ہوجاتا ہے اور قاف ناقص ادا ہوجاتا ہے اسی وجہ سے قاف بغیر صوت نبرہ کے کامل ادا نہیں ہوتا بخلاف دیگر حروف قلقلہ کے کہ ان میں تصادم جسمین کے بعد عضو ضاربہ کو قرار و جمادٗ ہوتا ہے اور حرف بغیر صَوتُ النّبرَہ کے بھی فی الجملہ ادا ہوجاتا ہے اس لیئے ان میں قلقلہ غیر اکد ہے ۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَقْ ــــ اَطْ ــــ اَبْ ــــ اَجْ ــــ اَدْ

وَالْاَمْثِلَۃُ

خَلَقَ عَلَقٍ سَبَقَ ؛ غَرَقٍ مُمَزَّقٍ بِالْحَقِّ

تَخْبِطُ تَسْقُطُ نَنْشُطُ ؛ يَبْسُطُ اِهْبِطْ لِيَرْبِطَ

اِضْرِبْ تَذْهَبُ اِذْهَبْ ؛ تَعْجَبُ اَقْرَبُ كَسَبَ

فَاَخْرُجْ اَخْرِجْ تَخْرُجُ ؛ الْمَعَارِجِ تَبَرُّجَ الْحَجُّ

لَقَدْ اَحَدٌ لَمْ يَلِدْ ؛ يُوْلَدْ فِيْ كَيْدٍ اَلصَّمَدُ

Marfat.com

اَللِّیْنُ

س : لِیْن کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : لین ایک صفت ہے جو واو اور یاء لینہ (ـَ وْ ، ـَ یْ) میں پائی جاتی ہے . پس ان حروف کو ان کے مخرج سے ایسی نرمی سے بلا تکلف ادا کرنا چاہیئے کہ اگر کوئی ان پر مد کرنا چاہے تو کر سکے جیسے " خَوْفٌ . صَیْفٌ اور جن حروف میں یہ صفت پائی جاتی ہے ان کو حروف " لِین " کہتے ہیں

توضیحُ الجواب : جاننا چاہیئے کہ لِین کے لغوی معنے نرم اور ملائم کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں صوت لَیِّنَہ ایک خاص قسم کی نرم آواز ہے جو و ، ی میں اس وقت پائی جاتی ہے جب کہ یہ دونوں ساکن ما قبل مفتوح ہوں : ـَ وْ ، ـَ یْ پس ان کو اس مخصوص حالت میں ایسی نرمی کے ساتھ بلا تکلف ادا کرنا چاہیئے کہ اگر ان پر کوئی مد کرنا چاہے تو بآسانی مد ہو سکے جیسے خَوْفٌ . شَیْءٌ اور چونکہ ان دونوں میں صفتِ لین پائی جاتی ہے اس لئے اہل ادا ان کو حروف " لِین " کے نام سے موسوم کرتے ہیں .

حروفِ بین میں اگرچہ بوجہ صفتِ رخاوت نرمی پائی جاتی ہے مگر وہ نرمی ایسی نہیں جو صفت لین کے ادا سے پیدا ہوتی ہے چنانچہ واو اور یاء متحرک و مشدد وغیرہ میں یہ کیفیت نہیں ہوتی جو صفتِ لین کے ادا میں ہوتی ہے . نیز حروفِ لین میں اگرچہ مد نہیں ہے مگر صفتِ لین کے ادا کرنے سے ان میں صلاحیت مد ضرور پیدا ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے ان پر مد ہو سکتا ہے اور وجود سبب کی وجہ سے مد ہوا کرتا ہے .

Marfat.com

اور یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ صفتِ لین ضعیف اور ممیزہ ہے۔ بخلاف دیگر صفاتِ غیر متضادہ کے کہ وہ سب کی سب ممیزہ مقومہ ہیں۔ فتدبر۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَوْ ــــ اَوْ ــــ اَوْ ؛ اَوْ ــــ اَوْ ــــ اَوْ

اَیْ ــــ اَیْ ــــ اَیْ ؛ اَیْ ــــ اَیْ ــــ اَیْ

وَالْاَمْثِلَۃُ

خَلَوْا عَلَوْا عَتَوْا نَہَوْا ؛ دَعَوْا مَشَوْا فَلَوْا لَغَوْا

اِشْتَرَوْا تَعْتَوْا اَلْقَوْا ؛ وَالْغَوْا اِتَّقَوْا تَنْسَوْا

یَدَیْ اِثْنَیْ ذَوَیْ ذَوَاتَیْ ؛ اِثْنَتَیْ نَبَاتَیْ ثُلُثَیْ

وَیْلٌ، خَیْرٌ، قُرَیْشٍ ؛ غَیْرُ، طَیْرٌ، صَیْفُ

بَیْنَ یَدَیْ ؛ وَیْکَاَنَّہٗ، ذَوَاتَیْ

Marfat.com

اَلاِنْحِرَافُ

س : انحراف کسے کہتے ہیں اور وہ کن حروف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : انحراف ایک صفت ہے جو "ل . ر" میں پائی جاتی ہے . یس ان کے ادا کے وقت لام میں زبان کے کنارہ کی طرف اور راء میں کچھ پشت زبان کی طرف اور کچھ لام کے موقع کی طرف میلان پایا جاتا ہے جیسے مَنَّ الظِّلِّ . اَیْنَ الْمَفَرُّ : اور جن حروف میں صفت انحراف پائی جاتی ہے ان کو " مُنْحَرِفَهْ " کہتے ہیں .

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :- جاننا چاہیئے کہ انحراف کے لغوی معنے مائل ہونے . جھک جانے اور پھر جانے کے ہیں . اور اصطلاح مجودین میں طرف لسان کا ایک خاص قسم کا میلان ہے جو "ل . ر" کے ادا کے وقت پایا جاتا ہے اور اس میلان لسان کے ساتھ ہی یہ دونوں حرف اپنے مخرج اور مستقر سے نکلتے وقت دوسرے مخرج کی طرف پھر جاتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی آواز بھی پھر جاتی ہے . یعنی لام کی ادائیگی میں تو آواز حافہ لسان سے نوک زبان کی طرف اور راء کی ادا میں آواز نوک زبان سے پشت زبان کی طرف پھر جاتی ہے یعنی مائل ہو جاتی ہے اور چونکہ انحرافِ لسان کے ساتھ انحرافِ صوت لازم ہوتا ہے اس لئے اہل ادا ان کو حروف " مُنْحَرِفَهْ " کے نام سے موسوم کرتے ہیں .

انحرافِ لسان کے ساتھ انحراف صوت لازم ہوتا ہے مگر اس قدر نہیں کہ بجائے لام کے راء اور بجائے راء کے لام ہو جائے جیسا کہ بعض اوقات

Marfat.com

ہوجایا کرتا ہے اور خصوصًا اَلْصَغُ اللِّسَانُ کی عادت ہوتی ہے ۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَلْ ــــ اِلْ ــــ اُلْ ∴ اَلْ ــــ اِلْ ــــ اُلْ

اَنْ ــــ اِنْ ــــ اُنْ ∴ اَنْ ــــ اِنْ ــــ اُنْ

وَالْاَمْثِلَۃُ

فَنَجْعَلْ نَكْتَلْ نَبْتَہِلْ ∴ اَرْسِلْ اَدْخِلْ اَنْزِلْ

وَتَبَتَّلْ تَقَبَّلْ وَتَوَكَّلْ ∴ نَعْمَلْ تَفْعَلْ تَعْجَلْ

وَاْمُرْ اُنْظُرْ اُنْصُرْ ∴ اَنْظِرْ اِصْطَبِرْ اَبْصِرْ

مُسْتَقَرٌّ مُسْتَمِرٌّ اَلْمَفَرُّ ∴ اِسْتَغْفِرْ اِسْتَكْبَرْ نَسْتَغْفِرُ

Marfat.com

اَلتَّکْرِیْرُ

س : تکریر کسے کہتے ہیں اور وہ کس حرف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : تکریر ایک صفت ہے جو صرف (را) میں پائی جاتی ہے پس چونکہ اس کے ادا کے وقت زبان کو ایک رعشہ سا لاحق ہو جاتا ہے اس لئے اس کی آواز میں تکرار کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جیسے فِی الْحَرِّ کی راء۔

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ تکریر کے لغوی معنے ارتعاش واعادہ اور مکرر ہونے کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں طرف رأس لسان کا ایک خاص قسم کا لرزہ اور رعشہ ہے جو " ر " کے ادا کے وقت اُسے لاحق ہو جاتا ہے اور اس میں تکرار کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جیسے رَبُّكَ کی راء۔ اور چونکہ راء میں صفت تکریر پائی جاتی ہے اس لئے اُسے " مُکَرَّرَہٗ " کہنا چاہیئے۔

صفتِ تکریر اگرچہ راء کیلئے لازم ہے مگر اس سے احتراز بھی لازم ہے یعنی راء کے ادا کرنے کے وقت حتی الامکان صفت تکریر کو مخفی رکھنا چاہیئے لیکن احتراز واخفاء کے معنی یہ نہیں کہ راء سے یہ صفت بالکلیہ سلب کرکے اُسے مفقود و معدوم کرلیا جائے اور یہ ممکن بھی نہیں اس لیئے کہ ارتعاش وارتعاد کے لئے تکرار لازم ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ طبعی طور پر مرۃً واحدۃً کے درجہ میں تکریر ادا کرنی چاہیئے۔ اور کثرت مبالغہ سے بچنا چاہیئے ورنہ بجائے ایک راء کے کئی راء ہو جائیں گے۔

صفت تکریر ادا کرنے کیلئے راء کے مخرج میں تصادم جسمین ایسے انداز

Marfat.com

پر ہونا چاہیئے کہ ارتعاد لسان اور تکرار مسموع نہ ہونے پائے اور لافظ وسامع بین المکرر بن فرق وتمیز نہ کر سکے. پس اس صفت کی حقیقت وماہیت وکیمت خوب ذہن نشین کرنا چاہیئے تاکہ اس سے احتراز واجتناب بخوبی ہو سکے.

اَلْقَاعِدَةُ

اَرْ — اِرْ — اُرْ ⁂ اَرْ — اِرْ — اُرْ

وَالْاَمْثِلَةُ

وَانْحَرْ وَأْمُرْ اُنْظُرْ ⁂ اُنْصُرْ اَبْصِرْ اَنْظِرْ

مُقْتَدِرْ مُنْتَصِرْ مُنْتَظِرْ ⁂ مُسْتَكْبِرْ مُتَكَبِّرْ نَسْتَكْبِرْ

اِسْتَغْفِرْ نَسْتَغْفِرْ اِصْبِرْ ⁂ اِصْطَبِرْ تَنْهَرْ اَكْبَرْ

Marfat.com

اَلتَّفَشِّیْ

س : تفشی کسے کہتے ہیں اور وہ کس حرف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : تفشی ایک صفت ہے جو صرف شین معجمہ میں پائی جاتی ہے ۔پس اس کے ادار کے وقت آواز منہ کے اندر پھیل جاتی ہے جیسے ''شَیْءٌ'' کی شین ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ : جاننا چاہیئے کہ تفشی کے لغوی معنے انتشار و انبثاث یعنی پھیلنے کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں ایک خاص قسم کی آواز ہے جو ''ش'' معجمہ کی ادار کے وقت منہ کے اندر پھیل جاتی ہے اور چونکہ شین کو ادار کرتے وقت انتشار صوت فی المخرج ہوتا ہے اس لئے اُسے ''مُتَفَشِّی'' کہنا چاہیئے ۔

صفت تفشی کو اگرچہ بعض مجودینؒ نے ''ف ث ض'' میں بھی ثابت کیا ہے مگر ولی الشاطبیؒ اور علامہ جزریؒ نے اسے صرف ''ش'' معجمہ کیلئے مخصوص کیا ہے اور یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ صفت تفشی ادا کرتے وقت آواز اُوپر کو چڑھنے نہ پائے ورنہ شین پُر ہو جائے گا ۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَشْ — اِشْ — اُشْ ؛ اَشْ — اِشْ — اُشْ

وَالْاَمْثِلَةُ

قُرَیْشٍ وَاَهُشُّ مَعَایِشَ ؛ اَلتَّنَاوُشُ اَلْعَرْشِ

مَنْفُوْشِ کَمِشْکٰوةٍ بَطْشَ ؛ اَلشِّتَآءِ وَالشَّمْسِ

مِنَ الشَّیْطٰنِ وَالشَّجَرِ مَشْکُوْرًا ؛ شُرَکَاءِکُمْ شَاکِرٌ شَاهِدٌ

Marfat.com

اَلْاِسْتِطَالَۃُ

س : استطالت کسے کہتے ہیں وہ کس حرف میں پائی جاتی ہے ؟

ج : استطالت ایک صفت ہے جو فقط " ض " معجمہ میں پائی جاتی ہے۔ بس اس کے ادا کے وقت شروع مخرج سے آخر مخرج تک آواز کو امتداد رہتا ہے جیسے " اَعْرِضْ " کی ضاد۔ اور چونکہ ض معجمہ میں صفت استطالت پائی جاتی ہے اس لیئے اُسے " مُسْتَطِیْل " کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ استطالت کے لغوی معنے امتداد کے ہیں اور اصطلاح مجودین میں امتداد صوت فی المخرج کے ہیں یعنی ضاد کے ادا کے وقت آواز اس کے مخرج میں ممتد ہو جاتی ہے جیسے " اَضَلُّ " کی ضاد اور چونکہ اس میں امتداد صوت پایا جاتا ہے اس لئے اُسے " مُسْتَطِیْل " کہتے ہیں۔

صفت استطالت کی وجہ سے ض کو ادا کرتے وقت شروع مخرج سے آخر مخرج تک آواز کو امتداد ہونی چاہیئے یعنی اس کا مخرج جتنا طویل ہے پورے مخرج میں آواز بھی طویل ہونی چاہیئے۔ تاکہ کیفیت درازی مد کی سی پیدا ہو۔

ضاد کے وسیع اور طویل مخرج میں اس کی مخصوص صفت استطالت اور جَرَیانِ صوت کی وجہ سے اگرچہ فی الجملہ امتداد صوت پایا جاتا ہے مگر بایں ہمہ یہ مدہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ نہ تو اس کی مقدار بقدر دو حرکت ہوتی ہے اور نہ ہی اس کی صوت مخرج سے خارج اور متجاوز ہوتی ہے بلکہ وہ حدودِ مخرج کے اندر ہی محصور و محدود اور مستطیل و ممدود ہوتی ہے یعنی حرف مدہ اور ضاد کی درازی میں فرق

Marfat.com

یہ ہے کہ حرف مدہ میں درازیٔ صوت فی نفسہٖ ہوتی ہے اور ضاد میں درازیٔ صوت فی محلہٖ. اور ایسی درازیٔ صوت کو صفت استطالت کہتے ہیں جو ضاد کیلئے ایسی صفت لازمہ ہے کہ اسی پر صحت ضاد موقوف ہے.

صفت استطالت یعنی امتداد صوت کیلئے وسعت اور طول مخرج کی ضرورت ہے پس اگر حافۂ لسان اضراس علیا سے لگانے کی بجائے رأس لسان ثنایا علیا کی جڑ سے لگے اور استعلاء و الصاق لسان سے کام لیا جائے تو دال موصوف بہ صفت شدت پُر ادا ہو جائے گا لیکن ضاد ادا نہ ہو گا. اس لیئے کہ دال کے مخرج میں اس قدر وسعت نہیں جس میں آواز ممتد ہو سکے. لہٰذا اگر ضاد کو اس کے صحیح مخرج سے مع رعایت جمیع صفات لازمہ ممیزہ ادا کیا جائے تو اشتراک فی الصفات کی وجہ سے اس کی صوت یقیناً مشابہ بالظاء ہو گی نہ کہ مشابہ بالدال کما لا یخفی علی القراء

ضاد کو مشابہ بالدال یا مخلوط بالواو پڑھنا سراسر غلط ہے کیونکہ ہر حرف کو اسی کے مخرج سے نکالنا اور انہیں صفات و کیفیات کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے جن کے ساتھ وہ موصوف اور منزل من اللہ ہے اور یہی تجوید کا مقصود اعظم ہے کہ ہر حرف کو ہیئت کذائیہ اور صفات منزلہ کے ساتھ ادا کیا جائے.

اَلْقَاعِدَةُ

اَضْ ـــ اِضْ ـــ اُضْ ⁂ اَضْ ـــ اِضْ ـــ اُضْ

ضَ ـــ ضِ ـــ ضُ ⁂ ضَ ـــ ضِ ـــ ضُ

اَضَّ ـــ اِضِّ ـــ اُضُّ ⁂ اَضَّ ـــ اِضِّ ـــ اُضُّ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

اَعْرِضْ وَاخْفِضْ وَاغْضُضْ ۞ اُرْكُضْ اَضَلُّ وَاضْمُمْ يَقْبِضُ وَاَيَحْضُّ تَبْيَضُّ ۞ اَنْقَضَ يَعَضُّ بَعْضُنَا عَرَضَ ضَرَبَ يَضُرُّ ۞ مَرَضٌ يَضْرِبُ يَضْرِبُ يَضْحَكُوْنَ وَالضَّفَادِعَ ۞ يُسْتَضْعَفُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔

اَلصِّفَاتُ الْقَوِيَّةُ وَالضَّعِيْفَةُ

س : صفاتِ قویّہ کسے کہتے ہیں اور ضعیفہ کسے اور وہ کیسے معلوم کی جاتی ہیں ؟

ج : وہ ہیں جن میں کسی اعتبار سے قوّت اور مضبوطی پائی جائے اور ضعیفہ وہ ہیں جن میں کسی لحاظ سے ضعف و نرمی پائی جائے پس جہر. شدّت استعلاء اطباق اصمات اور صفیر قلقلہ. انحراف تکریر تفشی. استطالہ صفات قویہ ہیں اور ہمس. رخاوت: استفال. انفتاح. اذلاق اور لین صفات ضعیفہ ہیں۔

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ صفاتِ قویہ معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس طرح تصادمِ جسمین یعنی دو مقابل جسموں کے ٹکراؤ سے صوت و آواز پیدا ہوتی ہے اور آواز سے حرُوف متولّد ہوتے ہیں بالکل اسی طرح اعتماد و الصاقِ جسمین

Marfat.com

یعنی دو جسموں کے لگاؤ اور جماؤ سے حروفِ متولّدہ میں کیفیات پیدا ہوتی ہیں پھر ان ہی کیفیات میں ضعف و قُوّت جیسے حالات و عوارضات پیدا ہو کر مختلف قسم کی مخصوص صفات معرضِ وجود میں آتی ہیں اور راہلِ اداء ان کو مختلف ناموں سے موسُوم کرتے ہیں . . .

پس اگر مخرج میں تصادم جسمین کے وقت اعتماد والصاقِ جسمین میں قُوّت اور مضبوطی جیسی شان پائی جائے تو صفت قوی پیدا ہوگی اور اگر ضعف و نرمی پائی جائے تو صفت ضعیف پیدا ہوگی . چنانچہ . جہر . شدّت . استعلاء . اطباق . اصمات اور صفیر . قلقلہ . انحراف . تکریر . تفشی استطالت . صفاتِ قویہ ہیں . .
اور ہمس . رخاوت . استفال . انفتاح . اذلاق اور لین صفاتِ ضعیفہ ہیں اور توسط بین القوتین ہے .

لیکن ان صفات کی قوی میں بھی نسبتاً فرق اور تفاوت ہے اور ان میں کمی بیشی پائی جاتی ہے . چنانچہ قلقلہ تمام صفات میں قوی تر ہے اس کے بعد شدّت اس کے بعد اطباق و استعلاء کا درجہ ہے اور پھر بتدریج جہر . تفشی . صفیر . اصمات اور استطالت کا مرتبہ ہے .

اسی طرح صفاتِ ضعیفہ کے ضعف میں بھی فرق اور تفاوت ہے چنانچہ رخاوت سب میں ضعیف ہے اور پھر تبدریج ہمس . استفال . انفتاح . اذلاق اور لین کا مرتبہ ہے اور توسط مساوی القوتین ہے .

لیکن اگر غور سے دیکھا جائے اور فہم عمیق سے کام لیا جائے تو صفات کی پانچ قسمیں بن سکتی ہیں . اس لئے کہ اگر تصادمِ جسمین کے وقت اعتماد والصاقِ جسمین میں ق

Marfat.com

بدرجہ اتم پائی جائے تو صفت اقوی پیدا ہوگی اور اگر فی الجملہ قوت تو ہے مگر بدرجہ کمال نہیں تو صفت قوی پیدا ہوگی.

اسی طرح اگر اعتماد والصاق جسمیں ہیں انتہائی ضعف و نرمی پائی جائے تو صفت اضعف پیدا ہوگی اور اگر فی الجملہ ضعف تو ہے مگر انتہائی نہیں تو صفت ضعیف پیدا ہوگی اور اگر ضعف و قوت بدرجہ اعتدال ہے تو صفت متوسط ہوگی.

پس جبکہ قوائے صفات ہیں تساوی اور توافق نہیں بلکہ وہ قویٰ ہیں مختلف ہیں تو حروف بھی باعتبار قویٰ کے مختلف ہوتے ہیں کیونکہ حروف میں ضعف و قوت ان صفات کی وجہ ہی سے پیدا ہوتی ہے اور یہی مختلف قویٰ ہیں جو حروف میں فرق و امتیاز پیدا کر کے ایک دوسرے سے جدا اور ممتاز کر دیتے ہیں حتیٰ کہ ایک مخرج کے کئی حروف بھی الگ الگ کر دیتے ہیں.

Marfat.com

اَلْحُرُوْفُ الْقَوِيَّةُ وَالضَّعِيْفَةُ

س : حروف قویّہ کونسے ہیں اور ضعیفہ کونسے ؟

ج : حروف باعتبار ضعف و قوت کے پانچ قسم پر ہیں ۔

قَوِیْ ۔ اَقْوٰی ۔ ضَعِیْفٌ ۔ اَضْعَفُ ۔ مُتَوَسِّطٌ

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ قوّی حروف معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس حرف کی قوّت معلوم کرنا مطلوب ہو اس کی صفات پر غور کرنا چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ اس میں کون کون سی صفات پائی جاتی ہیں اگر کسی حرف میں جملہ صفات قویہ ہیں یا اس میں کسی ضعیف صفت کے ہونے ہوئے کوئی ایسی قوی صفت بھی موجود ہے جو اس ضعیف صفت پر اثر انداز ہو کر اُسے کالعدم قرار دے دے تو وہ حرف "اَقْوٰی" ہو گا ۔ اور اگر کسی حرف میں کثرت تو صفات قویہ کی ہے اور قلّت صفات ضعیفہ کی تو وہ حرف "قَوِیْ" ہو گا ۔

اسی طرح اگر کسی حرف میں تمام صفات ضعیفہ ہیں تو وہ حرف "اَضْعَفُ" ہو گا اور اگر کسی حرف میں کثرت تو صفات ضعیفہ کی ہے اور قلّت صفات قویہ کی تو وہ حرف "ضَعِیْفٌ" ہو گا ۔ لیکن اگر کسی حرف میں دونوں قسم کی صفات برابر ہیں یا مختلف القوی صفات ایک دوسرے پر اثر انداز ہو کر ضعف و قوت میں اعتدال پیدا کر دیں تو وہ حرف "مُتَوَسِّطْ" ہو گا ۔

اور اگر بنظر عمیق دیکھا جائے تو صفات کے تناسب سے حروف کی چند قسمیں اور بھی بن سکتی ہیں جیسے " اَقْوٰی ۔ قریب بہ اقوٰی ۔ قوی ۔ قریب بہ قوی

Marfat.com

اَضعف. قریب بہ اَضعف. ضعیف قریب بہ ضعیف: فتدبر.

پس. اس معیار مقررہ کے مطابق غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ " ط " تمام حروف میں اقوٰی ہے اس لئے کہ اس میں. جہر. شدّت. استعلاء. اطباق. اصمات اور قلقلہ. جُملہ صفاتِ قویہ ہیں اور کوئی صفت ضعیف اس میں موجود نہیں ہے.

ایسا ہی غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ " ف " تمام حروف میں اضعف ہے اس لئے کہ اس میں ہمس. رخاوت. استفال. انفتاح. اذلاق. جملہ صفات ضعیفہ ہیں اور کوئی صفت قوی اس میں موجود نہیں ہے.

پس (ط ض ظ ق) یہ چار حرف اقوٰی ہیں اور (ض ظ) میں اگرچہ رخاوت ضعیف ہے مگر استعلاء و اطباق جیسے عظیم القوۃ صفات ضعف رخاوت پر اثر انداز ہو کر ان میں قوت پیدا کر دیتی ہیں اور یہ دونوں اقوٰی ہو جاتے ہیں. اسی طرح (ق) میں اگرچہ انفتاح ضعیف ہے مگر شدّت استعلاء اور قلقلہ جیسی عظیم القوۃ صفات ضعفِ انفتاح پر اثر انداز ہو کر اس کے ضعف کو قوت سے بدل دیتی ہیں اور ق اقوٰی ہو جاتا ہے.

ج د ص ع ر ز یہ چھ حروف قوی ہیں اس لئے کہ (ج د) میں جہر. شدّت. اصمات. قلقلہ. صفات قویہ ہیں اور استفال و انفتاح ضعیف (ص) میں استعلاء. اطباق. اصمات. صفیہ قوی ہیں اور ہمس و رخاوت ضعیف (غ) میں جہر. استعلاء. اصمات قوی ہیں اور رخاوت و انفتاح ضعیف (ر) میں جہر. انحراف. تکریر قوی اور استفال. انفتاح. اذلاق ضعیف اور توسط مساوی القوتین ہے اور چونکہ تکریر میں قوت غالب ہے اس لئے ر حروفِ قویہ میں شمار

کی جاتی ہے (ذ) میں جہر، اصمات، صفیر قوی ہیں اور رخاوت، استفال، انفتاح ضعیف مگر صفیر میں قوّت غالبہ ہے۔ اس وجہ سے "ز" حروف قویہ میں شمار ہوتی ہے۔ ء ا ب ت خ ذ ع ك: یہ آٹھ حروف متوسطہ ہیں ہمزہ (أ) میں جہر، شدّت، اصمات قوی ہیں۔ اور استفال، انفتاح ضعیف۔

شدّت۔ اصمات قوی ہیں اور استفال، انفتاح ضعیف۔ الف میں جہر، اصمات قوی ہیں اور رخاوت استفال، انفتاح ضعیف "ب" میں۔ جہر، شدّت، قلقلہ قوی ہیں اور استفال، انفتاح، اذلاق ضعیف "ت" میں شدّت۔ اصمات قوی ہیں اور ہمس، استفال، انفتاح ضعیف "خ" میں استعلاء اصمات قوی ہیں اور ہمس، رخاوت، انفتاح ضعیف (ذ) میں جہر، اصمات قوی ہیں اور رخاوت، استفال، انفتاح ضعیف۔ "ع" میں جہر، اصمات قوی ہیں اور استفال انفتاح ضعیف اور توسط مساوی القوتین "ك" میں شدّت، اصمات قوی ہیں اور ہمس، استفال، انفتاح ضعیف۔

حروفِ متوسطہ میں بین الصّفات فعل وانفعال اور تاثیر وتاثر کی وجہ سے اعتدال پیدا ہو جاتا ہے اسلئے صفاتِ قویہ یا ضعیفہ کی کمی زیادتی کے باوجود وہ متوسطہ کہلاتے ہیں۔

اسی طرح "ث ح ن م ف ھ" یہ چھ حروف اضعف ہیں کیونکہ (ث ح) میں ہمس، رخاوت، استفال، انفتاح ضعیف ہیں اور اصمات اگرچہ قوی ہے مگر مغلوب القوۃ اس لئے یہ دونوں اضعف شمار ہوتے ہیں (ن م) میں استفال، انفتاح، اذلاق ضعیف ہیں اور توسط ضعف و قوت میں برابر اور جہر اگرچہ قوی ہے مگر خفیف القوۃ۔ اس لئے یہ دونوں بھی اضعف ہی شمار ہوتے ہیں۔

Marfat.com

(ف ھ) میں ہمس. رخاوت. استفال. انفتاح اور (ف) میں اذلاق ضعیف ہے اور (ھ) میں اصمات اگرچہ قوی ہے مگر کالعدم اس لئے یہ دونوں اضعف ہیں.

س ش ل و ی، یہ پانچ حروف ضعیف ہیں اس لیئے کہ (س ش) میں ہمس. رخاوت. استفال. انفتاح ضعیف ہیں اور اصمات قوی. س میں صفیر اور (ش) میں تفشی قوی ہیں اس لیئے یہ دونوں ضعیف ہیں "ل" میں رخاوت. استفال. انفتاح. اذلاق ضعیف ہے اور جہر. انحراف قوی اور توسط مساوی القوۃ اس لئے یہ ضعیف ہے "و ی" میں رخاوت. استفال. انفتاح لین ضعیف ہیں اور جہر. اصمات قوی. اس لئے یہ دونوں ضعیف ہیں.

کسی شاعر نے ان حروف کو باعتبار قوی کے چند اشعار میں ترتیب وار بیان کیا ہے وہ اشعار یہ ہیں.

اشعار

اَقْوَی الْحُرُوْفِ الطَّآءُ ضَادٌ مُّعْجَمَۃٌ ؛ وَالظَّآءُ ثُمَّ الْقَافُ وَھِیَ الْخَاتِمَۃ

حُرُوْفِ اَقْوٰی طآء ضاد معجمہ ہیں ؛ اور ظاء پھر قاف اور بس ختم

قَوِیُّھَا جِیْمٌ وَّدَالٌ ثُمَّ رَا ؛ صَادٌ وَّزَایٌ ثُمَّ غَیْنٌ قُرِّرَا

قوی حروف جیم اور دال پھر راء ؛ صاد اور زای ہیں پھر غین ثابت کیا گیا ہے

وَاَوْسَطُ ھَمْزٌ وَّبَاءٌ تَا اَلِفْ ؛ خَاءٌ وَّذَالٌ عَیْنٌ کَافٌ ثُمَّ قِفْ

متوسط ہمزہ اور با تاء الف ؛ خا اور ذال عین کاف ہیں پھر بس

Marfat.com

وَاَضْعَفُ الْحُرُوْفِ ثَاءٌ حَاءٌ ∴ وَالنُّوْنُ وَالْمِيْمُ وَفَاءٌ هَاءٌ

اور حروفِ اضعف ثا حا ∴ اور نون و میم اور فاء ھاء ہیں

ضَعِيْفُهَا سِيْنٌ وَّ شِيْنٌ لَامٌ ∴ وَالْوَاوُ وَالْيَاءُ هِيَ الْخِتَامُ

حروفِ ضعیفہ سین اور شین لام ∴ اور واو و یا ہیں اور یہیں ختم

اِجْتِمَاعُ الصِّفَاتِ فِیْ حَرْفٍ وَّاحِدٍ

س : ایک حرف میں کتنی صفات جمع ہوتی ہیں اور وہ بیک وقت کیسے ادا کی جاتی ہیں؟

ج : ہر ایک حرف میں کم از کم پانچ صفتیں ضرور ہوتی ہیں اس لئے کہ صفات متضادہ میں سے کوئی حرف بچا ہوا نہیں بلکہ مقابل صفات میں سے کوئی نہ کوئی صفت اس میں موجود ہوتی ہے۔ البتہ اگر کسی حرف میں صفات غیر متضادہ میں سے کوئی صفت ہو گی تو اس میں چھ صفات جمع ہو جاتی ہیں لیکن "ر" میں چونکہ غیر متضادہ میں سے انحراف و تکریر دو صفتیں پائی جاتی ہیں اس لیئے اس میں سات صفات جمع ہو جاتی ہیں اور ہر حرف کی جملہ صفات بیک وقت ادا ہوتی رہتی ہیں۔

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ بعض اشیاء کھاتے وقت طرح طرح کی لذتیں محسوس ہوتی ہیں یہ مختلف لذتیں ان اشیاء کی صفات ہوتی ہیں جو قوت ذائقہ سے تعلق رکھتی ہیں اور زبان کے ذریعہ معلوم ہو جاتی ہیں بالکل اسی طرح حرفوں کی یہ مختلف صفتیں بیک وقت ادا ہوتی رہتی ہیں جو قوت سامعہ سے تعلق رکھتی ہیں

Marfat.com

اور سننے سے معلوم ہو جاتی ہیں۔

مثال کے طور پر "تَلَقَّفَ" کی فا اور "يَلْهَثْ" کی ثا پر غور کیا جائے تو ہر ایک میں پانچ پانچ صفتیں پائی جاتی ہیں۔ ہمس۔ رخاوت۔ استفال۔ انفتاح۔ ف میں اذلاق اور "ث" میں اصمات پس ہمس کی وجہ سے دونوں میں سانس جاری اور آواز پست ہے۔ رخاوت کی وجہ سے دونوں کی آواز جاری و نرم ہے استفال کی وجہ سے دونوں کی آواز باریک ہے۔ اور انفتاح کی وجہ سے دونوں کی آواز کھل کر نکلتی ہے۔ نیز ف میں اذلاق کی وجہ سے آواز بسہولت نکلتی ہے اور ث میں اصمات کی وجہ سے کسی قدر مضبوطی اور جماؤ ہے۔ لہذا معلوم ہوا کہ ف اور ث میں بیک وقت پانچ پانچ صفات ادا ہو رہی ہیں۔

یا مثلاً "لَقَدْ" کی دال پر غور کیا جائے تو اس میں جہر۔ شدت۔ استفال۔ انفتاح۔ اصمات اور قلقلہ ہے۔ سو جہر کی وجہ سے سانس بند اور آواز قوی ہے شدت کی وجہ سے آواز سخت اور بند ہے۔ استفال کی وجہ سے آواز باریک ہے۔ انفتاح کی وجہ سے آواز کھل کر اور قلقلہ کی وجہ سے لوٹ کر نکلتی ہے۔ تو معلوم ہوا کہ دال میں بیک وقت چھ صفات ادا ہو رہی ہیں۔

ایسا ہی "اَعْرِضْ" کی ضاد اور "اُغْلُظْ" کی ظاء پر غور کیا جائے تو دونوں میں جہر۔ رخاوت۔ استعلاء۔ اطباق۔ اصمات ہیں اور ضاد میں استطالت بھی ہے۔ تو جہر کی وجہ سے دونوں میں سانس بند اور آواز قوی ہے۔ رخاوت کی وجہ سے دونوں کی آواز جاری و نرم ہے۔ استعلاء اور اطباق کی وجہ سے دونوں کی آواز پُر اور موٹی ہے اور اصمات کی وجہ سے دونوں میں مضبوطی اور جماؤ ہے نیز ضاد میں استطالت

Marfat.com

کی وجہ سے امتداد صوت فی المخرج بھی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ ضاد میں چھ اور ظا میں پانچ صفات بیک وقت ادا ہو رہی ہیں: وَقِسْ عَلٰی ذٰلِكَ كُلَّ حَرْفٍ۔

عقل و فہم سے کام لیا جائے تو یہاں سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ ض اور ظ میں اشتراک فی الصفات کی وجہ سے کسی قدر اشتراک و اشتباہ فی الصوت پایا جاتا ہے لیکن صفت استطالت نے "ض" میں امتداد صوت پیدا کر کے "ظ" سے جدا اور ممتاز کر دیا۔ ورنہ اگر "ض" میں استطالت اور امتداد صوت نہ ہوتی تو ان دونوں میں باہم امتیاز تقریباً محال ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ "ض" کے صحیح ادا کرنے میں طرح طرح کی مشکلات پیش آتی ہیں جن کیلئے مشاق اور معتمد علیہ اساتذہ کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔

ضاد خالص عربی حرف ہے اور جس کلمہ میں ضاد ہوتا ہے وہ ضرور عربی لفظ ہوتا ہے دوسری زبانوں میں استعارۃً مستعمل ہوتا ہے اس لیئے اس کا ادا کرنا نہایت دشوار ہوتا ہے اور بہت کم لوگ اُسے بطریق احسن ادا کرتے ہیں۔ جو لوگ طبعاً اس کے ادا کرنے پر قادر نہیں ہوتے وہ مشق کرنے اور بتلانے کے باوجود کما حقہٗ قادر نہیں ہو سکتے۔ اس لئے اس کے ادا کرنے میں طرح طرح کی تکلفات کرتے ہیں۔ کوئی اُسے خالص ظاء پڑھتا ہے تو کوئی خالص ذال۔ کوئی لام مخلوط بالواو پڑھتا ہے تو کوئی دال مخلوط بالواو۔

غرض جس طرح بھی کسی کی زبان پر اُلٹا سیدھا جاری ہو گیا وہ اسے بزعم خود صحیح تصوّر کرنے لگا پھر وہ اپنی مخترع اور من گھڑت ضاد کو صحیح ثابت کرنے کیلئے نہ صرف بے بنیاد دلائل پیش کرتا ہے بلکہ دوسروں کو بھی اس غلط تلفظ پر مجبور کرتا ہے

Marfat.com

حتیٰ کہ ان کی نماز تک فاسد قرار دے کر فتوے کفر بھی صادر کر دیتا ہے . حالانکہ ضاد کی صحت و عدم صحت کے متعلق صحیح نظریہ قائم کرنا اور صحیح و غلط میں امتیاز کرنا ماہرین فن کا کام ہے اور ماہر کا فرق بھی ماہر ہی سمجھ سکتا ہے .

جَدُوَلُ الصِّفَاتِ وَالْمَوْصُوْفَاتُ

اَلصِّفَاتُ	اِقْتِضَاءٓ الصِّفَاتِ	اَلْمَوْصُوْفَاتُ
اَلْهَمْسُ	جَرَيَانُ النَّفَسِ وَانْخِفَاضُ الصَّوْتِ	فَحَثَّهٗ شَخْصٌ سَكَتَ
اَلْجَهْرُ	اِحْتِبَاسُ النَّفَسِ وَارْتِفَاعُ الصَّوْتِ	عَظُمَ وَزْنُ قَارِئٍ ذِیْ غَضٍّ جِدًّا طَلَبَ
اَلشِّدَّةُ	اِحْتِبَاسُ الصَّوْتِ وَشِدَّةُ الصَّوْتِ	اَجِدُ قَطٍ بَكَتْ
اَلرِّخَاوَةُ	جَرَيَانُ الصَّوْتِ وَرِخَاوَةُ الصَّوْتِ	خُذْ غَثَّ حَظٍّ فُضَّ شَوْصٍ زِيِّ سَاهٍ
اَلتَّوَسُّطُ	تَعْدِيْلُ الصَّوْتِ بَيْنَ الشِّدَّةِ وَالرِّخَاوَةِ	لِنْ عُمَرُ
اَلْاِسْتِعْلَاءُ	اِرْتِفَاعُ اَصْلِ اللِّسَانِ وَتَفْخِيْمُ الصَّوْتِ	خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ

Marfat.com

اَلْاِسْتِفَالُ	اِنْخِفَاضُ اَصْلِ اللِّسَانِ وَتَرْقِیْقُ الصَّوْتِ	ثَبَتَ عِزُّ مَنْ یُّجَوِّدُ حَرْفَهٗ اِذْ سَلَّ شَکَا
اَلْاِطْبَاقُ	اِلْصَاقُ وَسَطِ اللِّسَانِ بِالْحَنَکِ الْاَعْلٰی	ص ض ط ظ
اَلصَّفِیْرُ	صَوْتُ الطَّیْرِ اَوْ صَوْتُ الصَّفَّارَۃ	ص ز س
اَلْقَلْقَلَۃُ	اِنْقِطَاعُ الصَّوْتِ بَعْدَ حُصُوْلِ الْحَرْفِ	قطب جد
اَللِّیْنُ	تَلْیِیْنُ الصَّوْتِ کَالْمَدِّ	ـَ وْ ـَ یْ
اَلْاِنْحِرَافُ	مِیْلَانُ الصَّوْتِ	ل ر
اَلتَّکْرِیْرُ	اِرْتِعَاشُ رَأْسِ اللِّسَانِ	ر
اَلتَّفَشِّیْ	اِنْتِشَارُ الصَّوْتِ فِی الْفَمِ	ش
اَلْاِسْتِطَالَۃُ	اِمْتِدَادُ الصَّوْتِ فِی الْمَخْرَجِ	ض

Marfat.com

جدول الموصوفات والصفات

[illegible]	والصفات	[illegible]	[illegible]
أ	جہر. شدّت. استفال. انفتاح. اصمات	۵	متوسط
ھ	همس. رخاوت: استفال. انفتاح. اصمات	۵	اضعف
ع	جہر. توسط. استفال انفتاح: اصمات	۵	متوسط
ح	همس: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات	۵	اضعف
غ	جہر. رخاوت: استعلاء: انفتاح: اصمات	۵	قوی
خ	همس: رخاوت استعلاء: انفتاح: اصمات	۵	متوسط
ق	جہر: شدت: استعلاء: انفتاح: اصمات: قلقلہ	۶	اقوی
ک	همس: شدت: استفال: انفتاح: اصمات	۵	متوسط
ج	جہر: شدّت: استفال: انفتاح: اصمات: قلقلہ	۶	قوی
ش	همس: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات: تفشی	۶	ضعیف
ی	جہر: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات: لین	۶	ضعیف
ض	جہر: رخاوت: استعلاء: اطباق: اصمات: استطالۃ	۷	اقوی
ل	جہر: توسط: استفال: انفتاح: اذلاق: انحراف	۶	ضعیف
ن	جہر: توسط: استفال: انفتاح: اذلاق: غنہ	۶	اضعف

Marfat.com

ر	جہر: توسط: استفال: انفتاح: اذلاق انحراف تکریر	۷	قوی
ط	جہر: شدّت: استعلاء. اطباق: اصمات: قلقلہ	۶	اقوی
د	جہر: شدّت: استفال: انفتاح: اصمات: قلقلہ	۶	اقوی
ت	ہمس: شدّت: استفال: انفتاح: اصمات	۵	متوسط
ظ	جہر: رخاوت: استعلاء: اطباق: اصمات	۵	اقوی
ذ	جہر: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات	۵	متوسط
ث	ہمس: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات	۵	اضعف
ص	ہمس: رخاوت: استعلاء. اطباق: اصمات: صفیر	۶	قوی
ز	جہر: رخاوت: استفال: أنفتاح: اصمات: صفیر	۶	قوی
س	ہمس رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات: صفیر	۶	ضعیف
ف	ہمس: رخاوت: استفال: انفتاح: اذلاق	۵	اضعف
ب	جہر: شدّت: استفال: انفتاح: اذلاق: قلقلہ	۶	متوسط
م	جہر: توسط: استفال: انفتاح: اذلاق:	۶	اضعف
و	جہر: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات. لین	۶	ضعیف
ا	جہر: رخاوت: استفال: انفتاح: اصمات مفخم یا مرقق	۶	متوسط

وَطُوْبیٰ لِمَنْ اتّصَفَ الْحُرُوْفَ بِصِفَاتِهَا الَّتِیْ تَخْتَصُّ لَهَا ——

Marfat.com





Marfat.com


موصوفة
والإصمات
واللين
والمد
حرف ياء المد


موصوفة
والانفتاح
والإصمات
حرف الهمز

Marfat.com





Marfat.com


مَوْصُوفَةٌ
۱ بالهمس
۲ والرخاوة
۳ والاستفال
۴ والانفتاح
۵ والإصمات
(ح)
حَرْفُ الحَاءِ


مَوْصُوفَةٌ
۱ بالجهر
۲ والرخاوة
۳ والاستعلاء
۴ والانفتاح
۵ والإصمات
(غ)
حَرْفُ الغَيْنِ

Marfat.com


مَوْصُوفَة
والانْفِتَاح
والإصْمَات
خ
حَرْفُ الخَاء


مَوْصُوفَة
والإصْمَات
والقَلْقَلَة
ق
حَرْفُ القَاف


موصوفة
والانفتاح
والاصمات
(ك)
حرف الكاف


موصوفة
والانفتاح
والاصمات
والقلقلة
(ج)
حرف الجيم

Marfat.com





Marfat.com


موصوفة
والإصمات
والاستطالة
مجهورة
(ض)
حرف الضاد

موصوفة
والانفتاح
والإذلاق
والانحراف
مجهورة
(ل)
حرف اللام

Marfat.com


مَوْصُوفَةٌ
وَالانْفِتَاحِ
وَالإِذْلَاقِ
وَالغُنَّةِ الأَصْلِيَّةِ
حَرْفُ النُّونِ المُظْهَرَةِ
(نْ)


مَوْصُوفَةٌ
وَالإِذْلَاقِ
وَالانْحِرَافِ
وَالتَّكْرِيرِ
حَرْفُ الرَّاءِ
(رْ)

Marfat.com


موصوفة
والإصمات
والقلقلة
(ط)
حرف الطاء


موصوفة
والإصمات
والقلقلة
(د)
حرف الدال

Marfat.com


مَوْصُوفَةٌ
١ مَهْمُوسَةٌ
٢ وَشَدِيدَةٌ
٣ وَالاِسْتِفَالُ
٤ وَالاِنْفِتَاحُ
٥ وَالاِصْمَاتُ
(ت)
حَرْفُ التَّاءِ


مَوْصُوفَةٌ
١ مَجْهُورَةٌ
٢ وَرِخْوَةٌ
٣ وَالاِسْتِعْلَاءُ
٤ وَالاِطْبَاقُ
٥ وَالاِصْمَاتُ
(ظ)
حَرْفُ الظَّاءِ

Marfat.com


وَالْاِسْتِفَالُ
۳
وَرِخْوَةٌ
۲
وَالْاِنْفِتَاحُ
۴
مَوْصُوفَةٌ
مَجْهُورَةٌ
۱
وَالْاِصْمَاتُ
۵
(ذ)
حَرْفُ الذَّالِ


وَالْاِسْتِفَالُ
۳
وَرِخْوَةٌ
۲
وَالْاِنْفِتَاحُ
۴
مَوْصُوفَةٌ
مَهْمُوسَةٌ
۱
وَالْاِصْمَاتُ
۵
(ث)
حَرْفُ الثَّاءِ

Marfat.com


موصوفة
والإصمات
والصفير
(ص)
حرف الصاد


موصوفة
والإصمات
والصفير
(ز)
حرف الزاي

Marfat.com


وَالْإِنْفِتَاحُ
وَالْإِصْمَاتُ
مَوْصُوفَةٌ
وَالصَّفِيرُ
(س)
حَرْفُ السِّينِ


وَالْإِنْفِتَاحُ
مَوْصُوفَةٌ
(ف)
حَرْفُ الْفَاءِ

Marfat.com


موصوفة
والانفتاح
والإذلاق
والقلقلة
(ب)
حرف الباء


موصوفة
والانفتاح
والإذلاق
والغنة
(م)
حرف الميم

Marfat.com


موصوفة
١ مجهورة
٣ والاستفال
۴ والانفتاح
۵ والاصمات
۶ واللين
حرف الواو


موصوفة
١ مجهورة
٣ والاستفال
۴ والانفتاح
۵ والاذلاق
۶ والاخفاء
ن
النون المخفاة

Marfat.com

اَلْجُزْءُ التَّاسِعُ فِی الْاِظْهَارِ وَالْاِدْغَامِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْاِظْهَارُ

س : اظہار کسے کہتے ہیں ؟

ج : کسی حرف کو اس کے مخرج سے نکلنے اور اس کی صفات سے موصوف بلا کسی تغیر و تبدل کے ادا کرنے کو "اِظْهَارْ" کہتے ہیں ۔

توضیحُ الجواب۔ جاننا چاہیئے کہ اظہار کے لغوی معنے ظاہر کرنے، سامنے کرنے یا کسی شے کو اصل حالت میں پیش کرنے اور اس کی پوری حقیقت بتانے کے ہیں اور اصطلاح اہلِ اداء میں کسی حرف کو اس کے مخرج سے نکلتا اور بہمہ صفات موصوف بغیر کسی تغیر و تبدل کے اداء کرنے کو "اِظْهَارْ" کہتے ہیں ۔

اِظْهَارْ ایک ایسی اداء ہے جس کی وجہ سے حرف کی پوری حقیقت ... کمیت اور اصلی حالت پورے کمال و جمال کے ساتھ ظاہر ہو جاتی ہے ... وہ اپنے ہم جنس و ہم قرب سے جدا اور ممتاز ہو جاتا ہے اور جس حرف ... کیا جاتا ہے اسے "مُظْهَرْ" کہتے ہیں اور جس سے اظہار کیا جاتا ہے اسے "مُظْهَرْ عَنْهُ" کہتے ہیں ۔

علم اداء میں اصل اظہار ہے اور اسی وجہ سے اس کے صفتِ عارضہ ہونے

Marfat.com

میں کلام ہے۔ مگر مجوّدینِ کرام اسے عادۃً اور مقابلۃً ذکر کرتے ہیں تاکہ محلِ اظہار میں مظہر کی حفاظت کی جائے۔ اور مظہر عنہ سے جدا اور ممتاز پڑھا جائے اور ہم جنس وغیرہ کے ساتھ خلط نہ ہو جائے۔

ہر حرف متحرک اپنی حرکت کی وجہ سے ظاہر پڑھا جاتا ہے اور زبان پر اخف و اسہل ہوتا ہے الّا وہ حرف ساکن جس کا اظہار بُعدِ مخرج کی وجہ سے لازم ہو۔ آگے چل کر دوسرے قاعدوں کی ضد سے معلوم ہو جائے گا اس لئے اظہار کا کوئی قاعدہ مرتب نہیں کیا گیا اور نہ ہی اس کی ضرورت محسوس کی گئی ہے۔

اَلْاِدْغَامُ

س: ادغام کسے کہتے ہیں؟

ج: ایک حرف کو دوسرے حرف میں داخل کرنے اور ملانے اور مثل ایک حرف مشدد کے پڑھنے کو "ادغام" کہتے ہیں۔ پھر جس کو ملاتے ہیں اسے "مُدْغَمْ" اور جس میں ملاتے ہیں اُسے "مُدْغَمْ فِیْہِ" کہتے ہیں۔

توضیحُ الجواب:۔ جاننا چاہیئے کہ ادغام کے لغوی معنے "اِدْخَالُ الشَّیْءِ فِی الشَّیْءِ" کے ہیں۔ یعنی ایک شئے کو دوسرے شئے میں ملانے اور داخل کرنے کو "اِدْغَامْ" کہتے ہیں۔ جیسے اہلِ لسان گھوڑے کے منہ میں لگام دے دیتے ہیں تو کہتے ہیں۔ اَدْغَمْتُ اللِّجَامَ فِیْ فَمِ الْفَرَسِ۔ یا جب میت کو لحد میں رکھ دیتے ہیں تو کہتے ہیں "اَدْغَمْتُ الْمَیِّتَ فِی اللَّحْدِ"

اور اصطلاحِ مجوّدین میں "خَلْطُ الْحَرْفَیْنِ الْمُتَمَاثِلَیْنِ اَوِالْمُتَجَانِسَیْنِ

Marfat.com

اَیِ الْمُتَقَارِبَیْنِ. فَیَصِیْرَانِ حَرْفًا وَّاحِدًا مُّشَدَّدًا، یَرْتَفِعُ اللِّسَانُ عِنْدَ النُّطْقِ بِہِمَا اِرْتِفَاعَۃً وَّاحِدَۃً "یعنی دو حرف متماثلین متجانسین متقاربین کو باہم اس طرح ملانا اور خلط کرنا کہ وہ دونوں حرفِ واحد مشدد کی طرح بن جائیں اور اسے ادا کرتے وقت زبان ایک مرتبہ اُٹھے اور دو برابر دو حرفوں کے برابر لگے. پھر جس حرف کا ادخال ادغام کرتے ہیں اُسے "مُدغَم" کہتے ہیں" اور جس میں ادغام کرتے ہیں اسے "مُدْغَمْ فِیْہ" کہتے ہیں.

ادغام باعتبار حقیقت دو قسم پر ہوتا ہے "رسمًا و لفظًا" ادغام رسمًا وہ ہوتا ہے جس میں مدغم مرسوم و مقطوع نہ ہو بلکہ موصول و مفقود ہو اور صرف مدغم فیہ مشدد صورت میں موجود ہو. پھر یہ ادغام اگر کلمۂ واحدہ میں ہو تو وضع کلمہ کے وقت کیا جاتا ہے جیسے. مَدَدَ. مَرْدَدَ سے "مَدَّ. مَرَّ" اور اگر دو کلموں میں ہو تو رسم کلمہ کے وقت کیا جاتا ہے جیسے. اَنْ لَّا اِلٰہَ اور عَنْ مَا سے "اَلَّا اِلٰہَ. عَمَّا" اور بعد ادغام کے دونوں کلموں کو ایک ہی کلمہ تصور کیا جاتا ہے اسی وجہ سے وقف بین الکلمہ جائز نہیں.

اور ادغام لفظًا وہ ہوتا ہے جب کہ مدغم اور مدغم فیہ دونوں مرسوم و مکتوب ہوں. خواہ کلمہ ایک ہو یا دو. اور بوقت ادغام مدغم کو مدغم فیہ میں ملا دیا جائے یعنی تلفظ ایسے انداز پر کیا جائے کہ مدغم. مدغم فیہ میں مل کر حرفِ واحد مشدد کی طرح ہو جائے اور ایک ہی حرف مشدد سنائی دے.

ادغام لفظًا میں چونکہ مدغم و مدغم فیہ مرسوم و مقطوع اور موجود ہوتے ہیں اس لئے ادغام لفظی کے لئے کچھ اسباب و علل ہوتے ہیں اور کچھ شروط و قیود بس

Marfat.com

سبب و علت مماثلتِ حرفین یا قرب و اتحادِ مخرج ہوتا ہے اور غرض و غایت دفعِ ثقل اور فصاحتِ کلام. یعنی جب دو حرف متحد المخرج یا قریب المخرج متصل واقع ہوتے ہیں تو اظہار کی صورت میں تصادمِ جسمین محل واحد یا محل اقرب میں مکرر ہوتا ہے اور اس مکرر اور پے در پے تصادم کی وجہ سے انتہائی طور پر ثقل پایا جاتا ہے اور حرف اول کی اداء نہایت دشوار. کیونکہ حرف پایۂ تکمیل کو اس وقت پہونچتا ہے جب کہ تصادم کے بعد انفصالِ جسمین وقوع میں آجائے. اور اس حالت میں حرفِ اول کی تکمیل کے لئے انفصالِ جسمین اور انقطاع صوت متعسّر اور تقریباً محال ہوتا ہے خصوصًا جب کہ حرفِ اول غیر مقلقل ہو.

پس جب کہ ایسی حالت میں حرف اول کے اظہار و اکمال سے زبان قاصر اور عاجز ہوتی ہے اس لئے اہل لسان اور مجودین کرام دفعًا للتعسّر اور طلبًا لخفۃ اللفظ ادغام کیا کرتے ہیں تاکہ حرف اول کی اداء و تحفظ سے مستغنی ہو کر صرف حرف ثانی کی حفاظت کی جائے اور کسی قسم کے تکلف کے بغیر انتہائی حسن و خوبی سے مدغم فیہ ادا کیا جاسکے.

لیکن قرب مخرج کا یہ مطلب نہیں کہ مدغم و مدغم فیہ بالکل ہی متصل المخرج ہوں بلکہ جن دو حرفوں کا ادغام قراءۃً ثابت ہو اور مجودین کرام نے قریب المخرج تصوّر کئے ہوں وہی متقارب المخرج کہلاتے ہیں اگرچہ وہ بظاہر متباعد المخرج ہوں.

اور جن دو حرفوں میں ادغام قراءۃً ثابت اور منقول نہ ہو. وہ اگرچہ متصل المخرج ہوں مگر عند المجودین وہ متباعد المخرج تصوّر کئے جاتے ہیں کیونکہ ثبوت قراءت ہی اصل الاصول ہے اور بہر حال وہی مقدم ہے. یہی وجہ ہے کہ قریب المخرج

Marfat.com

ہوتے ہوئے بھی ایک کا ادغام جائز ہوتا ہے اور دوسرے کا ناجائز اور ممنوع۔

مدغم و مدغم فیہ کی ظاہری حالت یعنی حرکت و سکون کے اعتبار سے ادغام لفظاً دو قسم پر ہوتا ہے ادغام کبیر اور ادغام صغیر۔ جب دو حرف متماثلین، متجانسین یا متقاربین متصل واقع ہوں اور دونوں متحرک ہوں اور ادغام کی خاطر پہلے کو ساکن کیا جائے اور پھر ادغام کیا جائے جیسے "لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ"۔ تو اس میں چونکہ عمل کثیر پایا جاتا ہے اس لئے اسے "ادغامِ کبیر" کہتے ہیں

ادغامِ کبیر قراءاتِ سبعہ وغیرہ میں بکثرت کیا جاتا ہے۔ مگر روایت حفص بن سلیمان عن العاصم میں منقول نہیں ہے اس لئے اس کا کوئی عنوان اور قاعدہ مرتب نہیں کیا جاتا۔

اَلْاِدْغَامُ الصَّغِیْرُ

س : ادغامِ صغیر کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو حرف متماثل، متجانس یا متقارب جمع ہوں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو، اور پہلے حرف کا دوسرے میں ادغام کیا جائے تو اُسے "اِدْغَامِ صَغِیْر" کہتے ہیں

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ ادغام صغیر خواہ متماثلین کا ہو یا متجانسین اور متقاربین کا اس کے لئے تین شرطیں ہیں اول یہ کہ مدغم پہلے سے ساکن ہو، دوم یہ کہ مدغم فیہ متحرک ہو اور سوم یہ کہ قراءۃً ثابت اور منقول ہو۔ پس اگر ان شروط ثلاثہ میں سے کوئی شرط مفقود ہو جائے خصوصاً شرط ثالث تو ادغام

Marfat.com

نہیں کیا جائے گا اس لئے کہ تجوید و قراءت میں دار و مدار نقل اور صحت روایت پر ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اگر دیگر شروط و علل موجود ہوں مگر نقل و روایت مفقود تو ادغام ناجائز اور ممنوع ہوتا ہے

ادغام صغیر میں چونکہ نسبتاً عمل قلیل پایا جاتا ہے اس لئے ادغام صغیر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ پھر چونکہ دو حرف یعنی مدغم مدغم فیہ متماثل ہوتے ہیں۔ یا متجانس اور یا متقارب اس لئے ادغام صغیر باعتبار وقوع و محل کے تین قسم پر ہوتا ہے۔

۱: ادغامِ متماثلین (۲) ادغامِ متجانسین (۳) ادغامِ متقاربین۔

اِدْغَامُ الْمُتَمَاثِلَیْنِ

س: ادغام متماثلین کسے کہتے ہیں؟

ج: جب دو حرف ہم مثل متصل واقع ہوں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو تو پہلے کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے اسے "ادغام متماثلین" کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب:۔ جاننا چاہیئے کہ جب دو حرف ذاتاً و صفتاً متفق ہوں اور متصل واقع ہوں اگرچہ بین المثلین الف فاصل واقع ہو یعنی جب ایسے دو حرف جمع ہوں جن کا مخرج اور جملہ صفات مشترک ہوں اور پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو اول کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیے اور دونوں کو مثل ایک حرف مشدد کے پڑھنا چاہیئے اسے "ادغام متماثلین" کہتے ہیں۔

ادغام متماثلین کے لئے یہ شرط ہے کہ: حرف اول ھٰلِ سکتہ نہ ہو جیسے سورۃ

Marfat.com

الحاقہ میں " مَالِيَهْ هَلَكَ " کیونکہ سکتہ مانع ادغام ہے تاہم بروایت حفص بن سلیمان عن العاصم اس میں اظہار و ادغام دونوں ثابت و جائز ہیں مگر اول ارجح وافضل ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَبْ بَّ. اَثْ تَّ. اَتْ ثَّ ⁘ اَجْ جَّ. اَجُ حَّ. اَخْ خَّ
اَدْ دَّ اَذْ ذَّ اَرْ رَّ ⁘ اَزْ زَّ. اَسْ سَّ. اَشْ شَّ
اَصْ اَصَّ. اَطْ طَّ. اَظْ ظَّ ⁘ اَعْ عَّ. اَغْ غَّ. اَفْ فَّ
اَقْ قَّ. اَكْ كَّ. اَلْ لَّ ⁘ اَمْ مَّ. اَنْ نَّ. اَوْ وَّ
اَهْ هَّ ⁘ اَیْ یَّ

وَالْاَمْثِلَةُ

اِذْهَبْ بِّكِتَابِیْ ⁘ وَالْكُتُبْ بِّبَيْنَكُمْ
وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ ⁘ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ
اِذْ ذَّهَبَ. وَاذْكُرْ رَّبَّكَ ⁘ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ. تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ
يُدْرِكْكُّمُ. قُلْ لَّكُمْ ⁘ قُلْ لِّلّٰهِ. قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ
اَمْ مَّنْ. لَنْ نَّصْبِرَ ⁘ لَنْ نَّدْعُوَا. وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ
عَصَوْا وَّكَانُوْا. اَوْ وَّزَنُوْهُمْ ⁘ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ. اٰوَوْا وَّنَصَرُوْا
يُوَجِّهْهُ. يُكْرِهْهُّنَّ ⁘ اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا

Marfat.com

ثُوْا تَّقَوْا وَّ اٰحْسَنُوْا بَلْ لَّعَنَہُ ؛ قَدْ دَّخَلُوْا اِتَّقَوْا وَّنَذَرُ

اِدْغَامُ الْمُتَجَانِسَیْنِ

س : ادغام متجانسین کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو حرف متجانس متصل واقع ہوں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو تو پہلے کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیے اسے "ادغام متجانسین" کہتے ہیں۔

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ جب دو حرف ذاتاً متفق ہوں اور صفتاً مختلف اور متصل واقع ہوں یعنی جب ایسے دو حرف جمع ہوں جن کا مخرج تو ایک ہو مگر صفات مختلف ہوں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو تو پہلے حرف کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے اور دونوں کو مثل ایک حرف مشدد کے پڑھنا چاہیئے اسے "ادغام متجانسین" کہتے ہیں۔

ادغام متجانسین کیلئے دو شرطیں ہیں ایک یہ کہ پہلا حرف یعنی مدغم حرف مدہ نہ ہو جیسے : اٰمَنُوْا وَعَمِلُوْا. قَالُوْا وَهُمْ. قَاتِلُوْا وَقُتِلُوْا. ج.

فِیْ یَوْمٍ. فِیْ یُوْسُفَ ؛ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ. اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ اَلَّذِیْ یَشْفَعُ. اِنِّیْ یَدْعُوْکَ کیونکہ حرف مدہ کی صفت مدین کے بقاء کے پیش نظر ادغام جائز نہیں ہے اسی وجہ سے عند القراء یہ مد تمکین کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور قاری کیلئے لازم ہوتا ہے کہ حَذَرًا مِّنَ الْاِدْغَامِ وَالْاِسْقَاطِ. بَیْنَ الْوَاوَیْنِ وَبَیْنَ الْیَائَیْنِ. مد لطیفہ سے بہ مقدار مد طبعی فصل کرے

Marfat.com

دوم یہ کہ مدغم حرف حلقی نہ ہو جیسے فَسَبِّحْهُ. اَبْلِغْهُ. فَاصْفَحْ عَنْهُمْ. اَفْرِغْ عَلَيْنَا، کیونکہ حروف حلقی اپنی صعوبت کی وجہ سے بعید عن الادغام ہیں. پس حروف حلقی کا ادغام متجانسین لغتاً و روایۃً جائز نہیں ہے۔

ادغام متجانسین کے لئے مدغم کو مدغم فیہ کا مثل بنانا ضروری ہوتا ہے جیسے یَلْهَثْ ذٰلِكَ میں پہلے: ث: کو ذال سے بدلنا چاہیئے اور پھر ادغام کرنا چاہیئے۔ تاکہ ادخال حرف فی الحرف بطریق احسن ہو سکے لیکن یہ مثل بنانا از روئے تجوید و قراءۃ دو طرح سے ہوتا ہے ایک یہ کہ مدغم کو بالکل مدغم فیہ کا مثل بنا دیا جائے۔ دوم یہ کہ مدغم کی کسی صفت کو باقی رکھا جائے. پس مدغم کی اس نوعیت کے اعتبار سے ادغام متجانسین دو قسم پر ہے.. **تام اور ناقص**

پس اگر مدغم کو بالکلیہ مدغم فیہ کا مثل بنا دیا جائے اور اس کا کچھ اثر باقی نہ رہے یعنی مدغم کو مدغم فیہ کی جملہ صفات سے موصوف کیا جائے اور دونوں ہم صفت بنا کر پھر ادغام کیا جائے جیسے "قَدْ تَّبَيَّنَ" یَلْهَثْ ذّٰلِكَ: تو ایسے اِدْغَام کو "اِدْغَامِ تَام" کہتے ہیں.

اور اگر مدغم کی کسی صفت کو باقی ر[illegible] جائے اور اُسے اس صفت سے کماحقہ موصوف رکھتے ہوئے ادغام کیا جائے جیسے "اَحَطْتُّ وَ بَسَطْتَّ. تو ایسے اِدْغَام کو: اِدْغَامِ نَاقِص: کہتے ہیں.

ادغام ناقص کی غرض یا تو یہ ہوتی ہے کہ مدغم قوی ہوتا ہے. اور مدغم فیہ غیر قوی اور قوی کا ادغام و ادخال غیر قوی میں دشوار. اس لئے مجودین کرام اور قراء عظام مدغم کی صفت عالی کو باقی رکھتے ہیں تاکہ وہ مدغم فیہ میں ملانے کے قابل ہو جائے جیسے

Marfat.com

اَحَطْتُّ ۔ بَسَطْتَّ ۔ مَا فَرَّطْتُّ ۔ مَا فَرَّطْتُّمْ ۔

یا اس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ مدغم کی کسی خاص صفت کی وجود و بقاء عند القراء لازم ہوتا ہے اس لئے کہ وہ صفت بذاتِ خود مستقل حرف بھی ہوتا ہے جس کا ادغام روایتہً جائز نہیں ہوتا جیسے نون ساکن و تنوین کا ادغام حروف یمنو میں ناقص ہوتا ہے ۔

ادغام متجانسین فقط طا کا تا میں ناقص ہوتا ہے اور فقط چار کلمات میں وارد ہے ۔ جو امثلہ کی ابتداء میں مرسوم ہیں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ طا کی صفت اطباق کو باقی رکھتے ہوئے تا میں اس طرح ادغام کرنا چاہیئے کہ ت کے مخرج میں نوک زبان لگنے وقت وسط زبان کو تالو سے ملصق کر لیا جائے تاکہ طاء مدغم کی صفت اطباق ادا ہو جائے اور نوک زبان مخرج میں لگی رہے تا دفتکہ تاء مدغم فیہ مشدد ادا ہو جائے ۔

ادغام متجانسین ث کا ذ میں فقط ایک ہی جگہ واقع ہے یَلْهَثْ ذٰلِكَ ؛ اور د کا ت میں اور ذ اذْ کا ظ میں اور تاء تانیث کا ط د میں کئی جگہ واقع ہے جو ان ہی حروف کے ساتھ مخصوص ہے ۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَثْ ذَّ ۔ اَطْ تَّ

اَتْ دَّ ۔ اَتْ طَّ ۔ اِذْ ظَّ ۔ اَدْ تَّ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

لَئِنْ بَسَطْتَّ	⁘	فَقَالَ اَحَطْتُّ
مَا فَرَّطْتُّ	⁘	مَا فَرَّطْتُّمْ
يَلْهَثْ ذّٰلِكَ	⁘	قَدْ تَّبَيَّنَ
لَقَدْ تَّابَ	⁘	وَلَقَدْ تَّرَكْنَا
لَقَدْ تَّقَطَّعَ	⁘	مَا عَبَدْتُّمْ
لَقَدْ كِدْتَّ	⁘	وَاِنْ اَرَدْتُّمْ
يَوْمَ وُلِدْتُّ	⁘	اَنْ عَبَّدْتَّ
اِذْ ظَّلَمُوْا	⁘	اِذْ ظَّلَمْتُمْ
وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ		وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ

اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا ⁘ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ

Marfat.com

اِدْغَامُ الْمُتَقَارِبَیْن

س : ادغام متقاربین کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو حرف متقارب المخرج متصل واقع ہوں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو تو پہلے کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے اسے "اِدْغَامِ مُتَقَارِبَیْن" کہتے ہیں۔

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ جب دو حرف ذاتاً وصفتاً مختلف ہوں اور متصل واقع ہوں۔ یعنی جب ایسے دو حرف جمع ہوں جن کا مخرج قریب ہو اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو تو پہلے حرف کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے اور مثل ایک حرف مشدد کے پڑھنا چاہیئے پس ایسے ادغام کو "اِدْغَامِ مُتَقَارِبَیْن" کہتے ہیں۔

ادغام متقاربین کے لئے بھی دو شرطیں ہیں ایک یہ کہ مدغم حرف حلقی نہ ہو جیسے "لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا" کیونکہ حرف حلقی کا ادغام غیر حلقی میں جائز نہیں۔ .

دوم یہ کہ مدغم لام فعل نہ ہو جیسے "قُلْنَا. فَعَلْنَا. قَتَلْنَا. جَعَلْنَا. ضَلَلْنَا. ظَلَلْنَا. اَرْسَلْنَا. اَنْزَلْنَا. فَضَّلْنَا. اَدْخِلْنِیْ. اَنْزِلْنِیْ. اِجْعَلْنِیْ قُلْ نَعَمْ. قُلْ نَارُ. فَلْتَقَطَهٗ. وَلْتَاْتِ. اِلْتَقٰی. فَلْتَقَمَهٗ قُلْ سَمُّوْهُمْ: فَقُلْ سَلٰمٌ. قُلْ تَمَتَّعُوْا: قُلْ تَعَالَوْا. قُلْ صَدَقَ. وغیرہ کلمات میں ادغام نہیں. بلکہ سختی کے ساتھ اظہار کرنا چاہیئے تاکہ لام فعل اپنے مابعد میں خلط نہ ہو جائے بلکہ جدا اور ممتاز رہے . . . .

Marfat.com

ایسا ہی لام: هَلْ و بَلْ: کا ادغام: سوا ر کے علاوہ کسی اور حرف متقارب میں جائز نہیں ہے لہذا: هَلْ تُجْزِی: هَلْ نُنَبِّئُكُم: هَلْ تَرَىٰ لَكُم هَلْ تُجْزَوْنَ. هَلْ تَعْلَمُ. هَلْ ثُوِّبَ. بَلْ نَقْذِفُ بَلْ نَحْنُ. بَلْ نَتَّبِعُ. بَلْ تَأْتِيهِم. بَلْ زَعَمْتُمْ. بَلْ طَبَعَ. بَلْ ظَنَنتُمْ. بَلْ ضَلُّوا. وغیرہ الفاظ میں ادغام نہیں بلکہ شدت کے ساتھ اظہار کرنا چاہیئے تاکہ لام هل وبَلْ اپنے مابعد سے جدا اور ممتاز رہے اسی طرح جب: بَلْ رَانَ میں لام بَلْ پر سکتہ کیا جائے تو ادغام نہ ہوگا۔

ادغام متقاربین کے لئے بھی مدغم کو مدغم فیہ کا مثل بنانا لازم اور ضروری ہوتا ہے کیونکہ بغیر اس کے ادغام ممکن نہیں ہے نیز یہ ادغام بھی مدغم کی مخصوص نوعیت کے پیش نظر دو قسم پر ہوتا ہے تام اور ناقص

ادغام متقاربین ناقص بروایت حفص بن سلیمان عن العاصم نون ساکن و تنوین کا بطور قاعدہ کلیہ کے ہوتا ہے جس کا مفصل حال آگے معلوم ہوگا انشاء اللہ اور ق: کا: ک میں ادغام ناقص فقط ایک جگہ سورۂ مرسلات میں لفظ " اَلَمْ نَخْلُقكُّم " میں جوازاً مروی ہے. پس ق کی صفت استعلاء کو باقی رکھتے ہوئے ادغام کرنا چاہیئے. اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ک. کے مخرج میں اقصی زبان لگنے وقت جڑ زبان کو بھی اوپر تالو کی طرف بلند کرنا چاہیئے تاکہ ق کی صفت استعلاء ادا ہو جائے اور زبان مخرج میں لگی رہے تا وقتیکہ ک مشدد ادا ہو جائے اور مذکورہ لفظ میں ادغام ناقص اگرچہ جائز ہے مگر تام اولیٰ اور افضل ہے.

Marfat.com

ادغامِ متقاربین تام ب کا م میں فقط ایک ہی جگہ ثابت و مروی ہے لفظ "اِرْكَبْ مَّعَنَا" میں اور اس میں اظہار اگرچہ جائز ہے لیکن ادغام اولیٰ ہے اور ادغام کی صورت میں جب کہ ب کو م سے بدل دیا جائے تو غنہ لازم ہوگا اور اظہار کی صورت میں قلقلہ واجب ہوگا۔

لام کا ادغام ر میں بطور قاعدہ کلیہ کے ہوتا ہے لیکن اس کا عکس یعنی راء کا ادغام ل میں باوجود علت پائے جانے کے بھی جائز نہیں ہے لہٰذا اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ، نَغْفِرْ لَكُمْ، اِغْفِرْ لِيْ، اَنِ اشْكُرْ لِيْ جیسے کلمات میں ادغام نہیں بلکہ انتہائی سختی کے ساتھ اظہار کرنا چاہیئے تاکہ راء لام سے جدا اور منقطع رہے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَقْ كَّ　　　　اَبْ مَّ　　　　اَلْ رَّ

وَالْاَمْثِلَةُ

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ	؛	يٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا
قُلْ رَّبِّيْ	؛	بَلْ رَّبُّكُمْ
بَلْ[1] رَّانَ	؛	بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ

لہ : یہ صورت ادغام کی ہے۔ اور سکتہ کرتے وقت لام کا اظہار ہوگا کیونکہ سکتہ مانع ادغام ہے۔

Marfat.com

لَامُ التَّعْرِیْفِ

س : لامِ تعریف کسے کہتے ہیں ؟

ج : اہلِ عرب جب اسم نکرہ کو معرفہ بناتے ہیں اور کسی عام اسم کو خاص کرتے ہیں تو اُسے شروع میں الف لام لگا دیتے ہیں جسے وہ اپنی اصطلاح میں لامِ تَعْرِیْفْ " کہتے ہیں اور کتبِ تجوید و قراءت میں اسے " لامِ . اَلْ " کہتے ہیں.

توضیحُ الْجَواب :۔ جاننا چاہیئے کہ اہلِ لسان اور مجودین کرام باستثناء الف حروف ہجاء کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں اور شمس و قمر کی طرف منسوب کرتے ہیں. چنانچہ چودہ حرفوں کو لامِ . اَلْ . سے بعید المخرج قرار دیتے ہیں اور تشبیھاً بالقمر حروفِ قمری کے نام سے موسوم کرتے ہیں. اور چودہ حرفوں کو لامِ . اَلْ سے قریب المخرج قرار دیتے ہیں اور تشبیھاً بالشمس حروفِ شمسی کے نام سے موسوم کرتے ہیں. اور جب حروفِ ہجاء کو قمری اور شمسی میں تقسیم کر چکے تو اس مناسبت سے لامِ . اَلْ . کو نجم سے تشبیہ دینے لگے.

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ؎

فَزَیْنَبُ شَمْسٌ وَالنِّسَآءُ کَوَاکِبُ.
اِذَا مَا طَلَعَتْ لَمْ تُبْقِ مِنْہُنَّ کَوْکَبَ

پس زینب سورج کی مانند ہے اور باقی عورتیں ستاروں کی مانند. جس طرح سورج کے طلوع ہونے پر ستارے معدوم ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح زینب کی آمد سے عورتیں غائب ہو جاتی ہیں۔

کوکب و لام است ظاہر با قمر ؎ چوں برآید شمس بود جلوہ گر

پس لامِ تعریف یا لامِ . اَلْ . کا حال ما بعد کے حروف پر موقوف ہوتا ہے

Marfat.com

اور انہی حروف کی طرف منسوب کیا جاتا ہے ——— لہٰذا. لام. اَلْ.
دو قسم پر ہوتا ہے. لام قمری و لام شمسی.

اَللَّامُ الْقَمْرِيَّةُ وَالْحُرُوْفُ الْقَمْرِيَّةُ

س : لام قمری کسے کہتے ہیں اور حروفِ قمری کسے؟

ج : دیکھیے یہ چودہ حرف :-

"أ ب غ ج ح ك و خ ف ع ق ى م ه"

"جن کا مجموعہ"

"اِبْغِ حَجَّكَ وَخَفْ عَقِيْمَهٗ" ہے حروفِ قمری کے نام سے مشہور ہیں. پس جب لامِ. اَلْ. کے بعد اُن چودہ حرفوں میں سے کوئی حرف واقع ہو، تو لامِ. اَلْ. کا اظہار کرنا چاہیئے اس لئے اسے "لامِ قمری" کہتے ہیں.

توضیحُ الجواب :- جاننا چاہیئے کہ قمر کے ہوتے ہوئے نجوم ظاہر رہتے ہیں اور ان کی روشنی قمر کی روشنی میں مدغم نہیں ہوتی بلکہ پورے کمال کے ساتھ ظاہر رہتی ہے. لہٰذا. لامِ. اَلْ. جو بمنزلہ نجم کے ہے. قمر کے ہوتے ہوئے ظاہر رہنا چاہیئے یعنی وہ اپنی ذات و صفات کے ساتھ ظاہر اور مابعد سے جدا. اور ممتاز رہنا چاہیئے پس جیسا کہ لفظ "اَلْقَمَرُ" میں لامِ. اَلْ. ظاہر ہے اور ق میں مدغم نہیں اسی طرح دیگر حروفِ قمریہ کے قبل لامِ. اَلْ. کا اظہار کرنا چاہیئے اس لئے اسے "لامِ قمری" کہتے ہیں پس گویا جزء کے نام پر کل کا نام رکھا گیا ہے اور علتِ اظہار بُعدِ مخرج ہے.

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَلْاَلِفُ. اَلْبَاءُ. اَلْغَيْنُ. اَلْحَاءُ. اَلْجِيْمُ
اَلْكَافُ. اَلْوَاوُ. اَلْطَّاءُ. اَلْفَاءُ. اَلْعَيْنُ
اَلْقَافُ. اَلْيَاءُ. اَلْمِيْمُ. اَلْهَاءُ.

وَالْاَمْثِلَةُ

اَلْاُمُّ	اَلْاَرْضُ	اَلْاَمْنُ	اَلْاٰخِرَةُ	اَلْاٰزِفَةُ	اَلْاٰيٰتُ
اَلْبَرْقُ	اَلْبَحْرُ	اَلْبِرُّ	اَلْبِلَادُ	اَلْبَصِيْرُ	اَلْبِغَالُ
اَلْغَنَمُ	اَلْغَمَامُ	اَلْغَمُّ	اَلْغَيْظُ	اَلْغَضَبُ	اَلْغُرُوْرُ
اَلْحَقُّ	اَلْحُرُّ	اَلْحَجُّ	اَلْحُكْمُ	اَلْحَكِيْمُ	اَلْحَيٰوةُ
اَلْجِنُّ	اَلْجَنَّةُ	اَلْجُلُوْدُ	اَلْجَحِيْمُ	اَلْجَرَادُ	اَلْجِبَالُ
اَلْكِتٰبُ	اَلْكَرِيْمُ	اَلْكَبِيْرُ	اَلْكُفْرُ	اَلْكٰفِرُوْنَ	اَلْكٰظِمِيْنَ
اَلْوَزْنُ	اَلْوَعْدُ	اَلْوُفُوْدُ	اَلْوَاقِعَةُ	اَلْوَاجِفَةُ	اَلْوِلْدَانُ
اَلْخَمْرُ	اَلْخَيْطُ	اَلْخَيْرُ	اَلْخُرُوْجُ	اَلْخٰسِرُوْنَ	اَلْخٰشِعُوْنَ
اَلْفَجْرُ	اَلْفَصْلُ	اَلْفَضْلُ	اَلْفِتْنَةُ	اَلْفَسَادُ	اَلْفٰسِقُوْنَ
اَلْعِلْمُ	اَلْعَلِيْمُ	اَلْعٰلَمِيْنَ	اَلْعَذَابُ	اَلْعِقَابُ	اَلْعَظِيْمُ
اَلْقَمَرُ	اَلْقَدْرُ	اَلْقُرْاٰنُ	اَلْقَارِعَةُ	اَلْقِيٰمَةُ	اَلْعُقُوْدُ
اَلْيَوْمُ	اَلْيَمُّ	اَلْيَتِيْمُ	اَلْيَمِيْنُ	اَلْيَقِيْنُ	اَلْيَاقُوْتُ

Marfat.com

اَلْمَسِيحُ اَلْمَيْسِرُ اَلْمَلِكُ ؛ اَلْمُزَّمِّلُ اَلْمُدَّثِّرُ اَلْمُلْكُ
اَلْهُدَىٰ اَلْهُزْلُ اَلْهُدَىٰ ؛ اَلْهَوْنُ اَلْهَالِكُ اَلْهَمُّ

اَللَّامُ الشَّمْسِيَّةُ وَالْحُرُوفُ الشَّمْسِيَّةُ

س : لامِ شمسی کسے کہتے ہیں اور حروفِ شمسی کسے ؟

ج : دیکھئے یہ چودہ حرف :۔

" ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل ن "

حروفِ شمسی کے نام سے مشہور ہیں۔ پس جب لامِ "اَلْ" کے بعد ان حرفوں میں سے کوئی حرف واقع ہو تو لامِ "اَلْ" کا بعد والے حرف میں ادغام کرنا چاہیئے اس لئے اسے "لامِ شمسی" کہتے ہیں۔

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ شمس کے ہوتے ہوئے نجوم ظاہر نہیں رہتے بلکہ غائب ہو جاتے ہیں اور ان کی روشنی شمس کی روشنی میں پوری کی پوری مدغم ہو جاتی ہے لہٰذا۔ لامِ "اَلْ" جو بمنزلہ نجم کے ہے شمس کے ہوتے ہوئے غائب ہو جانا چاہیئے یعنی وہ اپنی ذات وصفات کے ساتھ شمس کے اندر غائب ہونا چاہیئے۔ پس جیسا کہ لفظ "اَلشَّمْسُ" میں لامِ "اَلْ" شین میں مدغم ہے اسی طرح دیگر حروفِ شمسیہ میں بھی، لامِ "اَلْ" کا ادغام کرنا چاہیئے اس لیے اسے "لامِ شمسی" کہتے ہیں۔ پس گویا جزء کے نام پر کل کا نام رکھا گیا ہے اور علتِ ادغام قرب واتحادِ مخرج ہے۔

Marfat.com

اہلِ لسان اور مجودین کرام۔ لام۔ اَل۔ کا ادغام حروفِ شمسی میں انہی تینوں قسموں متماثلین۔ متجانسین اور متقاربین میں شمار کرتے ہیں۔ چنانچہ لام۔ اَل۔ کا ادغام لام میں متماثلین ہوتا ہے اور باقی حروف میں متقاربین اور ایک قول کے مطابق ت۔ س۔ میں متجانسین ہوتا ہے اور باقی میں متقاربین۔ اور چونکہ متجانسین اور متقاربین میں لضرورۃ الادغام مدغم کو مدغم فیہ کا مثل بنانا ضروری ہوتا ہے اس لئے لام۔ اَل۔ کو مابعد کے حرف سے بدل کر اور اس کا مثل بنا کر ادغام کرنا چاہیئے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَلتَّآءُ ۔ اَلثَّآءُ ۔ اَلدَّالُ ۔ اَلذَّالُ ۔ اَلرَّآءُ
اَلزَّایُ ۔ اَلسِّیْنُ ۔ اَلشِّیْنُ ۔ اَلصَّادُ ۔ اَلضَّادُ
اَلطَّآءُ ۔ اَلظَّآءُ ۔ اَللَّامُ اَلنُّوْنُ ۔ ؞

وَالْاَمْثِلَةُ

اَلتَّكَاثُرُ اَلتَّوْرٰىةُ اَلتَّوْبَةُ ؞ اَلتَّمَاثِیْلُ اَلتَّنُّوْرُ اَلتَّآئِبُوْنَ
اَلثَّاقِبُ اَلثُّلُثُ اَلثَّمَرٰتُ ؞ اَلثُّمُنُ اَلثَّقَلٰنِ اَلثَّلٰثَةُ
اَلدِّیْنُ اَلدَّهْرُ اَلدَّرَجٰتُ ؞ اَلدَّرْكُ اَلدُّنْیَا اَلدُّخُوْلُ
اَلذَّهَبُ اَلذُّبَابُ اَلذِّلَّةُ ؞ اَلذُّنُوْبُ اَلذِّكْرُ اَلذّٰرِیٰتُ
اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ اَلرُّهْبَانُ ؞ اَلرِّجَالُ اَلرَّسُوْلُ اَلرّٰسِخُوْنَ
اَلزَّانِیَةُ اَلزّٰجِرٰتُ اَلزَّكٰوةُ ؞ اَلزَّانِیْ اَلزَّیْتُوْنُ اَلزُّبُرُ

Marfat.com

اَلشَّمْسُ اَلشَّجَرَةُ اَلشَّكُوْرُ ⁖ اَلشَّرُّ اَلشُّهَدَآءُ اَلشَّيْطٰنُ

اَلسَّارِقُ اَلسُّدُسُ اَلسَّبِيْلُ ⁖ اَلسَّمَآءُ اَلسُّفَهَآءُ اَلسّٰجِدُوْنَ

اَلصُّلْحُ اَلصُّمُّ اَلصَّلٰوةُ ⁖ اَلصّٰلِحٰتُ اَلصَّدَقَاتُ اَلصّٰدِقُوْنَ

اَلضَّرَرُ اَلضَّلٰلُ اَلضُّعَفَآءُ ⁖ اَلضَّرَّآءُ اَلضَّلٰلَةُ اَلضَّآلِّيْنَ

اَلطَّلَاقُ اَلطَّارِقُ اَلطَّيِّبٰتُ ⁖ اَلطُّوْرُ اَلطِّيْنُ اَلطَّآئِفِيْنَ

اَلظِّلُّ اَلظُّلُمٰتُ اَلظُّنُوْنَا ⁖ اَلظُّلَلُ اَلظَّهِيْرَةُ اَلظّٰلِمِيْنَ

اَللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اَللَّطِيْفُ ⁖ اَلَّذِيْنَ اَللَّيْلُ اَللّٰعِنُوْنَ

اَلنَّارُ اَلنَّاسُ اَلنُّوْرُ ⁖ اَلنَّوْمُ اَلنَّوَاصِيْ اَلنّٰصِحُوْنَ

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الْعَاشِرُ فِی الصِّفَاتِ الْعَارِضَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصِّفَاتُ الْعَارِضَةُ الْمُحَسِّنَةُ الْمُحَلِّيَةُ الْمُزَيِّنَةُ

س: صفات عارضہ محسنہ محلیہ مزینہ کسے کہتے ہیں؟

ج: صفات عارضہ محسنہ محلیہ مزینہ وہ ہوتی ہیں جن کی ادا کرنے سے حروف کی ہیئت کذائیہ منزلہ قائم ہو جاتی ہے اور اس کے حسن و جمال کی تکمیل ہو جاتی ہے۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ صفات عارضہ یعنی کسی عارضہ سے پیش آنے والی صفات: مُحَسِّنَہْ یعنی حسن و جمال پیدا کرنے والی صفات: مُحَلِّیَہْ یعنی زیور پہنانے والی صفات: مُحَلِّیَہْ یعنی کسی خاص محل پر پیدا ہونے والی صفات: مُزَیِّنَہ یعنی زینت دینے والی صفات: یہ صفات بلحاظ وجود سبب دو قسم پر ہوتی ہیں اوّل وہ جو کسی صفت لازمہ مقومہ کی وجہ سے پیدا ہو جیسے کسی حرف کا پُر اور مفخم ہونا بوجہ صفت استعلاء کے۔ یا کسی حرف کا باریک اور مرقق ہونا بوجہ صفت استفال کے۔ یعنی حروف مستعلیہ کے اداء کے وقت استعلاء اقصٰی لسان کی وجہ سے تفخیم عارض ہو جاتی ہے اور یہی تفخیم ان حروف کی ہیئت منزلہ ہوتی ہے اور اسی سے ان کا حسن و جمال درجۂ کمال کو پہونچتا ہے۔ ایسا ہی حروف مستفلہ میں بوجۂ استفلال یعنی عدم استعلاء اقصٰی لسان کی وجہ سے

Marfat.com

تزئین عارض ہوجاتی ہے اور یہی تزئین ان حروف کی ہیئت منزلہ ہوتی ہے اور اسی سے ان کا حسن و جمال درجۂ کمال کو پہونچتا ہے۔ ان دونوں قسم کی صفات کو "عارِض بِالصِّفَتْ" کہتے ہیں۔

دوم وہ جو کہ اتصال حرف بالحرف کی وجہ سے پیدا ہوں یعنی ایک حرف کو دوسرے حرف سے ملانے وقت اور وصل کرتے وقت موقع محل کے لحاظ سے کچھ مخصوص قسم کی کیفیات و صفات پیدا ہوجاتی ہیں جو اس خاص حالت میں اس حرف کے لیئے ہیئت منزلہ ہوتی ہے اور اسی کیفیت کی ادائیگی اس کے لیئے باعث حسن و جمال ہوتی ہے۔ اس قسم کی صفات کو "عارِضْ بِالْحُرُفْ" کہتے ہیں۔

عارض بالحرف یا صفات عارضہ۔ محسنہ۔ محلیہ۔ مزینہ۔ اگرچہ حتمی اور یقینی طور پر تجوید میں داخل ہیں اور اس کا جز ہیں لیکن محل اور دتورع کے اعتبار سے ان کا تعلق علم قرآءت سے ہے اور ثبوتِ نقل پر موقوف ہے۔ پس تاوقتیکہ ائمہ قراءات اور ان کے منتخب اور مخصوص روات سے ثابت نہ ہوں صفاتِ عارضہ محسنہ کی ادا معتبر نہ ہوگی۔

صفاتِ عارضہ آٹھ حرفوں میں پائی جاتی ہیں جن کا مجموعہ "اَوْ يَرْ مَلَاوَنْ" ہے۔ نیز ان دو حرفوں میں پائی جاتی ہیں جو ہم شکل ہوں یا ہم مخرج۔ یا قریب المخرج ہوں۔

صفاتِ عارضہ یعنی عارض بالحرف۔ بروایت حفص بن سلیمان عن العاصمؒ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) مد و قصر (۲) غنہ (۳) اظہار (۴) ادغام (۵) اقلاب (۶) اخفاء

Marfat.com

(۷) تفخیم (۸) ترقیق (۹) تسہیل (۱۰) روم (۱۱) اشمام

اَلْمَدُّ وَالْقَصْرُ

س: مد کسے کہتے ہیں اور قصر کسے؟

ج۔ کسی حرف کو دوچند، سہ چند یعنی دوگونہ، سہ گونہ وغیرہ (موافق روایت کے) بڑھانے کو مدّ کہتے ہیں اور موافق روایت نہ بڑھانے کو قصر کہتے ہیں۔

تَوْضِیحُ الْجَوَاب:۔ جاننا چاہیئے کہ مد کے لغوی معنیٰ "اَلزِّیَادَۃ" یعنی زیادتی علی الاصل کے ہیں قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یُمْدِدْکُمْ رَبُّکُمْ وَقَالَ یُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ۔ وَکَمَا تَقُوْلُ الْعَرَبُ مَدَدْتُ مَدًّا۔ اَیْ زِدْتُ زِیَادَۃً۔

اور اصطلاح قراء میں اِطَالَۃُ الصَّوْتِ بِحَرْفٍ مِنْ حُرُوْفِ الْمَدِّ وَاللِّیْنِ۔ یعنی حرف مدہ اور حرف لین کی آواز کو اس کی اصلی مقدار سے بڑھانے اور بشرط روایت دو اڑھائی، تین الف یا تین، چار یا پانچ الف بڑھانے اور لمبا کرنے کو "مدّ" کہتے ہیں۔

قصر کے لغوی معنی "اَلْحَبْسُ" یعنی روکنے اور منع کرنے کے ہیں۔ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ اَیْ مَحْبُوْسَاتٌ فِیْهَا۔ کَمَا تَقُوْلُ الْعَرَبُ قَصَرْتُ فُلَانًا عَنْ حَاجَتِهٖ اَیْ مَنَعْتُهٗ عَنْهَا وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰی قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ۔

اصطلاح قراء میں حرف مد ولین کو اس کی اصلی مقدار پر قائم رکھنے اور اسے کمی زیادتی سے بچانے کو "قصر" کہتے ہیں۔

پھر مد دو قسم پر ہوتا ہے اصلی اور فرعی

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْاَصْلِیُّ

س، مدِ اصلی کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدارِ منزلہ کیا ہے ؟

ج : جب حرف مدہ اور حرف لین کے بعد اسباب مد میں سے کوئی سبب موجود نہ ہو اور اس کو اس کی اصلی مقدار پر قائم رکھا جائے اور اس میں کمی بیشی نہ کی جائے تو اُسے " مدِّ اصلی " کہتے ہیں اور اس کی مقدارِ منزلہ ایک الف

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ مدِ اصلی کی ذات میں یعنی حروف مدہ : ـَـا ، ـُـوْ ، ـِـیْ : کی ذات میں چونکہ ایک ہی الف مد ہے اور سلیم الطبع اللسان اور حق شناس آدمی اسے اسی مقدار پر قائم رکھتا ہے اس لیے اہل اداء اُسے : مَدِّ ذَاتِیْ : اور : مَدِّ طَبْعِیْ : کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

مدِ اصلی ، مدِ ذاتی اور مدِ طبعی اس وقت ہوتا ہے جب کہ حروف مدہ — اور حروف لین : ـَـوْ ، ـَـیْ : کے بعد وہ اسباب موجود نہ ہوں ، جن کا ذکر " مدِ فرعی " کے ضمن میں آئے گا ۔ کیونکہ مدِ طبعی اسباب آئندہ میں سے کسی سبب پر موقوف نہیں ہوتا — بلکہ وہ بلا سبب ہی ہوتا ہے ۔

مدِ اصلی ، مدِ ذاتی اور مدِ طبعی کی مقدار منزلہ من عند اللہ بقدر ایک الف ہے ۔ اور الف کی مقدار دو حرکت کی برابر ہوتی ہے — یعنی الف کی مقدار دو فتحہ کی برابر ، واؤ کی مقدار دو ضمہ کی برابر — اور یاء کی مقدار دو کسرہ کی برابر ہوتی ہے ۔

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْفَرْعِیُّ

س : مد فرعی کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب حرف مد اور حرف لین کی آواز اس کی اصلی مقدار سے بڑھا کر کھینچی جائے اور کسی مقدار منزلہ معینہ تک پہونچایا جائے تو اُسے " مَدّ فَرعی " کہتے ہیں ۔

تَوضِیحُ الجَواب :۔ جاننا چاہیئے کہ مد فرعی کی ابتدا مد طبعی کی انتہا سے ہوتی ہے اور مقادیر معینہ مقررہ میں شمار دونوں کا ہونا ہے لیکن مد فرعی کی پوری حقیقت معلوم کرنے کیلئے اوّلاً چھ چیزوں کا جاننا اشد ضروری ہے ۔

۱ : مَحَلِّ مَدِّ فَرعِیّ	۴ : مِقْدَارِ مَدِّ فَرعِیّ
۲ : سَبَبِ مَدِّ فَرعِیّ	۵ : اَحْکَامِ مَدِّ فَرعِیّ
۳ : عِلّتِ مَدِّ فَرعِیّ	۶ : اَقْسَامِ مَدِّ فَرعِیّ

مَحَلُّ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ

س : محلّ مدّ فرعی کسے کہتے ہیں :۔

ج : حروفِ مدہ اور حروفِ لین کو : محلِّ مدِّ فرعی : کہتے ہیں ۔

تَوضِیحُ الجَواب :۔ جاننا چاہیئے کہ حرف مد میں ذاتاً و طبعاً اور حرف لین میں شبہۃً مد پایا جاتا ہے اور یہی مد بڑھ کر مد فرعی کی صورت اختیار کر جاتا ہے اس لئے حرف مد اور حرف لین کو " محلِّ مدّ " کہتے ہیں اور چونکہ اس کا موجود ہونا مد کیلئے ضروری ہوتا ہے

Marfat.com

اس لئے اُسے ''شرطِ مدّ'' بھی کہتے ہیں. گویا محل مد اور شرط مد ایک ہی شئے کے دو نام ہیں.
فَافْهَمْ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ .

سَبَبُ الْمَدِّ الْفَرْعِيِّ

س : سبب مد فرعی کسے کہتے ہیں ؟

ج : حرف مدہ کے بعد ہمزہ یا سکون واقع ہو جائے اور حرف لین کے بعد سکون آجائے تو اُسے ''سَبَبِ مَدّ'' کہتے ہیں اور چونکہ ہمزہ یا سکون کے ہوتے ہوئے حرفِ مدولین میں زیادتی ضروری ہوتی ہے اس لئے اُسے ''مُوجِبِ مَدّ'' بھی کہتے ہیں. فتامل.

تَوْضِیحُ الْجَوَاب :- جاننا چاہیئے کہ سبب کا وجود، کسی شئ کی وجود کا باعث ہوتا ہے، یعنی اگر سبب موجود ہے. تو مسبب بھی موجود ہوگی۔ اور اگر سبب مفقود ہے تو مسبب بھی مفقود ہوگی.

پس ہمزہ اور سکون ''مد فرعی'' کے لئے سبب ہوتا ہے ۔ یعنی اگر حرفِ مدہ کے بعد ہمزہ یا سکون پایا جائے ۔ اور حرفِ لین کے بعد صرف سکون پایا جائے. تو حرفِ مدہ اور حرفِ لین پر مد ہوگی ورنہ نہیں ہوگی .

Marfat.com

عِلّتُ المَدِّ الفَرعِیُّ

س : علّت مد فرعی کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب حرف مدہ کے بعد ہمزہ یا سکون واقع ہو یا حرف لین کے بعد سکون واقع ہو تو ازروئے روایت حرف مد ولین پر مد فرعی کیا جاتا ہے اس لیے اُسے "علّتِ مدّ" کہتے ہیں ۔

تَوضِیحُ الجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ علّت مد فرعی دو قسم پر ہوتا ہے ایک لفظی وظاہری ۔ دوم معنوی و باطنی پس جب شرط مد اور سبب مد کا اتصال رسماً و لفظاً یا صرف لفظاً پایا جائے تو روایۃً صوت الشرط کو بڑھا کر مد کیا جاتا ہے اس لیے اس اتصال رسمی و لفظی کو "علّت مدّ لفظی و ظاہری" کہتے ہیں ۔

شرط مد یعنی حرف مد و لین اخف الحروف اور راسہل الاداء ہوتے ہیں اور سبب مد یعنی ہمزہ اور سکون اصعب الحروف اور اثقل الاداء ہوتے ہیں ۔ اس لیے دونوں میں منافات اور عدم مناسبت ہوتی ہے جس کی وجہ سے ہر ایک کا یعنی شرط مد اور سبب مد کا پورا پورا حق ادا کرنا دشوار ہوتا ہے ۔ لہٰذا ۔ اتصال اخف و اصعب اور منافات و عدم مناسبت بین الحرفین کو "علّتِ معنوی و باطنی" کہتے ہیں

ہمزہ حرف کے اعتبار سے ابعد المخرج ہے اور ذاتی صفت شدت یعنی ضغط کی وجہ سے اصعب الاداء ہے اسی وجہ سے حرف مد ضعیف کے بعد ہمزہ واقع ہونے سے حرف مد کے اداء میں ایک خاص قسم کا ثقل پایا جاتا ہے ۔ اسی طرح حرف مد کے بعد سکون آنے سے اجتماع ساکنین کی وجہ سے حرف مد کے اداء میں خاص قسم کا

Marfat.com

ثقل ہوتا ہے۔ پس گویا شرط مد اور سبب مد کے درمیان معنوی منافات پایا جاتا ہے۔ سو اس معنوی منافات اور عدم مناسبت کو دفع کرنے کے پیشِ نظر صوت الشرط کی مقدار میں اضافہ کیا جاتا ہے تاکہ اس کی خفت کو دُور کیا جائے اور اس میں کسی قدر قوت پیدا ہو جائے —— نیز یہ کہ سبب مد کے ادا کرنے کیلئے تیاری کی جائے تاکہ اخف واصعب اسہل الاداء ہو جائیں اور ہر ایک کو کما حقہٗ ادا کیا جاسکے۔

مِقْدَارُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ

س : مقدار مد فرعی کسے کہتے ہیں ؟

ج : حرف مد ولین کی آواز بقدر دو الف یا اڑھائی الف یا بقدر تین الف یا پانچ الف بڑھا کر لمبا کرنے کو "مِقْدَارِ مَدِّ فَرعی" کہتے ہیں۔

تَوضِیحُ الْجَوَاب ۔ جاننا چاہیئے کہ شرط دمحل مد میں ذاتاً و طبعاً اس قدر نرمی اور لچک پائی جاتی ہے کہ اُسے کھینچ کر جتنا بھی لمبا کرنا چاہیں کر سکتے ہیں لیکن اس لمبا کرنے میں طرح طرح کی بے اعتدالیوں کا احتمال رہتا ہے اور شرط مد حدود منزلہ مقررہ سے تجاوز کر جاتا ہے اس لئے حفصؒ بن سلیمان نے نقلاً عن العاصم عن النبی صلّی اللہ علیہ وسلم مدود کی مخصوص مقداریں مقرر کر کے حد بندی کر دی ہے تاکہ بوقت تلاوت ان مقادیر مقررہ کی پابندی کی جائے اور محل مد حدِ اعتدال پر قائم رہے اور [illegible] تخلیط فی المدود سے محفوظ رہے۔

مدود منزلہ مقررہ کی مقداریں تین ہیں :-

Marfat.com

۱ : اگر صوت الشرط یعنی حل مد بقدر تین الف یا پانچ الف لمبا کیا جائے تو اسے ”طول“ کہتے ہیں۔

۲ : اگر صوت الشرط بقدر دو الف۔ اڑھائی الف یا چار الف لمبا کیا جائے تو اُسے ”تَوَسُّط“ کہتے ہیں۔

۳ : اگر صوت الشرط یعنی حرف مد ولین کو اس کی اصلی مقدار یعنی ایک ہی الف کے برابر رکھا جائے تو اُسے ”قصر“ کہتے ہیں۔

قصر کا اطلاق ایک الف کی مقدار پر اس وقت ہوتا ہے جبکہ شرط اور سبب مد میں اتصال لفظی پایا جائے اور اگر کسی وجہ سے انفصال لفظی واقع ہو جائے تو وہاں قصر کا اطلاق نہیں ہو گا بلکہ مد طبعی اور ذاتی کہلائے گا۔ پس قصر اور مد طبعی میں اطلاق کا فرق ہے مقدار کا نہیں۔ فتدبر۔

مقدار مدود یعنی طول۔ توسط۔ قصر کا اندازہ الف کے ذریعہ کیا جاتا ہے اس لئے قرآء کرام مقدار مد کو الف سے تعبیر کیا کرتے ہیں اور مقدار الف کی مقدار جاننے پر موقوف ہے۔ سو جاننا چاہیئے کہ الف کی مقدار حرکت کی دونی ہے۔ یعنی فتحہ کی دونی الف مد ہوتا ہے جیسے قَتَلَ سے قَتَلَا کسرہ کی دونی یاء مدہ جیسے قَبلِ سے قَبلِی اور ضمہ کی دونی واؤ مدہ ہوتا ہے جیسے قُتِلَ سے قُوْتِلَ اسی وجہ سے مد کرنا حرف مد کے مرسوم ہونے پر موقوف نہیں ہوتا بلکہ حرف مد مقروء ہوتے یعنی پڑھنے پر موقوف ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ بہ آذِیای پر مد ہوتا ہے اور انا اَخُوْكَ میں باوجود حرف مدہ مرسوم ہونے کے مد نہیں ہوتا اس لئے کہ حرف مدہ جو مرسوم ہے وہ مقروء نہیں۔

Marfat.com

اَحْکَامُ الْمَدِّ الْفَرْعِیِّ

س : احکام مد فرعی کسے کہتے ہیں ؟

ج : حرف مد اور حرف لین کی درازی آواز کو مطابق روایت پورا کرنے کو "احکام مد فرعی" کہتے ہیں۔ اور اس کی تین قسمیں ہیں۔ لازم۔ واجب۔ جائز۔

تَوضِیحُ الْجَواب :- جاننا چاہیئے کہ صوت الشرط یعنی حرف مد ولین کی درازی صوت کی جو منزلہ اور مخصوص مقدار بس روایۃً مقرر رہیں ان کو حد انتہا تک پہونچانا نکیلاً للروایت قاری پر لازم ہوتا ہے یا واجب یا جائز۔ اس لئے باعتبار حکم مد فرعی کی تین قسمیں ہیں۔

۱ : جس مد فرعی کے طول پر قرآء کا اتفاق و اتحاد ہو۔ مقدار خواہ تین الف ہو یا پانچ الف اُسے "مَدِّ لَازِم" کہتے ہیں۔

۲ : جس مد فرعی کے توسط پر قرآء کا اتفاق و اتحاد ہو۔ مقدار خواہ دو الف ہو یا اڑھائی الف یا چار الف اُسے "مَدِّ وَاجِب" کہتے ہیں۔

۳ : جس مد فرعی میں طول۔ توسط کے علاوہ عند القرآء قصر بھی جائز ہو۔ سبب خواہ مختلف ہو اُسے "مَدِّ جَائِز" کہتے ہیں۔

Marfat.com

اَقْسَامُ الْمَدِّ الْفَرْعِیْ

س : اقسام مد فرعی کسے کہتے ہیں ؟ اور وہ کتنے ہیں ۔ ؟

ج : حرف مد اور حرف لین کی درازئ آواز کی چند صورتیں جو مختلف اسباب کے مختلف حالات سے پیدا ہوتی ہیں ان کو اقسام مدّ فرعی کہتے ہیں اور اقسام مد فرعی چھ ہیں۔

(۱) مدِ متصل (۲) مدِ منفصل (۳) مدِ لازم (۴) مدِ عارض (۵) مدّلین لازم (۶) مدّلین عارض۔

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ صوت الشرط والمحل یعنی حرف مد ولین کی درازی صوت کی جو چند صورتیں پیدا ہوتی ہیں وہ اسباب کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں اور اسباب مد دو ہیں ہمزہ یا سکون اور مدِ فرعی چونکہ اسباب پر موقوف ہوتا ہے اس لئے اسباب کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اور اسباب مدّ جیسا کہ بلحاظ وجود مختلف ہیں اسی طرح بلحاظ وقوع بھی مختلف ہوتے ہیں کہ کبھی کلمہ میں ہوتے ہیں اور کبھی حرف میں کبھی رسمًا متصل ہوتے ہیں اور کبھی منفصل کبھی لازم ہوتے ہیں اور کبھی عارض۔ لہٰذا ان مختلف حالات کی وجہ سے بروایت حفص رحمہ اللہ مدّ فرعی کی چھ قسمیں بنتی ہیں

۱ : مدِ متصل	۴ : مدِ عارض
۲ : مدِ منفصل	۵ : مدّلین لازم
۳ : مدِّ لازم	۶ : مدّلین عارض

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ

س : مدِ متصل کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار منزلہ کیا ہے ؟

ج : جب حرف مدہ کے بعد ہمزہ واقع ہو اور یہ مدہ اور ہمزہ دونوں ایک ہی کلمہ میں جمع ہوں تو ایسے موقع پر حرف مدہ کو بڑھا کر مد کرنا ضروری ہوتا ہے اور حرف مدہ اور ہمزہ کے ایک کلمہ میں جمع ہونے کی وجہ سے اسے "مد متصل" کہتے ہیں اور مدِ متصل کی مقدار منزلہ مقررہ توسط ہے

تَوضِیحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ جب شرط مد اور سبب مد۔ رسماً ایک کلمہ میں متصل واقع ہوں تو اس اتّصالِ رسمی کی وجہ سے اسے "مدِ متصل" کہتے ہیں اور مدِ متصل میں دو چیزیں ہوتی ہیں ایک محل اتفاق دوم محل اختلاف۔

محل اتفاق یہ کہ عند القرآء حرف مدہ میں اثر ہمزہ کی وجہ سے زیادتی علی الاصل واجب ہوتی ہے اسی وجہ سے اسے مد واجب کہتے ہیں جس کے لئے علامت یہ "~" وضع کی گئی ہے۔ اور محل اختلاف یہ کہ علی حسب مذاہب قرآء۔ زیادتی علی الاصل کی مقدار میں تفاوت ہوتا ہے۔ پس کوئی دو الف مد کرتے ہیں اور کوئی اڑھائی الف اور کوئی چار الف مگر حفص عن العاصم نقلاً علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم دو یا اڑھائی الف مد کرتے ہیں اور اس وقت زیرِ بحث یہی ہے کیونکہ ہمارے ہاں روایت حفص رحمہ اللہ ہی مروّج ہے۔

مدِ متصل کو مد واجب اس لئے کہتے ہیں کہ زمانۂ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے

Marfat.com

تاحال جمیع قرآء اس کی زیادتی علی الاصل پر متفق ہیں اور کوئی اختلاف ان میں نہیں ہے حتی کہ امام المتاخرین محرر فن علامہ جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے مقادیر مدود کی روایات کی تلاش و تتبع کی مگر کہیں بھی مد متصل میں قصر نہیں ملی نہ قراءات متواترہ میں نہ شاذہ میں۔

بلکہ ایک نص مجھے مل گئی وہ یہ کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک شخص کو پڑھا رہے تھے اور جب اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ پر پہونچے تو اس نے قصر کرکے پڑھا۔ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح نہیں پڑھایا ہے۔ پوچھا آپ کو کیسے پڑھایا ہے۔ فرمایا کہ اس طرح پڑھایا ہے "لِلْفُقَرَآءِ" یعنی توسط سے پڑھکر سنایا۔ علامہ جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مد متصل کی مقدار توسط کی وجوب پر یہ حدیث حجۃ قطعی ہے۔

مد متصل میں شرط اور سبب مد کا اتصال چونکہ حقیقتاً ہوتا ہے اور انفصال غیر جائز۔ اس لئے مد کسی صورت میں ساقط نہیں ہوتا بلکہ وصلاً و وقفاً ثابت رہتا ہے۔ پس اگر مد متصل کئی جگہ جمع ہوں تو توسط میں توافق و تساوی اشد ضروری ہے کیونکہ تساوی فی المدود تجوید میں داخل ہے جیسا کہ علامہ جزری رح فرماتے ہیں واللفظ فی نظیرہ کمثلہ۔ لہٰذا اگر پہلی جگہ دو الف مد کیا ہے تو دوسری جگہ بھی دو ہی الف کرنا چاہئے اڑھائی الف جائز نہیں اور اگر پہلی جگہ اڑھائی الف مد کیا ہے تو دوسری جگہ بھی اڑھائی الف کرنا چاہیئے دو الف جائز نہیں کیونکہ خلط فی المقادیر عند القرآء مکروہ ہوتا ہے یا معیوب۔

اور چونکہ حرف مدہ تین ہیں اس لئے مد متصل کو تین قاعدوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اور توسط تینوں قاعدوں میں علی التساوی ہوگی اور حروف مدہ کے پیش نظر

Marfat.com

مقررہ اصطلاحات پر علی الالف. علی الواو. علی الیاء جیسے الفاظ کا اضافہ کیا جاتا ہے تاکہ سمجھنے میں آسانی ہو.

اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ عَلَی الْاَلِفِ

س: مد متصل علی الالف کسے کہتے ہیں؟

ج: جب الف مدہ کے بعد ہمزہ ایک ہی کلمہ میں واقع ہو. تو الف مدہ کی آواز بڑھا کر دو الف یا اڑھائی الف توسط کرنی چاہیئے اُسے " مد متصل علی الالف " کہتے ہیں.

تَوضِیحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ جب محل مد الف ہو خواہ مرسوم ہو یا غیر مرسوم اور سبب مد ہمزہ، اور یہ دونوں ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں، جس کی صورت یہ " ـَآءِ " ہوتی ہے تو الف مدہ کو انفتاح فم اور ارتفاع صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر دو الف یا اڑھائی الف ہونی چاہیئے یعنی توسط کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور آخر تلاوت تک اسی مقدار پر قائم رہنا چاہیئے اور اس مد میں چونکہ محل مد الف ہوتا ہے اس سے اسے " مد متصل علی الالف " کہنا چاہیئے.

اَلْقَاعِدَۃُ

ءَآءَ بَآءَ تَآءَ ثَآءَ جَآءَ حَآءَ خَآءَ دَآءَ ذَآءَ رَآءَ
زَآءَ سَآءَ شَآءَ صَآءَ ضَآءَ طَآءَ ظَآءَ عَآءَ غَآءَ فَآءَ
قَآءَ کَآءَ لَآءَ مَآءَ نَآءَ وَآءَ هَآءَ یَآءَ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

جَآءَتْ . جَآءَكَ . جَآءَهُمْ ۞ جَآءَكُمْ . جَآءَ . [illegible]

جَآءَنَا . جَآءُوْ . وَبَآءُوْ ۞ شُفَعَآؤُ . شُرَكَآءُ . [illegible]

عُلَمٰٓؤُا . رُحَمَآءُ . شُهَدَآءُ ۞ اَغْنِيَآءُ . اَوْلِيَآءُ . اَنْبِيَآءُ

بَيْضَآءُ . صَفْرَآءُ . سَيْنَآءَ ۞ حُنَفَآءَ . كُبَرَآءَ . ضُعَفَآءَ

اَلسُّفَهَآءُ . اَلْفَحْشَآءُ . اَلسَّمَآءُ ۞ اَلْفُقَرَآءُ . اَلضَّرَّآءُ . اَلْبَغْضَآءُ

جَزَآءً . عَطَآءً . سَوَآءٌ ۞ هَبَآءً . غُثَآءً . نِسَآءً

رُخَآءً . فِدَآءً . نِدَآءً ۞ دُعَآءً . جُفَآءً . غَدَآءً

بُرَءٰٓؤُا . حُنَفَآءُ . فَجَزَآءُ ۞ يَشَآءُ . نَشَآءُ . بَرَآءٰٓؤُا

بَصَآئِرُ . شَعَآئِرَ . سَرَآئِرُ ۞ حَدَآئِقَ . طَرَآئِقَ . اِسْرَآئِيْلَ

شُفَعٰٓؤُا . شُرَكٰٓؤُا . عُلَمٰٓؤُا ۞ اَنْبٰٓؤُا . اَبْنٰٓؤُا . نَشٰٓؤُا

اَلضُّعَفٰٓؤُا . اَلصّٰٓئِمٰتُ . اُولٰٓئِكَ ۞ اَلْخَبٰٓئِثَ . سٰٓئِحٰتٍ . ثَيِّبٰتٍ

لِلْمَلٰٓئِكَةِ . اُولٰٓئِكُمْ . هَآؤُمُ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ . اِلٰٓئِيْ . اَلدَّوَآئِرَ

عَآئِلًا . قَآئِمًا . سَآئِغًا ۞ قَآئِمَةً . خَآئِنَةً . سَآئِبَةٍ

يَتَسَآءَلُوْنَ . يَشَآءُوْنَ . دَآئِمُوْنَ ۞ تَآئِبُوْنَ . يُرَآءُوْنَ . نَآئِمُوْنَ

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ عَلَى الْوَاوِ

س : مدّ متصل علی الواو کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب واو مدہ کے بعد ہمزہ ہو اور دونوں ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں تو واو مدہ کی آواز بڑھا کر دو الف یا اڑھائی الف توسط کرنی چاہیئے اسے "مدّ متصل علی الواو" کہتے ہیں۔

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ :۔ جب محل مد۔ واو مدہ ہو خواہ مرسوم ہو یا غیر مرسوم اور سبب مد ہمزہ ہو اور یہ دونوں ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں جس کی صورت یہ "ـُ وْٓءٌ" ہوتی ہے تو واو مدہ کو انضمام شفتین اور امامت صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر دو الف یا اڑھائی الف ہونی چاہیئے یعنی توسط کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور آخر تلاوت تک اسی مقدار پر قائم رہنا چاہیئے۔ اور اس مد میں چونکہ محل مد واو مدہ ہوتا ہے اس لیئے اسے "مدّ متصل علی الواو" کہتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

اُوْٓءَ ، بُوْٓءَ ، تُوْٓءَ ، ثُوْٓءَ ، جُوْٓءَ ، حُوْٓءَ ، خُوْٓءَ
دُوْٓءَ ، ذُوْٓءَ ، رُوْٓءَ ، زُوْٓءَ ، سُوْٓءَ ، شُوْٓءَ ، صُوْٓءَ
ضُوْٓءَ ، طُوْٓءَ ، ظُوْٓءَ ، عُوْٓءَ ، غُوْٓءَ ، فُوْٓءَ ، قُوْٓءَ
كُوْٓءَ ، لُوْٓءَ ، مُوْٓءَ ، نُوْٓءَ ، وُوْٓءَ ، هُوْٓءَ ، ءُوْٓءَ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

لَتَنُوْٓءُ لِيَسُوْٓءٗا فُرُوْٓءٍ ∴ اَلسُّوْٓءَ بِالسُّوْٓءِ تَبُوْٓءَا

سُوْٓءَ سُوْٓءٍ بِسُوْٓءٍ ∴ اَلسُّوْٓءُ سُوْٓءٌ

اَلْمَدُّ الْمُتَّصِلُ عَلَى الْيَاءِ

س : مدمتصل علی الیاء کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب یاء مدہ کے بعد ہمزہ ہو اور دونوں ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں تو یاء مدہ کی آواز بڑھا کر دو الف یا اڑھائی الف توسط کرنی چاہیئے اسے " مدمتصل علی الیاء " کہتے ہیں۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب: ۔ جاننا چاہیئے کہ جب محل مد ۔ یاء ۔ مدہ ہو خواہ مرسوم ہو یا غیر مرسوم اور سبب مد ہمزہ ہو اور یہ دونوں ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں جس کی صورت یہ " یٓء " ہوتی ہے تو یاء مدہ کو انخفاض فم اور انکسار صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر دو الف یا اڑھائی الف ہونی چاہیئے یعنی توسط کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور آخر تلاوت تک اسی مقدار پر قائم رہنا چاہیئے۔ اور اس مد میں چونکہ محل مد یاء مدہ ہوتی ہے اس لئے اسے " مدمتصل علی الیاء " کہتے ہیں۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

أَيْءَ — بِيْءَ — تِيْءَ — ثِيْءَ — جِيْءَ
حِيْءَ — خِيْءَ — دِيْءَ — ذِيْءَ — رِيْءَ
زِيْءَ — سِيْءَ — شِيْءَ — صِيْءَ — ضِيْءَ
طِيْءَ — ظِيْءَ — عِيْءَ — غِيْءَ — فِيْءَ
قِيْءَ — كِيْءَ — لِيْءَ — مِيْءَ — نِيْءَ
وِيْءَ — هِيْءَ — ءِيْءَ — يِيْءَ — ∴

وَالْاَمْثِلَةُ

هَنِيْٓـئًا مَرِيْٓـئًا وَجِاْيْٓءَ ∴ تَفِيْٓءَ بَرِيْٓءٌ بَرِيْٓـئُوْنَ
سِيْٓءَ سِيْٓـئَتْ بُضِيْٓءُ ∴ اَلْمُسِيْٓءُ اَلنَّسِيْٓءُ خَطِيْٓـئَتِيْ
خَطِيْٓـئَةً خَطِيْٓـئَةٌ خَطِيْٓـئَتُهُ ∴ خَطِيْٓـئٰتِكُمْ خَطِيْٓـئٰتِهِمْ

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ

س : مدِ منفصل کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار منزلہ کیا ہے ؟

ج : جب حرف مدہ کے بعد ہمزہ واقع ہو خواہ مرسوم ہو یا غیر مرسوم اور یہ مدہ اور ہمزہ دونوں ایک کلمہ میں نہ ہوں بلکہ دو کلموں میں ہوں۔ اس طرح کہ ایک کلمہ کے آخر میں حرف مدہ اور دوسرے کلمہ کے شروع میں ہمزہ ہو اور یہ دونوں کلمے ملا کر پڑھے جائیں تو ایسے موقع پر حرف مدہ کو بڑھا کر مد کرنا چاہیئے اسے " مدِ منفصل " کہتے ہیں۔ اور مدِ منفصل کی مقدار منزلہ مقررہ بروایت حفص رح توسط ہے یا قصر۔

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ جب شرط مد اور سبب مد۔ رسماً وکتابۃً منفصل ہوں اور لفظاً وتلاوۃً متصل تو اس اتصال لفظی کی وجہ سے محل مد پر بروایت حفص رحمہ اللہ توسط کرنا چاہیئے۔ یعنی مدِ منفصل میں زیادتی علی الاصل وصل کلمات پر موقوف ہوتی ہے۔ پس اگر کسی وجہ سے وقف کیا جائے اور بین الکلمات انفصال لفظی واقع ہو جائے تو مد فرعی ساقط ہو جاتا ہے اور مد طبعی باقی رہ جاتا ہے سو شرط وسبب کا انفصال رسمی یا سقوط مد انفصالِ لفظی کی وجہ سے اسے " مَدِّ مُنْفَصِل " کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

مدِ منفصل میں بھی دو چیزیں ہوتی ہیں ایک محل اتفاق دوم محل اختلاف محل اتفاق یہ کہ عند القراء وصلاً حرفِ مدہ میں اثر ہمزہ کی وجہ سے زیادتی علی الاصل جائز ہوتی ہے اسی وجہ سے اسے مدجائز بھی کہتے ہیں جس کیلئے علامت یہ

Marfat.com

"دس" وضع کی گئی ہے۔ اور محلِ اختلاف یہ کہ علی حسب مذاہب قرآء زیادتی علی الاصل کی مقدار میں تفاوت ہوتا ہے پس کوئی قصر کرتے ہیں۔ کوئی دو الف یا اڑہائی الف مد کرتے ہیں اور کوئی تین یا چار الف مد کرتے ہیں۔

مدِ منفصل کو مد جائز اس لئے کہتے ہیں کہ عند القرآء اس میں قدر واحد شیع منقول نہیں ہے بلکہ تفاوت فی المد منقول ہے اور مد کرنے والے علی حسب ترتیل وحدر وغیرہ متفاوت ہیں اور اگرچہ حفص عن العاصم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قصر و توسط دونوں کرتے ہیں لیکن بطریق شاطبی رحمہ اللہ نقلاً عن حفص توسط ہی منقول ہے اور ہمارے ہاں یہی مروج ہے۔

مدِ منفصل کے بارے میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث مرفوعاً منقول ہے کہ جس نے "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" پر آواز بڑھا کر مد کیا تو اللہ تعالیٰ اسے دار الجلال یعنی اپنے قرب میں جگہ دے کر شرفِ دیدار نصیب فرمائیں گے۔ اسی طرح حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جس نے "لَآ اِلٰهَ" پر مد کیا اس کے چار ہزار گناہ مٹ جاتے ہیں۔ علامہ جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں اگرچہ ضعیف ہیں مگر فضائلِ اعمال میں معمول بہا ہیں۔

جب مدِ منفصل کئی جگہ جمع ہوں جیسے "بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ" تو تسویہ بین الوجوہ لازم اور ضروری ہوتا ہے اس لئے جو وجہ پہلی جگہ اختیار کی گئی ہو تو دوسری جگہ بھی وہی وجہ اختیار کرنا چاہیے ایسا نہ ہو کہ کسی جگہ دو الف مد کیا جائے اور کسی جگہ اڑھائی الف کیونکہ ترجیح بلا مُرجح جائز نہیں ہے۔

Marfat.com

یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ مدمتصل قوی ہے اور مدمنفصل ضعیف پس جب مدمتصل اور منفصل جمع ہوں اور مثلاً متصل مقدم ہو جیسے وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ، اور متصل میں اڑھائی الف مد کیا جائے تو منفصل میں دو الف اور اڑھائی الف مد کرنا درست ہے اور اگر متصل میں دو الف مد کیا جائے تو منفصل میں دو الف ہی کر سکتے ہیں اڑھائی الف جائز نہیں ہے۔

اور اگر منفصل مقدم اور متصل مؤخر ہے جیسے ، قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ، اور منفصل میں دو الف مد کیا جائے تو متصل میں دو الف اور اڑھائی الف مد کرنا صحیح ہے اور اگر منفصل میں اڑھائی الف مد کیا ہے تو متصل میں اڑھائی الف ہی کر سکتے ہیں دو الف جائز نہیں کیونکہ ان دونوں صورتوں میں ترجیح ضعیف کی قوی پر لازم آتی ہے اور یہ جائز نہیں ہے ـــــ حروف مدہ کے پیشِ نظر مد منفصل کو بھی تین قاعدوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اور تینوں قاعدوں میں مقدار توسط علی التساوی ہوگی۔ فافہم۔

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ عَلَى الْاَلِفِ

س ۔ مدِ منفصل علی الالف کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب الف مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں واقع ہو تو الف مدہ کی آواز بڑھا کر دو الف یا اڑھائی الف توسط کرنی چاہیئے۔ اسے "مدِ منفصل علی الالف" کہتے ہیں ۔

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ جب محل مد الف ہو یا اس کا قائم مقام فتحہ قائمہ ہو اور اس کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں واقع ہو جس کی صورت یہ "ـَآ اَ ۔ آ یٰ اَ" ہوتی ہے اور ان دونوں کلموں میں اتصال لفظی ہو یعنی ملا کر پڑھے جائیں تو الف مدہ کو انفتاحِ فم اور ارتفاعِ صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر دو الف یا اڑھائی الف ہونی چاہیئے یعنی توسط کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور آخر تلاوت تک اسی مقدار پر قائم و دائم رہنا چاہیئے۔ اور اس مد میں چونکہ محل مد الف ہوتا ہے اس لئے اسے "مدِ منفصل علی الالف" کہتے ہیں ۔

اَلْقَاعِدَةُ

ءَآ اَ ۔ بَآ اَ ۔ تَآ اَ ۔ ثَآ اَ ۔ جَآ اَ ۔ حَآ اَ ۔ خَآ اَ ۔ دَآ اَ ۔ ذَآ اَ ۔
رَآ اَ ۔ زَآ اَ ۔ سَآ اَ ۔ شَآ اَ ۔ صَآ اَ ۔ ضَآ اَ ۔ طَآ اَ ۔ ظَآ اَ ۔ عَآ اَ ۔
غَآ اَ ۔ فَآ اَ ۔ قَآ اَ ۔ كَآ اَ ۔ لَآ اَ ۔ مَآ اَ ۔ نَآ اَ ۔ وَآ اَ ۔ هَآ اَ ۔ يَآ اَ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَة

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ∴ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا ∴ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ∴ لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ

فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ∴ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ

اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا ∴ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ

اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ∴ اِلَّآ اِبْلِيْسَ اَبٰى

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ∴ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ∴ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ∴ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ ∴ اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا ∴ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ ∴ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖ ∴ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا ∴ اِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ ∴ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ

---

(۱) یاد رکھو مد منفصل علی الاتفاق۔

Marfat.com

وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗ ⁘ مَآ اَعْبُدُ لَكُمْ دِيْنُكُمْ

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ ⁘ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى

فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا ⁘ عَسٰٓى اَنْ اَكُوْنَ

عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَا ⁘ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ

وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ ⁘ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ

مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ⁘ اَتٰٓى اَمْرُ اللّٰهِ

فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ ⁘ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

حَتّٰٓى اَتٰنَا الْيَقِيْنُ ⁘ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى

حَتّٰٓى اَتٰنَا الْيَقِيْنُ ⁘ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ

اِلٰٓى اِلٰى رَبِّكَ ⁘ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ⁘ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ

اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ ⁘ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

عَلٰٓى اَمْرِهِمْ ⁘ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ

فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا ⁘ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ ⁘ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ ⁘ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّيْلَ ⁘ يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ ⁘ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ

Marfat.com

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا ⁘ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ

يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ ⁘ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ⁘ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَاۤ اَعْبُدُ

يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا ⁘ يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ⁘ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ

يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ ⁘ يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ

يٰۤاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ ⁘ يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ

يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ ⁘ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ (۱)

يٰۤاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ⁘ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا

يٰۤاِبْرٰهِيْمُ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ ⁘ يٰۤاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ

يٰۤاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ ⁘ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ (۱) ⁘ هٰۤؤُلَآءِ (۱) جَادَلْتُمْ

اَهٰۤؤُلَآءِ (۱) الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ ⁘ هٰۤؤُلَآءِ (۱) الْقَوْمِ

---

(۱) یاد رکھو مد متصل علی الالف

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ عَلَی الْوَاوِ

س : مدِ منفصل علی الواو کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب واو مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں واقع ہو تو واو مدہ کی آواز بڑھا کر دو الف یا اڑھائی الف توسط کرنا چاہیئے اسے " مدِ منفصل علی الواو " کہتے ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ جب محل مد واو مدہ ہو یا اس کا نائم مقام ضم مقلوبہ ہو . اور اس کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں واقع ہو جس کی صورت یہ ءُ وٓ اَ : ـٗ اَ ہوتی ہے اور ان دونوں کلموں میں اتصال لفظی ہو یعنی ملا کر پڑھے جائیں تو واو مدہ کو کامل انضمام شفتین اور راست صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر دو الف یا اڑہائی الف ہونی چاہیئے . یعنی توسط کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور آخر تلاوت تک اسی مقدار پر قائم رہنا چاہیئے . اور اس مد میں چونکہ محل مد واو مدہ ہوتا ہے اس لئے اسے " مدِ منفصل علی الواو " کہتے ہیں . . . واو مدہ جب کلمہ کے آخر میں ہوتا ہے تو اکثر مقامات پر اس کے آگے ایک الف زائد مرسوم ہوتا ہے جیسے الفِ جمع یا الفِ فاصل کہتے ہیں مگر یہ الف پڑھا نہیں جاتا کیونکہ اس سے قبل ہمیشہ واو ساکن ماقبل مضموم ہوتا ہے .

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اُوْا — بُوْا — تُوْا — ثُوْا — جُوْا
حُوْا — خُوْا — دُوْا — ذُوْا — رُوْا
زُوْا — سُوْا — شُوْا — صُوْا — ضُوْا
طُوْا — ظُوْا — عُوْا — غُوْا — فُوْا
قُوْا — كُوْا — لُوْا — مُوْا — نُوْا
وُوْا — هُوْا — ءُوْا — يُوْا — — ∴

وَالْاَمْثِلَةُ

تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً ∴ سَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ
قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا ∴ لَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ
قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا ∴ لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ
وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ∴ لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ
وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ∴ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ
وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ ∴ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ
اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْا ∴ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَكُمْ
فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ ∴ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ

Marfat.com

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ ∴ رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا ∴ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًا اَنْزَلَهٗٓ اِلَيْكُمْ

وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ ∴ اَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ

اَنَّهٗٓ اَهْلَكَ ∴ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا

عِنْدَهٗٓ اَجْرُ ∴ فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ

لَهٗٓ اَخٌ ∴ لَهٗٓ اِخْوَةٌ

فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ ∴ سُبْحٰنَهٗٓ اِذَا قَضٰى

اَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ∴ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ

سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ ∴ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ

لَهٗٓ اَسْرٰى ∴ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

يَرَهٗٓ اَحَدٌ ∴ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ

وَاِنْ تَلْوُٓا اَوْ تُعْرِضُوْا ∴ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْمُنْفَصِلُ عَلَى الْیَاءِ

س: مدمنفصل علی الیاء کسے کہتے ہیں ؟

ج: حب یاء مدہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں واقع ہو تو یاء مدہ کی آواز بڑھا کر دو الف یا اڑھائی الف توسط کرنا چاہیئے اسے "مدمنفصل علی الیاء" کہتے ہیں

توضیحُ الجواب: جاننا چاہیئے کہ جب محل مد یاء مدہ ہو یا اس کا قائم مقام کسرہ قائم ہو اور اس کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں واقع ہو جس کی صورت یہ ـِیْ اَ : ـِیْ اُ : ـِیْ اِ ہوتی ہے اور ان دونوں کلموں میں اتصال لفظی ہو یعنی ملا کر پڑھے جائیں. تو یاء مدہ کو انخفاضِ فم اور انکسارِ صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتدادِ صوت بقدر دو الف یا اڑھائی الف ہونی چاہیئے یعنی توسط کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور آخر تلاوت تک اسی مقدار پر قائم دائم رہنا چاہیئے اور اس مد میں چونکہ محل مد یاء مدہ ہوتی ہے اس لئے اسے "مدمنفصل علی الیاء" کہتے ہیں

اَلْقَاعِدَةُ

اِیْ اَ — بِیْ اَ — تِیْ اَ — ثِیْ اَ — جِیْ اَ — حِیْ اَ — خِیْ اَ
دِیْ اَ — ذِیْ اَ — رِیْ اَ — زِیْ اَ — سِیْ اَ — شِیْ اَ — صِیْ اَ
ضِیْ اَ — طِیْ اَ — ظِیْ اَ — عِیْ اَ — غِیْ اَ — فِیْ اَ — قِیْ اَ
کِیْ اَ — لِیْ اَ — مِیْ اَ — نِیْ اَ — وِیْ اَ — هِیْ اَ — ءِیْ اَ
—— یِیْ اَ ——

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

بَنِیْٓ اٰدَمَ فِیْٓ اَمْرِیْ ۞ فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ. ظَالِمِیْٓ اَنْفُسِہِمْ

فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ. فِیْٓ اَمْوَالِکُمْ ۞ اَلَّتِیْٓ اُعِدَّتْ. اَلَّذِیْٓ اَسْرٰی

یَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ. اِنِّیْٓ اَخَافُ ۞ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ. اِنِّیْٓ اُعِیْذُهَا

اِنِّیْٓ اَعُوْذُ. اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ ۞ نَفْسِیْٓ اِنِّیْ. تَرْحَمْنِیْٓ اَکُنْ

رَبِّیْٓ اِلٰی یَوْمِ. اِنِّیْٓ اُنَبِّئُکُمْ ۞ اِذْتَمْشِیْٓ اُخْتُکَ. اِنِّیْٓ اَرٰی

اِنِّیْٓ اَرٰنِیْ. اِنِّیْٓ اَعْلَمُ ۞ اِنِّیْٓ اٰنَسْتُ. اَرٰنِیْٓ اَعْصِرُ

اَرٰنِیْٓ اَحْمِلُ لَعَلِّیْٓ اَرْجِعُ ۞ عِبَادِیْٓ اَنِّیْ. فَانْظِرْنِیْٓ اِلٰی یَوْمِ

اِنِّیْٓ اَسْکَنْتُ. تَهْوِیْٓ اِلَیْهِمْ ۞ تَهْدِیْٓ اِلٰی. یَاْذَنَ لِیْٓ اَبِیْ

اَلَّذِیْٓ اَیَّدَکَ. نُوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ ۞ بَنِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ. یٰبَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ

سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ [1]. سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْا ۞ فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ. اَلَّذِیْٓ اَنْزَلَ

بِهٖٓ اَزْرِیْ. بِهٖٓ اِنَّمَا بِهٖٓ اِنَّهٗ ۞ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً. هٰذِهٖٓ اِیْمَانًا

ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِیْ هٰذِهٖٓ اُمَّتُکُمْ ۞ اٰیٰتِهٖٓ اِنَّکَ اٰیٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ

بِیَدِهٖٓ اِلَّا. بُیُوْتِهٖٓ اِلَیْکَ ۞ عِلْمِهٖٓ اِلَّا. عِلْمِهٖٓ اِلَّا

عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ بِهٖٓ اِیْمَانُکُمْ [1] ۞ رَبِّهٖٓ اَوْلَمْ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ

---

(۱) یاد رکھو مد متصل علی الالف

اَلْمَدُّ اللَّازِمُ

س: مد لازم کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار منزلہ کیا ہے؟

ج: جب حرف مدہ یا حرف لین کے بعد سکون اصلی و لازمی ہو یعنی وقف کی وجہ سے سکون نہ ہوا ہو بلکہ وہ پہلے سے موجود ہو تو ایسے موقع پر حرف مدولین کی آواز کو بڑھا کر مد کرنا لازم ہوتا ہے اسے "مد لازم" کہتے ہیں۔ اور اس کی مقدار منزلہ مقررہ طول ہے جس کی علامت مد متصل کی طرح بنا کر وضع کی گئی ہے۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ:- جاننا چاہئیے کہ اگر شرط محل مد یعنی حرف مدہ ہو اور سبب مد سکون اصلی و لازمی مظہر ہو خواہ مدغم جس کی صورتیں یہ بنتی ہیں ـآـْ، ـآـّ، ـوْـ، ـوّـ، ـیْـ، ـیّـ یا شرط محل مد حرف لین ہو اور اس کے بعد سکون اصلی و لازمی ہو جس کی صورت یہ بنتی ہے تو ایسے موقع پر محل مد کو اس کی اصلی مقدار سے بڑھا کر طول کرنا لازم ہوتا ہے اس لئے اسے "مَدِّ لَازِمْ" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

مد لازم کا سبب چونکہ لازم حالین ہوتا ہے یعنی وصلاً و وقفاً ثابت رہتا ہے نیز جملہ قراء سبعہ و عشرہ نقلاً عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے طول پر متفق و متحد ہیں اور بالالتزام اس پر عامل اس لئے اسے "مَدِّ لَازِمْ" کہتے ہیں۔ مد لازم کے لزوم پر وہ حدیث نص قطعی ہے جو مد متصل کے ضمن میں گذر چکی ہے۔ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

Marfat.com

وَاتَّقُوا اللّٰهَ

مدّلازم باعتبار وقوع کبھی کلمات میں واقع ہوتا ہے اور کبھی حروف مقطعات میں اس لئے اس کی دو قسمیں بنتی ہیں۔ "مَدِّ لَازِمْ کِلْمِیْ اور مَدِّ لَازِمْ حَرْفِیْ"

پھر یہ سکون اصلی جو مدّلازم کا سبب و موجب بنتا ہے کبھی تو ظاہر ہوتا ہے اور کبھی مدغم۔ لہٰذا ہر ایک کی ۲ دو دو قسمیں بنکر کل چار قسمیں بن جاتی ہیں اور عند القرآء علیٰ حسب التلاوۃ چاروں قسموں میں طول علی التساوی ہوگی۔

۱: مدّلازم کلمی مخفف	۱: مدّلازم کلمی مثقل
۲: مدّلازم حرفی مخفف	۲: مدلازم حرفی مثقل

Marfat.com

اَلْمَدُّ اللَّازِمُ الْكِلْمِيُّ الْمُخَفَّفُ

س : مدّ لازم کلمی مخفف کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی کلمہ میں الف مدہ کے بعد سکون اصلی واقع ہو اور وہ ظاہر اور موجود ہو، تو الف مدہ کی آواز بڑھا کر تین یا پانچ الف طول کرنا چاہیئے۔ اُسے "مَدِّ لَازِمْ كِلْمِيْ مُخَفَّفْ" کہتے ہیں۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محل مد کے بعد سکون اصلی غیر مدغم ہو یعنی ظاہر اور موجود ہو جس کی صورت یہ "أَلْ" ہوتی ہے تو الف مدہ کو انفتاح فم اور ارتفاع صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر تین الف یا پانچ الف ہونی چاہیئے یعنی طول کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور اس مد میں چونکہ الف مدہ کے بعد سکون اصلی مظہر کلمہ میں ہوتا ہے اس لئے اسے "مَدِّ لَازِمْ كِلْمِيْ مُخَفَّفْ" کہتے ہیں۔

مدّ لازم کلمی مخفف میں چونکہ سبب اور موجب مد سکون مظہر ہوتا ہے اس لئے وہ نسبتًا اخف و اسہل ہوتا ہے اور اسی وجہ سے وہ مخفف کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

حروف مدہ کے پیش نظر مدّ لازم کلمی مخفف کے تین قاعدے ہونے چاہئیں لیکن بروایت حفص عن العاصم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم واو مدہ اور یاء مدہ پر مدّ لازم کلمی مخفف قرآن مجید میں موجود نہیں ہے اور الف مدہ پر ایک ہی کلمہ میں وارد ہے جو سورۂ یونس میں دو جگہ واقع ہے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

آلْ — آلْ — آلْ ؞ آلْ — آلْ — آلْ ۔

وَالْاَمْثِلَةُ

آلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ ؞ آلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

اَلْمَدُّ اللَّازِمُ الْكِلْمِيُّ الْمُثَقَّلُ

س : مد لازم کلمی مثقل کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی کلمہ میں الف مدہ یا واؤ مدہ کے بعد سکون اصلی مدغم واقع ہو اور بعد آہ حرف مشدّد ہو تو الف مدہ یا واؤ مدہ کی آواز بڑھا کر تین یا پانچ الف طول کرنا چاہیئے اُسے مدلازم کلمی مثقل ،، کہتے ہیں.

توضِیحُ الجَوَابُ:۔ جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محل مد کے بعد سکون اصلی لازمی واقع ہو لیکن وہ بظاہر موجود نہ ہو بلکہ مدغم ہو کر حرف مشدّد ہوا ہو جس کی صورت یہ ،، ـــآــّـ . ـــاـــّـ . ـوـ وُــّـ ،، ہوتی ہے پس اگر محل مد الف مدہ ہو یا اس کا قائم مقام فتحہ قائمہ ہو تو اسے انفتاح فم اور ارتفاع صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتدادِ صوت بقدر تین الف یا پانچ الف ہونی چاہیئے یعنی طول

Marfat.com

کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور اگر محل مد واؤ مدہ ہو تو واؤ مدہ کو کامل انضمام شفتین کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتدادِ صوت بقدر تین الف یا پانچ الف ہونی چاہیئے یعنی طول کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے۔ اور اس مد میں چونکہ الف کے بعد سکون اصلی مدغم کلمہ میں ہوتا ہے اس لئے اُسے مَدِّ لَازِم کِلْمِی مُثَقَّل کہتے ہیں۔

مدّ لازم کلمی مثقل میں چونکہ سبب اور موجب مد سکون مدغم ہوتا ہے اس لئے وہ نسبتاً اشد و اثقل ہوتا ہے اسی وجہ سے مثقل کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

حروف مدہ کے پیش نظر مد لازم کلمی مثقل کے بھی تین قاعدے ہونے چاہیئے لیکن بروایت حفص عن العاصم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاء مدہ پر مد لازم کلمی مثقل قرآن مجید میں موجود نہیں ہے اور واؤ مدہ پر فقط دو جگہ وارد ہے جو آخر امثلہ میں مرسوم ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ

آبَّ ۔۔۔ آجَّ ۔۔۔ آخَّ ۔۔۔ آدَّ ۔۔۔ آذَّ

آرَّ ۔۔۔ آسَّ ۔۔۔ آصَّ ۔۔۔ آضَّ ۔۔۔ آفَّ

آقَّ ۔۔۔ آلَّ ۔۔۔ آهَّ ۔۔۔ آنَّ

Marfat.com

والامثلة

دَآبَّةً دَآبَّةٍ كَآفَّةً ⁘ خَآصَّةً حَآجَّةً حَآجَّكَ

وَلَاجَآنٌّ حَآدَّ اللّٰهُ ⁘ لِيُحَآجُّوكُمْ اَتُحَآجُّوْنَنَا

يَتَحَآجُّوْنَ اَتُحَآجُّوْنِّيْ ⁘ حَآجُّوْكَ عِمَارَةَ الْحَآجِّ

اَلصَّآفُّوْنَ اَلضَّآلُّوْنَ ⁘ اَلظَّآنِّيْنَ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

اَلْعَآدِّيْنَ بِضَآرِّيْنَ ⁘ يُوَآدُّوْنَ يُرَآدُّوْنَ

شَآقُّوا اللّٰهَ يُشَآقِّ اللّٰهَ ⁘ يُشَآقُّوْنَ تَحَآضُّوْنَ

ضَآلِّيْنَ حَآفِّيْنَ ⁘ وَلَا تُضَآرَّ وَهُنَّ

غَيْرَ مُضَآرٍّ لَا تُضَآرُّ ⁘ بِضَآرِّهِمْ حَآدُّوْهُ

اَلْحَآقَّةُ مَا الْحَآقَّةُ ⁘ اَلطَّآمَّةُ اَلصَّآخَّةُ

اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ ⁘ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا

مُدْهَآمَّتٰنِ صَوَآفَّ ⁘ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا

قُلْ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ ⁘ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ

قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ ⁘ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ

اَتُحَآجُّوْنِّيْ ⁘ تَاْمُرُوْنِّيْ

وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ

Marfat.com

اَلْمَدُّ اللَّازِمُ الْحَرْفِيُّ الْمُخَفَّفُ وَالْمُثَقَّلُ

س : مدّ لازم حرفی مخفف کسے کہتے ہیں اور حرفی مثقل کسے ؟

ج : بعض سورتوں کے شروع میں کچھ حروف اس قسم کے لکھے ہوئے ہوتے ہیں جو الگ الگ پڑھے جاتے ہیں ان کو "حُرُوْفِ مُقَطَّعَات" کہتے ہیں یہ حروف دو طرح کے ہوتے ہیں۔ دو حرفی جیسے "حٰ یٰ طٰ ھٰ رٰ" اور تین حرفی جیسے "ك م ع س ل ن ق ص" پس دو حرفی میں اگرچہ الف مدہ موجود ہے مگر اس کے بعد سبب مد یعنی سکون موجود نہیں ہے اس لئے ان پر مد فرعی نہیں ہوتی بلکہ مد اصلی اور طبعی ہوتی ہے جس کی مقدار فقط ایک الف ہے۔ اور تین حرفی میں چونکہ درمیان کا حرف حرف مدہ یا حرف لین ہے اور اس کے بعد سکون اصلی لازمی واقع ہے جو سبب و موجب مد ہے اس لئے ان پر تین یا پانچ الف طول کرنا چاہیئے۔ اسے "مَدِّ لَازِمْ حَرْفِیْ" کہتے ہیں۔ پھر اگر حرف مدہ کے بعد سکون کے بجائے تشدید ہے تو اسے "مَدِّ لَازِمْ حَرْفِیْ مُثَقَّلْ" کہتے ہیں۔

البتہ عین میں چونکہ درمیان کا حرف، حرف لین ہے اس لئے اسے مَدِّ لِیْن لَازِمْ کہتے ہیں اور اس میں توسط بھی جائز ہے مگر طول اولی ہے باقی رہا "اَلِفْ" سو اس میں حرف مدہ نہیں ہے اس لئے مد کی بحث سے خارج ہے۔

Marfat.com

توضیح الجواب:۔ جاننا چاہیئے کہ بعض سورتوں کے اوائل میں حروف مقطعات ہوتے ہیں جو مفرد حروف کی طرح علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں۔ یہ حروف دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جن کی ہجاء دو حرفوں پر مشتمل ہے اور وہ ثنائی یا دو حرفی کہلاتے ہیں جن کا مجموعہ "حیّ طھر" ہے۔ ان کا تجزیہ یہ ہے "حَا بَا طَا ھَا یَا رَا" ان پانچ حرفوں میں اگرچہ محل مد یعنی الف مدہ موجود ہے۔ مگر اس کے بعد سبب وموجب مد مفقود یعنی سکون موجود نہیں ہے اس لیئے ان پر مد فرعی نہیں ہوتی بلکہ اصلی اور طبعی مد ہوتی ہے جس کی مقدار فقط ایک ہی الف ہے اس سے کمی زیادتی جائز نہیں۔

دوم وہ جن کی ہجاء تین حرفوں پر مشتمل ہے اور ثلاثی یا سہ حرفی کہلاتے ہیں جو مجموعہ "کَمْ عَسَلٍ نَقَصْ" میں مرکب ہیں اور جن کا تجزیہ یہ ہے "کَافْ مِیْمْ عَیْنْ سِیْنْ لَامْ نُوْنْ قَافْ صَادْ" ان آٹھ حرفوں میں چونکہ درمیان کا حرف، حرف مدہ ہے یعنی محل مد موجود ہے اور اس کے بعد سبب وموجب یعنی سکون اصلی لازمی بھی موجود ہے اس لیئے ان میں محل مد کی آواز بڑھا کر تین یا پانچ الف طول کرنا چاہیئے یعنی طول کی کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے خواہ محل مد کے بعد سکون اصلی ظاہر ہو خواہ مدغم

اب اگر محل مد کے بعد سکون ظاہر ہے جیسے "کٓ. مٓ. عٓ. سٓ. لٓ. نٓ. قٓ. صٓ" تو اسے "مَدِّ لَازِم حَرْفِی مُخَفَّف" کہتے ہیں۔ اور اگر سکون مدغم ہے یعنی محل مد کے بعد سکون کے بجائے حرف مشدد ہے جیسے "الٓمّٓ طٰسٓمّٓ" تو اسے "مَدِّ لَازِم حَرْفِی مُثَقَّل" کہتے ہیں ہاں البتہ "عٓ"

Marfat.com

پس چونکہ محل مد حرف لین ہے اور اس کے بعد سکون لازم ہے اس لیئے اسے "مدّ لین لازم" کہتے ہیں اور اس میں طول کے علاوہ توسط بھی جائز ہے مگر طول اولیٰ وافضل ہے اور قصر متروک واضعف۔ اور مد لین لازم قرآن کریم میں فقط دو جگہ وارد ہے اور مشہور ہے عین مریم و عین شوریٰ۔۔۔ باقی رہا "الف" جو حروف مُقطّعات کا پہلا حرف ہے تو اس میں حرف مدہ ہی نہیں ہے اس لئے مد کی بحث سے خارج ہے فافہم۔

سورۂ آل عمران کے شروع "الٓمّٓ" کے میم کو اگر لفظ اللّٰہ سے ملانا ہو تو اللّٰہ کا ہمزہ وصل ساقط کر کے اور میم کو فتحہ دے کر اللّٰہ سے ملانا چاہیئے جس کی صورت یہ ہو جاتی ہے "اَلِفْ لَآمْ مِّیْمَ اللّٰہُ" پس اس صورت میں یاء مدہ پر طول اور قصر دونوں جائز ہے طول اعتداداً بالسکون الازم اور قصر اعتداداً بالحرکۃ العارض۔ اور توسط جائز نہیں ہے کیونکہ اس کے لئے کوئی علت نہیں اور اس حالت میں جبکہ میم کو لام سے ملا دیا جائے خاص طور پر خیال رکھنا چاہیئے کہ میم مفتوح مشدد نہ ہو جائے۔

حروف مُقطّعات کی خصوصیت عند حفص یہ ہے کہ وہ غیر مقطعات میں مدغم نہیں ہوتے یہی وجہ ہے کہ نٓ وَالْقَلَمِ اور یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ میں [illegible] ساکن [illegible] واو میں نہیں ہوتا بلکہ اظہار ہوتا ہے اس لئے کہ نون ساکن [illegible] نہیں ہے۔

[illegible] مقدار واحد پر متفق ہیں سو جب تلاوت واحد میں کئی جگہ جمع ہوں تو تقدیم و تاخیر کا لحاظ کئے بغیر

Marfat.com

— مقدار واحد اختیار کرنی چاہیئے — اور جو بھی مقدار اول مقام پر اختیار کی جائے آخر تلاوت تک اسی مقدار پر مداومت کرنا چاہیئے ایسا نہ ہو کہ کسی جگہ تین الف طول کیا جائے اور کسی جگہ پانچ الف — کہ یہ عدم تساوی عند القراء مستحسن نہیں ہے — بلکہ وہ تساوی بین المدود بقسمہ کو لازم قرار دیتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

حٰ ، یٰ ، طٰ ، ھٰ ، رٰ

كٓ ، لٓ ، صٓ ، قٓ ، مٓ ، سٓ ، نٓ ، عٓ

وَالْاَمْثِلَةُ

طٰهٰ ۝ صٓ ، قٓ ، نٓ ، طٰسٓ ، یٰسٓ ۝

حٰمٓ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ كٓهٰیٰعٓصٓ ۝

الٓرٰ ، الٓمٓ ، الٓمٓرٰ ۝ ، طٰسٓمٓ ۝

الٓمٓصٓ ۝

الٓمٓ ۝ اللّٰهُ ∴ الٓمٓ ۝ اللّٰهُ

اَلِفْ لَآمْ مِّیْمْ ۝ اللّٰهُ ∴ اَلِفْ لَآمْ مِّیْمْ ۝ اللّٰهُ

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْعَارِضُ لِلسُّکُوْنِ

س : مدّ عارض للسکون کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار منزلہ کیا ہے ؟

ج : جب حرف مدہ کے بعد سکون واقع ہو لیکن اصلی لازمی نہ ہو بلکہ عارضی ہو یعنی وقف کی وجہ سے سکون ہو گیا ہو۔ تو حرفِ مدہ کی آواز بڑھا کر مد کرنا چاہیئے اسے ,, مَدِّ عَارِضْ لِلسُّکُوْنْ ،، کہتے ہیں اور اس کی مقدار منزلہ طول، توسط، قصر ہے ۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ جب شرط و محل مد حرفِ مدہ ہو اور اس کے بعد سبب مد سکون عارض ہو یعنی بوجہ وقف کے سکون عارض ہو گیا ہو جس کی صورت یہ ,, ـَـ ا ـُـ و ـِـ ی ،، ہوتی ہے ۔ تو ایسے نوع برمحل مد یعنی حرفِ مدہ کی آواز بڑھا کر طول، توسط یا قصر کرنا چاہیئے یعنی مقادیر ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اسے ، مَدِّ عَارِضْ لِلسُّکُوْنْ یا مَدِّ عَارِضْ وَقْفِی کہتے ہیں نیز اسے ,, مَدّ جَائِزْ ،، بھی کہتے ہیں کیونکہ عند القراء اس میں قصر جائز ہے ۔

مد عارض للسکون میں اول درجہ طول کا ہے بوجہ اجتماع ساکنین اعتداداً بالعارض کے دوسرا درجہ توسط کا ہے بوجہ مراعات اجتماع ساکنین مع ملاحظہ عارض کے ۔ اور تیسرا درجہ قصر کا ہے بوجہ عارض کے یعنی اس قسم کے اجتماع ساکنین چونکہ مد کو مقتضی ہوتا ہے اس لیئے سکون کے عارض ہونے کو کوئی حیثیت دیئے بغیر اولاً طول کیا جاتا ہے اور فی الجملہ اجتماع ساکنین کی رعایت کرتے ہوئے ادمجہد سکون

Marfat.com

کے عارض ہونے کو حیثیت دیتے ہوئے ثانیاً توسط کیا جاتا اور سکون کے عارض ہونے کو پوری حیثیت دے کر اور اسے کالعدم قرار دیتے ہوئے ثالثاً قصر کیا جاتا ہے۔

مدّ عارض چونکہ موقوف علی الوقف ہوتا ہے اس لیئے وقف کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور وقف کے طریقے مختلف ہیں یعنی حرف مدہ کے بعد جس حرف کو ساکن کیا جاتا ہے اور جس کا سکون عارض مد کا سبب بنتا ہے وہ کبھی مفتوح و منصوب ہوتا ہے۔ کبھی مکسور و مجرور۔ اور کبھی مضموم و مرفوع۔

پس اگر موقوف علیہ مفتوح و منصوب ہے تو اس پر وقف بالِاسکان المجرد ہوگا اور مد میں تین وجہیں جائز ہوں گی۔ طول۔ توسط۔ قصر

اگر موقوف علیہ مکسور و مخفوض ہے تو اس پر وقف بالاسکان المجرد اور وقف بالرّوم ہوگا اور مد میں چار وجہیں جائز ہوں گی۔ طول۔ توسط قصر بالاسکان المجرد اور قصر مع الروم۔

اور اگر موقوف علیہ مضموم و مرفوع ہے تو اس پر وقف بالاسکان المجرد۔ وقف بالاسکان مَعَ الاِشمام اور وقف بالرّوم ہوگا۔ اور مد میں سات وجہیں جائز ہوں گی۔ طول۔ توسط۔ قصر مع الاِسکان المجرّد۔ طول۔ توسط۔ قصر بالاسکان مع الاشمام اور قصر مع الروم

اگر حرف مدہ کے بعد مد کے دونوں سبب پائے جائیں یعنی ہمزہ اور سکون عارض جیسے ”یَشَآءُ“ ”قُرُوْءٍ“ ”نَسِیْٓءُ“ تو ایسی جگہ پر مد عارض کے پیشِ نظر قصر جائز نہ ہوگا کیونکہ اس صورت میں سبب اصلی کا اِلغاءُ اور سبب

Marfat.com

عارضی کا اعتبار لازم آئے گا۔

مدعارض کی وجہ اختیار کرنے میں قاری خود مختار ہوتا ہے اور اس کی اوجہ ثلاثہ میں سے جو وجہ چاہے اختیار کر سکتا ہے مگر لَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ کے مقتضی پر اور لَزِمَ النَّفْلُ بِالشُّرُوْعِ کے تحت جو وجہ اختیار کر لی جائے تا آخر تلاوت اسی پر قائم اور عامل رہنا چاہیئے۔ ایسا نہ ہو کہ کبھی کوئی وجہ پڑھ لی جائے اور کبھی کوئی وجہ کیونکہ عند القراء خلط فی الوجوہ بھی مکروہ و معیوب ہوتا ہے اور ایسا ہی عدم تسوّی فی مقدار الوجوہ کما مر وَاللَّفْظُ فِي نَظَائِرِهٖ كَمِثْلِهٖ ہاں اگر اعلان وجوہ جائزہ مطلوب و مقصود ہو تو پھر مباح اور غیر ممنوع ہے

مدعارض کی وجوہ ثلاثہ کو باہم دیگر ملانے اور ضرب دینے سے عقلی وجہیں بہت سی بنتی ہیں مگر یہاں وجوہ جائزہ بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ قواعد کو ترتیب دینا مطلوب ہے۔ لہٰذا حروف مدہ ثلاثہ کے پیش نظر مدعارض کو بھی تین قاعدوں میں ترتیب دیا جاتا ہے۔

-:-

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْعَارِضُ الْوَقْفِيُّ عَلَى الْاَلِفِ

س : مد عارض وقفی علی الالف کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی کلمہ میں الف مدہ یا اس کے قائم مقام فتحہ قائمہ کے بعد سکون کامل وقف کی وجہ سے عارض ہو جائے تو الف مدہ پر طول، توسط یا قصر کرنا چاہیئے اسے " مَدِّ عَارِضْ وَقْفِیْ عَلَی الْاَلِفْ " کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محلّ مد ، الف مدّہ ہو خواہ مرسوم ہو یا غیر مرسوم ، اور اس کے بعد سکون ، بوجہ وقف علی الکلمہ کے عارض ہو جائے جس کی صورت یہ " ـَـ اْ ، ـاْ ، ـَـ " ہو جاتی ہے۔ تو الف مدہ کو کامل انفتاحِ فم اور ارتفاعِ صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر مقدار طول، توسط یا قصر ہونی چاہیئے یعنی مقادیر ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے۔ اس مد میں چونکہ محل مد الف اور سبب مدِ عارض بوجہ وقف ہوتا ہے اس لیئے اُسے " مَدِّ عَارِضْ وَقْفِیْ عَلَی الْاَلِفْ " کہتے ہیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

اٰنْ بَانْ تَانْ ثَانْ جَانْ حَانْ خَانْ دَانْ ذَانْ

رَانْ زَانْ سَانْ شَانْ صَانْ ضَانْ طَانْ ظَانْ

Marfat.com

عَانْ غَانْ فَانْ قَانْ كَانْ لَانْ مَانْ نَانْ
وَانْ هَانْ ءَانْ يَانْ

وَالْاَمْثِلَةُ

إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ○ ∴ إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ ○

إِنْ هٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ ○ ∴ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ○

وَآخَرُ مِنْ شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ ○ ∴ كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِنَ الْأَشْرَارِ ○

إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ○ ∴ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ ○

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ○ ∴ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ○

وَلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ ○ ∴ [illegible] الْأَوْتَادِ ○

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ○ ∴ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ○

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ○ ∴ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ○

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ○ ∴ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ ○

لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ ○ ∴ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ○ ∴ فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ ○

وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ ○ ∴ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ○ ∴ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ○

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْعَارِضُ الْوَقْفِیُّ عَلَی الْوَاوِ

س : مدعارض وقفی علی الواو کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی کلمہ میں واو مدہ یا اس کے قائم مقام ضمہ مقلوبہ کے بعد سکون کامل وقف کی وجہ سے عارض ہو جائے تو واو مدہ پر طول، توسط یا قصر کرنا چاہیئے اسے " مَدِّ عَارِضْ وَقْفِی عَلَی الْوَاوْ " کہتے ہیں.

توضیح الجواب :- جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محل مد، واو مدہ ہو، خواہ مرسوم یا غیر مرسوم اور اس کے بعد سکون کامل بوجہ وقف علی الکلمہ کے عارض ہو جائے جس کی صورت یہ " ـُـوْ ـُـ " ہو جاتی ہے. تو واو مدہ کو کامل انضمام شفتین اور امامت صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر مقدر طول، توسط یا قصر ہونی چاہیئے یعنی مقادیر ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے. اس مد میں چونکہ محل مد واو مدہ اور سبب مد عارض بوجہ وقف ہوتا ہے اس لئے اسے " مَدِّ عَارِضْ وَقْفِی عَلَی الْوَاوْ " کہتے ہیں.

اَلْقَاعِدَةُ

اُوْنَ بُوْنَ تُوْنَ ثُوْنَ جُوْنَ حُوْنَ خُوْنَ دُوْنَ ذُوْنَ

رُوْنَ زُوْنَ سُوْنَ شُوْنَ صُوْنَ ضُوْنَ طُوْنَ ظُوْنَ

عُوْنَ غُوْنَ فُوْنَ قُوْنَ کُوْنَ لُوْنَ مُوْنَ نُوْنَ وُوْنَ

ءُوْنَ هُوْنَ یُوْنَ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ ∴ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ○

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ ∴ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ○

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ○ ∴ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ○

وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ○ ∴ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○ ∴ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ○

وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ○ ∴ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ○

نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ○ ∴ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ○

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ ∴ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○

مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ج ∴ فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ج

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ○ ∴ كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوٗنَ ○

Marfat.com

اَلْمَدُّ الْعَارِضُ الْوَقْفِیُّ عَلَی الْیَآءِ

س : مدعارض وقفی علی الیآء کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی کلمہ میں یاء مدہ یا اس کے قائم مقام کسرۂ قائمہ کے بعد سکون کامل وقف کی وجہ سے عارض ہوجائے تو یاء مدہ پر طول. توسط یا قصر کرنا چاہیئے اسے "مَدِّ عَارِضِ وَقْفِی عَلَی الْیَآءِ" کہتے ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :- جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محل مد. یاء مدہ ہو خواہ مرسوم ہو یا غیر مرسوم اور اس کے بعد سکون کامل بوجہ وقف علی الکلمہ کے عارض ہوجائے جس کی صورت یہ "ـِـ ی ـٖـ ؛ ـِـ ـٖـ" ہوجاتی ہے تو یاء مدہ کو انخفاض فم اور انکسار صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر مقدار طول. توسط یا قصر ہونی چاہیئے یعنی مقادیر ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیاراً کرنا چاہیئے. اور اس مد میں چونکہ محل مد. یاء مدہ اور سبب مدعارض بوجہ وقف ہوتا ہے اس لئے اسے "مَدِّ عَارِضِ وَقْفِی عَلَی الْیَآءِ" کہتے ہیں.

اَلْقَاعِدَةُ

اِیْنْ بِیْنْ تِیْنْ ثِیْنْ جِیْنْ حِیْنْ خِیْنْ دِیْنْ ذِیْنْ رِیْنْ

زِیْنْ سِیْنْ شِیْنْ صِیْنْ ضِیْنْ طِیْنْ ظِیْنْ عِیْنْ غِیْنْ

فِیْنْ قِیْنْ کِیْنْ لِیْنْ مِیْنْ نِیْنْ وِیْنْ هِیْنْ ئِیْنْ یِیْنْ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ ∴ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ ∴ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ ∴ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ ∴ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ○ ∴ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ○

وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ○ ∴ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ بِالْكٰفِرِيْنَ ○

فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ ∴ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ○

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ ∴ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ○ ∴ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○ ∴ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ○

وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ج ∴ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِ...

Marfat.com

اَلْمَدُّ اللِّیْنُ الْعَارِضُ

س : مدّلین عارض کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار منزلہ کیا ہے ؟

ج : جب حرفِ لین کے بعد سکون واقع ہو لیکن یہ سکون اصلی نہ ہو بلکہ عارضی ہو یعنی وقف کی وجہ سے سکون ہوگیا ہو تو حرفِ لین کی آواز بڑھا کر مد کرنا جائز ہے اسے "مَدِّ لِیْنُ عَارِضْ" کہتے ہیں. اور اس کی مقدار منزلہ قصر. توسط. طول ہے.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ جب شرط و محل مد. حرفِ لین ہو اور اس کے بعد سبب مد سکون عارض ہو یعنی بوجہ وقف عارض ہوگیا ہو جس کی صورت یہ "ـَ وْ ـْ ، ـَ یْ ـْ" ہوتی ہے تو ایسے موقع پر محل مد یعنی حرف لین کی آواز بڑھا کر قصر. توسط یا طول کرنا چاہیئے یعنی مقادیر ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اسے "مَدِّ لِیْنُ عَارِضْ" کہتے ہیں. نیز اسے مدلین وقفی بھی کہتے ہیں مدلین عارض میں شرط و محل مد. حرف لین ہے اور حرف لین کی ذات میں مدیّت اصل نہیں بلکہ شبہ مد کی وجہ سے ہے اس لیئے مدلین عارض میں اول درجہ قصر کا ہے پھر توسط کا اور پھر طول کا یعنی اس قسم کا اجتماع ساکنین بھی چونکہ مد کو مقتضی ہوتا ہے اس لیئے قصر کے بعد توسط اور طول بھی جائز ہے. قصر بوجہ عدم اعتداد بالعارض کے. توسط بوجہ اجتماع ساکنین معہ ملاحظۂ عارض کے اور طول بوجہ اعتداداً بالعارض کے.

مدلین عارض بھی موقوف علی الوقف ہوتا ہے اس لیئے وقف کی طرف منسوب ہوتا ہے اور وقف کے طریقے مختلف ہیں. یعنی کلمۂ موقوف علیہ میں حرف لین کے بعد

Marfat.com

جس حرف کو ساکن کیا جاتا ہے اور جو مد کا سبب بنتا ہے وہ مفتوح ہو گا یا مکسور یا مضموم. پس اگر موقوف علیہ مفتوح ہے تو اس پر وقف بالاِسکان المجرد ہو گا اور مد میں تین وجہیں جائز ہوں گی قصر. توسط. طول.

اور اگر موقوف علیہ مکسور ہے تو اس پر وقف بالاسکان المجرد اور وقف بالروم ہو گا اور مد میں چار وجہیں جائز ہونگی قصر. توسط. طول بالاسکان المجرد اور قصر بالروم

اور اگر موقوف علیہ مضموم ہے تو اس پر وقف بالاسکان المجرد وقف بالاسکان مع الاشمام اور وقف بالروم ہو گا اور مد میں سات وجہیں جائز ہوں گی قصر. توسط طول بالاسکان المجرد قصر. توسط. طول بالاسکان مع الاشمام اور قصر مع الروم.

مدلین عارض کی وجہ اختیار کرنے میں بھی قاری کو اختیار ہوتا ہے کہ اس کے اوجہ ثلاثہ میں سے جو وجہ چاہے اختیار کرے مگر لَزِمَ النَّقْلُ بِالشُّرُوْعِ کے تحت جو بھی وجہ اختیار کر لی جائے آخر تلاوت تک اسی پر کاربند رہنا چاہیئے. کبھی کوئی وجہ اور کبھی کوئی وجہ پڑھنا اور اختیار کرنا مستحسن نہیں. الا لاعلان الوجوہ. ایسا ہی جب دوران تلاوت میں مدلین عارض کئی جگہ جمع ہوں جیسے سورۃ قریش میں تو تسویہ بین الوجوہ اشد ضروری ہوتا ہے. کما مر. واللفظ فی نظیرہ کمثلہ. ولزم النقل بالشروع

یہ اصول پیش نظر رکھنا چاہیئے کہ مد عارض للسکون قوی ہے اور اس میں طول اولیٰ ہے پھر توسط کا درجہ ہے کہ یہ قریب الی الاولیٰ ہے اور پھر قصر کا مرتبہ ہے کیونکہ یہ بعید عن الاولیٰ ہے. بخلاف مدلین عارض کے کہ اس میں قصر اولیٰ ہے پھر توسط کا درجہ ہے کہ یہ قریب الی الاولیٰ ہے اور پھر طول کا مرتبہ ہے کیونکہ یہ بعید عن الاولے ہے.

Marfat.com

پس جب دوران تلاوت میں مدعارض للسکون اور مدلین عارض جمع ہوں اور مثلاً مدعارض وقفی مقدم ہو اور مدلین عارض مؤخر جیسے " اَلَّذِیۡۤ اَطۡعَمَهُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ ۙ۬ وَّ اٰمَنَهُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ ۝ " اور مدعارض وقفی میں طول اختیار کیا جائے تو مدلین عارض میں قصر، توسط، طول تینوں وجہیں جائز ہوں گی اور اگر مدعارض وقفی میں توسط اختیار کیا ہے تو مدلین عارض میں قصر توسط دو وجہیں جائز ہوں گی اور طول جائز ہوگا اور اگر مدعارض وقفی میں قصر اختیار کیا ہے تو مدلین عارض میں فقط قصر ہی جائز ہوگا۔ توسط اور طول جائز نہیں ہوگا۔

اور اگر مدلین عارض مقدم ہے اور مدعارض وقفی مؤخر جیسے " يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ " اور مدلین عارض میں قصر کیا ہے تو مدعارض وقفی میں طول، توسط، قصر تینوں وجہیں جائز ہوں گی اور مدلین عارض میں توسط کیا ہے تو مدعارض وقفی میں طول، توسط دو وجہیں جائز ہونگی اور قصر جائز نہیں اور اگر مدلین عارض میں طول کیا ہے تو مدعارض وقفی میں فقط طول ہی جائز ہے توسط اور قصر جائز نہیں خلاصہ یہ کہ دونوں میں وجہ اولی وافضل اختیار کرنا چاہیئے یا پھر دونوں میں وہ وجہ اختیار کرنی چاہیئے جو قریب الی الاولیٰ ہو اور جو وجہ بعید عن الاولیٰ ہو اسے اختیار کرنے میں غیر اولیٰ کو اولیٰ پر ترجیح لازم آتی ہے اور یہ جائز نہیں ہے۔

مدلین عارض کی وجوہ ثلاثہ کو ضرب دینے یا اس کے اوجہ ثلاثہ کو مدعارض وقفی کی وجوہ ثلاثہ سے ضرب دینے میں عقلی وجہیں بہت سی بنتی ہیں لیکن یہاں وجوہ جائزہ

Marfat.com

بیان کرنا مقصود نہیں بلکہ قواعد کو ترتیب دینا مطلوب ہے لہٰذا حروف لین کے پیش نظر مدلین عارض کو دو قاعدوں میں ترتیب دیا جائے۔

اَلْمَدُّ اللِّیْنُ الْعَارِضُ عَلَی الْوَاوِ

س: مدلین عارض علی الواو کسے کہتے ہیں؟

ج: جب کسی کلمہ پر وقف عیبہ میں واو لین کے بعد سکون کامل وقف کی وجہ سے عارض ہو جائے تو واو لین پر قصر، توسط یا طول کرنا چاہیئے اسے "مَدِّ لِیْن عَارِض عَلَی الوَاو" کہتے ہیں۔

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محل مد واو لین ہو اور اس کے بعد سکون محض بوجہ وقف علی الکلمہ کے عارض ہو جائے جس کی صورت بوقت وقف ہوتی ہے تو واو لین کو کامل انضمام شفتین اور راءمت صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے اور امتداد صوت بقدر مقدار قصر، توسط یا طول ہونی چاہیئے یعنی مقادیر ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور اس مد میں چونکہ محل مد واو لین ہوتا ہے اور سبب و موجب مد عارض بوجہ وقف ہوتا ہے اس لئے اسے "مَدِّ لِیْن عَارِض عَلَی الوَاو" کہتے ہیں۔

مدلین عارض علی الواو میں چونکہ محل مد واو لین ہوتا ہے اور واو لین کی ذات میں مد نہیں بلکہ شبہ مد کی وجہ سے اس میں مدیت پیدا کی جاتی ہے اس لئے اس کی ادائیگی میں خاص طور پر یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ اپنی صفت لین کے ساتھ بطریق احسن

Marfat.com

اور نو یہ واوان کے ادا کرنے میں کامل انضمام شفتین اور امامت صوت کے ساتھ اس کی آواز نہایت نرمی سے بڑھانی چاہیئے اور شفتین کی یہ مخصوص کیفیت انضمام بدستور قائم رکھنی چاہیئے تا وقتیکہ مقررہ مقادیر میں سے اختیار کردہ مقدار بطریق احسن پوری ہو جائے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَوْنٌ هَوْنٌ عَوْنٌ حَوْنٌ غَوْنٌ خَوْنٌ قَوْنٌ كَوْنٌ

جَوْنٌ شَوْنٌ يَوْنٌ ضَوْنٌ كَوْنٌ جَوْنٌ شَوْنٌ سَوْنٌ

ضَوْنٌ لَوْنٌ نَوْنٌ رَوْنٌ طَوْنٌ ذَوْنٌ ثَوْنٌ صَوْنٌ

زَوْنٌ سَوْنٌ فَوْنٌ بَوْنٌ مَوْنٌ وَوْنٌ

وَالْاَمْثِلَةُ

وَاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ؕ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ

اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ؕ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ

مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ ؕ

اَلظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ

بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ؕ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ

مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ؕ

وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِىْ لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ

Marfat.com

اَلْمَدُّ اللِّیْنُ الْعَارِضُ عَلَی الْیَآءِ

س : مدلین عارض علی الیاء کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب کسی کلمۂ موقوف علیہ میں یاء لین کے بعد سکونِ کامل وقف کی وجہ سے عارض ہو جائے تو یاء لین پر قصر، توسط یا طول کرنا چاہیئے اسے مَدِّ لِیْن عَارِضْ عَلَی الْیَآءِ کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ جب کسی کلمہ میں محل مد یائے لین ہو اور اس کے بعد سکون محض بوجہ وقف علی الکلمہ کے عارض ہو جس کی صورت یہ "ـَ یْ ـْ" ہوتی ہے۔ تو یاء لین کو انکسار فم اور انخفاض صوت کے ساتھ ادا کرنا چاہیئے۔ اور امتدادِ صوت بقدرِ مقدارِ قصر، توسط یا طول ہونی چاہیئے یعنی مقادیرِ ثلاثہ میں سے کسی ایک مقدار کو اختیار کرنا چاہیئے اور اس مد میں چونکہ محل مد یاء لین ہوتی ہے اور سبب و موجب مد، عارض بوجہ وقف ہوتا ہے اس لیئے اسے "مَدِّ لِیْنُ عَارِضْ عَلَی الْیَآءِ" کہتے ہیں۔

مدلین عارض علی الیاء میں چونکہ محل مد، یاء لین ہوتی ہے اور یاء لین کی ذات میں مد نہیں بلکہ شبۂ مد کی وجہ سے اس میں مدیت پیدا کی جاتی ہے اس لئے اس کی ادائیگی میں خاص طور پر یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ اپنی صفت لین کے ساتھ بطریق احسن ادا ہو۔ پس یاء لین کے ادا کرنے میں وسط لسان کو حنک اعلیٰ سے اس طرح لگانا چاہیئے کہ نوکِ زبان کی طرف خروجِ صوت کے لیئے راستہ کھلا رہے اور زبان کی یہ مخصوص کیفیت بدستور قائم رہے تا وقتیکہ مقررہ مقادیر میں سے اختیار کردہ مقدار بطریق احسن پوری ہو جائے۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَةُ

اَيْنَ هَيْنَ ، عَيْنَ حَيْنَ ، غَيْنَ خَيْنَ ، قَيْنَ كَيْنَ ، جَيْنَ
شَيْنَ بَيْنَ ، ضَيْنَ ، لَيْنَ سَيْنَ رَيْنَ ، طَيْنَ دَيْنَ تَيْنَ
ظَيْنَ ثَيْنَ ، صَيْنَ زَيْنَ سَيْنَ ، فَيْنَ ، بَيْنَ ، مَيْنَ ، وَيْنَ

وَالْاَمْثِلَةُ

رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۞ ؛ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۞
اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ۞ ؛ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۞
وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۞ ؛ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۞
مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ج ؛ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ط
لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ج ؛ مِّثْلَيْهِمْ رَاْیَ الْعَيْنِ ط
اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ج ؛ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ز
عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ج ؛ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ج
اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ج ؛ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ط
وَذَرُوا الْبَيْعَ ط ؛ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ط
يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ط ؛ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط

Marfat.com


والله على كل شيء قدير

اَلْجُزْءُ الْحَادِیْ عَشَرَ فِیْ اَحْوَالِ الْمِیْمِ وَالنُّوْنِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْغُنَّۃُ وَحَرْفَا الْغُنَّۃِ

س : غنہ کسے کہتے ہیں اور حرف غنہ کسے اور غنہ کی مقدار منزلہ کیا ہے ؟

ج : خیشوم یعنی ناک میں آواز لے جانے کو غنہ کہتے ہیں اور میم و نون مشدد کو حرف غنہ کہتے ہیں اور غنہ کا مقدارِ منزلہ ایک الف یعنی دو حرکت کے برابر ہے !

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب، جاننا چاہیئے کہ غنہ ایک لذیذ خوش کن اور خوش سماعت آواز ہے جو خیشوم سے ادا ہوتی ہے. اَلْغُنَّۃُ صَوْتٌ لَذِیْذٌ یَخْرُجُ مِنَ الْخَیْشُوْمِ اور غنّہ دو قسم پر ہے. اصلی و فرعی. اصلی غنہ وہ ہے جو میم اور نون کے ساتھ بطور صفت لازمہ کے مخصوص ہوتا ہے اور تلفظ کرتے ہی ادا ہو جاتا ہے جس سے میم و نون کی ذات مکمل ہو جاتی ہے. یہی وجہ ہے کہ اگر یہ ذاتی اور اصلی غنہ میم و نون سے سلب کر لیا جائے تو یہ دونوں ادا نہیں ہوتے یا ناقص ادا ہو جاتے ہیں.

جب میم و نون کو وضعِ کلمہ کے وقت مشدد کیا جاتا ہے تو ایسی حالت میں حقیقتاً کلمہ میں حرف مکرر ہوتا ہے. یعنی میم مشدد میں دو میم اور نون مشدد میں دو نون ہوتے ہیں. اس لئے دونوں کی صفت غنہ ملکر مقدار دوگنی ہو جاتی ہے اور صوتِ غنہ خیشوم میں دیر تک یعنی بقدرِ مقدارِ الف رکی جاتی ہے. اور صوتِ خیشومی کو غنۂ ذاتی جب

Marfat.com

کہتے ہیں اور چونکہ میم و نون مشدد غنہ کا محل ہوتا ہے اور عند القرآء ان میں غنہ واجب ہوتا ہے اس لئے میم و نون مشدد کو "حرفِ غُنّہ" کہتے ہیں۔

اور غنہ فرعی وہ ہے جو ادغام، اقلاب اور اخفاء کی حالت میں اس وقت پایا جاتا ہے جب کہ میم و نون رسماً موجود ہوں اور یہاں حرف مکرر نہیں ہوتا بلکہ میم و نون کی صفت غنہ میں ادغام وغیرہ کی وجہ سے اضافہ کیا جاتا ہے اس لئے اسے "غنہ فرعی" یا "حرف غنہ" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

غنہ خواہ واجبہ ہو یا حرف فرعی دونوں کا مخرج خیشوم ہے اور خیشوم اپنی وسعت کی وجہ سے جریانِ صوت کا متحمل ہے اور جریانِ صوت میں افراط و تفریط کا احتمال رہتا ہے اس لئے مجودین کرام نے نقلاً عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غنہ کی مخصوص مقدار بقدر ایک الف مقرر کردی ہے تاکہ تالیِ قرآن ایک مقدار معین پر قائم رہے اور افراط و تفریط سے محفوظ رہ کر لحن جلی کا مرتکب ہو۔ امثلہ کے تحت ایسے ہی الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے جن میں میم و نون وضع کلمہ کے وقت مشدد کیا گیا ہے اور جس پر حرف غنہ کا اطلاق ہوتا ہے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَمَّ · اِمَّ · اُمَّ · اُمُّ · اَنَّ · اِنَّ · اُنَّ · اِنِّ

وَالْاَمْثِلَۃُ

عَمَّ · ثُمَّ · فَثَمَّ · فَتَمَّ · هَلُمَّ · غَمَّةً · اُمَّةً · نِعْمَةً

Marfat.com

آتَا أَمَا عَمَّا فَلَمَّا ∴ أَلْيَمِّ أَلْغَمِّ أَئِمَّةً عُبِيَتُ

أَمَلَ إِنَّ دَمَّرَ مُسَمًّى ∴ تَعَمَّدَتْ فَتَمَّتْ سَمِّكُمُ صُمٌّ

إِنَّنَا إِنَّنَا عَنَّا مِنَّا كُنَّا ∴ إِنِّي إِنَّنِي عَنِّيْ مِنِّيْ لَوْكِنِّي

إِنَّهُ إِنَّهَا إِنَّهُمَا إِنَّهُمْ ∴ إِنَّكَ إِنَّكُمَا إِنَّكُمْ إِنَّكُنَّ

هُنَّ لَهُنَّ إِنَّهُنَّ لَتَرَوُنَّ ∴ لَتُرْكَبُنَّ لَتُسْئَلُنَّ لَتَعُودُنَّ

لَنُهْلِكَنَّ تَمُوتُنَّ فَلَيُغَيِّرُنَّ ∴ فَلَيُبَتِّكُنَّ لَاَغْلِبَنَّ لَنُسْكِنَنَّكُمُ

لَيَجْمَعَنَّكُمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ ∴ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ وَلَاُضِلَّنَّهُمْ ∴ جَهَنَّمَ جَنَّتْ جَنَّةً سُنَّتَ

لَتَجِدَنَّ لٰكِنَّ لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ ∴ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ كَيْدَهُنَّ

وَعَاشِرُوْهُنَّ كَرِهْتُمُوْهُنَّ ∴ لَاتَعْضُلُوْهُنَّ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

Marfat.com

اَحْکَامُ الْمِیْمِ السَّاکِنَۃِ

س : میم ساکن کے احکام کتنے ہیں ؟

ج : میم ساکن کے تین احکام ہیں.

(۱) ادغام صغیر مثلین (۲) اخفاءِ شفوی (۳) اظہار شفوی.

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ میم ساکن اپنے مخصوص مخرج اور مخصوص صفت غنہ کی وجہ سے دوسرے حروف سے ممتاز ہے اور اس کے احکام متعدد ہیں. اس لئے اہل فن اسے مستقل طور سے بیان کرتے ہیں.

یہ جاننا چاہیئے کہ میم ساکن : مْ : باعتبار وقوع کے قبل حروف الھجاء ،، تین مقام پر واقع ہوتا ہے. کبھی وہ میم متحرک سے قبل واقع ہوتا ہے. کبھی وہ : ب : متحرکہ سے قبل واقع ہوتا ہے ، اور کبھی وہ دیگر حروف متحرکہ سے قبل واقع ہوتا ہے.

پس اس لحاظ سے محققین ، مجودین ، اور ماہرین بالقرآءات کے نزدیک میم ساکن "قبل حروف الھجاء" کے فقط تین احکام ہیں :

۱ :۔ الادغام الصغیر ۔ فی المیم الآتیۃ ۔

۲ :۔ الاخفاء الشفوی ، عند الباء المتحرکۃ ۔

۳ :۔ الاظہار الشفوی ۔ قبل الحروف الباقیۃ ۔

اب میم ساکن کے ان احکام ثلاثہ کا ان ہی عنوانات کے تحت مفصل بیان کیا جاتا ہے :۔

Marfat.com

اَلْاِدْغَامُ الصَّغِیْرُ الْمِثْلَیْنِ

س : ادغام صغیر مثلین کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب میم ساکن کے بعد دوسری میم واقع ہو جائے تو پہلے میم کو دوسرے میم میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے اور غنہ بقدر ایک الف بڑھا کر مثل ایک میم مشدد کے پڑھنا چاہیئے اسے " ادغام صغیر مثلین " کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ جب اتصال کلمہ یا کلمہ کی وجہ سے دو میم جمع ہو جائیں اور پہلا ساکن دوسرا متحرک ہو۔ جس کی صورت یہ " مْ مُ " ہوتی ہے۔ تو اجتماع مثلین یعنی میمین کی وجہ سے پہلے میم کو دوسرے میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے اور غنہ بقدر ایک الف بڑھا کر مثل یہ واحد مشدد کے پڑھنا چاہیئے اسے " اِدْغَامِ صَغِیْرِ مِثْلَیْن " کہتے ہیں۔

ادغام صغیر مثلین کے لئے یہ شرط ہے کہ پہلا میم ساکن اور دوسرا متحرک ہو۔ اور اگر کسی جگہ پہلا میم متحرک ہو اور دوسرا ساکن جیسے " اُتْمِمْتُ " تو ادغام جائز نہ ہوگا کیونکہ ادغام اول کا دوسرے میں ہوا کرتا ہے نہ کہ دوسرے کا اول میں۔

میم ساکن کا یہ حکم اگرچہ ادغام متماثلین کے تحت اجمالاً گذر چکا ہے مگر میم ساکن کے ادغام میں چونکہ غنہ فرعی ہوتا ہے اس لئے دوسرے احکام کے ساتھ اسے تفصیلاً اور تتمیماً للفائدہ ذکر کیا جاتا ہے تاکہ کثرت امثلہ سے خوب ذہن نشین ہو جائے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَمْ مُّ ، اِمْ مِّ ، اُمْ مَّ ؛ اَمْ مُّ ، اِمْ مِّ ، اُمْ مَّ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ؛ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ
اَنْتُمْ مُّؤْمِنُوْنَ ؛ اَنْتُمْ مُّظْلِمُوْنَ
اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ؛ اِنَّكُمْ مُّشْرِكُوْنَ
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ؛ مِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ
بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؛ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ
اِنَّهُمْ مَّعَكُمْ ؛ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰى

Marfat.com

اَلْاِخْفَآءُ الشَّفَوِیُّ

س: اخفاءِ شفوی کسے کہتے ہیں؟

ج: جب میم ساکن کے بعد "ب" واقع ہو تو میم ساکن کو ادا کرتے وقت دونوں ہونٹوں کے خشکی کے حصہ کو نرمی سے ملاکر اور صوت خیشومی کو بقدر ایک الف بڑھا کر غنہ کرنا چاہیے اور پھر دونوں کے کھلنے سے پہلے ہی تری کے حصہ کو سختی سے دباکر ب کو ادا کرنا چاہیئے اسے "اخفاء شفوی" کہتے ہیں۔

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ جب میم ساکن کے بعد حرف ب واقع ہو جائے خواہ ایک کلمہ میں ہو یا دو میں جس کی صورت یہ "مْ بُ" ہوتی ہے تو میم ساکن کو ادا کرتے وقت دونوں ہونٹوں کے خشکی کے حصہ کو نرمی سے ملاکر اور میم کی صفت غنہ خیشوم میں لیجاکر بقدر دو حرکت یعنی ایک الف غنہ کی مقدار پوری کرنی چاہیئے اور جب غنہ کی مقدار مذکورہ پوری ہو جاتے تو دونوں کے تری کے حصہ کو سختی سے دباکر ب کو ادا کرنا چاہیئے اسے "اخفاء شفوی" کہتے ہیں۔

اہل ادا نے تفہیماً للطلاب اکثر قواعد کو کسی نہ کسی طرف منسوب کر دیا کرتے ہیں چنانچہ حسب معمول اس اخفاء کو اس کے محل یعنی شفتین کی طرف منسوب کیا گیا ہے اسی وجہ سے اسے اخفاء شفوی کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَمْ بُ، اِبْ، اُمْ بُ ÷ اَمْ بِ، اِمْ بِ، اُمْ بِ

Marfat.com

وَالْأَمْثِلَةُ

أَمْرُ بِهٖ كُنْتُمْ بِهٖ ∴ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ

يَعْتَصِمْ بِاللّٰهِ ∴ بَيْنَهُمْ بِمَعْرُوفٍ

مُبْتَلِيكُمْ بِنَهَرٍ ∴ أَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتَابِ

وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى ∴ عَلَيْكُمْ بِوَكِيلٍ

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ ∴ بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ

وَمَا هُمْ بِضَآرِّينَ ∴ اٰتَيْنٰهُمْ بِقُوَّةٍ

وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ ∴ وَمَا هُمْ بِخَارِجِينَ

نُبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ ∴ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ ∴ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِهِمْ ∴ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ

Marfat.com

اَلْاِظْهَارُ الشَّفَوِیُّ

س : اظہارِ شفوی کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب میم ساکن کے بعد م، ب کے علاوہ کوئی اور حرف واقع ہو خواہ ایک کلمہ میں ہو یا دو میں، تو میم ساکن کو اس کے مخرج سے خالص سکون اور مخصوص صفت غنہ کے ساتھ نہایت صاف اور واضح طور سے ادا کرنا چاہیئے۔ اسے "اظہارِ شفوی" کہتے ہیں۔

تَوضِیحُ الجَواب : جاننا چاہیئے کہ جب میم ساکن کے بعد م، ب کے سوا کوئی اور حرف واقع ہو جائے خواہ ایک کلمہ میں ہو یا دو کلمہ میں تو میم **ساکن** کو اس کے مخرج سے یعنی انطباقِ شفتین سے نہایت صاف اور واضح طور سے ادا کرنا چاہیئے اسے "اظہارِ شفوی" کہتے ہیں۔

اظہار شفوی کے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ آواز ٹوٹ کر نہ نکلے اور نہ حرکت پیدا ہو خصوصاً جبکہ میم کے بعد ف، و واقع ہو تو بڑی احتیاط سے اظہار کرنا چاہیئے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ جب میم کے بعد ف واقع ہو تو میم کو ادا کرنے کے لئے خشکی شفتین کو منطبق کرنا چاہیئے تاکہ میم اپنی ذاتی صفت غنہ کے ساتھ کما حقہ ادا ہو جائے پھر اس کے فوراً ہی بعد نیچے کا ہونٹ کا کنارہ اوپر کے دانتوں کے سروں سے لگا کر "ف" کو ادا کرنا چاہیئے۔ اور جب میم ساکن کے بعد "و" واقع ہو تو انطباقِ شفتین کے فوراً بعد انضمامِ شفتین سے کام لیتے ہوئے "و" ادا کرنا چاہیئے۔ **تا** کہ ہر ایک صحیح اور کما حقہ ادا ہو۔

Marfat.com

اَلْقَاعِدَة

اَمْ اَ، اَمْ تَ، اَمْ ثَ ∴ اَمْ جَ، اَمْ حَ، اَمْ خَ

اَمْ دَ، اَمْ ذَ، اَمْ رَ ∴ اَمْ زَ، اَمْ سَ، اَمْ شَ

اَمْ صَ، اَمْ ضَ، اَمْ لَ ∴ اَمْ هَ، اَمْ ءَ، اَمْ یَ

اَمْ فَ ∴ اَمْ وَ

وَالْاَمْثِلَة

جَعَلَكُمْ اُمَّةً ∴ كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ

فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ ∴ لَهُمْ جَنّٰتٌ

اُقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ∴ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ

لَكُمْ دِيْنُكُمْ ∴ جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ

بَعَثَ فِيْكُمْ رَسُوْلًا ∴ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ

بَدَا لَهُمْ سَيِّئٰتُ ∴ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ∴ يُضِلَّهُمْ ضَلٰلًا

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ ∴ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ

فَلَهُمْ عَذَابٌ ∴ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ ∴ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ∴ عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ

Marfat.com

لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ ⁘ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ

مَرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ ⁘ كُنْتُمْ فِيهِ

وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ ⁘ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ

وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ ⁘ إِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُونَ

سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ ⁘ تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ

بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ⁘ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِنْ ظَلَمُوا

وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ ⁘ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ

Marfat.com


الله
خالق
كل شئ
اذهبتم طيبتكم
من فوقهم ظلل
عذاب
غضب
ويمدهم في طغينهم
قولكم
كل ممزق
لا زيدنكم
ولا الضالين
اجر عظيم
وما هم بمؤمنين
عند الباء الآتية
الإخفاء الشفوي
الإظهار الشفوي
ثلاثة
احكام الميم الساكنة

Marfat.com

اَحْكَامُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ

س : نون ساکن اور تنوین کے احکام کتنے ہیں؟

ج : نون ساکن اور تنوین کے احکام چار ہیں۔

اظہار، ادغام، اقلاب اور اخفاء۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیے کہ نون ساکن اور تنوین بھی اپنی مخصوص صفت غنہ کی وجہ سے دوسرے حروف سے جدا اور ممتاز ہے اور اس کے احکام متعدد ہیں اس لئے اہلِ ادا اسے بھی مستقل عنوان سے بیان کرتے ہیں جیسے یہ ۔ نْ ۔ نون ساکن ہے یعنی نون ساکن حرکاتِ ثلاثہ سے عاری اور خالی ہوتا ہے۔ اور خطاً و لفظاً اور وصلاً و وقفاً ثابت اور موجود رہتا ہے۔ اور اسماء و افعال اور حروف میں متوسط واقع ہوتا ہے اور کبھی متطرف۔

اور نون تنوین ً ٍ ٌ ایک نون ساکن زائد ہوتا ہے جو فقط اسماء کے آخر میں ملحق ہوتا ہے اور لفظاً و وصلاً ثابت رہتا ہے اور خطاً و وقفاً ساقط ہو جاتا ہے۔ یعنی نون تنوین اسماء کے آخر حرف کے حرکاتِ مکررہ میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ پس دو حرکتوں کے پڑھنے کے وقت جو نون ساکن کی آواز پیدا ہوتی ہے وہی نون تنوین ہوتا ہے جسے نونِ زائد بھی کہتے ہیں۔

اہلِ لسان اور علماء التجوید نون ساکن و تنوین کے باب میں حروفِ ہجاء کو چار حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

حروفِ اظہار، حروفِ ادغام، حرفِ قلب اور حروفِ اخفاء۔

Marfat.com

چنانچہ حروفِ حلقی کو حروفِ اظہار۔ حروفِ یَرْمُلُوْنَ کو حروفِ ادغام۔ حرفِ باء کو حرفِ اقلاب اور باقی پندرہ حروف کو حروفِ اخفاء کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اسی واسطے نون ساکن اور تنوین کے چار احکام ہیں۔ اظہار ادغام۔ اِقلاب۔ اِخفاء۔

اِظْهَارُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ

س : نون ساکن اور تنوین کا اظہار کیسے اور کب کیا جاتا ہے ؟

ج : نون ساکن اور تنوین کو اس کے مخرج سے نکال کر بغیر غنۂ زائدہ کے ادا کرنے کو اظہار کہتے ہیں۔ لیکن یہ دو قسم پر ہے۔ اظہارِ مطلق اور اظہارِ حلقی

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ اظہار کے لغوی اور اصطلاحی معنی وہی ہیں جو "الاظہار" کے زیرِ عنوان بیان کئے جا چکے ہیں۔ یعنی مظہر کو ذاتاً وصفتاً بلا کسی تغیر و تبدل کے ادا کرنا۔ پس نون ساکن و تنوین کو اس کے اصل مخرج سے معہ بقاءِ غنۂ ذاتیہ اور بغیر غنۂ زائدہ فرعیہ کے ادا کرنے کو اظہار کہتے ہیں لیکن یہ اظہار دو قسم پر ہوتا ہے اِظْهَارِ مُطْلَق اور اِظْهَارِ حَلْقِی

اَلْاِظْهَارُ الْمُطْلَق

س : اظہار مطلق کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب نون ساکن کے بعد "و۔ ی" میں سے کوئی حرف ایک ہی کلمہ میں واقع ہو تو نون ساکن کو اس کے مخرج سے معہ بقاءِ غنۂ ذاتیہ اور بغیر غنۂ زائدہ فرعیہ

Marfat.com

کے ادا کرنا چاہیئے اسے "اِظْہَارِ مُطْلَق" کہتے ہیں۔

تَوْضِيْحُ الْجَوَاب:۔ یاد رکھنا چاہیئے کہ اظہار مطلق نون ساکن کے ساتھ مخصوص ہے۔ یعنی جب نون ساکن کے بعد "و۔ ی" میں سے کوئی ایک حرف کلمۂ واحدہ میں جمع ہو تو نون ساکن کا اظہار کرنا واجب ہوتا ہے جسے: اِظْہَارِ مُطْلَق: کہتے ہیں۔ و۔ ی: اگرچہ مجموعہ یَرْمَلُوْن۔ میں سے ہیں اور یہ دونوں حروف ادغام ہیں اور اصول کے مطابق دونوں میں نون کا ادغام ہونا چاہیئے مگر ادغام نہیں کیا جاتا۔ اس لیئے کہ ادغام کرنے سے کلمہ مشابہ بالمضاعف ہوجاتا ہے پس کلمہ کو التباس بالمضاعف سے بچانے کیلئے خلافِ اصول اظہار اختیار کیا گیا ہے اسی وجہ سے اِسے اِظْہَارِ مُطْلَق کے نام موسوم کیا گیا ہے۔ فتامّل۔ کلماتِ عربیہ کا یہ قاعدہ ہے کہ جب اصول کلمہ میں یعنی: ف ع ل: کلمہ کی جگہ میں حرف مکرر واقع ہو۔ جیسے صَوّانٌ۔ رَيّانٌ۔ تو اسے کلمۂ مضاعف کہتے ہیں لیکن بعض کلمات میں یہ صورت پیش آجاتی ہے کہ وہ حقیقتاً تو مضاعف نہیں ہوتا بلکہ صورۃً مضاعف ہوجاتا ہے اور اس صورۃً مضاعف ہونے کے پیش نظر بجائے ادغام کے اظہار کرتے ہیں۔ جیسا کہ جب نون ساکن کے بعد میم کلمۂ واحدہ میں جمع ہو۔ تو فراراً عن الالتباس والاشتباہ اظہار کیا کرتے ہیں جیسے زَنْمٌ۔ زَنْمَارٌ۔ غَنْمٌ وغیرہ ــــ لیکن قرآن کریم میں ایسے کلمات جن میں نون ساکن واو یاء کے ساتھ کلمۂ واحدہ میں جمع ہیں اور جن میں فراراً عن الالتباس والاشتباہ اظہار کیا جاتا ہے وہ صرف [illegible] اظہارِ مطلق کے نام سے موسوم کرنے [illegible] چار کلمات ہیں جو کئی جگہ وارد ہیں۔ گو ان کے سامنے ضمیر ناطق ہو۔

Marfat.com

اَلْاَمْثِلَۃُ

صِنْوَانٌ ⁘ قِنْوَانٌ
بُنْیَانٌ ⁘ اَلدُّنْیَا

بُنْیَانًا ⁘ بُنْیَانُھُمْ

Marfat.com

اَلْاِظْهَارُ الْحَلْقِیُّ

س : اظہار حلقی کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب نون و تنوین کے بعد حروف حلقی یعنی "أ ھ ۔ ع ح ۔ غ خ" میں سے کوئی حرف واقع ہو تو نون ساکن و تنوین کو اس کے مخرج سے معہ بقاء غنہ ذاتیہ اور بغیر غنہ زائدہ فرعیہ کے ادا کرنا چاہیئے اسے "اِظْهَارِ حَلْقِیْ" کہتے ہیں.

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب :- یاد رکھنا چاہیئے کہ ان حروفِ ستہ یعنی حروفِ حلقی کو حروفِ اظہار بھی کہتے ہیں کیونکہ ان سے قبل نون ساکن و تنوین کا اظہار کیا جاتا ہے خواہ یہ دونوں ایک کلمہ میں واقع ہوں یا دو میں اور چونکہ یہ اظہار ان ہی حروف سے قبل کیا جاتا ہے اس لئے ان کی طرف منسوب کیا جاتا ہے.

اظہارِ حلقی کی علت بُعدِ مخرج ہے کیونکہ نون ساکن و تنوین کا مخرج طرفِ لسان ہے اور وہ اپنی ادا میں کسی کلفت کا محتاج نہیں ہے اور حروفِ اظہار کا مخرج حلق ہے اور کلفت کے محتاج اور اداء اشد الحروف ہیں. لہٰذا دونوں کے درمیان تباین یعنی ایسی جدائی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ادغام اور اخفاء مستحسن نہیں ہے. پس اظہار ہی ضروری ٹھہرا کیونکہ تجوید میں یہی اصل ہے. پھر بین المظہر والمظہر عنہ جس قدر بُعدِ مخرج زیادہ ہوتا ہے اسی قدر اظہار اعلیٰ ہوتا ہے چنانچہ قبل از ہمزہ اور ھاء اَعْلیٰ ہوتا ہے اور قبل از ع ح. اوسط. اور قبل از . غ خ. ادنیٰ فتدبر.

Marfat.com

قاعدہ میں اوّلاً نون ساکن و تنوین پر ایسے انداز سے تلفظ کیجیے کہ وہ اپنے مخرج سے ادا ہو اور جملہ صفاتِ خصوصاً صفتِ غنۂ ذاتیہ سے موصوف ہو اور شائبۂ حرکت اور قلقلہ یعنی حرکت فی المخرج سے بالکل عاری ہو۔ نیز نقل حرکت سے محفوظ بغیر فصل و سکتہ کے ادا ہو۔ ثانیاً امثلہ میں خوب مشق کیجیے تاکہ موقع محل پر بلا تکلف اظہار کر سکیں۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَنْ أَ ۔ اَنْ هَ ۔ اَنْ عَ ؞ اَنْ حَ ۔ اَنْ غَ ۔ اَنْ خَ

أَءَ ۔ أَهَ ۔ أَعَ ؞ أَحَ ۔ أَغَ ۔ أَخَ

إِءَ ۔ إِهَ ۔ إِعَ ؞ إِحَ ۔ إِغَ ۔ إِخَ

أُءَ ۔ أُهَ ۔ أُعَ ؞ أُحَ ۔ أُغَ ۔ أُخَ

وَالْاَمْثِلَۃُ

يَنْـَٔوْنَ ۔ عَنْ اَمْرِیْ ۔ إِنْ أُرِيْدُ ۔ اَنْ اَرَدْنَ ۔ فَمَنْ أُوْ...

يَنْهَوْنَ ۔ اِنْ هُوَ ۔ مِنْ هَادٍ ؞ مِنْهُ ۔ عَنْهُ ۔ اَخَذْتُهُ ۔ ...

اَنْعَمْتَ ۔ يَنْعِقُ ۔ مِنْ عِلْمٍ ؞ مِنْ عَذَابٍ ۔ مِنْ ... ۔ مِنْ عَ...

يَنْحِتُوْنَ ۔ مِنْ حُكْمٍ ۔ مِنْ حَكِيْمٍ ؞ مِنْ حَلِيْمٍ ۔ مِنْ ... ۔ مِنْ حَ...

فَسَيُنْغِضُوْنَ ۔ مِنْ غِسْلِيْنٍ ؞ مِنْ غَضَبٍ ۔ ... ۔ مِنْ غَ...

Marfat.com

وَالْمُنْخَنِقَةُ . مِنْ خَبِيْرٍ ؛ مِنْ خَوْفٍ . مِنْ خَيْرٍ مِنْ خَمْرٍ

عَذَابًا اَلِيْمًا قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ نُطْفَةٍ اَمْشَاجٍ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ

نُوْحًا هَدَيْنَا كُلًّا هَدَيْنَا مَنْسَكًا هُمْ
جُرُفٍ هَارٍ قَرْنٍ هُمْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ
اَفَسِحْرٌ هٰذَا مُحْكَمٰتٌ هُنَّ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ

عَذَابًا عَظِيْمًا قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا اَبْكَارًا عُرُبًا
بِعَذَابٍ عَظِيْمٍ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ
عَذَابٌ عَظِيْمٌ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا رِزْقًا حَسَنًا مَاءً حَمِيْمًا
عَلِيْمٍ حَكِيْمٍ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ
عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ

مِيْثَاقًا غَلِيْظًا فَظًّا غَلِيْظَ الْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ

Marfat.com

بِعَذَابٍ غَلِيظٍ سَفِينَةٍ غَصْبًا قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ
عَذَابٌ غَلِيظٌ عَذَابٌ غَيْرَ وَعْدٌ غَيْرَ

عَلِيمًا خَبِيرًا فُلَانًا خَلِيلًا حَمْلًا خَفِيفًا
رَفْرَفٍ خُضْرٍ أُكُلٍ خَمْطٍ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ
عَلِيمٌ خَبِيرٌ لَطِيفٌ خَبِيرٌ


نور الله
السموت
والأرض
مثل نوره
كمشكوة
فيها مصباح
بنيان
دنيا
في كلمة
قبل الواو، والياء
الإظهار المطلق
٢
الله
يتكلم بما يشاء
من غل
في كلمتين
قبل حروف الحلق
الإظهار الحلقي
١
الله
يقول الحق
فسينغضون
في كلمة
قبل حروف الحلق
الإظهار الحلقي
١
وهو على قسمين،
الإظهار
يطلب من المكتبة الإمدادية التجويدية
١
حكم النون الساكنة

Marfat.com


الله
خالق
كل شيء
وهو
على كل
شيء
وكيل
عزيز حكيم
عجوز عقيم
عذاب غليظ
محكمت هن
في كلمتين
وهي
أ ه ع ح غ خ
قبل حروف حلق
الإظهار الحلقي
١
حكم نون التنوين

Marfat.com

اِدْغَامُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ

س : نون ساکن و تنوین کا ادغام کیسے اور کب کیا جاتا ہے ؟

ج : جب نون ساکن اور تنوین کے بعد حروف ,, یرملون ,, میں سے کوئی حرف واقع ہو تو نون ساکن و تنوین کو بعد والے حرف میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے .

توضیح الجواب :- جاننا چاہیئے کہ ادغام کے لغوی اور اصطلاحی معنے وہی ہیں جو ,, ادغام ,, کے زیر عنوان بیان ہو چکے ہیں یعنی مدغم کو مدغم فیہ میں اس طرح ملانا کہ زبان ایک مرتبہ اٹھے اور دیر دو حرفوں کے برابر لگے . جب نون ساکن و تنوین کے بعد ان چھ حرفوں میں سے ,, ی ر م ل و ن ,, جن کا مجموعہ ,, یرملون ,, ہے کوئی حرف دوسرے کلمہ میں واقع ہو تو نون ساکن و تنوین کو بعد والے حرف میں ملا کر ادغام کرنا چاہیئے . لیکن یہ ادغام دو قسم پر ہے :

اِدْغَام مَعَ الْغُنَّۃ ⁝ اِدْغَام بِغَیْرِ الْغُنَّۃ

اَلْاِدْغَامُ بِغَيْرِ الْغُنَّةِ

س : ادغام بغیر غنہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب نون ساکن و تنوین کے بعد ,, ل ، ر ,, میں سے کوئی حرف واقع ہو تو وصل کرتے وقت نون ساکن و تنوین کو بعد والے حرف کا مثل بنا کر ادغام کرنا چاہیئے اسے ,, اِدْغَام بِغَیْرِ الْغُنَّۃ ,, کہتے ہیں اور ادغام تام

Marfat.com

بھی کہتے ہیں۔

توضیح الجواب۔ جاننا چاہیئے کہ نون ساکن و تنوین کا ادغام از قسم متقاربین ہوتا ہے اور ایک قول کی بنا پر از قسم متجانسین۔ بہر حال مدغم کو مدغم فیہ کا مثل بنا کر ادغام کرنا چاہیئے تاکہ نون کی صفت غنہ کا اثر باقی نہ رہے۔

اَلْقَاعِدَةُ

اَنْ لَ ، اِنْ لَ ، اُنْ لَ ۔ اَنْ رَ ، اِنْ رَ ، اُنْ رَ

اَلَّ ، اِلَّ ، اُلَّ ۔ اَرَّ ، اِرَّ ، اُرَّ

وَالْاَمْثِلَةُ

مِنْ لَدُنْ ، مِنْ لِيْنَةٍ ، مَنْ لَّا يُؤْمِنُ ، مِنْ لُغُوْبٍ ، اَنْ لَّمْ يَرَهٗ ، مَنْ لَّعَنَهُ

مِنْ رَّحْمَةٍ ، مِنْ رِّزْقٍ ، مِنْ رِّجْزٍ ، مِنْ رِّبَاطِ ، مِنْ رَّبِّكُمْ ، مِنْ رَّبِّهٖ

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ — رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ — مَثَابَةً لِّلنَّاسِ

مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ — لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ — لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

عَدُوًّا لِّلّٰهِ — فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ — مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ — بَشَرًا رَّسُوْلًا — ثَمَرٰتٍ رِّزْقًا

قُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ — رَبٍّ رَّحِيْمٍ — شَيْءٍ رِّزْقًا

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ — رَجُلٌ رَّشِيْدٌ — ثَمَرَةٍ رِّزْقًا

Marfat.com

اَلْاِدْغَامُ مَعَ الْغُنَّۃِ

س : ادغام مع الغنۃ کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب نون ساکن و تنوین کے بعد ان چار حرفوں میں سے " ی ن م و " جن کا مجموعہ " یَنْمُوْ " ہے کوئی حرف دوسرے کلمہ میں واقع ہو تو وصل کرتے وقت نون ساکن و تنوین کی صفتِ غنہ باقی رکھکر ادغام کرنا چاہیئے اسے " اِدْغَامْ مَعَ الْغُنَّہْ " اور اِدْغَامِ ناقص کہتے ہیں.

توضیحُ الجواب :۔ جاننا چاہیئے کہ نون ساکن و تنوین کا ادغام حروف " یَنْمُوْ " میں سے نون میں از قسم ادغام متماثلین ہوتا ہے اور غنہ بالاتفاق مدغم فیہ میں کیا جاتا ہے اور تشدید کامل ہوتی ہے اس لئے اس کے ناقص ہونے میں کلام ہے اور دیگر حروف ثلاثہ میں از قسم متقاربین ہوتا ہے اور غنہ نزدیک " و ی " کے بالاتفاق اور نزدیک میم کے بالاختلاف مدغم میں کیا جاتا ہے اسی وجہ سے تشدید ناقص ہوتی ہے. بہرکیف غنہ مدغم میں ہو خواہ مدغم فیہ میں مقدار غنہ ایک الف کے برابر ہونی چاہیئے. افراط و تفریط کسی صورت بھی جائز نہیں ہے.

اَلْقَاعِدَۃُ

اَنْ یَّ ، اَنْ نَّ ∴ اَمْ مَّ ، اَنْ وَّ

اَیَّ ، اَنَّ ∴ اَمَّ ، اَوَّ

اُیَّ ، اُنَّ ∴ اُمَّ ، اُوَّ

اِیَّ ، اِنَّ ∴ اِمَّ ، اِوَّ

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

مَنْ يَّقُوْلُ. مَنْ يُّؤْمِنُ. مِنْ يَّوْمٍ ∴ مَنْ يُّرِيْدُ. مَنْ يُّنْكِرُ. مَنْ يَّكْفُرُ

مِنْ نَّصِيْرٍ. مِنْ نَّذِيْرٍ. مِنْ نَّكِيْرٍ ∴ مِنْ نَّبِيٍّ. مِنْ نُّطْفَةٍ. اَنْ نَّطْمِسَ

مِنْ مَّنٍّ. مِنْ مَّطَرٍ. مِنْ مَّنِيٍّ ∴ مِنْ مَّخْمَصَةٍ. مِنْ مَّرْقَدِنَا. مِنْ مَّكَانٍ

مِنْ وَّلِيٍّ. مِنْ وَّرَقَةٍ. مِنْ وَّاقٍ ∴ مَنْ وُّجِدَ. مِنْ وُّجْدِكُمْ. مِنْ وَّرَثَةِ

عَيْنًا يَّشْرَبُ مِيْقَاتًا يَّوْمَ ∴ خَيْرًا يَّرَهٗ شَرًّا يَّرَهٗ

بَاسِطٍ يَّدِيَ يَوْمَئِذٍ يَّنْظُرُ ∴ لُجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَنِيٍّ يُّمْنٰى

دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ ∴ قَوْمٌ يَّشْهَدُوْنَ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ

صِدِّيْقًا نَّبِيًّا رَسُوْلًا نَّبِيًّا ∴ عِظَامًا نَّخِرَةً كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ

يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ∴ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ شَيْءٍ نُّكُرٍ

عَالِيَةٌ نَّاصِبَةٌ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ ∴ خَيْرٌ نُّزُلًا بَاخِعٌ نَّفْسَكَ

قَمَرًا مُّنِيْرًا سِرَاجًا مُّنِيْرًا ∴ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا خُسْرَانًا مُّبِيْنًا

قَصْرٍ مَّشِيْدٍ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ∴ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ مَغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ

عَذَابٌ مُّهِيْنٌ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ∴ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ

سِرَاجًا وَّهَّاجًا حَبًّا وَّنَبَاتًا ∴ عِظَامًا وَّرُفَاتًا جَزَآءً وِّفَاقًا

نُوْحٍ وَّعَادٍ عَادًا وَّثَمُوْدَا ∴ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ

خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ ∴ عَادٌ وَّثَمُوْدُ عَدُوٌّ لَّكُمْ

Marfat.com


الله
الذي
لا إله
هو
الملك
القدوس
السلام
المؤمن
المهيمن
في كلمتين
في حروف ينمو
والإدغام الناقص
٢
في الراء
الإدغام التام
١
في اللام
الإدغام التام
١
وهو على قسمين
في حروف يرملون
الإدغام
٣
حكم النون الساكنة

Marfat.com


الله
لطيف
بعباده
يرزق
من يشاء
وهو القوي
العزيز
في كلمتين
عدو الله
غفور رحيم

Marfat.com


الله
الذی
لا اله
الا هو
عالم
الغیب
والشهادة
هو الرحمن
الرحیم
رسول مبین
خیر نزل
في كلمتين
في حروف ينمو
الادغام مع الغنة
٣
يطلب من المكتبة الامدادية التوحيدية
بچوک شاه عالم گیت لاهور پاکستان
حكم نون التنوين

Marfat.com

اَلْاِقْلَابُ

س : اقلاب کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب نون ساکن اور تنوین کے بعد [illegible]

[illegible] میم ساکن کے اخفاء اور غنہ کے ساتھ [illegible]

[illegible] کہتے ہیں.

توضیح : [illegible] جاننا چاہیئے کہ اقلاب کے لغوی معنے بدل دینے کے [illegible]

اصطلاح [illegible] نون ساکن و تنوین کو میم سے بدل دیتے ہیں [illegible]

[illegible] بعد [illegible]

[illegible] تنوین کو [illegible]

[illegible]

[illegible]

یہی [illegible]

اور اقلاب [illegible] بدل حرف [illegible] اخفاء حرف [illegible]

یہی سبب قاعدہ [illegible]

کا اخفاء.

جب نون ساکن و تنوین کے بعد ب [illegible]

طور پر اظہار کرنا چاہیئے لیکن چونکہ نون [illegible] اور

تقویت الغنہ کو مقتضی ہے [illegible]

Marfat.com

انتقال من الحرف الی الحرف متعسر اور دشوار ہوتا ہے اس لئے اظہار مستحسن نہیں ہے۔

[اسی طرح] تباعدِ مخرج اور عدمِ جنسیت کی وجہ سے ادغام بھی مستحسن نہیں ہے۔

[اور ب] میں انطباقِ شفتین مع الشدت مانعِ تراخی اور ثبوتِ الغنہ ہے۔

اور جب اظہار و ادغام دونوں مستحسن نہیں تو اخفاءِ حقیقی بھی مستحسن نہیں ہے کیونکہ اخفاء حالت بین الاظہار والادغام ہے۔

الغرض جب یہ تینوں حالتیں اپنی مخصوص علل کی وجہ سے متعسر اور معیوب ہوتی ہیں تو مجودین اور قراء کرام نون ساکن و تنوین کو "م" سے بدل دیتے ہیں تاکہ صفت غنہ جو کہ نون ساکن و تنوین کے ساتھ اور مخرج کی وجہ سے "ب" کے ساتھ مناسبت اور موافقت پیدا ہو جائے اور اخفاء مستحسن ہو سکے اور چونکہ یہ اخفاء حقیقی نہیں ہے بلکہ بواسطہ "م" ہوتا ہے اس لئے اس کی اصطلاح انہوں نے مخصوص طور پر جدا مقرر کر دی ہے جو "**قلب و انقلاب**" کے نام سے موسوم کی گئی ہے۔

اس اخفاء میں عدمِ ذات بالکلیہ نہیں ہوتی بلکہ اضعاف و سترِ ذات فی الجملہ ہوتا ہے یعنی یہ مطلب نہیں کہ میم منقلبہ کی ذات بالکلیہ معدوم ہو جائے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس کے مخرج پر اعتمادِ صوت اور انطباقِ شفتین اس قدر ضعیف ہو کہ میم مخفاۃ اپنے مخرج سے نہایت ضعیف ادا ہو جائے اور اس اخفاء کا طریقہ ادا وہی ہے جو اخفاءِ شفوی کا ہے فَانْظُرْ هٰذَا اور قرآن مجید میں اقلاب کے موقع پر نون ساکن و تنوین کے ساتھ ایک ننھی سی میم "نۢ ـًۢ ـٍۢ ـٌۢ" لکھ دی جاتی

Marfat.com

ہے تاکہ بوقت تلاوت نون کے بدلے میم پڑھی جائے

اَلْقَاعِدَۃُ

اَنْ بَ ، اِنْ بَ ، اُنْ بَ

ـًا بَ ، ـٍ بَ ، ـٌ بَ

اَلْاَمْثِلَۃُ

اَنْۢبِئْ ، فَانْۢبَجَسَتْ ، [illegible]

يَنْۢبُوْعًا ، [illegible] ، [illegible]

اَنْۢبِئْهُمْ ، لَيُنْۢبَذَنَّ ، [illegible]

اَنْۢبَتَتْ ، اَنْۢبِئُوْنِيْ ، فَاَنْۢبَتْنَا ، [illegible]

اَنْۢبَتَكُمْ ، [illegible]

مِنْۢ بَعْدِ ، مِنْۢ بَنِيْ ، مِنْۢ بَيْنِ ، مِنْۢ بَطْنِ ، [illegible]

مِنْۢ بَعْثِنَا ، مِنْۢ بَنَانٍ ، مِنْۢ بَعْدِهٖ ، مِنْۢ بَدْرٍ ، [illegible]

اَنْۢ بُوْرِكَ ، [illegible]

سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ، خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ، [illegible]

رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ ، لَيًّۢا بِاَلْسِنَتِهِمْ ، [illegible]

Marfat.com

جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ حَدِيثٍ بَعْدَهُ ∴ زَوْجٍ بَهِيجٍ بِعَذَابٍ بَئِيسٍ

ضَلَلٍ بَعِيدٍ الْمُبِينِ ∴ ذَهَابٍ بِهِ سَبَإٍ بِنَبَإٍ

سَمِيعٌ بَصِيرٌ [illegible] ∴ عَلِيمٌ بِمَا كَانُوا [illegible]

عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ [illegible] بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ


هو
الحي
القيوم
نزل
عليك
الكتب
بالحق
سوآء
في كلمة
وفي كلمتين
عند الباء
الاقلاب
٣
ويطلب من المكتبة الامدادية التجويدية
حكم النون الساكنة

Marfat.com


اَللّٰهُ
هُوَ
اَلْقَيُّوْمُ
فِيْ كَلِمَتَيْنِ
عِنْدَ الْبَاءِ
اَلْإِقْلَابُ
٤
حُكْمُ نُوْنِ التَّنْوِيْنِ
یطلب من مکتبۃ الإمدادیۃ التجویدیۃ
بچوک شاہ عالم مارکیٹ لاہور پاکستان

Marfat.com

اَلْاِخْفَاءُ الْحَقِیْقِیُّ

س : اخفائے حقیقی کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب نون ساکن و تنوین کے بعد ان پندرہ حرفوں میں سے ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ک ، کوئی حرف واقع ہو تو نون ساکن و تنوین کو چھپا کر صرف اس کی صفت غنہ کو خیشوم سے ادا کرنا چاہیئے اسے "اِخْفَاءِ حَقِیْقِی" کہتے ہیں.

توضیح الجواب :- جاننا چاہیئے کہ اخفاء کے لغوی معنٰے "تَسَتُّرْ" یعنی چھپانا یُقَالُ اِخْتَفَی الرَّجُلُ عَنْ اَعْیُنِ النَّاسِ بِمَعْنٰی اِسْتَتَرَ عَنْهُمْ جیسا کہ اہل لسان کہتے ہیں آدمی چھپ گیا لوگوں کی آنکھوں سے یعنی پوشیدہ ہو گیا اور اصطلاح قراء میں "هِیَ حَالَةٌ بَیْنَ الْاِظْهَارِ وَالْاِدْغَامِ" یعنی اظہار و ادغام کی درمیانی حالت کا نام اخفاء ہے.

هُوَ النُّطْقُ بِحَرْفٍ سَاكِنٍ عَلٰی صِفَةٍ بَیْنَ الْاِظْهَارِ وَالْاِدْغَامِ عَارٍ اَیْ خَالٍ عَنِ التَّشْدِیْدِ مَعَ بَقَاءِ الْغُنَّةِ فِی الْحَرْفِ الْاَوَّلِ وَهُوَ النُّوْنُ السَّاكِنَةُ وَالتَّنْوِیْنُ.

پس اخفاء حرف ساکن پر ایسے انداز سے تلفظ کرنا ہے کہ وہ اظہار و ادغام کی درمیانی حالت ہو اور تشدید سے عاری اور خالی ہو مع بقاء غنہ زائدہ حرف اول میں اور وہ نون ساکن و تنوین ہے.

—:—

Marfat.com

اِعْلَمُوْا اَنَّ لِلنُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ ذَاتٌ وَصِفَتُهَا الْغُنَّةُ لِذَاتِهَا مَخْرَجٌ وَهُوَ طَرَفُ اللِّسَانِ وَلِصِفَتِهَا الْغُنَّةِ مَخْرَجٌ وَهُوَ الْخَيْشُوْمُ. فَكَاَنَّهَا مُرَكَّبَةٌ مِّنْ ذَاتِهَا وَصِفَتِهَا الْغُنَّةِ مَعًا.

جاننا چاہیئے کہ نون ساکن و تنوین کے لئے ایک ذات ہے اور ایک صفتِ غنہ۔ اُس کی ذات کا الگ مخرج ہے اور وہ ہے طرفِ لسان اور اس کی صفت کے لئے مستقل مخرج ہے اور وہ ہے خیشوم، پس گویا وہ مرکب ہے اپنی ذات و صفت دونوں سے۔

فَاِذَا وَقَعَتْ عِنْدَ حُرُوْفِ الْاِظْهَارِ تُظْهَرُ ذَاتُهَا وَصِفَتُهَا مَعًا.

پس جب وہ واقع ہوتا ہے قبل حروفِ اظہار کے تو ظاہر ہوتی ہے اس کی ذات و صفت دونوں۔

وَاِذَا وَقَعَتْ عِنْدَ حُرُوْفِ الْاِدْغَامِ التَّامِّ تُدْغَمُ ذَاتُهَا وَصِفَتُهَا مَعًا.

اور جب وہ واقع ہوتا ہے قبل حروفِ ادغام تام کے تو مدغم ہوتی ہے اس کی ذات و صفت دونوں۔

وَاِذَا وَقَعَتْ عِنْدَ الْبَاءِ تُقْلَبُ مِيْمًا لِلْاِخْفَاءِ.

اور جب وہ واقع ہوتا ہے قبل باء کے تو بدلا جاتا ہے میم سے برائے اخفاء۔

وَاِذَا وَقَعَتْ عِنْدَ حُرُوْفِ الْاِخْفَاءِ تَذْهَبُ اَيْ تَنْعَدِمُ ذَاتُهَا بِالْكُلِّيَّةِ وَتَبْقٰى صِفَتُهَا الْغُنَّةُ بِكَمَالِهَا

اور جب وہ واقع ہوتا ہے قبل حروف اخفاء کے تو چلی جاتی ہے یعنی معدوم ہو جاتی ہے اس کی ذات بالکلیہ اور باقی رہ جاتی ہے اس کی صفت غنہ

Marfat.com

وَهِيَ الْغُنَّةُ الزَّائِدَةُ الْفَرْعِيَّةُ — پورے کمال کے ساتھ ہو اور وہی ہے غنۂ زائدہ فرعیہ۔

هٰذَا هُوَ الْإِخْفَاءُ الصَّحِيحُ الْمَأْخُوذُ عَنْ حُذَّاقِ الْمَشَايِخِ الْعَارِفِينَ . وَبِهِ عَمَلُ قُرَّاءِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ قَدِيمًا وَحَدِيثًا — یہ ہے وہ اخفاء صحیح جو مشایخ العارفین سے ماخوذ ہے اور اسی پر عمل ہے قراء عرب وعجم کا قدیم ہوں خواہ جدید۔

اخفاء درحقیقت دو قسم پر ہوتا ہے۔

(۱) اِخْفَاءِ حَرَکَتْ (۲) اِخْفَاءِ حَرْف

اول الذکر یعنی اخفاء حرکت۔ یہ اخفاء تبعیض واضعاف ذات حرف کے ساتھ ہوتا ہے جیسے کہ: لَا تَأْمَنَّا: کے نون میں ہوتا ہے جسے اہل فن روم مع الاظہار کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

اور ثانی الذکر یعنی اخفاء حرف یہ دو قسم پر ہوتا ہے۔

۱: اخفاء حرف باضعاف وستر ذات حرف فی الجملہ۔

۲: اخفاء حرف باذہاب واعدام ذات حرف بالکلیہ۔

اول الذکر یعنی اخفاء حرف باضعاف وستر ذات حرف فی الجملہ [illegible] اخفاء میم ساکن اور میم مقلوبہ عن النون الساکنۃ والتنوین کا قبل : ب : کے [illegible] غنہ سے کیا جاتا ہے۔ اور چونکہ اس میں مخفی ومخفی فیہ [illegible] ہوتا ہے اس لئے مخفی کے [illegible] پر اخفاء ضعیف کیا جاتا ہے اور اخفاء [illegible] کی وجہ سے میم ضعیف ہوکر فی الجملہ مخفی ہوجاتا ہے۔ مگر جس طرح [illegible] ذات فی الجملہ

Marfat.com

مخفی ہو جاتی ہے اسی طرح اس کی ذات فی الجملہ ظاہر اور باقی بھی رہتی ہے جیسے: لاتامنّا میں اور اسی طرح اخفاء حرکت باشعاف ذات حرکت کی وجہ سے ذات حرکت فی الجملہ باقی اور موجود ہوتی ہے کما لا یخفی علی القرّاء۔

اور آخر الذکر یعنی اخفاء حرف باذہاب و اعدام ذات حرف بالکلیہ یہ اخفاء نون ساکن و تنوین کا قبل حروف اخفاء ہوتا ہے۔ اور چونکہ یہ بغیر کسی واسطہ اور ذریعہ کے ہوتا ہے۔ اس لئے نون ساکن و تنوین کے مخرج پر کسی قسم کا اعتماد کئے بغیر ہی بالکلیہ مخفی اور پوشیدہ ہو جاتا ہے۔ اور مخفی کی ذات بالکل معدوم ہو جاتی ہے۔ اسی واسطے اسے اِخْفَاءِ حَقِیْقِی کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

اِعْلَمْ اَنَّ الْاِخْفَاءَ عَلٰی	جان لو کہ اخفاء دو قسم پر ہے اخفاء
قِسْمَیْنِ: اِخْفَاءُ الْحَرَکَۃِ	حرکت اور اخفاء حرف
وَاِخْفَاءُ الْحَرْفِ.	
فَالْاَوَّلُ بِمَعْنٰی تَبْعِیْضِ	اول بمعنی تبعیض حرکت جیسا کہ
الْحَرَکَۃِ کَمَا فِیْ قَوْلِہٖ تَعَالٰی	لاتامنّا وغیرہ میں ہوتا ہے۔
لَاتَاْمَنَّا وَنَحْوِہٖ وَالثَّانِیْ	اور ثانی دو قسم پر ہے ایک تبعیض
عَلٰی قِسْمَیْنِ اَحَدُھُمَا تَبْعِیْضُ	اور ستر ذات حرف فی الجملہ سے ہوتا ہے
الْحَرْفِ وَسَتْرُ ذَاتِہٖ فِی الْجُمْلَۃِ	جیسا کہ میم ساکن اصلی کا اور میم مقلوبہ از
کَمَا فِی الْمِیْمِ السَّاکِنَۃِ اَصْلِیَّۃً	نون ساکن و تنوین کا۔
اَوْ مَقْلُوْبَۃً مِنَ النُّوْنِ السَّاکِنَۃِ	
وَالتَّنْوِیْنِ.	

Marfat.com

وَثَانِيهِمَا إِعْدَامُ ذَاتِ — اور [illegible] اعدام [illegible]

الْحَرْفِ بِالْكُلِّيَّةِ وَإِبْقَاءُ — [illegible]

غُنَّتِهِ كَمَا فِي إِخْفَاءِ النُّونِ — ہوتا ہے جیسا [illegible] ساکن

السَّاكِنَةِ عِنْدَ الْحُرُوفِ الْخَمْسَةَ — [illegible]

عَشَرَ الْمُنْتَقِلِ مِنْهُ وَهِيَ مَا عَدَا — [illegible]

حُرُوفِ الْحَلْقِ وَيَرْمَلُونَ وَالْبَاءِ — [illegible]

نہایۃ القول المفید:

جاننا چاہیے کہ نون ساکن ہو یا نون تنوین در حقیقت دو [illegible] ہیں جن کا مخرج جدا جدا ہے۔ ایک اس کی ذات ہے جس کا مخرج طرف [illegible] اور دوسری اس کی صفت غنہ ہے جس کا مخرج خیشوم ہے [illegible] اظہار کی صورت میں اس کی ذات و صفت دونوں ظاہر اور موجود ہوتے ہیں اور [illegible] اس کی ذات اور صفت دونوں مدغم فیہ میں داخل ہو کر اس جیسے [illegible] ہوجاتے ہیں۔

لیکن [illegible] کی صورت میں اس کی ذات یعنی [illegible] طرف لسان سے خیشوم کی طرف منتقل ہوجاتا ہے۔ پس انتقال مخرج سے [illegible] اس کی ذات بالکل معدوم ہو جاتی ہے اور صرف صفت غنہ باقی [illegible] ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے اخفا کبھی حسب مراتب [illegible] الی الاظہار ہوتا ہے اور کبھی قریب الی [illegible]

وَالْغُنَّةُ إِلَى الْإِخْفَاءِ — [illegible]

Marfat.com

النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ عِنْدَ هٰذِهِ الْاَحْرُفِ. اَنَّهُمَا لَمْ يَقْرُبَا مِنْ هٰذِهِ الْحُرُوْفِ كَقُرْبِهِمَا مِنْ حُرُوْفِ الْاِدْغَامِ فَيَجِبُ اِدْغَامُهُمَا فِيْهِنَّ مِنْ اَجْلِ الْقُرْبِ وَلَمْ يَبْعُدَا مِنْهُنَّ كَبُعْدِهِمَا مِنْ حُرُوْفِ الْاِظْهَارِ فَيَجِبُ اِظْهَارُهُمَا عِنْدَهُنَّ مِنْ اَجْلِ الْبُعْدِ

اخفاء کی ان حروف کے نزدیک یہ ہے کہ نہ تو یہ دونوں ان حروف کے اتنے قریب ہیں جتنے کہ حروف ادغام قریب ہوتے ہیں کہ واجب ہو ادغام ان کا ان حروف میں بوجہ قرب مخرج کے اور نہ یہ دونوں اتنے بعید ہیں ان سے جتنے کہ حروف اظہار سے بعید ہوتے ہیں کہ واجب ہو اظہار ان کا بوجہ بُعد مخرج کے

فَلَمَّا عُدِمَ الْقُرْبُ الْمُوْجِبُ لِلْاِدْغَامِ وَالْبُعْدُ الْمُوْجِبُ لِلْاِظْهَارِ: اُعْطِيَا حُكْمًا مُتَوَسِّطًا بَيْنَ الْاِظْهَارِ وَالْاِدْغَامِ وَهُوَ الْاِخْفَاءُ لِاَنَّ الْاِظْهَارَ هُوَ اِبْقَاءُ ذَاتِ الْحَرْفِ وَصِفَتِهِ مَعًا. وَالْاِدْغَامَ التَّامَّ اِذْهَابُهُمَا مَعًا.

پس قرب جو موجب ادغام ہے اور بُعد جو موجب اظہار ہے: نہ رہا: تو اُسے ایک حکم متوسط دیا گیا جو بین الاظہار والادغام ہے اور وہ ہے اِخفاء اس لیے کہ اظہار: وہ حرف کی ذات وصفت دونوں کا ابقاء ہے اور ادغام تام: وہ حرف کی ذات وصفت دونوں کا اذہاب واعدام ہے۔

وَالْاِخْفَاءُ هُنَا اِذْهَابُ ذَاتِ النُّوْنِ وَالتَّنْوِيْنِ مِنَ

اور اخفاء یہاں پر نون ساکن وتنوین کی ذات کا لفظاً اذہاب واعدام ہے اور

Marfat.com

اللفظ: وإبقاء صفتهما التي هي الغنة فانتقل مخرجهما من اللسان إلى الخيشوم لأنك إذا قلت "عنك" وأخفيت تجد اللسان لا يرتفع ولا عمل له ولم يكن بين العين والكاف إلا غنة مجردة.

ان کی صفت غنہ کا وجود و بقاء [illegible] اس حالت میں نون ساکن و تنوین کا مخرج طرف لسان سے خیشوم کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ اس لئے کہ جب تو پڑھے: عنک اور اخفا کرے تو پائے گا لسان کو کہ نہ وہ اٹھتی ہے اور نہ اس کا کچھ عمل ہے اور نہیں ہے عین اور کاف کے درمیان مگر فقط غنہ مجردہ۔

ولا يرد: "أنتم" ونحوه فإن ارتفاع الطرف من اللسان بخروج التاء لا للنون فتامل نهاية القول المفيد.

اور نہیں وارد ہوتا انتم [illegible] وغیرہ اس لئے کہ ارتفاع طرف لسان خروج تا کے لئے ہے نہ کہ نون کے لئے۔ فتدبر۔

ثم اعلم أن الإخفاء يكون تارة إلى الإظهار أقرب وتارة إلى الإدغام أقرب وذلك على حسب بعد الحروف منهما وقربه ولفظ ذلك قريب بعضه من بعض.

نهاية القول المفيد.

پھر جان لو کہ بیشک اخفا کبھی قریب الی الاظہار ہوتا ہے اور کبھی قریب الی الادغام۔ اور یہ علی حسب [illegible] مخارج کے ہوتا ہے اور [illegible] دوسرے کے قریب ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَقَالَ [illegible] الْوَلِيُّ الصَّالِحُ [illegible] فِي [illegible] النَّفْعِ [illegible] اللّٰهُ [illegible] لِلْإِظْهَارِ وَ [illegible] بِالْمَخْفِيِّ [illegible] عَلَى قَدْرِ [illegible] وَبَعْضُهَا [illegible] مِنْهُ كَانَ [illegible] بُعْدُهُ عَنْهُ ۔

اور محقق ولی الصالح سیدی علی نوری الصفاقسی رحمہ اللہ اپنی کتاب غیث النفع میں نقلاً عن الدانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قرب جو موجب ادغام ہے اور بعد جو موجب اظہار ہے معدوم ہو گئے تو [illegible] دونوں [illegible] کے [illegible] حروف [illegible] کے [illegible] دونوں [illegible] ہوئے اور [illegible] الآیۃ [illegible] ان [illegible] بقدر قرب ان کے حروف اخفا سے ہے اور بقدر بعد ان کے حروف اخفا سے ہے [illegible] حروف اخفا کے قریب [illegible] زیادہ مخفی ہونگے ان سے جو حروف اخفا سے [illegible] ہونگے۔

وَالْفَرْقُ عِنْدَ الْقُرَّاءِ وَالنَّحْوِيِّينَ بَيْنَ الْمُخْفَى وَ [illegible] الْمُخْفَى مُخَفَّفٌ وَ [illegible] مُثَقَّلٌ وَمَخْرَجُهُمَا

اور عند القراء والنحویین مخفی اور مدغم میں فرق یہ ہے کہ مخفی مخفف ہوتا ہے اور مدغم مثقل اور مخرج دونوں کا مابعد کے ساتھ فقط خیشوم سے ہے

مَعَهُنَّ مِنَ الْخَيْشُوْمِ فَقَطْ لَاحَظَّ — کچھ حصہ نہیں ہے ان دونوں کے لئے

لَهُمَا مَعَهُنَّ فِي الْفَمِ لِاَنَّهُ لَا — ہیں اس لئے کہ بے شک ان دونوں میں

عَمَلَ لِلِّسَانِ فِيْهِمَا حِيْنَئِذٍ — اس وقت زبان کو [illegible] عمل نہیں ہے

یہ ایک بڑی اور [illegible] ہے کہ کوئی شئی [illegible] کچھ [illegible] بلکہ ایک شئی کو دوسری [illegible] اور [illegible] کی شئی کا [illegible] لینا لازم [illegible] محقق [illegible] حرف [illegible] الف [illegible] لہذا [illegible] خیشوم کی طرف منتقل ہو جاتا [illegible] آنے والے حرف کی [illegible] ہو جاتی ہے [illegible] طرف کسی قسم کا حرکت و عمل [illegible] نہیں آتی ہے [illegible] کے تحت ہم بیان کرتے ہیں۔

اَوْعَمَلَ لِلِّسَانِ کے [illegible] اور [illegible] برقرار رکھتے ہوئے [illegible] ادغام [illegible] تو ان ساکن اور تنوین کو مخفی کرنے کے لئے [illegible] نعیت لازم اور [illegible] حقیقی یعنی اخفا حرف [illegible] حرف [illegible] ذات حرف [illegible] ہو جاتے [illegible]

Marfat.com

کے پیش نظر اور جس ضرورت کی خاطر ایک متوسط صورت اور درمیانی حالت اختیار کی گئی تھی وہی کلفت درپیش ہو گی اور اخفاء کا مقصد فوت ہو جائے گا۔ اور یہ سوال بالکل لغو ہے کہ: اَنْتُمْ. اُنْدَادًا. وغیرہ میں تو رأس لسان اٹھتی ہے اور عمل کرتی ہے۔ اس لئے کہ ان الفاظ میں جو لسان متحرک اور اٹھتی معلوم ہوتی ہے یہ دراصل مخرجِ مخفی کی طرف نہیں بلکہ مخرج مخفی فیہ کی طرف اٹھتی ہے جسے اہل اداء اعتمادِ ضعیف علی مابعد سے تعبیر کرتے ہیں۔ فتدبر۔

قَالَ الْمِيْهِيْ فِيْ شَرْحِ تُحْفَةِ الْاَطْفَالِ. وَيَكُوْنُ مَخْرَجُهَا اَيِ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ مِنَ الْخَيْشُوْمِ لَا عَمَلَ لِلِّسَانِ فِيْهِ. ثُمَّ قَالَ. وَالْفَرْقُ بَيْنَ الْاِخْفَاءِ وَالْاِدْغَامِ النَّاقِصِ اَنَّ الْاِخْفَاءَ لَا تَشْدِيْدَ مَعَهُ بِخِلَافِ الْاِدْغَامِ. وَاَنَّ اِخْفَاءَ الْحَرْفِ عِنْدَ غَيْرِهٖ لَا فِيْ غَيْرِهٖ. وَاِدْغَامَ الْحَرْفِ فِيْ غَيْرِهٖ لَا عِنْدَ غَيْرِهٖ: تَقُوْلُ اَخْفَيْتُ النُّوْنَ عِنْدَ السِّيْنِ لَا فِي السِّيْنِ. وَاَدْغَمْتُ النُّوْنَ

علامہ میہی شرح تحفۃ الاطفال میں فرماتے ہیں اور مخرج ان کا یعنی نون ساکن و تنوین کا مخرج فقط خیشوم سے ہے لسان کو اس میں ذرہ برابر عمل نہیں ہے پھر فرماتے ہیں اور اخفاء و ادغام ناقص کے درمیان فرق یہ ہے کہ اخفاء کے ساتھ تشدید نہیں ہوتی بخلاف ادغام ناقص کے کہ اس کے ساتھ تشدید ہوتی ہے۔ اور یہ کہ اخفاء حرف اس کے غیر کے پاس ہوتا ہے نہ کہ اس میں۔

آپ کہتے ہیں کہ میں نے اخفاء کیا ہے نون کا سین کے پاس نہ کہ سین میں اور ادغام کیا میں نے نون کا لام میں نہ کہ

فِي اللَّامِ لَا عِنْدَ اللَّامِ.

وَقَالَ: تَجْوِيدُ الْإِخْفَاءِ.

اِعْلَمْ أَنَّكَ إِذَا أَخْفَيْتَ النُّوْنَ السَّاكِنَةَ وَالتَّنْوِيْنَ فَانْظُرْ مَا قَبْلَهَا مِنَ الْحُرُوْفِ فَلَا تُخْرِجُهُ عَنْ حَدِّهٖ كَقَوْلِكَ "كُنْتُمْ" فَالنُّوْنُ مَا قَبْلَهَا الضَّمُّ فَلَا تَمُدَّ قَبْلَ الْإِخْفَاءِ فَيَتَوَلَّدُ وَاوٌ فَتَبْقَى "كُوْنْتُمْ" وَلَا تَنْقُلْ حَرْفَ النُّوْنِ بِالْصَاقِ بَاطِنِ لِسَانِكَ بِاللَّحْمِ فَوْقَ الثَّنَايَا الْعُلْيَا عِنْدَ إِخْفَائِهَا فَاحْتَرِزْ مِنْ ذٰلِكَ لِأَنَّ الْإِخْفَاءَ مَا يُسَمّٰى إِخْفَاءً إِلَّا إِخْفَاءَ النُّوْنِ عِنْدَ الْحُرُوْفِ الْمَذْكُوْرَةِ (وَهِيَ تَاءُ "كُنْتُمْ") لِأَنَّ مَخْرَجَ التَّاءِ جُزْءٌ مِّنْ مَخْرَجِ النُّوْنِ.

لام کے پاس۔

اور فرمایا کہ تجوید اخفاء جان لو کہ جب تو نون ساکن و تنوین کا اخفاء کرنے لگے تو دیکھ اسکے ماقبل حرف کو سو اس کو حد سے نہ بڑھاؤ جیسا کہ تو "کُنتُم" پڑھنے لگو تو نون سے قبل ضمہ ہے پس قبل اخفاء کے اس کو نہ کھینچو۔ جس سے واؤ پیدا ہو اور وہ ہو جائے "کُونتُم" اور نون ساکن و تنوین کا اخفاء کرتے وقت حرف نون کو اپنی لسان کے باطن کے لسان سے ثنایا علیا کے اوپر گوشت یعنی مسوڑ کی طرف منتقل نہ کرو سو اس سے تم در بچ اور احتراز کرو اس لئے کہ اخفاء وہ ہے جو اخفاء کے نام سے موسوم کیا گیا ہے مگر اخفاء نون کے لئے نزدیک حرف مذکورہ کے اور وہ تاء "کُنتُم" اس لئے کہ تاء کا مخرج نون کے مخرج کا جزء ہے

Marfat.com

وَكَيْفِيَّتُهٗ اَنْ تَجْعَلَ لِسَانَكَ بَعِيْدًا عَنْ مَخْرَجِ النُّوْنِ قَلِيْلًا فَيَقَعُ اِخْفَآؤُهَا.

اور اس کی کیفیت ادائیگی یہ ہے کہ تو اپنی لسان کو مخرج نون سے کچھ دور رکھ تو اس طرح اخفاء تام ادا ہو جائے گا

وَفِيْ شَرْحِ النُّوْرِيْ: مَخْرَجُ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ مَعَ حُرُوْفِ الْاِخْفَآءِ مِنَ الْخَيْشُوْمِ فَقَطْ لَاحَظَّ لَهُمَا فِي الْفَمِ لِاَنَّهٗ لَاعَمَلَ لِلِّسَانِ فِيْهِمَا كَعَمَلِهٖ فِيْهِمَا مَعَ مَا يُظْهَرَانِ عِنْدَهٗ اَوْ يُدْغَمَانِ فِيْهِ بِغُنَّةٍ. فَالْفَرْقُ بَيْنَ الْاِخْفَآءِ وَالْاِدْغَامِ النَّاقِصِ ظَاهِرٌ. وَهُوَ اَنَّ الْاِخْفَآءَ لَاتَشْدِيْدَ مَعَهٗ. بِخِلَافِ الْاِدْغَامِ. وَاَنَّ الْاِخْفَآءَ عِنْدَ غَيْرِهٖ لَا فِيْ غَيْرِهٖ "وَلَا فِيْ ذَاتِ الْمَخْفِيْ" وَاِدْغَامَ الْحَرْفِ فِيْ غَيْرِهٖ لَا عِنْدَ غَيْرِهٖ.

اور شرح نوری میں ہے۔ مخرج نون ساکن اور تنوین کا حروف اخفاء کے ساتھ فقط خیشوم ہی ہے منہ میں ان کے لئے ذرہ برابر حصہ نہیں ہے اس لئے کہ لسان کو ان میں مطلقاً دخل وعمل نہیں ہے جیسا کہ ان کے اظہار اور ادغام باغنہ کے وقت ہوتا ہے پس اخفاء اور ادغام ناقص میں فرق ظاہر ہے اور وہ یہ کہ اخفاء میں تشدید کا شائبہ تک نہیں ہوتا بخلاف ادغام کے: نیز یہ کہ اخفاء عند غیرہ ہوتا ہے نہ کہ فی غیرہ " اور نہ ہی فی ذات المخفی " اور ادغام حرف فی غیرہ ہوتا ہے نہ عند غیرہ۔

فَاِذَا اَخْفَيْتَ النُّوْنَ السَّاكِنَةَ اَوِ التَّنْوِيْنَ عِنْدَ

لہذا جب تو نون ساکن اور تنوین کا حروف اخفاء کے پاس اخفاء کرے

Marfat.com

غَيْرِهَا وَهِيَ مَا بَعْدَهَا مِنْ حُرُوْفِ الْإِخْفَاءِ قَطَعَتْ عَنْ مَخْرَجِ ذَاتِهَا وَعَدَمَتْ بِالْكُلِّيَّةِ وَبَقِيَتِ الْغُنَّةُ الْمَحْضَةُ الْمَمْزُوْجَةُ الَّتِيْ تَتَعَلَّقُ بِمَا بَعْدَهَا لِأَنَّ الْحَرْفَ لَا يُخْفَى فِيْ ذَاتِهٖ بَلْ يُخْفَى عِنْدَ غَيْرِهٖ فَإِذًا لَا بُدَّ مِنَ الْاِعْتِمَادِ الضَّعِيْفِ عَلَى مَا بَعْدَ النُّوْنِ السَّاكِنَةِ وَالتَّنْوِيْنِ وَذٰلِكَ لِضُرُوْرَةِ الْإِخْفَاءِ. فَافْهَمْ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

تو قطع کر دے گا اسے اس کی ذات کے مخرج سے اور معدوم و فنا کر دے گا اسے بالکلیہ اور باقی رکھے گا غنہ محض جو ملا ہوا ہو اس کے مابعد سے اس لئے کہ حرف مخفی نہیں ہوتا اپنی ذات میں بلکہ مخفی ہوتا ہے اپنے غیر کے پاس پس اب اعتماد ضعیف نون ساکن اور تنوین کے مابعد پر اشد ضروری ہے اور یہ ہے بضرورۃ الاخفاء۔ خوب سمجھ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔

اخفاء ایک ایسی طبعی ادا ہے جو کہ ہر لسان اور خصوصاً قرآنی لسان میں بغیر کسی بناوٹ اور کلفت کے خود بخود ادا ہو جاتا ہے۔ تاہم اخفاء کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ نون مخفی کی صوت خیشومی اور غنہ زائدہ فرعیہ بعد والے حرف میں جذب نہ ہو جائے اور نہ ہی مخفی فیہ مشدد ہونے پائے۔ ورنہ ادغام ناقص باغنہ کی صورت اختیار کر کے اخفاء غلط ہو جائے گا۔ کیونکہ اخفاء اور ادغام ناقص باغنہ میں فرق یہ ہے کہ ادغام میں نون کی ذات مابعد کے حرف یعنی مدغم فیہ میں مل جاتی ہے اور صفتِ غنہ کلی طور پر اس میں جذب ہو جاتی ہے بخلاف اخفاء کے

Marfat.com

کہ اس میں نون کی ذات مستور و معدوم ہو جاتی ہے اور صفت غنہ مابعد کے حرف یعنی حرف اخفآء میں جذب ہوئے بغیر ظاہر ہوتی ہے۔

قَالَ الْقَارِی ضِیَاءُ الدِّیْنَ اَحْمَدُ رَحِمَہُ اللّٰہُ فِیْ خُلَاصَۃِ الْبَیَانِ: وَ الْاِخْفَآءُ ھِیَ حَالَۃٌ بَیْنَ الْاِظْہَارِ وَالْاِدْغَامِ. اَیْ اِبْطَالُ الذَّاتِ مَعْ بَقَآءِ الْغُنَّۃِ الْمَمْزُوْجَۃِ بِمَا بَعْدَھَا.

حضرت قاری ضیاء الدین احمد رحمہ اللہ خلاصۃ البیان میں فرماتے ہیں اور اخفآء. اظہار و ادغام کی ایک درمیانی حالت ہے جس میں ابطال ذات اور ابقآء غنہ جو ممزوج ہو مابعد کے حرف کے ساتھ: ضروری ہے اس سے عرعبارت ہے۔

قاعدہ میں نون ساکن اور تنوین کو مخفی کرتے وقت مابعد کے حرف پر نہایت ضعیف اور غیر معلوم اعتماد کرتے ہوئے نون مخفی کی صرف صفت غنہ زائدہ فریعہ خیشوم سے ادآء کرنے کی مشق کیجئے اور غنہ کی مقدار بقدر ایک ہی الف بڑھا دیئے تاکہ غنہ فریعہ کامل ادآء ہو. نیز امثلہ میں خوب اجرآء کیجئے تاکہ اخفآء کرنے میں مہارت تامہ حاصل ہو جائے اور علم و عمل میں مطابقت پیدا ہو جائے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

اَنْ تَ ، اَنْ ثَ ، اَنْ جَ ، اَنْ دَ ، اَنْ ذَ

اَنْ زَ ، اَنْ سَ ، اَنْ شَ ، اَنْ صَ ، اَنْ ضَ

Marfat.com

اَنْ طَ ، اَنْ ظَ ، اَنْ فَ ، اَنْ قَ ، اَنْ كَ

اَتَ ، اَثَ ، اَجَ ، اَدَ ، اَذَ
اَرَ ، اَسَ ، اَشَ ، اَصَ ، اَضَ
اَطَ ، اَظَ ، اَفَ ، اَقَ ، اَكَ

اِتَ ، اِثَ ، اِجَ ، اِدَ ، اِذَ
اِرَ ، اِسَ ، اِشَ ، اِصَ ، اِضَ
اِطَ ، اِظَ ، اِفَ ، اِقَ ، اِكَ

اُتَ ، اُثَ ، اُجَ ، اُدَ ، اُذَ
اُرَ ، اُسَ ، اُشَ ، اُصَ ، اُضَ
اُطَ ، اُظَ ، اُفَ ، اُقَ ، اُكَ

وَالْاَمْثِلَةُ

اَنْتُمْ ظَنَنْتُمْ اِنْتِقَامٌ اَنْ تَكُوْنَ [illegible]
اُنْثٰى اُنْثَيَيْنِ مَنْثُوْرًا مِرْ[illegible]
نُذْرِجُ نَجْعَلُ اَنْجَنْتُمْ مِنْ[illegible]

Marfat.com

اَنْ اَدَا جُنْتُ عِنْدَهُمْ ⁘ مِنْ دُبُرٍ مِنْ دُوْنِهٖ عَنْ دِرَاسَتِهِمْ

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَنْذِرْ لِتُنْذِرَ ⁘ مِنْ ذَكَرٍ مِنْ ذَهَبٍ عَنْ ذِكْرِيْ

اُنْزِلَ كَنْزٌ يَنْزِعُ ⁘ مِنْ زُخْرُفٍ كَمَنْ زُيِّنَ فَمَنْ زُحْزِحَ

مَا نَنْسَخْ نُنْسِهَا تُنْسٰى ⁘ مِنْ سُنْدُسٍ مِنْ سُهُوْلِهَا مِنْ سُوْٓءٍ

اَنْشَاَ نُنْشِزُهَا نُنْشِئَكُمْ ⁘ مِنْ شَرِّ مِنْ شَيْءٍ فَمَنْ شَآءَ

اَنْصَارِيْ اُنْصُرْنَا يَنْصُرُوْنَ ⁘ مِنْ صِيَامٍ مِنْ صَلْصَالٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ

مَنْضُوْدٍ ⁘ مِنْ ضُرٍّ مَنْ ضَلَّ اِنْ ضَلَلْتُمْ

مُقَنْطَرَةِ بِقِنْطَارٍ يَنْطَلِقُ ⁘ مِنْ طُوْرِ اِنْ طِبْتُمْ اِنْ طَلَّقْتُمْ

اُنْظُرْ فَنَظِرَةٌ يَنْظُرُوْنَ ⁘ اِنْ ظَنَّ مِنْ ظُلُمٰتٍ مِنْ ظُهُوْرِهَا

اَنْفُسَكُمْ اَنْفَقْتُمْ يُنْفِقُوْنَ ⁘ مِنْ فِضَّةٍ مِنْ فُطُوْرٍ مِنْ فُرُوْجٍ

يَنْقَلِبُ فَيَنْقَلِبُوْا يَنْقُضُوْنَ ⁘ مِنْ قَبْلِكَ مِنْ قَرْنٍ مِنْ قُرْاٰنٍ

مِنْكُمْ عَنْكُمْ تَنْكِصُوْنَ ⁘ اِنْ كُنْتَ مِنْ كِتٰبٍ لَئِنْ كَفَرْتُمْ

صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُوْنَهَا حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ

حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ عَبْرَةٌ تَرْهَقُهَا لَحَقٌّ تَخَاصُمُ

Marfat.com

سَحَابًا ثِقَالًا	قَوْلًا ثَقِيْلًا	أَزْوَاجًا ثَلٰثَةً
يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ	بِجَهَالَةٍ ثُمَّ	مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِيْنٍ
شِهَابٌ ثَاقِبٌ		

خَلْقًا جَدِيْدًا	ظَلُوْمًا جَهُوْلًا	حُبًّا جَمًّا
بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ	مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ	شَيْءٌ جَزَاءً
فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ	عَادٌ جَحَدُوْا	عَيْنٌ جَارِيَةٌ

عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ	دَكًّا دَكًّا	كَأْسًا دِهَاقًا
بَعْضٍ دَرَجٰتٍ	بَخْسٍ دَرَاهِمَ	مِنْ مَّاءٍ دَافِقٍ
ضُرٌّ دَعَانَا	كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ	[illegible] دَانِيَةٌ

يَتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ	مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ	قَرِيْبًا ذَا [illegible]
فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ	إِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ	كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ
بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ	تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذٰلِكَ	عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ

غُلٰمًا زَكِيًّا	صَعِيْدًا زَلَقًا	أَنْ تَزُوْلَا
يَوْمَئِذٍ زُرْقًا	فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ	إِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ

Marfat.com

رُكَّعًا سُجَّدًا	رَجُلًا سَلَمًا	قَوْلًا سَدِيدًا
بَقَرَاتٍ سِمَانٍ	مِائَةِ سِنِينَ	فِي غَمْرَةٍ سَاهُونَ
كَلِمَةٌ سَبَقَتْ	خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ	وَأُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ
عَبْدًا شَكُورًا	رَسُولًا شَهِيدًا	زِلْزَالًا شَدِيدًا
بَأْسٍ شَدِيدٍ	إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا
غَفُورٌ شَكُورٌ	عَذَابٌ شَدِيدٌ	سَبْعٌ شِدَادٌ
صَفًّا صَفًّا	عَمَلًا صَالِحًا	عَذَابًا صَعَدًا
بِرِيحٍ صَرْصَرٍ	عَمَلٍ صَالِحٍ	. . .
رِجَالٌ صَدَقُوا	جِمَالَةٌ صُفْرٌ	نَخِيلٌ صِنْوَانٌ
مَكَانًا ضَيِّقًا	مَسْجِدًا ضِرَارًا	مَعِيشَةً ضَنْكًا
قُوَّةٍ ضِعْفًا	لِكُلٍّ ضِعْفٌ	. . .
قِسْمَةٌ ضِيزَىٰ	مُسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ	ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ
شَرَابًا طَهُورًا	حَلَالًا طَيِّبًا	لَحْمًا طَرِيًّا
كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ	وَنَخْلٍ طَلْعُهَا	سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا
فِدْيَةٌ طَعَامُ	كَفَّارَةٌ طَعَامُ	بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ

Marfat.com

ظِلًّا ظَلِيلًا	قَوْمًا ظَلَمُوْا	مِرَآءً ظَاهِرًا
قَوْمٍ ظَلَمُوْا	نَفْسٍ ظَلَمَتْ	لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا
سَحٰبٌ ظُلُمٰتٌ		

خَالِدًا فِيْهَا	بَطْشًا فَنَقَّبُوْا	جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ
قَبْلُ فَصَدَقَتْ	مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ	عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ
سُنَنٌ فَسِيْرُوْا	قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ	ذِلَّةٌ فِى الْحَيٰوةِ

ثَمَنًا قَلِيْلًا	مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَا	صَالِحًا قَالُوْا
سِحْرٍ قَلِيْلٍ	سُوْٓءٍ قَالُوْا	بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ
اٰثِمٌ قَلْبُهٗ	سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ	عَذَابٌ قَرِيْبٌ

عَلِيًّا كَبِيْرًا	اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا	مَثَرَةً كَثِيْرَةً
شَىْءٍ كَذَّبُوْا	خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ	بِدَمٍ كَذِبٍ
مَلَكٌ كَرِيْمٌ	عَيْنٌ كَاَنَّهُنَّ	عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ

فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ

فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ

Marfat.com


والله
من صيام
من صن
من طور
من ظهوره
من فضة
من قرن
ان كان
وفى كلمتين
منضود
ينقلب
منكم
فى كلمة
سواء
وهى خمسة عشر حرفا
عند حروف الاخفاء
الاخفاء
٤
حكم النون الساكنة

Marfat.com



Marfat.com

اَلْجُزْءُ الثَّانِی عَشَرَ فِی التَّفْخِیْمِ وَالتَّرْقِیْقِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلتَّفْخِیْمُ

س : تفخیم کسے کہتے ہیں؟

ج : کسی حرف کو منہ بھر کر پُر پڑھنے کو تفخیم کہتے ہیں اور جو حرف تفخیم سے پڑھا جائے اُسے "مُفَخَّمْ" کہتے ہیں!

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ: تفخیم کے لغوی معنے اِمْتِلَاءٌ یعنی بھرنے کے ہیں اور اصطلاحِ قراء میں ایک ایسی حالت اور کیفیت جو حرف کے جسم وصوت پر طاری ہو کر اُسے پُر اور موٹا کر دے اور اس کے اداء کے وقت منہ آواز سے بھر جائے اُسے "تفخیم" کہتے ہیں اور جو حرف اس خاص کیفیت کے ساتھ منہ بھر کر اداء کیا جائے تو اُسے "مفخم" کہتے ہیں۔

تفخیم دراصل استعلاء اقصٰی لسان کا ثمرہ ہوتا ہے یعنی جڑ زبان کے اٹھنے سے تفخیم عارض اور پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن تفخیم بلحاظ اطلاق دو قسم پر ہوتا ہے ایک مستقل جو حروفِ مستعلیہ کے ساتھ مخصوص ہوتی ہے۔ دوم غیر مستقل جو بعض حروفِ مستفلہ میں کسی وقت عارض اور لاحق ہو جاتی ہے۔

حروفِ مستعلیہ میں چونکہ تفخیم مستقل ہوتی ہے اس لئے وہ ہمیشہ اور ہر حال میں

Marfat.com

مفخم اور پُر پڑھے جاتے ہیں خواہ متحرک ہوں خواہ ساکن لیکن باعتبار حرکت خود اور حرکت ماقبل ان کی تفخیم میں نسبتاً فرق ہوتا ہے۔ چنانچہ جب وہ مفتوح قبل الف کے واقع ہوں تو ان کی تفخیم اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے اس سے کم صرف فتحہ کی حالت میں اس سے کم ضمہ کی حالت میں اور اس سے کم کسرہ کی حالت میں ہوتی ہے۔

اسی طرح حروفِ مستعلیہ ساکن ہوں تو ماقبل مفتوح ہونے کی صورت میں ان کی تفخیم اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے۔ اس سے کم ماقبل مضموم ہونے کی صورت میں اور اس سے کم ماقبل مکسور ہونے کی صورت میں ہوتی ہے۔ لیکن تفخیم کرتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ حروفِ مستعلیہ کے تفخیم سے اس کا ماقبل اور مابعد متاثر نہ ہونے پائے۔ پس قاعدہ میں حروفِ مستعلیہ کو حرکاتِ ثلاثہ کے ساتھ پڑھتے ہوئے درجاتِ تفخیم معلوم کیجیئے اور امثلہ میں خوب مشق کیجیئے کہ ہر حرف کو اس کے درجہ کے مطابق مفخم پڑھ سکیں۔

اَلْقَاعِدَةُ

خَا صَا ضَا غَا طَا قَا ظَا

خَ خُ خِ : صَ صُ صِ : ضَ ضُ ضِ : غَ غُ غِ

طَ طُ طِ : قَ قُ قِ : ظَ ظُ ظِ

اُخْ اَصْ اِصْ اَغْ اُطْ اَقْ اِظْ

وَالْاَمْثِلَةُ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ۔ اَلظَّآنِّيْنَ ⁞ اَلطَّآمَّةُ اَلصَّآخَّةُ

Marfat.com

اَلْغَاوٗنَ اَلْغَارِمِيْنَ ⁘ اَلظَّالِمُ اَلظّٰلِمِيْنَ

اَلصّٰعِقَةُ اَلصَّابِرِيْنَ ⁘ اَلصَّادِقِيْنَ فَالصّٰلِحٰتُ

بِضَآرِّيْنَ اَلضَّآلُّوْنَ ⁘ اَلْخَاسِرُوْنَ وَالْقٰنِتٰتُ

حَصْحَصَ الْحَقُّ مُصْبِحِيْنَ ⁘ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ فَقْصُصِ الْقَصَصَ

خَصَاصَةٌ فَاصْدَعْ ⁘ اَصْبُ حَصَبُ اَفْرِغْ عُصْبَةٌ

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ اَعْصِرُ خَمْرًا ⁘ وَاخْفِضْ اَعْرِضْ اَضْغَاثُ

فَخُذْ بِقَبْضِيْ نُصِيْبُ ضَيْفُ ⁘ بِبِضَاعَةٍ مُصْبِحِيْنَ

خُضِرٍ بِقَطْعٍ مَضْطَرِرْتُمْ ⁘ ظُلِمَ يَظْلِمُ ضَرَبَ يَضْرِبُ

فَقَدْ سَرَقَ تَغِيْضُ نَقِيْضُ ⁘ لَقَدْ تَقَطَّعَ مُقَصِّرِيْنَ

خَطٰيٰكُمْ خَطِيْٓـٰتِكُمْ ⁘ بِضْعَ مَنْضُوْدٍ مُقَنْطَرَةٍ

Marfat.com

اَلتَّرْقِيْقُ

س : ترقیق کسے کہتے ہیں ؟

ج : کسی حرف کے باریک پڑھنے کو : ترقیق : کہتے ہیں . اور جو حرف باریک پڑھا جائے اُسے : مُرَقَّقْ : کہتے ہیں .

توضِیحُ الجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ ترقیق کے لغوی معنے نُحُول یعنی باریک اور دُبلا پتلا ہونے کے ہیں . اور اصطلاحِ قراء میں ایک ایسی حالت وکیفیت جو حرف کے صوت پر طاری ہوکر اسے پتلا اور باریک کردے اور اس کے اداء کے وقت منہ نہ بھرے اسے ترقیق کہتے ہیں اور جو حرف اس خاص کیفیت کے ساتھ باریک اداء کیا جائے اُسے مُرَقَّق کہتے ہیں .

ترقیق دراصل استفالِ لسان یعنی عدم استعلاء اقصی لسان کا نام ہے یعنی جڑ زبان نہ اٹھنے کی وجہ سے حرف باریک اور مرقق ہوجاتا ہے

حروف مستفلہ ہمیشہ اور ہر حال میں باریک اور مرقق پڑھتے جاتے ہیں خواہ متحرک ہوں خواہ ساکن لیکن حروف مستفلہ میں کبھی کسی وجہ سے تفخیم غیر مستقل عارضی ہوتی ہے اور بروایت حفص بن سلیمان عن العاصم ایسے حروف بالاتفاق تین ہیں الف . ل . ر . اب ان تینوں حرفوں کا حکم علیحدہ علیحدہ بیان کیا جاتا ہے

Marfat.com

حُکمُ الْاَلِفِ

س : الف کا کیا حکم ہے ؟

ج : الف اگر باریک حرف کے بعد واقع ہو تو اُسے باریک پڑھنا چاہیئے اور اگر پُر حرف کے بعد واقع ہو تو اُسے پُر پڑھنا چاہیئے۔

تَوضِیحُ الجَوَابْ :۔ جاننا چاہیئے کہ الف مدہ کے اداء میں چونکہ جوف دہن یعنی اجزاء حلق وفم میں سے کسی جزءِ معین اور عضوِ مخصوص کو اصلاً و قطعاً دخل نہیں ہوتا۔ اس لئے وہ بذاتِ خود تفخیم و ترقیق سے موصوف نہیں ہوتا بلکہ جیسا کہ وہ اپنے وجود میں ماقبل کا محتاج ہوتا ہے ایسا ہی وہ تفخیم و ترقیق میں بھی ماقبل کا تابع ہوتا ہے پس جب اس سے پہلے حرف مرقق ہوتا ہے تو وہ بھی مرقق ہوتا ہے اور جب اس سے پہلے حرف مفخم ہوتا ہے تو وہ بھی مفخم ہوتا ہے۔ لہٰذا۔ قاعدہ میں حروفِ " مُفَخَّمَہ " کے بعد الف کو پُر پڑھیئے اور حروفِ : مرققہ : کے بعد باریک اور امثلہ میں خوب مشق کیجئے تاکہ الف ماقبل کے مطابق مفخم یا مرقق پڑھا جائے۔

اَلْقَاعِدَۃُ

خَا صَا ضَا غَا طَا قَا ظَا رَا

ءَا بَا تَا ثَا جَا حَا دَا ذَا زَا سَا شَا عَا
فَا كَا لَا مَا نَا وَا هَا يَا

Marfat.com

وَالْاَمْثِلَةُ

خَالِقٌ، صَادِقٌ، ضَارِبٌ ؛ غَالِبٌ، طَاهِرٌ، قَادِرٌ

ظَالِمٌ

رَازِقٌ، رَاقٍ، طَهِّرَا ؛ صِرَاطَ، فِرَاقٌ، رَافِعَةٌ

اٰثِمٌ، بَاخِعٌ، تَابِعٌ ؛ ثَاقِبٌ، جَاعِلٌ، حَافِظٌ

دَاخِلٌ، ذَاكِرٌ، زَاهِدٌ ؛ سَارِقٌ، شَاكِرٌ، عَالِمٌ

فَاقِعٌ، كَاتِبٌ، لَاعِنٌ ؛ مَاكِرٌ، نَافِعٌ، وَابِلٌ

هَالِكٌ، ءَامِنٌ، يَابِسٌ ؛ يَاحَيُّ، يَاقَيُّوْمُ، يَانُوْرُ

حُكْمُ اللَّامِ

س: لام کا کیا حکم ہے؟

ج: لام ہمیشہ باریک پڑھا جاتا ہے لیکن لفظ اللّٰہ کا لام کبھی پُر پڑھا جاتا ہے اور کبھی باریک پس جب لفظ اللّٰہ سے پہلے حرف پر زبر یا پیش ہو تو اللّٰہ کا لام مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے اور جس سے پہلے حرف پر زیر ہو تو اسے مرقق اور باریک پڑھنا چاہیئے۔

Marfat.com

توضیحُ الجواب: جاننا چاہیئے کہ لام درجۂ ذات میں مرقق اور باریک ہے اور جب تک باعثِ تفخیم موجود نہ ہو اُسے باریک ہی پڑھنا چاہیئے۔ جیسے مَا

وَلَّهُمْ، وَلِّي، وَلِّنِي، وَلِّئِي، اَللّٰعِنُوْنَ، اَللّٰعِنِيْنَ، اَلاَّ اِلٰـهَ، اَلسَّلَامُ، اَلصَّلٰوةُ، اَلصَّلٰوةِ، اَللّٰتَ، اَلَمْ، اَلٓمّٓ۔

لیکن جب باعثِ تفخیم موجود ہو اور مانع ترقیق مفقود ہو تو اُسے مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے۔

لام درجۂ ذات میں اگرچہ مرقق اور باریک ہے مگر صلاحیتِ تفخیم اس میں موجود ہے۔ لہٰذا جب لفظِ جلالت یعنی اسمِ ذات میں دافع ہوجائے اور ماقبل اس کا مفتوح یا مضموم ہو تو تفخیم اس میں عارض ہوجاتی ہے کیونکہ فتحہ اور ضمہ میں بھی تفخیم کی صلاحیت پائی جاتی ہے اور استعلاء اقصیٰ لسان جو کہ علتِ تفخیم ہے۔ دونوں میں ممکن ہے۔ نیز دونوں میں فی الجملہ ارتفاعِ صوت پایا جاتا ہے جو کہ معاونِ تفخیم ہے اس لئے لفظ "اللہ"۔ "اَللّٰهُمَّ" کا لام تعظیماً وتکریماً للشان مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے تاکہ اس کی عظمت اور جلال وجمال میں مزید اضافہ ہو اور حسین وجمیل اداء ہو۔

اور کسرہ میں چونکہ انخفاضِ فم کی وجہ سے کامل انکسارِ صوت ہوتا ہے جس کے بعد دفعۃً ارتفاع اور تفخیم متعسر ہونے کے علاوہ معیوب اور کریہہ بھی ہوتا ہے اس لئے وہ مانعِ تفخیم اور موجبِ ترقیق ہے۔ لہٰذا ماقبل مکسور ہونے کی حالت میں "اللہُ۔ اَللّٰهُمَّ" کا لام مرقق اور باریک پڑھنا چاہیئے تاکہ صوتِ کریہہ کی وجہ سے اسمِ ذات اور اس کی عظمت میں سقم ونقصان واقع

Marfat.com

نہ ہو:
اسم ذات میں لام کی تفخیم کے وقت یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ اس کا ماقبل تفخیم سے متاثر نہ ہو جائے کیونکہ جیسا کہ حرف مفخم کو مرقق پڑھنا غلطی ہے اسی طرح حرف مرقق کو مفخم پڑھنا بھی غلطی ہے۔ لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ اسم ذات بں تفخیم لام کے ساتھ مابعد کا الف بھی مفخم پڑھنا چاہیئے کیونکہ وہ ماقبل کا تابع ہے۔ نیز لفظ ''اَللّٰہُ۔ اَللّٰھُمَّ'' کا لام چونکہ مشدد ہے اور مشدد حرف میں حقیقۃً دو حرف ہوتے ہیں اس لئے تفخیم کے وقت دونوں لام مفخم پڑھنا چاہیئے۔ لام اوّل لحفاظت الادغام اور لام ثانی لحفاظت التفخیم والتکریم۔ اور ترقیق کے وقت دونوں لام لحفاظت التشدید مرقق پڑھنا چاہیئے

اَلْاَمْثِلَةُ

اَللّٰهُ ، وَاللّٰهُ ، فَاللّٰهُ ، اَنَاللّٰهُ ⁘ وَمَااللّٰهُ ، هُوَاللّٰهُ ، اَمَرَاللّٰهُ
خَتَمَ اللّٰهُ ، عَلِمَ اللّٰهُ ، رَضِيَ اللّٰهُ ⁘ كَرِهَ اللّٰهُ ، خَلَقَ اللّٰهُ ، شَهِدَ اللّٰهُ
قَالَ اللّٰهُ ، مَنَّ اللّٰهُ ، جَعَلَ اللّٰهُ ⁘ حَرَّمَ اللّٰهُ ، كَلَّمَ اللّٰهُ ، اِنَّ اللّٰهَ
مِنَ اللّٰهِ ، اِلَى اللّٰهِ ، عَلَى اللّٰهِ ⁘ اَخَذَ اللّٰهُ ، وَعَدَ اللّٰهُ ، عِنْدَ اللّٰهِ
عَذَابَ اللّٰهِ ، عَهْدَ اللّٰهِ ⁘ اَللّٰهُمَّ ، مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ

يُرِيْدُ اللّٰهُ • جَعَلَهُ اللّٰهُ ⁘ رَفَعَهُ اللّٰهُ • لَهُمُ اللّٰهُ
اٰتٰهُ اللّٰهُ • فَاَخَذَهُ اللّٰهُ ⁘ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ • اٰتٰهُمُ اللّٰهُ

Marfat.com

غَيْرُ اللهِ . نَاقَةُ اللهِ ∴ اَمْرُ اللهِ ، اَرْضُ اللهِ
رَحْمَةُ اللهِ ، اٰيٰتُ اللهِ ∴ رَسُوْلُ اللهِ ، فَضْلُ اللهِ
عَلَيْهُ اللهَ ، اَطِيْعُوا اللهَ ∴ لَا يُحِبُّ اللهُ ، اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ

لِلّٰهِ ، بِاللهِ ، اَفِي اللهِ ∴ بِسْمِ اللهِ ، بِيَدِ اللهِ ، بِاِذْنِ اللهِ
مِنْ دُوْنِ اللهِ ، فِيْ كِتٰبِ اللهِ ∴ اَعُوْذُ بِاللهِ ، فِيْ سَبِيْلِ اللهِ
مِنْ عِنْدِ اللهِ ، مِنْ رِّزْقِ اللهِ ∴ بِعَهْدِ اللهِ ، بِاٰيٰتِ اللهِ
بِنِعْمَةِ اللهِ ، بِذِكْرِ اللهِ ∴ فِيْ دِيْنِ اللهِ ، يَجْعَلِ اللهُ
لَمْ يَكُنِ اللهُ ، اِسْتَغْفِرِ اللهَ ∴ اَحَدُنِ اللهُ ، قُلِ اللّٰهُمَّ

Marfat.com

اَحْکَامُ الرَّآءِ

س : راء کے احکام کتنے ہیں؟

ج : راء کے احکام تین ہیں (۱) تَفْخِیْم (۲) تَرْقِیْق (۳) خُلْف!

تَوضِیحُ الجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ راء کے احکام (۳) کی ذات، حالات اور اسباب وعلل پر موقوف ہوتے ہیں اس لئے کہ راء کی ذاتی اور طبعی تفخیم و ترقیق میں اہل اداء کا اختلاف ہے بعض اُسے ذاتاً مفخم قرار دیتے ہیں اور ترقیق اس میں عارضی سمجھتے ہیں اور بعض ذاتاً مرقق قرار دیتے ہیں اور تفخیم اس میں عارض تصوّر کرتے ہیں۔

راء کبھی مبتداٴہ ہوتی ہے۔ کبھی متوسط اور کبھی متطرف۔ پھر کبھی متحرک ہوتی اور کبھی ساکن متحرک ہونے کی حالت میں کبھی مفتوح ہوتی ہے کبھی مضموم اور کبھی مکسور۔ اسی طرح ساکن ہونے کی صورت میں اس کا سکون کبھی اصلی ہوتا ہے اور کبھی عارضی۔ اور اس کا ماقبل کبھی مفتوح ہوتا ہے کبھی مضموم اور کبھی مکسور۔ نیز اس کے ماقبل اور مابعد کبھی حرف مستعلیہ ہوتا ہے اور کبھی مستفلہ۔ پس ان مختلف حالات کی وجہ سے اس کے احکام بھی مختلف اور متعدد ہیں جو تفخیم، ترقیق اور خلف میں منحصر ہیں۔

Marfat.com

حُکمُ الرَّآءِ المُتَحَرِّکَۃِ

س :۔ رآء متحرکہ کا کیا حکم ہے ؟

ج :۔ رآء متحرکہ کے دو حکم ہیں ، تفخیم یا ترقیق

تَوضِیحُ الجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ رآء متحرکہ (یعنی رآء مفتوحہ ، مضمومہ اور مکسورہ) اگرچہ وہ مشدد اور مُنَوَّن ہو —— اپنی مستقل حرکت کی وجہ سے ماقبل اور مابعد سے متأثر ہوئے بغیر —— خود اپنی حرکت کے مطابق مُفَخَّمْ یا مُرَقَّقْ پڑھی جاتی ہے۔

نیز جاننا چاہیئے کہ رآء کی ذاتی اور طبعی تفخیم میں اہلِ ادا کا اگرچہ اختلاف ہے۔ مگر استعلاء اور صلاحیتِ تفخیم باتفاقِ اہلِ ادا بدرجۂ اتم اس میں موجود ہے۔

پس جب علت اور سببِ تفخیم بھی اس میں پائی جائے تو تفخیم اس میں عارض ہو جاتی ہے —— اور جب علتِ تفخیم اس میں مفقود ہو جائے تو ترقیق اس میں عارض ہو جاتی ہے —— سو علت کے موجود اور مفقود ہونے کی وجہ سے رآء متحرکہ کے دو حکم ہیں ایک حکم رآء مفتوحہ اور مضمومہ کا —— اور دوسرا حکم رآء مکسورہ کا۔

اب رآء متحرکہ کے ہر دو احکام بالتفصیل بیان کیے جاتے ہیں :۔

Marfat.com

حُكْمُ الرَّآءِ الْمَفْتُوحَةِ وَالْمَضْمُومَةِ

س : راءِ مفتوحہ اور مضمومہ کا کیا حکم ہے ؟

ج : راءِ مفتوحہ اور مضمومہ کا حکم تفخیم ہے یعنی جب راء پر فتحہ یا ضمہ ہو تو اُسے مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے۔

تَوْضِيحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ راءِ مفتوحہ اور مضمومہ خواہ مبتدأہ ہو خواہ متوسطہ یا منتظرفہ ہو، وہ ایسی حرکت سے متحرک ہے جو اس کے لئے سبب اور علتِ تفخیم ہے۔ یعنی فتحہ اور ضمہ میں استعلاءِ اقصیٰ لسان اور ارتفاعِ صوت ممکن الوقوع ہونے کی وجہ سے اس کے لئے سبب و علت اور معاون و موجبِ تفخیم ہے اس لئے راءِ مفتوحہ اور مضمومہ کو مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے تاکہ اُس کی وہ صلاحیتِ تفخیم جو باتفاقِ اہلِ اداء اس میں موجود ہے۔ ظہور میں آئے اور اُس کے حسن و جمال میں اضافہ کا باعث بنے۔

اَلْاَمْثِلَةُ

رَبُّكَ، رَحِيمٌ، رَءُوفٌ، رَحْمَةٌ ؛ رَسُولٌ، رَجُلٌ، رَشِيدٌ، وَرَحِيقٌ

رَاعِنَا، رَاغِبُونَ، رَاجِعُونَ ؛ رَاشِدُونَ، رَاكِعُونَ، رَازِقُونَ

مَرَضٌ، غُرُفٌ، خَرَجَ ؛ صَدْرَكَ، ظَهْرَكَ، وِزْرَكَ

صِرَاطَ، تَظَاهَرَا، طَهِّرَا ؛ قَرَاطِيسَ، اِبْرٰهِمَ، اِسْرَآئِيلَ

حَرَامًا، كِرَامًا، صِرَاطًا ؛ ضِرَارًا، قَرَارًا، مِدْرَارًا

Marfat.com

تَرٰی ، یُرٰی ، کُبْرٰی ؛ اُخْرٰی ، تَتَمَارٰی ، سُکٰرٰی

قُرَّةٌ ، کَرَّةً ، غَرَّهُمْ ؛ مَرَّةً ، ذَرَّةٍ ، مُکَرَّمَةٍ

اَلرَّحْمٰنُ ، اَلرَّحِیْمُ ، اَلرَّسُوْلُ ؛ اَلرَّحْمَةُ ، اَلرَّجْفَةُ ، اَلرَّجِیْمُ

تَدَّرَ ، لِیُنْذِرَ ، لِتُنْذِرَ ؛ لِیَقْدِرَ ، نَقْدِرَ ، قَدَّرَہٗ

رُبَمَا ، رُزِقُوْا ، رُسُلٌ ؛ رُکَّعًا ، رُفِعَتْ ، رُزِقْنَا

جُرُفٍ ، قُرُبَاتٍ ، قُرُوْنًا ؛ کَفَرُوْا ، مَکَرُوْا ، ظَهَرُوْا

هٰرُوْنَ ، قَارُوْنَ ، هَارُوْتَ ؛ وَمَارُوْتَ ، یَخِرُّوْنَ ، یَقْرَءُوْنَ

یَکْفُرُ ، یُصْدِرُ ، یَنْصُرُ ؛ یَظْهَرُ ، تَخْرُجُ ، نَسْخَرُ

غَفُوْرٌ ، شَکُوْرٌ ، قَدِیْرٌ ؛ نَذِیْرٌ ، کَبِیْرٌ ، بَصِیْرٌ

خَیْرٌ ، عُزَیْرٌ ، غَیْرٌ ؛ بَشِیْرٌ ، مَصِیْرٌ ، نَصِیْرٌ

ضُرٌّ ، مُسْتَقَرٌّ ، مُسْتَمِرٌّ ؛ مُسْتَقِرٌّ ، نَفِرُوْا ، فَخَرُّوْا

اَلْحُرُّ ، اَلرُّشْدُ ، اَلرُّسُلُ ؛ اَلرُّوْحُ ، اَلرُّوْمُ ، اَلرُّهْبَانُ

قَمَرًا ، مُنِیْرًا ، قَدَرًا ؛ مَقْدُوْرًا ، مَهْجُوْرًا ، مَنْثُوْرًا

Marfat.com

حُكْمُ الرَّآءِ الْمَكْسُوْرَةِ

س : راء مکسورہ کا کیا حکم ہے ؟

ج : راء مکسورہ کا حکم ترقیق ہے یعنی جب راء پر کسرہ ہو تو اسے مرقق اور باریک پڑھنا چاہیئے !

تَوْضِيْحُ الْجَوَاب: جاننا چاہئے کہ راء اگرچہ بذات خود استعلاء وارتفاع کی صلاحیت موجود ہے لیکن وہ بھی حرکت سے متحرک ہے جو تفخیم کا باعث اور سبب و علت بننے کا قابل نہیں ہے یعنی کسرہ میں بوجہ انخفاض فم اور انکسار صوت کے وہ صلاحیت ہی موجود نہیں جو تفخیم کا باعث اور موجب بن سکے۔ نیز کسرہ من حیث الکسرہ ترقیق و نحول کو مقتضی ہے اور استعلاء وارتفاع کا ضد اور مقابل ہے اس لئے راء مکسورہ کو مرقق اور باریک پڑھنا چاہئے تاکہ اس کی طبعی تفخیم ظہور میں نہ آئے اور ترقیق اس کے لئے زیب و زینت کا باعث بنے۔

اَلْاَمْثِلَةُ

رِجَالٌ ، رِيَاحٌ ، رِمَاحٌ ؛ رِزْقًا ، رِيحًا ، رِيشًا

تَجْرِي ، مَرِيْضٌ ، حَرِيْصٌ ؛ فَرِيْقٌ ، شَرِيْكٌ ، عَرِيْضٌ

قٰدِرِيْنَ ، كٰفِرِيْنَ ، نٰصِرِيْنَ ؛ شٰكِرِيْنَ ، دٰخِرِيْنَ ، خٰرِجِيْنَ

مَطَرٍ ، خُسْرٍ ، حِجْرٍ ؛ شَهْرٍ ، اَمْرٍ ، بِقَدَرٍ

لِبَشَرٍ ، بِنَهَرٍ ، بِشَرَرٍ ؛ بَشِيْرٍ ، نَذِيْرٍ ، نَصِيْرٍ

Marfat.com

مِنْ شَرٍّ ، بِالْبِرِّ ، بِالْحُرِّ ۞ اَلصَّبْرِ ، اَلْفَجْرِ ، اَلْعَصْرِ
وَقَرِّى ، عَابِرِى ، حَاضِرِى ۞ اَلرِّجَالُ ، اَلرِّيَاحُ ، اَلرِّعَاءُ

حُكْمُ الرَّآءِ السَّاكِنَةِ

س : راء ساکنہ کا کیا حکم ہے ؟

ج : راء ساکنہ باعتبار وقوع اور ما قبل و مابعد مختلف ہوتی ہے اس لئے اس کے احکام بھی مختلف ہوتے ہیں !

توضیحُ الجوَاب : جاننا چاہیئے کہ :۔ راء ساکنہ چونکہ حرکت سے عاری اور خالی ہوتی ہے اس لئے وہ بذاتِ خود کوئی مستقل حکم نہیں رکھتی بلکہ جیسا کہ وہ تلفظ میں ماقبل کا محتاج ہوتی ہے ایسا ہی وہ تفخیم و ترقیق میں بھی ماقبل کا محتاج رہتی ہے۔ پس اگر ماقبل اس کا ایسی حرکت سے متحرک ہے جو اس کے لئے باعث اور علتِ تفخیم بن سکے ، تو وہ مفخم پڑھی جاتی ہے اور اگر ماقبل اس کا ایسی حرکت متحرک ہے جو اس کے لئے باعثِ تفخیم نہیں ہے تو وہ مرقق پڑھی جاتی ہے۔

نیز راء ساکنہ باعتبار محل کے کبھی ابتداء کلمہ میں ہوتی ہے اور کبھی وسط کلمہ میں اور کبھی آخر کلمہ میں لہٰذا ان مختلف حالات کی وجہ سے اس کے احکام بھی مختلف اور متعدد ہیں۔ ایک حکم راء ساکنہ مبتدأ کا ہے۔ دوسرا حکم راء ساکنہ متوسط کا اور تیسرا حکم راء ساکنہ متطرفہ کا ہے۔

Marfat.com

حُكْمُ الرَّاءِ السَّاكِنَةِ الْمُبْتَدِأَةِ

س : راء ساکنہ مبتدأہ کا کیا حکم ہے ؟

ج : راء ساکنہ مبتدأہ کو ہر حال میں مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے خواہ ماقبل حرکت کوئی سی ہو!

توضیحُ الجواب :- جاننا چاہیے کہ :- راء ساکنہ مبتدأہ اگرچہ بذاتِ خود حرکت سے عاری اور خالی ہے مگر ماقبل اس کا یا تو فتحہ اور ضمہ جیسی حرکت سے متحرک ہوتا ہے جو اس کیلئے باعثِ تفخیم ہوتا ہے۔ اور یا وہ کسرہ جیسی حرکت سے متحرک ہوتا ہے جو بذاتِ خود اگرچہ وہ مانع تفخیم ہے۔ مگر بوجہ عارض اور منفصل ہونے کے اس کی وہ حیثیت جو مانع تفخیم ہوتی ہے ضعیف اور کمزور ہو جاتی ہے۔ پس کسرہ عارضہ اور منفصلہ مانع تفخیم نہیں ہے اس لئے ماقبل خواہ فتحہ ہو، ضمہ ہو یا کسرہ ہو ہر حال میں اسے مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے تاکہ وہ حسین و جمیل اداء ہو۔

اَلْاَمْثِلَةُ

اِرْجِعْ ، اِرْكَبْ ، اِرْتَضٰى ❊ اِرْكَعُوْا ، اِرْتَابُوْا ، اِرْتَدَّا

اِرْجِعِيْ ، اِرْجِعُوْا ، اِرْتَقِبْ ❊ اِرْجِعُوْنِ ، اِرْجِعْنَ ، اِرْحَمْنَا

اِرْتَبْتُمْ ، اِرْكَبُوْا ، اِرْتَدُّوْا ❊ اُرْكُضْ ، اُرْزُقْنَا ، اِرْحَمْهُمَا

وَارْزُقْنَا ، وَارْحَمْنَا ، فَارْجِعْنَا ❊ فَارْتَقِبْ ، فَارْجِعْ ، ثُمَّ ارْجِعْ

Marfat.com

وَقَالَ ارْكَبُوْا، لَكُمُ ارْجِعُوْا	يٰبُنَيَّ ارْكَبْ، وَالَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا
يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا	اَلنَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِيْ
مَنِ ارْتَضٰى، وَعَذَابٍ ارْكُضْ	رَبِّ ارْجِعُوْنِ، اَمِ ارْتَابُوْا
لِمَنِ ارْتَضٰى، اَلَّذِى ارْتَضٰى	رَبِّ ارْحَمْهُمَا، اِنِ ارْتَبْتُمْ
فَارْغَبْ، وَارْتَابَتْ	قِيْلَ ارْجِعُوْا، فَارْزُقُوْهُمْ

حُكْمُ الرَّآءِ السَّاكِنَةِ الْمُتَوَسِّطَةِ

س : راء ساکنہ متوسط کا کیا حکم ہے ؟

ج : راء ساکنہ متوسطہ سے پہلے حرف مفتوح یا مضموم ہو تو اُسے مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے اور اگر مکسور ہو تو اُسے مُرقق اور باریک پڑھنا چاہیئے۔ بشرطیکہ اس کے بعد حرف مستعلیہ مفتوح اسی کلمہ میں نہ ہو، اگر ایسا ہو تو اُسے بھی مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے!

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ راء ساکنہ متوسطہ کا ماقبل کبھی مفتوح ہوتا ہے اور کبھی مضموم اور کبھی مکسور، پھر راء کے بعد کبھی حرف مستعلیہ ہوتا ہے اور کبھی غیر مستعلیہ، نیز حرف مستعلیہ کبھی مفتوح ہوتا ہے اور کبھی مکسور۔

پس اگر ماقبل اس کا مفتوح یا مضموم ہے تو چونکہ فتحہ اور ضمہ راء کے لئے موجب تفخیم ہے اس لئے اُسے مفخم پڑھنا چاہیئے اسی طرح اگر ماقبل اس کا مکسور ہے اور بعد اس کے حرف مستعلیہ مفتوح کلمۂ واحدہ میں نہیں ہے تو چونکہ حرف مستعلیہ مفتوح

Marfat.com

متصل واقع ہونے کی وجہ سے ماقبل اسرہ کی وہ حیثیت جو موجب ترقیق ہوتی ہے ضعیف اور کمزور ہو جاتی ہے اس لئے اُسے بھی مفخم پڑھنا چاہیئے۔ اور ایسے کلمات قرآن مجید میں صرف پانچ ہیں۔

البتہ اگر حرف مستعلیہ بھی مکسور رہے تو اس حالت میں راء، چونکہ دو کسروں کے درمیان واقع ہو جاتی ہے اس لئے اس میں: خُلْفُ: پایا جاتا ہے۔ پس حرف مستعلیہ متصل واقع ہونے کی وجہ سے مفخم پڑھی جاتی ہے اور دو کسروں کے درمیان میں واقع ہونے کی وجہ سے مرقق پڑھی جاتی ہے۔ اور ایسا کلمہ قرآن کریم میں صرف ایک ہی ہے: فِرْقٍ ۔ اور اگر ماقبل اس کا مکسور رہے اور بعد اس کے حرف مستعلیہ کلمۂ واحدہ میں نہیں ہے تو چونکہ یہ کسرہ اصلی ہے اور کسرہ اصلی موجب ترقیق ہے اس لئے اسے مرقق پڑھنا چاہیئے۔ امثلہ میں راء ساکنہ متوسطہ کو پیش نظر رکھکر اصول منفردہ کے مطابق پڑھیئے۔

اَلْاَمْثِلَةُ

اَرْسَلَ ، اَرْحَمَ ، اَرْبَابًا ۞ تَرْحَمْنَا ، تَرْتَابُوْا ، يَرْجِعُوْنَ

تَرَبَّصْنَ ، تَرْزُقُ ، وَرْدَةً ۞ خَرْدَلٍ ، بَرْقٌ ، بَرْزَخٌ

حَرْثَ ، قَرْضًا ، قَرْنًا ۞ فَرْدًا ، ضَرْبًا ، عَرْضًا

مَرْقَدِنَا ، مَرْجُوًّا ، مَرْدُوْدٌ ۞ مَرْحَبًا ، مَرْعٰهَا ، اَرْسٰهَا

تَرْكَبُوْا ، تَرْكُضُوْا ، تَرْفَعُوْا ۞ تَرْتَدُّوْا ، يَرْشُدُوْنَ ، يَرْهَبُوْنَ

اَلْبَرْقِ ، اَلْاَرْضِ ، اَلْعَرْشِ ۞ اَلْحَرْثُ ، اَلْمَرْءِ ، اَلْمَرْجَانُ

Marfat.com

قُرْاٰنًا، فُرْقَانًا، بُرْهَانَاتٍ ؛ مُرْتَفَقًا، غُرْفَةً، تُرْزَقٰنِهٖ
مُرْجَوْنَ، يَرْجِعُوْنَ، يُرْزَقُوْنَ ؛ تُرْحَمُوْنَ، قُرْبَةٌ، مُرْتَقِبُوْنَ
اَلْقُرْاٰنُ، اَلْفُرْقَانُ، اَلْغُرْفَةُ ؛ يَطْهُرْنَ، اُنْظُرْنَا، فَانْصُرْنَا

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ
اِنَّ رَبَّكَ . . لَبِالْمِرْصَادِ ،، فَاَمَّا الْاِنْسَانُ
وَتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ،، وَاِرْصَادًا ،، لِمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ
اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ ،، مِرْصَادًا ،، لِلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا
فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ ،، فِرْقَةٍ ،، مِنْهُمْ طَآئِفَةٌ
فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ ،، فِرْقٍ ،، كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ

فِرْعَوْنَ، شِرْذِمَةٌ، شِرْعَةً ؛ مِرْيَةٌ، مِرْفَقًا، شِرْكِكُمْ
وَذَكِّرْهُمْ، وَيُجِرْكُمْ ؛ مَضْطَرِرْتُمْ ؛ فَبَشِّرْهُمْ، اَنْظِرْنِيْ، اَنْذِرْهُمْ

Marfat.com

حُکْمُ الرَّآءِ السَّاکِنَۃِ الْمُتَطَرِّفَۃِ

س: راء ساکنہ متطرفہ کا کیا حکم ہے؟

ج: راء ساکنہ متطرفہ سے قبل اگر فتحہ یا ضمہ ہو تو اسے مفخم اور پُر پڑھنا چاہیئے اور اگر کسرہ ہو تو اُسے مرقق اور باریک پڑھا جاتا ہے!

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ راء ساکنہ متطرفہ کا سکون کبھی اصلی ہوتا ہے اور کبھی عارض للوقف۔ پس اگر سکون اس کا اصلی ہے اور ماقبل مفتوح یا مضموم ہے تو چونکہ فتحہ اور ضمہ اس کے لئے موجب تفخیم ہے اس لئے اُسے وصلاً و وقفاً مفخم پڑھنا چاہیئے۔ اور اگر ماقبل اس کا مکسور ہے تو چونکہ کسرہ اس کے لئے موجب ترقیق ہے اس لئے اُسے وصلاً و وقفاً رقیق پڑھنا چاہیئے

اسی طرح اگر راء ساکنہ متطرفہ کا سکون عارض للوقف ہے یعنی وقف کی وجہ سے سکون ہو گیا ہے اور ماقبل اس کا مفتوح یا مضموم ہے تو اُسے مفخم پڑھنا چاہیئے اور اگر ماقبل مکسور ہے تو اُسے مرقق پڑھنا چاہیئے۔

ایسا ہی اگر راء ساکنہ متطرفہ موقوفہ سے قبل کوئی حرف ساکن واقع ہو مگر یائے ساکنہ نہ ہو اور اس سے قبل مفتوح یا مضموم ہو تو اُسے بھی مفخم پڑھنا چاہیئے اور اگر اس سے قبل مکسور ہو تو اسے مرقق پڑھنا چاہیئے۔

لیکن اگر راء ساکنہ متطرفہ موقوفہ سے قبل یاء ساکنہ ہی واقع ہو تو چونکہ یاء ساکنہ بمنزلہ دو کسروں کے ہوتی ہے اس لئے ماقبل خواہ کوئی سی حرکت ہو اسے ہر حال میں مرقق پڑھنا چاہیئے۔

Marfat.com

البتہ اگر رار ساکنہ متطرفہ موقوفہ سے قبل : ص ، ط : واقع ہو تو اُسے مفخم اور مرقق دونوں طرح پڑھنا جائز ہے مگر بہتر یہ ہے کہ رار ساکنہ موقوفہ کے سابقہ حرکت لے پیش نظر اور قیاساً علی الاصل : مِصْرَ : کی رار کو مفخم اور رعَيْنَ الْقِطْرِ : کی رار مرقق پڑھی جائے

اَلْاَمْثِلَة

وَانْحَرْ ، لَا يَسْخَرْ ، فَلَا تَقْهَرْ ⁂ فَلَا تَنْهَرْ ، لَا تَذَرْ ، لَمْ يَتَغَيَّرْ

اُنْظُرْ ، اَنِ اشْكُرْ ، اُنْصُرْ ⁂ فَمَنْ يَّكْفُرْ ، وَلَا تَكْفُرْ ، وَلَا تَغْرُرْ
تَأْمُرْ ، تَنْصُرْ ، اُذْكُرْ ⁂ وَاهْجُرْ ، وَاكْفُرْ ، وَأْمُرْ

وَاصْبِرْ ، وَاصْطَبِرْ ، اَبْصِرْ ⁂ اِسْتَغْفِرْ ، اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ ، اِغْفِرْ
فَاغْفِرْ ، فَاسْتَغْفِرْ ، فَبَشِّرْ ⁂ وَلَا تُبَذِّرْ ، وَذَكِّرْ ، فَاصْبِرْ
فَاصْبِرْ صَبْرًا ، وَاَنْذِرْ قَوْمَكَ ⁂ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ .

مُزْدَجَرْ ○ مُحْتَضَرْ ○ نَعْقَرْ ○ ⁂ بِسَحَرْ ○ مَنْ شَكَرْ ○ بِقَدَرْ ○
بِالْبَصَرْ ○ مُسْتَطَرْ ○ مَسَّ سَقَرْ ⁂ وَالْقَمَرْ ○ اَيَّامٍ اُخَرْ ○ وَاَطْهَرْ ○
اَيْنَ الْمَفَرّْ ○ الْمُسْتَقَرّْ ⁂ فِي لُجٍّ ○ وَاَمَرّْ
بِالنُّذُرْ ○ فِي الزُّبُرْ ○ شَيْءٍ نُّكُرْ ○ ⁂ تُغْنِ النُّذُرْ ○ يُوَلُّوْنَ الدُّبُرْ

Marfat.com

وَنُهُرٍ ، وَنُذُرِ ، وَدُسُرٍ ∴ بِالنُّذُرِ ، اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ ط

مُقْتَدِرٍ ، مُنْتَشِرٌ ، مُنْهَمِرٍ ∴ يَوْمٌ عَسِرٌ ، قَدْ قُدِرَ ، مُنْقَعِرٍ
وَزُدُجِرَ ، مُدَّكِرٍ ، مُنْتَصِرٌ ∴ اَلْاَشِرُ ، كَانَ كُفِرَ ، اَلْمُحْتَظِرِ
مُسْتَمِرٌّ ، مُسْتَقِرٌّ ، بِالْبُرِّ ج ∴

فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ، مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ∴ مِنْ اَلْفِ شَهْرٍ ، مَطْلَعِ الْفَجْرِ
بِالصَّبْرِ ، اِذَا يَسْرِ ، وَالْوَتْرِ ∴ وَالْعَصْرِ ، وَالْفَجْرِ ، وَلَيَالٍ عَشْرٍ
اَلنَّارُ ، اَلنَّهَارُ ، اَلْبَوَارِ ∴ اَلْاَبْصَارُ ، مُنْكَبِرًا جَبَّارًا ، غَيْرَ مُضَارٍّ

لَفِيْ خُسْرٍ ، بِكُمُ الْيُسْرَ ∴ بِكُمُ الْعُسْرَ ، جِمٰلَتٌ صُفْرٌ
اِلَى النُّوْرِ ، بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ∴ وَلَا الْحَرُوْرُ ، مَنْ فِي الْقُبُوْرِ

لِذِيْ حِجْرٍ ، ذِي الذِّكْرِ ∴ اَلسِّحْرُ ، وَلَا بِكْرٌ ، هَلْ اِذْكُرْ

خَيْرٌ ، ضَيْرَ ، وَالطَّيْرَ ∴ فِيْهَا السَّيْرَ ، اَلْخَيْرُ ، عُزَيْرُ ج
قَدِيْرٌ ، وَنَذِيْرٌ ، كَبِيْرٌ ∴ خَبِيْرٌ ، بَصِيْرٌ ، مِنْ قِطْمِيْرٍ

اُدْخُلُوْا مِصْرَ ط بِمُصْرِ ط ∴ مِنْ مِّصْرَ د عَيْنَ الْقِطْرِ ط

Marfat.com

اَلْاِمَالَۃُ

س : امالہ کسے کہتے ہیں اور وہ کس لفظ میں کیا جاتا ہے ؟

ج : صوتِ فتحہ کو کسرہ کی طرف اور صوتِ الف کو یاء کی طرف مائل کرنے کو اِمَالَۃ کہتے ہیں اور وہ بروایت حفص بن سلیمان فقط لفظ مَجْرٖىهَا میں مروی ہے۔

توضیح الجواب : جاننا چاہیے کہ امالہ کی لغوی معنے مائل کرنے اور جھکانے کے ہیں اور اصطلاحِ قرّاء میں صوتِ فتحہ کو کسرہ کی طرف اور راء کے بعد الف کو یاء کی طرف مائل کرنے کو امالہ کہتے ہیں اور یہ بروایت حفص بن سلیمان عن العاصم لفظ مَجْرٖىهَا میں منقول ہے۔

مَجْرٖىهَا اصل میں "مَجْرٰىهَا" ہے جب صوتِ فتحہ کو کسرہ کی طرف اور راء کے بعد الف کو یاء کی طرف مائل کر دیا جائے تو لفظ "مَجْرٖىهَا" بن جاتا ہے یعنی یہ الراء جو کہ زیر سے موسوم ہے یہ دراصل الامالہ ہے نہ کہ امالہ اس لئے کہ امالہ ایک صوتی ادا ہے جو تحریر میں نہیں آ سکتی۔

امالہ کرتے وقت اگر میلانِ صوت بین اللفظین یعنی بین الالف والیاء ہے تو اسے اِمَالَۃ صُغْرٰی کہتے ہیں اور اگر قریب بیاء خالصہ ہے تو اسے "اِمَالَۃُ کُبْرٰی" کہتے ہیں۔

امالہ کی ہر دو قسمیں علیحدہ علیحدہ اور الگ الگ ایک مخصوص قسم کی اداء ہے جسے اہلِ زبان اور ماہرِ اداء فہم اور لسان کی ایک خاص انداز سے ادا کرتے ہیں کہ نہ تو وہ پورا فتحہ اور الف ہوتا ہے اور نہ پورا کسرہ اور یاءِ خالص بلکہ ان دونوں کے درمیان ایک

Marfat.com

جدا گانہ اور نرالی قسم کی صوتی ادا ہے جو کبھی تو بین اللفظین یعنی بین الالف والیاء ہوتی ہے اور کبھی قریب بہ یاءِ خالص ہوتی ہے . . . . دیکھیے میلانِ صوت اور آواز کا رُخ



امالہ صغریٰ بروایت حفصؒ منقول نہیں ہے اور امالہ کبریٰ فقط ایک جگہ سورۂ ہود میں بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا میں مروی ہے پس راء ممالہ مرقق پڑھی جاتی ہے اور اس کی صوتی ادا ایسی ہوتی ہے جیسے لفظِ قدرے اور قطرے میں راء کی صوتی اداء ہے . فتامل .

اَلْجُزْءُ الثَّالِثُ عَشَرَ فِيْ اَقْسَامِ الْهَمْزَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَقْسَامُ الْہَمْزَةِ

س : ہمزہ کے اقسام کیا ہیں ؟

ج : ہمزہ بلحاظ وقوع تین قسم پر ہوتا ہے۔ ہمزہ مبتدأہ، ہمزہ متوسطہ، ہمزہ متطرفہ۔

توضیح الجواب :۔ جاننا چاہیے کہ ہمزہ کی باعتبار وقوع فی الکلمہ تین قسمیں ہیں۔ مبتدأہ۔ متوسطہ۔ متطرفہ۔ ہمزہ مبتدأہ ہمیشہ مرسوم بصورت الف ہوتا ہے جیسے۔ اَمَرَ اَحَدَ وغیرہ اور ہمزہ متوسطہ اور متطرفہ کبھی۔ ماقبل کی حرکت کے مطابق اور کبھی اپنی حرکت کے موافق حرف علّت : وائی : یعنی واو۔ الف اور یا سے لکھا جاتا ہے اور کبھی محذوف الرّسم ہوتا ہے جیسے فَاْتِ۔ نَشَاْ۔ اَلْمَلَاُ یُؤْمِنُ : یُؤْذَنَ۔ لُؤْلُؤًا۔ جِئْتَ شِئْتَ۔ قُرِئَ وغیرہ میں ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علّت سے مرسوم ہے اور اَلْمَلَؤُا : اَلْعُلَمٰٓؤُا : یَوْمَئِذٍ۔ اَئِنَّکُمْ وغیرہ میں ہمزہ خود اپنی حرکت کے موافق حرف علّت سے مرسوم ہے اور شَیْءٍ۔ دِفْءٌ۔ اَلْخَبْءَ۔ قُرُوْٓءٍ۔ مَآءً۔ تَرَآءَ۔ یَشَآءُ وغیرہ میں ہمزہ محذوف الرّسم ہے۔

لیکن بروایت حفص بن سلیمان رحمہما اللہ ہمزہ متوسطہ اور متطرفہ میں کسی قسم کا تغ[illegible] ہے اس لیے صرف ہمزہ مبتدأہ کی اقسام واحکام بیان کی

Marfat.com

جاتی ہیں۔

پس ہمزہ مبتدأہ کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) هَمْزَةُ الْقَطْعِ (۲) هَمْزَةُ الْوَصْلِ

پھر هَمْزَةُ الْقَطْعِ دو قسم پر ہے

(۱) هَمْزَةُ الْأَصْلِ (۲) هَمْزَةُ الْاِسْتِفْهَامِ

هَمْزَةُ الْأَصْلِ

س : ہمزۃ الاصل کسے کہتے ہیں ؟

ج : جو ہمزہ مبتدأہ جزءِ کلمہ ہوتا ہے یعنی بنیادِ کلمہ میں شامل ہوتا ہے اسے "هَمْزَةُ الْأَصْلِ" کہتے ہیں ؛

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ جو ہمزہ مبتدأہ مبنیٔ کلمہ اور بنیادِ کلمہ میں شامل ہوتا ہے کلمہ خواہ اسم ہو، فعل ہو، خواہ حرف اور خواہ ثلاثی مجرد ہو و مزید فیہ ہو اسے "هَمْزَةُ الْأَصْلِ" کہتے ہیں اور ہمزۃ الاصل سات قسم پر ہوتا ہے۔

(۱) هَمْزَةُ الْبِنَاءِ (۲) هَمْزَةُ الْجَمْعِ (۳) هَمْزَةُ الْإِعْلَامِ

(۴) هَمْزَةُ الْمُتَكَلِّمِ (۵) هَمْزَةُ بَابِ إِفْعَالٍ (۶) هَمْزَةُ أَفْعَلِ التَّفْضِيْلِ (۷) هَمْزَةُ فِعْلِ التَّعَجُّبِ۔

اب ان جملہ اقسام کو علیحدہ علیحدہ اور مستقل عنوانات سے بیان کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

هَمْزَةُ الْبِنَآءِ

س : ہمزۃ البنآء کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : جو ہمزہ مبتداۃ بنآء کلمہ میں شامل ہوتا ہے یا اصول کلمہ یعنی کسی کلمہ کے : فاء : کلمہ کی جگہ میں واقع ہوتا ہے اُسے " هَمْزَةُ الْبِنَآءِ " کہتے ہیں . ہمزۃ البنآء ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لیئے اُسے ہمیشہ اور ہر حال میں پڑھنا چاہیئے .

تَوْضِيْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ ہمزۃ البنآء کی دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ وضع کلمہ کے وقت بنیاد کلمہ میں شامل کیا جائے اور اس کے بغیر کلمہ قائم نہ رہ سکے جیسے " اَبٌ اَخٌ " وغیرہ ۔

دوم یہ کہ کسی کلمہ کے : فا : کلمہ کے مقام میں واقع ہو جیسے . اَمْرٌ . بروزن . فَعْلٌ : تو ایسے ہمزہ کو " هَمْزَةُ الْبِنَآءِ " کہتے ہیں . پس ہمزۃ البنآء ہمیشہ ثابت رہتا ہے اور ابتداءً و وصلاً پڑھا جاتا ہے ، اور کسی نہ کسی حرکت سے متحرک ہوتا ہے .

اَلْاَمْثِلَةُ

اَنْ . اِنْ . اَنَّ . اِنَّ   اَنَا ❊ اَنَّا . اِنَّا . اِنَّنَا . اِنِّیْ . اِنَّنِیْ

اِذْ . اِذَا . اِلٰی . اُولِیْ . اَلَا ❊ اَلَّا . اِلَّا . اَوْ . اَمْ . اِلٰـهٌ

اَبٌ . اَخٌ . اُمٌّ . اُخْتٌ ❊ اَرْضٌ . اَنْفٌ . اَلْفٌ . اَهْلٌ

اَمْرٌ . اَثْلٌ . اَجْرٌ . اَحَدٌ ❊ اُكُلٍ . اَحَدًا . اَبَدًا . اَمْرًا

Marfat.com

هَمْزَةُ الْجَمْعِ

س: ہمزۃ الجمع کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج: جو ہمزہ مفتوحہ صیغہ جمع میں واقع ہوتا ہے اسے هَمْزَةُ الْجَمْعِ کہتے ہیں۔ یہ ہمزۃ الجمع ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لئے سے ہر حال میں [illegible]

تَوضِيحُ الْجَوَاب: جاننا چاہئے کہ اہل عرب جب کسی اسم مفرد کو جمع بناتے ہیں تو عموماً اس کے شروع میں ایک ہمزہ بڑھا دیتے ہیں اسے هَمْزَةُ الْجَمْعِ کہتے ہیں [illegible] ہمزۃ الجمع ہمیشہ ثابت رہتا ہے [illegible] پڑھا جاتا ہے۔

اَلْاَمْثِلَةُ

أَنْعَامٌ	أَزْوَاجٌ	أَمْوَاتٌ	أَمْوَالٌ	أَعْمَالٌ	[illegible]
أَصْنَامٌ	أَلْقَابٌ	أَصْحَابٌ	أَحْكَامٌ	[illegible]	[illegible]
أَنْصَارٌ	أَصْوَاتٌ	أَطْرَافٌ	أَوْقَاتٌ	[illegible]	[illegible]
أَقْلَامٌ	[illegible]	أَسْفَارٌ	أَقْطَارٌ	[illegible]	[illegible]
[illegible]	أَرْبَابٌ	أَنْفَاسٌ	[illegible]	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

Marfat.com

هَمْزَةُ الْاَعْلَام

س: ہمزۃ الاعلام کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج: جو ہمزہ مثلاً اسمائے عجمی میں واقع ہوتا ہے، **هَمْزَةُ الْاَعْلَام** کہتے ہیں

یہ ہمزۃ الاعلام ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لیے اسے ہر حال میں پڑھنا چاہیے!

توضیح الجواب: جاننا چاہیے کہ قرآن کریم میں عجمی وغیرہ بہت اسماء بھی وارد ہیں ان کے شروع میں جو ہمزہ ہوتا ہے اسے **هَمْزَةُ الْاَعْلَام** کہتے ہیں یہ ہمزہ ہمیشہ ثابت رہتا ہے اور ابتداء و وصل پڑھا جاتا ہے

اَلْاَمْثِلَة

اِبْرٰهِيْمَ اِسْمٰعِيْلَ اِسْحٰقَ اِدْرِيْسَ اِلْيَاسَ اِنْجِيْلَ

اِسْرَآئِيْلَ اِبْلِيْسَ

هَمْزَةُ الْمُتَكَلِّم

س: ہمزۃ متکلم کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج: جو ہمزہ مثلاً صیغہ واحد متکلم کے شروع میں واقع ہوتا ہے اسے **هَمْزَةُ الْمُتَكَلِّم** کہتے ہیں یہ ہمزۃ متکلم ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لیے اسے ہمیشہ ہر حال میں پڑھنا چاہیے!

توضیح الجواب: جاننا چاہیے کہ فعل مضارع کے تیرھویں صیغہ یعنی واحد متکلم

Marfat.com

کے شروع میں جو ہمزہ ہوتا ہے خواہ صیغہ معلوم ہو یا مجہول اُسے ہَمْزَۃُ الْمُتَکَلِّم کہتے ہیں پس ہمزۂ متکلم ہمیشہ ثابت رہتا ہے وہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے [illegible] پڑھا جاتا ہے۔

اَلْاَمْثِلَۃ

اَنْعَمْتُ	عَلِمْتُ	شَرِبْتُ	اَرْسَلْتُ	مَلَکْتُ	[illegible]
اَعْبُدُ	خَلَقَ	اَبْرَحُ	اَخَافُ	اُحِبُّ	[illegible]
اَحْکُمُ	نَفَخَ	اَضْرِبُ	اَنْصُرُ	اَخَذَ	[illegible]
اُبْرِئُ	اُشْرِکُ	اُخْرِجُ	اُدْخِلُ	اُقْسِمُ	[illegible]
اَعُوْذُ	اَکُوْنُ	اَفْتَحُ	اَضْرِبُ	اَنْصُرُ	[illegible]
اَذْهَبُ	اَکْرَمُ	اَدْخَلُ	اَبْلَغُ	اَذْکُرُ	[illegible]

ہَمْزَۃُ بَابِ اِفْعَال

س [illegible] باب افعال کسے کہتے ہیں اور [illegible]

ج [illegible] باب افعال کے معنی اور [illegible] کہتے ہیں پس ہمزہ باب افعال ہمیشہ ثابت رہتا ہے [illegible] حال میں پڑھنا چاہیئے۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ [illegible] کی کتابوں میں [illegible]

اَکْرَمَ یُکْرِمُ بروزن اَفْعَلَ یُفْعِلُ. باب افعال کے نام سے مشہور ہے اس کے ماضی کے چودہ صیغوں میں معلوم ہوں خواہ مجہول اور امر کے کل صیغوں میں جو ہمزہ مبتدأہ ہوتا ہے اُسے ,, ھَمْزَۃُ بَابِ اِفْعَالْ ,, کہتے ہیں. سو بابِ افعال کا ہمزہ ہمیشہ ثابت رہتا ہے اور ابتداءً و وصلاً پڑھا جاتا ہے.

اَلْاَمْثِلَۃُ

اَکْرِمَ. اَنْزِلَ. اَرْسِلَ ÷ اُخْرِجَ. اُسْلِمَ. اُبْصِرَ

اَحْسَنَ اُفْسِدَ اُطْعِمَ ÷ اُعْلِنَ اُعْرِضَ اُسْقِیَ

اَدْخِلْ اَکْرِمْ اَحْسِنْ ÷ اَنْزِلْ اَفْرِغْ اَقْبِلْ

ھَمْزَۃُ اَفْعَلُ التَّفْضِیْلُ

س : ہمزۂ افعل التفضیل کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج : ہمزہ مبتدأہ جب کسی ایسے کلمہ میں واقع ہو جس سے عظمت و رفعت اور بڑھائی معلوم ہوتی ہو تو اسے ھَمْزَۃُ اَفْعَلُ التَّفْضِیْلُ ,, اور اسم تفضیل بھی کہتے ہیں. پس ہمزہ افعل التفضیل یا اسم تفضیل ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لیئے اُسے ہمیشہ اور ہر حال میں پڑھنا چاہیئے!

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ اہل عرب جب کسی بات یا کسی کام میں رفعت و عظمت اور بڑھائی بیان کرنا چاہتے ہیں تو اس کے مناسب کلمہ ,, اَفْعَلُ ,,

Marfat.com

کے وزن پر لاتے ہیں۔ پس ایسے کلمہ کے شروع میں جو ہمزہ ہوتا ہے اُسے "ھَمْزَۃُ اَفْعَلَ التَّفْضِیْل" اور اسم تفضیل بھی کہتے ہیں سو اسم تفضیل کا ہمزہ ہمیشہ ثابت رہتا ہے اور مفتوح ہوتا ہے اور ابتداءً و وصلاً پڑھا جاتا ہے۔

اَلْاَمْثِلَۃُ

اَکْبَرُ اَکْثَرُ اَظْلَمُ ÷ اَعْلَمُ اَقْوَمُ اَقْرَبُ

اَضْعَفُ اَحْسَنُ اَعْظَمُ ÷ اَحَبُّ اَضَلُّ اَصَمُّ

اَقْسَطُ اَبْکَمُ اَحْکَمُ ÷ اَشَدُّ اَجَلُّ اَظْلَمُ

ھَمْزَۃُ فِعْلِ التَّعَجُّبِ

س: ہمزۂ فعل التعجب کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج: ہمزہ مبتدأ جب کسی ایسے کلمہ میں واقع ہو جس سے اظہارِ تعجب معلوم ہوتا ہو تو اُسے "ھَمْزَۃُ فِعْلِ التَّعَجُّبِ" کہتے ہیں۔ پس ہمزۂ فعل تعجب ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لئے اُسے ہمیشہ زبر حال میں پڑھنا چاہیئے۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ اہلِ عرب جب کسی بات یا کسی ... اظہارِ تعجب چاہتے ہیں تو اس کے مناسب جو کلمہ استعمال کرتے ہیں وہ بروزن مَا اَفْعَلَہٗ لاتے ہیں یا بروزن اَفْعِلْ بِہٖ۔ سو اس کے شروع میں جو ہمزہ ہوتا ہے اُسے ھَمْزَۃُ فِعْلِ التَّعَجُّبِ کہتے ہیں پس فعل تعجب کا ہمزہ ہمیشہ

Marfat.com

ثابت رہتا ہے اور مفتوح ہوتا ہے اور ابتداءً و وصلاً پڑھا جاتا ہے۔

اَلْاَمْثِلَۃُ

اَبْصِرْ بِہٖ وَاَسْمِعْ ٭ اَسْمِعْ بِہِمْ وَاَبْصِرْ

فَمَا اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ٭ ؟

هَمْزَةُ الْاِسْتِفْهَامِ

س: ہمزۃ الاستفہام کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے؟

ج: جس ہمزہ کے دخول سے جملہ خبریہ: جملہ انشائیہ اور سوالیہ بن جائے اُسے هَمْزَةُ الْاِسْتِفْهَامِ کہتے ہیں۔ ہمزۃ الاستفہام ہمیشہ ثابت رہتا ہے اس لئے اُسے ہمیشہ اور ہر حال میں پڑھنا چاہیئے۔!

تَوْضِيحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ اہل عرب جب کسی سلسلہ میں مخاطب سے سوال کرنا چاہتے ہیں تو اُس کے مناسب جُملہ پر ایک ہمزہ مفتوح زائد لگا دیتے ہیں اُسے "هَمْزَةُ الْاِسْتِفْهَامِ" کہتے ہیں

ہمزۃ الاستفہام اگرچہ زائد ہوتا ہے مگر وہ ایک مستقل کلمہ تصور کیا جاتا ہے اس لئے وہ ہمیشہ اور ہر حال میں پڑھا جاتا ہے اور کبھی حذف نہیں کیا جاتا ہے۔

ہمزہ استفہامیہ کے دخول علی الجملہ کی کئی صورتیں ہوتی ہیں۔ ایک یہ کہ ہمزہ استفہام ایسے کلمہ پر داخل ہو جس کے شروع میں اور کوئی ہمزہ از اقسام سابقہ یعنی ہمزہ بنائیہ وغیرہ

Marfat.com

نہ ہوں تو اس کو بصورت الف لکھتے ہیں جیسے أَلَمْ تَرَ وغیرہ اور اگر یہ کلمہ پر داخل ہو جس کے شروع میں اور کوئی ہمزہ اصلی یا قطعی [illegible] موجود ہو تو اسے بصورت ہمزہ محذوف الرسم (ء) لکھتے ہیں جیسے ءَ أَنْذَرْتَهُمْ وغیرہ

لیکن اگر ہمزہ استفہامیہ کسی ایسے کلمہ پر داخل ہو جس کے شروع میں ہمزہ وصل غیر مفتوح واقع ہو تو ہمزہ وصل مفتوح کو رسماً لفظاً حذف کر دیتے ہیں اور ہمزہ [illegible] بصورت الف لکھ دیتے ہیں جیسے أَفْتَرَىٰ أَصْطَفَى [illegible] [illegible]

اور اگر ہمزہ استفہامیہ ایسے کلمہ پر داخل ہو جس کے شروع میں ہمزہ وصل مفتوح ہو تو اس حالت میں ہمزہ استفہامیہ بصورت الف لکھ دیتے ہیں اور ہمزہ وصل کو رسماً حذف کر دیتے ہیں اور لفظاً الف سے بدل دیتے ہیں یا [illegible] کی تسہیل [illegible] ادا کرتے ہیں تاکہ جملہ انشائیہ جملہ خبریہ نہ ہو جائے [illegible] ان مثالوں کو سمجھنے کی کوشش کیجئے اور [illegible]

الأَمْثِلَة

أَلَمْ تَرَ	أَلَمْ أَقُلْ لَكُمْ	أَلَمْ أَقُلْ لَكُمَا	[illegible]
أَلَمْ أَنْهَكُمَا	أَتَقُولُونَ	[illegible]	[illegible]
[illegible] يُؤْمِنُونَ	أَفَتَأْتُونَ	[illegible]	[illegible]
أَتُحَدِّثُونَهُمْ	أَتَذَرُ مُوسَىٰ	[illegible]	[illegible]
أَفَتُمَارُونَهُ	أَفَسِحْرٌ هَٰذَا	[illegible]	[illegible]
أَفَرَأَيْتُمْ	أَرَاغِبٌ أَنْتَ	[illegible]	[illegible]

Marfat.com

اَشَہِدُوْا اَتَسْتَبْدِلُوْنَ ⁘ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ. اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ

ءَاَنْذَرْتَهُمْ ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ ⁘ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ. ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا

ءَاَشْفَقْتُمْ ءَاَسْلَمْتُمْ ⁘ ءَاَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ⁘ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ

ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ⁘ ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ

ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ءَاُنْزِلَ . ءَاُنَبِّئُكُمْ

اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ⁘ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ

اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَتَّخَذْتُمْ ⁘ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ

آٰلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ ⁘ آٰلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ

آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ ⁘ آٰلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ

آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ ⁘ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ

Marfat.com

هَمْزَةُ الْوَصْلِ

س : ہمزۃ الوصل کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : جب کسی اسم یا فعل کے شروع میں ہمزہ زائدہ ہوتا ہے تو اسے ہمزۃ الوصل کہتے ہیں اور چونکہ یہ ہمزہ وصلی زائد ہوتا ہے اس لئے ابتداءً ثابت رہتا ہے اور وصلاً حذف کیا جاتا ہے ۔

تَوضِيحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ لسان عربی میں ابتداء بالسکون محال اور ناممکن ہونے کے علاوہ نہایت کریہہ اور مکروہ تصور کیا جاتا ہے اس لئے جب کسی کلمہ کا ابتدائی حرف ساکن ہوتا ہے تو اس کے شروع میں ایک ہمزہ زائد لکھ دیتے ہیں تاکہ اس کی مدد سے حرف ساکن کا تلفظ ممکن ہو سکے پس ایسے ہمزہ زائدہ کو ہمزۃ الوصل کہتے ہیں، اور یہ دو قسم پر ہوتا ہے ۔ هَمْزَةُ الْإِسْم اور هَمْزَةُ الْفِعْل

هَمْزَةُ الْإِسْمِ

س : ہمزۃ الاسم کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : جو ہمزۃ الوصل کسی اسم کے شروع میں واقع ہوتا ہے اسے هَمْزَةُ الْإِسْم کہتے ہیں پس ہمزۃ الاسم ابتداءً ثابت رہتا ہے اور وصلاً حذف ہو جاتا ہے۔

تَوضِيحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ لسان عربی میں کلمہ تین قسم پر ہوتا ہے ، حَرْف ۔ اِسْم ۔ فِعْل ۔ پس اول الذکر یعنی حرف میں اگر ہمزہ واقع ہو تو وہ بنا البناء ہونے کی وجہ سے ہمیشہ ثابت رہتا ہے اور ابتداءً و وصلاً پڑھا جاتا ہے جیسے ہمزہ

Marfat.com

اِلۡبِنَاءُ اور ثانی الذکر یعنی اسم میں اگر ہمزہ وصلی زائدہ واقع ہو تو وہ دو قسم پر ہوتا ہے
مُعَرَّفْ بِاللَّامِ اور غیر مُعَرَّفْ بِاللَّامِ پس اگر معروف باللام ہے تو ابتداء
میں ثابت رہتا ہے اور مفتوح پڑھا جاتا ہے اور درج کلام یعنی وصل میں لازما حذف
کیا جاتا ہے دیکھیے۔ لامُ التَّعْرِیْفِ۔ اور اگر غیر معروف باللام ہے تو ایسے اسماء میں ہمزۂ
ائدہ ابتداء میں ثابت رکھنا چاہیے اور اُسے حرکت لازمہ کسرہ کی دینی چاہیے اور وصل کرتے
ہوئے اُسے لازماً ساقط اور حذف کرنا چاہیے ثابت رکھنا جائز نہیں ہے کیونکہ وہ زائد
علی الکلمہ ہوتا ہے امثلہ میں دیکھئے ہمزۃ الوصل کو ابتداءً ثابت اور وصلاً حذف کر کے دکھایا
گیا ہے۔

اَلْاَمْثِلَۃُ

اِنْتِقَامٍ. عَزِیْزٌ ذُوا انْتِقَامٍ ⁘ اِبْتِغَآءَ. مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ
اِبْتِغَآءَ. وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ ⁘ اِبْتِغَآءَ. اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهٖ
اِنْبِعَاثَ. كَرِهَ اللّٰهُ انْبِعَاثَهُمْ ⁘

اِسْمَ. سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ⁘ اِسْمَ. وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً
اِسْمَ. وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ⁘ اِسْمَ. وَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ
اِسْمَ. فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا ⁘ اِسْمَ. يَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ
اِسْمَ. اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ ⁘ اِسْمَ. وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ
اِسْمَ. فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ⁘ اِسْمَ. تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِى الْجَلٰلِ

Marfat.com

إِسْمُهُ . مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ ؛ إِسْمُهُ . بِغُلٰمٍ اسْمُهُ يَحْيٰى
إِسْمُهُ . مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ

اِبْنُ . عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا ؛ اِبْنُ . ذٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ
اِبْنَ . قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ ؛ اِبْنَ . وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ
اِبْنَ . يٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ ؛ اِبْنِ . بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ
اِبْنُ . قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ؛ اِبْنِ . إِذْ قُلْتَ [illegible]

اِبْنَهُ . نَادٰى نُوحٌ ابْنَهُ ؛ اِبْنِهِ . وَإِذْ قَالَ لُقْمٰنُ [illegible]
اِبْنَهَا . وَابْنَهَا آيَةً لِلْعٰلَمِينَ ؛ اِبْنِي . فَقَالَ رَبِّ إِنَّ [illegible]
اِبْنَكَ . إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ؛ اِبْنُوا . فَقَالُوا ابْنُوا [illegible]
اِبْنَتَ . وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ ؛ اِبْنَتَيَّ . إِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ

اِمْرَأَتَ . آمَنُوا امْرَأَتَ فِرْعَوْنَ ؛ اِمْرَأَتُ . وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ
اِمْرَأَتَ . كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ ؛ اِمْرَأَتُ . وَ[illegible]
اِمْرَأَتٰنِ . فَرَجُلٌ وَامْرَأَتٰنِ ؛ اِمْرَأَتُ . قَالَتِ [illegible]
اِمْرَأَتُ . فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ ؛ اِمْرَأَتُ [illegible]
اِمْرَأَتُهُ . فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ ؛
اِمْرَأَتِي . وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ ؛ اِمْرَأَتِي . وَ[illegible]

Marfat.com

اِمْرَاَةٌ ۔ اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗ اَخٌ ؀ اِمْرَاَةٌ ۔ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ

اِمْرَاَتَيْنِ ۔ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ ؀ اِمْرَاَةً اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً

اِمْرِئٍ ۔ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ ؀ اِمْرَاَ ۔ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ

اِمْرُؤٌ ۔ اِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ ؀ اِمْرِئٍ ۔ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ

اِمْرِئٍ ۔ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ ؀

اِثْنٰنِ ۔ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ؀ اِثْنَيْنِ ۔ مِنْ كُلِّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ

اِثْنَيْنِ ۔ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ؀ اِثْنَيْ ۔ مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا

اِثْنَتَا ۔ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؀ اِثْنَتَيْ ۔ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ

اِثْنَتَيْنِ ۔ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ ؀ اثْنَتَيْنِ ۔ فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ

Marfat.com

هَمْزَۃُ الْفِعْلِ

س : ہمزۃ الفعل کسے کہتے ہیں اور اس کا کیا حکم ہے ؟

ج : جو ہمزہ زائدہ - ابواب ثلاثی مجرد کے امر یا مزید فیہ کے ماضی اور امر کے شروع میں واقع ہوتا ہے اسے " هَمْزَۃُ الْفِعْلِ " کہتے ہیں پس ہمزۃ الفعل ابتداء میں ثابت رکھنا چاہیئے اور وصل میں حذف کرنا چاہیئے پھر ابتداء کی حالت میں اگر فعل کا تیسرا حرف مفتوح یا مکسور رہے یا مضموم بضمہ عارضی ہے تو ہمزہ کو [illegible] یعنی ہمزہ وصلی کو حرکت کسرہ کی دینی چاہیئے جیسے اِضْرِبْ اِفْتَحْ اِمْشُوْا اور اگر تیسرا حرف مضموم بضمہ اصلی ہے تو ہمزہ وصلی کو حرکت ضمہ کی دینی چاہیئے جیسے اُنْظُرْ اُدْخُلْ

توضیح الجواب: جاننا چاہیئے کہ علم صرف کی کتابوں میں [illegible] ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ مشہور ابواب ہیں پس ابواب ثلاثی مجرد کے [illegible] ثلاثی مزید فیہ کے ماضی اور امر کے ابتداء میں جو ہمزہ زائدہ وصلی ہوتا ہے [illegible] الفعل کہتے ہیں پس ہمزۃ الفعل وہ ہمزہ [illegible] اور ثابت رکھنا درست نہیں کیونکہ وہ زائدہ [illegible] عمل ہوتا ہے

ہمزۃ الفعل کو ابتداء حرکت [illegible]

حرف ثالث کو دیکھنا چاہیئے اگر حرف ثالث [illegible]

ضمہ اس کا عارضی ہے تو تینوں حالتوں [illegible]

اِضْرِبْ اِدْفَعْ اِتَّقُوْا اور اگر حرف ثالث ضمہ [illegible]

Marfat.com

حرکت ضمہ کی دینی چاہیے جیسے اُقتلُوا۔ اُدخُلُوا۔ اُنصُرُوا۔ وغیرہ۔
اور اِمشُوا۔ اِتقُوا۔ اِقضُوا۔ دراصل اِمشِیُوا۔ اِتقِیُوا۔
اِقضِیُوا۔ اِبنِیُوا۔ اِیتُوا۔ ہیں ان افعال میں یا ضمہ ماقبل کو دیدیا گیا اور
یا کو حذف کر دیا گیا ہے اس لیے ان الفاظ میں ضمہ عارضی ہے اسی وجہ سے ہمزہ کو
کسرہ دیا گیا ہے۔ فافہم۔

اَلاُمثِلَۃ

اِضرِب۔ اِرجِع۔ اِھبِط ؛ اِشرَح۔ اِفتَح۔ اِرکَب
اِصبِر۔ اِرحَم۔ اِذھَب ؛ اِدفَع۔ اِقرَأ۔ اِعلَم
اِعمَل۔ اِسمَع۔ اِمنَع ؛ اِغفِر۔ اِخفِض۔ اِجعَل
اِرکَبُوا۔ اِرجِعُوا۔ اِھبِطُوا ؛ اِرکَعُوا۔ اِذھَبُوا۔ اِعلَمُوا
اِرکَعِی۔ اِرجِعِی۔ اِبلَعِی ؛ اِعمَلُوا۔ اِقرَءُوا۔ اِجعَلُوا

اِرتَضٰی۔ اِھتَدٰی۔ اِفتَرٰی ؛ اِصطَفٰی۔ اِبتَلٰی۔ اِتَّقٰی
اِشتَرٰی۔ اِستَوٰی۔ اِستَسقٰی ؛ اِتَّقَوٰی۔ اِجتَبٰی۔ اِفتَدٰی
اِکتَسَبَ۔ اِعتَبَرَ۔ اِستَخَفَّ ؛ اِتَّبَعتَ۔ اِستَکبَرَ۔ اِبتَغَیتَ
اِنفَجَرَت۔ اِنبَجَسَت۔ اِلتَقَمَ ؛ اِثَّاقَلتُم۔ اِتَّخَذتُم۔ اِنتَشَرَت
اِستَبِقُوا۔ اِنتَظِرُوا۔ اِستَعِینُوا ؛ اِستَمِعُوا۔ اِجتَنِبُوا۔ اِعتَصِمُوا
اِشتَرَوا۔ اِتَّقُوا۔ اِعتَدَوا ؛ اِھتَدَوا۔ اِستَجَابُوا۔ اِستَطَاعُوا

Marfat.com

اِمْشُوْا . اِتَّقُوْا . اِقْضُوْا . اِبْنُوْا . اِیْتُوْا

اُنْصُرْ . اُنْظُرْ . اُذْكُرْ . اُشْدُدْ . اُرْكُضْ . اُخْرُجْ

اُسْجُدْ . اُقْتُلْ . اُعْبُدْ . اُتْلُ . اُرْزُقْ . اُسْكُنْ

اُقْتُلِیْ . اُدْعِیْ . اُسْجُدِیْ . اُخْلُقِیْ . اُذْكُرِیْ . اُسْلُكِیْ

اُنْصُرُوْا . اُنْظُرُوْا . اُعْبُدُوْا . اُسْجُدُوْا . اُقْتُلُوْا . اُدْخُلُوْا

اُذْكُرُوْا . اُمْكُثُوْا . اُقْعُدُوْا . اُرْكُضُوْا . اُنْفُخُوْا . اُدْعُوْا

اُضْطُرَّ . اُؤْتُمِنَ . اُسْتُهْزِئَ . اُجْتُنِبَ . اُخْتُتِنَ . اُسْتُضْعِفَ

اَحْكَامُ الْهَمْزَةِ

س: ہمزہ کے احکام کیا ہیں اور کتنے ہیں؟

ج: ہمزہ کے احکام چھ ہیں۔ تحقیق واجب، تسہیل واجب، [illegible] واجب، حذف واجب، تسہیل جائز، [illegible] مختار۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیے کہ ہمزہ باعتبار ذات کبھی [illegible] کبھی تنہا ہوتا ہے اور کبھی دو جمع ہو جاتے ہیں [illegible] ہوتا ہے اور کبھی باتصال ہمزہ [illegible] اور کبھی بانفصال [illegible] ہوتے ہیں اور کبھی پہلا اصلی دوسرا عارضی اور کبھی پہلا عارضی ہوتا ہے اور دوسرا اصلی۔

Marfat.com

اور باعتبار حرکت مفتوح ہوتا ہے کبھی مکسور، اور کبھی مضموم۔ کبھی متفق الحرکت ہوتے ہیں اور کبھی مختلف الحرکت۔ کبھی دونوں متحرک ہوتے ہیں اور کبھی پہلا متحرک دوسرا ساکن ہوتا ہے۔ اس لیئے بروایت حفص بن سلیمان عن العاصم رحمہم اللہ اس کے احکام چھ ہیں (۱) تحقیق واجب (۲) تسہیل واجب (۳) ابدال واجب (۴) حذف واجب (۵) تسہیل جائز (۶) ابدال مختار۔

اَلتَّحْقِيْقُ الْوَاجِبُ

س: تحقیق واجب کسے کہتے ہیں؟

ج: ہمزہ کو صاف طور سے ادا کرنے کو تحقیق کہتے ہیں۔

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ: جاننا چاہیئے کہ تحقیق کے لغوی معنی صیبت ظاہر کرنے اور واضح کرنے کے ہیں اور اصطلاحِ قراء میں ہمزہ کو اس کی مخصوص صفت ضغطہ کے ساتھ ادا کرنے کو تحقیق کہتے ہیں۔ اور جو ہمزہ اس مخصوص ضغطہ کے ساتھ اداء کیا جائے اُسے مُحَقَّق کہتے ہیں۔

تحقیق کا اطلاق عموماً اجتماع ہمزتین کے موقع پر ہوتا ہے اور وہ ایک مخصوص اور نفیس قسم کی اداء ہے جسے اہل فن ہمزہ کے مخرج میں ایک قسم کی معتدل اور لطیف ضغطہ سے ادا کرتے ہیں جو افراط و تفریط سے مبرّا ہوتا ہے اور چونکہ یہ ضغط امتیاز اور تعیین روایت کیلئے نہایت ضروری ہوتا ہے اور در اصل یہ لطیف ضغطہ ہی ممیز روایت ہوتا ہے اس لیے اسے تَحْقِيْقِ وَاجِبْ کہتے ہیں۔

—:—

Marfat.com

وَالأَمْثِلَةُ

ءَ انْتُمْ. ءَاقْرَرْتُمْ. ءَامَنْتُمْ ❊ ءَاَنْتَ. ءَاَنْذَرْتَهُمْ. ءَاَسْلَمْتُمْ
ءَاَسْجُدُ ءَاَشْكُرُ ❊ ءَالِهَتُنَا. ءَاَرْبَابٌ. ءَالِدُ
ءَاُنْزِلَ ءَاُلْقِىَ ءَؤُنَبِّئُكُمْ ❊
اَئِمَّةً ءَاِلٰهٌ ءَاِنَّكُمْ ❊ ءَاِفْكًا ءَاِذَامِتْنَا ءَاِنَّا

جَآءَ اَمْرُنَا جَآءَ اَحَدٌ ❊ جَآءَ اَشْرَاطُهَا شَآءَ اَنْشَرَهُ
جَآءَ اَجَلُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبُ ❊ شَآءَ اَوْيَتُوْبَ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ

هٰٓؤُلَآءِ اِنْ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا ❊ هٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ مِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ
مِنَ السَّمَآءِ اِلٰى اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ ❊ نَشَآءُ اَصَبْنَا يَشَآءُ اِنَّا
اَلْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ اَلْعُلَمٰٓؤُا اِنَّ ❊ هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا هٰٓؤُلَآءِ اَمْ
بِالْفَحْشَآءِ اَتَقُوْلُوْنَ شُهَدَآءَ اِذْ ❊ وَجَآءَ اِخْوَةُ اَلْبَغْضَآءَ اِلٰى

❊

Marfat.com

اَلتَّسۡهِيۡلُ الۡوَاجِبُ

س : تسہیل واجب کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو ہمزہ قطعی جمع ہوں اور دونوں متحرک ہوں تو دوسرے ہمزہ کو ذرا نرم کرکے پڑھنا چاہیئے اُسے تسہیل واجب کہتے ہیں اور جو ہمزہ اس طرح نرم پڑھا جائے اُسے ہمزہ "مُسَهَّلَةٌ" کہتے ہیں. جیسے ءَاَعۡجَمِيٌّ : حٰمٓ سجدہ میں اور بروایت حفص فقط اسی لفظ میں تسہیل واجب ہے :

تَوۡضِيۡحُ الۡجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ تسہیل کے لغوی معنی نرم اور آسان کرنے کے ہیں اور اصطلاح قراء میں جب دو ہمزہ قطعی جمع ہوں خواہ ایک کلمہ میں ہوں یا دو کلمہ میں اور دونوں متحرک ہوں تو دوسرے ہمزہ کو اس کے مخرج اور اس کی حرکت سے پیدا ہونے والے حرفِ مدہ کے مخرج سے ادا کرتے ہیں اس کو "تَسۡهِيۡلُ" کہتے ہیں اور اس کیفیت سے ادا ہونے والے ہمزہ کو "مُسَهَّلَةٌ" کہتے ہیں.

تسہیل کرتے وقت ہمزہ مسہلہ کو اس قدر نرم کیا جاتا ہے کہ وہ قریب بہ حرف مدہ ہو جاتا ہے اس لیئے اُسے تسہیل کا لحرف المد" بھی کہتے ہیں اور چونکہ بروایت حفص یہ حرف ہمزہ مفتوح میں ہوتا ہے اس لیئے اسے تَسۡهِيۡلُ کَالۡاَلِفِ" کہتے ہیں.

تسہیل بھی ایک مخصوص اور نرالی قسم کی ادا ہے جسے اہلِ فن ایک مخصوص انداز سے ادا کرتے ہیں اور وہی اس پر قدرت رکھتے ہیں اور کما حقہ ادا کر سکتے ہیں اور یہ چونکہ تخصیص وتعیین روایت کیلئے لازم اور ضروری ہوتا ہے اس لیئے

Marfat.com

اُسے "تَسۡہِیۡلَ وَاجِبۡ" کہتے ہیں اور تسہیل واجب بروایت حفصؒ فقط ایک ہی جگہ منقول ہے حم سجدہ میں. ءَاَعۡجَمِیٌّ وَّعَرَبِیٌّ.

اَلۡاِبۡدَالُ الۡوَاجِبۡ

س: ابدال واجب کسے کہتے ہیں ؟

ج: جب دو ہمزہ قطعی ایک کلمہ میں جمع ہوں اور پہلا متحرک دوسرا ساکن ہو. تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف مدہ سے بدل دیتے ہیں اسے "اِبۡدَال وَاجِبۡ" کہتے ہیں.

تَوۡضِیۡحُ الۡجَوَابۡ: جاننا چاہیئے کہ اجتماع ہمزتین فی کلمہ کی صورت میں جب دوسرا ہمزہ ساکن ہو تو ہمزہ ساکنہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف مدہ سے بدلنا چاہیئے. پس اگر پہلا ہمزہ مکسور ہے تو ہمزہ ثانیہ ساکنہ کو یا سے بدلنا چاہیئے اور اگر پہلا ہمزہ مضموم ہے تو ہمزہ ثانیہ ساکنہ کو واؤ سے بدلنا چاہیئے.

اسی طرح اگر دو ہمزہ ایک کلمہ میں جمع ہوں اور پہلا ہمزہ وصلی ہو اور دوسرا ہمزہ اصلی ساکن ہو. تو ابتدا کی حالت میں ہمزہ ثانیہ ساکنہ کو ہمزہ وصلی کو دی جانے والی حرکت کے موافق حرف مدہ سے بدلنا چاہیئے.

لیکن جب کلمہ سابقہ سے ملا کر وصل کیا جائے اور ہمزہ وصلی کو حسب اصول حذف کیا جائے تو ہمزہ ثانیہ ساکنہ کو پھر اپنی اصلی اور سابقہ حالت پر محقق پڑھنا چاہیئے اور امثلہ میں ایسے ہمزتین کو ابتداء و وصلا دکھایا گیا ہے. فتلمس وتعمل

Marfat.com

اَلْاَمْثِلَةُ

اٰدَمَ اٰزَرَ اٰمَنَ اٰذَنَ ÷ اٰثَرَ. اٰتِنَا. اٰتٰى. اٰتَيْتُمْ
اٰسٰى اٰتَانِىْ اٰتُوْنِىْ اٰمَنُوْا ÷ اٰمِنُوْا. اٰمَنْتُمْ اٰذَنْتُمْ

اُوْتِىَ ، اُوْتُوْا ، اُوْذُوْا ÷ اُوْذِيْنَا ، اُوْتِيْنَا ، اُوْتِيْتُمْ
اِيْمَانًا ، بِاِيْمَانٍ ، بِاِيْمَانِهٖ ÷ اِيْتَآءِ

اِيْتِ ، لِقَآءَ نَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ ÷ اِيْتِنَا ، اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا
اِيْتُوْا ، ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ÷ اِيْتِنَا ، يٰصٰلِحُ ائْتِنَا
اِيْتُوْنِىْ ، فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ ÷ اِيْتِنَا ، قَالُوا ائْتِنَا
اِيْتِنَا ، اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ ÷ اِيْتُوْنِىْ ، فِى السَّمٰوٰتِ ائْتُوْنِىْ
اُوْتُمِنَ ، فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ ÷

Marfat.com

اَلْحَذْفُ الْوَاجِبُ

س : حذفِ واجب کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو ہمزہ ایک کلمہ میں جمع ہوں اور پہلا ہمزہ قطعی ہو اور دوسرا ہمزہ وصلی مکسور ہو. تو ہمزہ وصلی کو رسماً ہی حذف کر دیتے ہیں. اسے "حَذفِ واجِب" کہتے ہیں.

توضیحُ الجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ جب اجتماع ہمزتین فی کلمہ ہو اور پہلا ہمزہ استفہام کا ہو اور دوسرا ہمزہ وصلی مکسور ہو. جیسے. اِفْتَرٰی . اِصْطَفٰی . اِطَّلَعَ . اِتَّخَذْ تُمْ اِتَّخَذْ تُمُوْهُمْ . اِسْتَكْبَرْتَ . اِسْتَغْفَرْتَ . تو ہمزہ وصلی کو رسماً ولفظاً حذف کرنا چاہیئے اور یہ حذف چونکہ اشد ضروری ہوتا ہے اس لئے اُسے " حَذفِ وَاجِبْ" کہتے ہیں. امثلہ میں دیکھئے ہمزۃ الاستفہام مفتوح موجود ہے اور ہمزۃ الوصل. رسماً حذف کیا گیا ہے. فتدبر.

اَلْاَمْثِلَةُ

اَفْتَرٰی عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؞ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ

اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ ؞ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ ؞ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعٰلِيْنَ

اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ . . .

Marfat.com

اَلْاِبْدَالُ الْمُخْتَارُ وَالتَّسْہِيْلُ الْجَائِزُ

س : ابدال مختار کسے کہتے ہیں اور تسہیل جائز کسے ؟

ج : جب دو ہمزہ ایک کلمہ میں جمع ہوں اور پہلا ہمزہ قطعی استفہام کا ہو۔ اور دوسرا ہمزہ وصلی مفتوح ہو۔ تو ہمزہ وصلی کو یا تو الف سے بدل دیتے ہیں جسے "اِبْدَالُ الْمُخْتَارُ" کہتے ہیں اور پھر تسہیل بین بین کرتے ہیں جسے ۔ تَسْہِیْلُ جَائِزٌ کہتے ہیں ۔

تَوضِيحُ الْجَوَاب: جاننا چاہیئے کہ جب دو ہمزہ جمع ہوں اور پہلا ہمزہ استفہام کا ہو اور دوسرا ہمزہ وصلی لام تعریف کا ہو تو ایسی حالت میں ہمزہ وصلی کا حق تو یہ ہے کہ اُسے کلیتہً حذف کیا جائے ۔ مگر حذف کرنے کی صورت میں چونکہ جملہ استفہامیہ کا التباس جملہ خبریہ کے ساتھ لازم آتا ہے اس لیئے قراء کرام عُذرًا وَّ فِرَارًا عَنِ الْاِلْتِبَاس والاشتباہ اَوّلاً ۔ ہمزہ وصلی کو الف سے بدل دیتے ہیں کیونکہ بدلنے میں تغیر تام بلکہ قریب بہ حذف ہے جو ہمزہ وصلی کا اصلی حق ہے اسی وجہ سے اسے "اَبْدَالُ مُخْتَارُ" کہتے ہیں جو عند الناقلین اولیٰ وافضل ہے ۔

ثَانِیًا: ہمزہ وصلی کو تسہیل بین بین سے پڑھتے ہیں ۔ یعنی ہمزہ وصلی کی تسہیل بین الہمزہ والالف کرتے ہیں (اگرچہ یہ بعید از حذف ہے) تاکہ ہمزہ وصلی اپنی اصلی صورت پر نہ رہے اور اس میں کسی قدر تغیر ہو جائے اسی لیئے اُسے "تَسْہِیْلُ جَائِزٌ" کہتے ہیں ۔ جو عند الناقلین غیر اولیٰ وغیر افضل ہے ۔

ابدال المختار و تسہیل جائز کے پیش نظر ہی لام تعریف کے ہمزہ وصلی کو ثابت

Marfat.com

رکھا جاتا ہے ورنہ ہمزہ استفہام کی وجہ سے اسے حذف کرنا چاہیئے تھا. پس جب ہمزہ وصلی کو باقی اور ثابت رکھا گیا تو ہمزۃ الاستفہام کو حسب اصولِ اجتماع ہمزتین بصورت ہمزہ محذوف الرسم لکھا گیا ہے اور یہ چھ جگہ واقع ہے جو تحت الامثلہ مذکور ہے.

اَلْاَمْثِلَةُ

ءَآلْئٰنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ ✧ ءَآلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ

ءَآلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ ✧ ءَآلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ

ءَآللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ ✧ ءَآللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ

نَقْلُ الْحَرَكَةِ وَصُوْرَةُ النَّقْلِ

س : نقلِ حرکت کسے کہتے ہیں اور صورتِ نقل کسے ؟

ج : جب ہمزہ اصلی کی حرکت نقل کرکے ماقبل ساکن کو دی جائے تو اسے "نَقْلِ حَرَکَتْ" کہتے ہیں. اور جب ہمزہ وصلی کی حرکت نقل کرکے ماقبل ساکن کو دے دی جائے تو اُسے صُوْرَةُ النَّقْلِ " کہتے ہیں.

تَوْضِيْحُ الْجَوَابِ :- جاننا چاہیئے کہ جب ہمزۃ الوصل اور ہمزہ قطعی کی مستقل اور حقیقی حرکت نقل کرکے ماقبل کو دی جائے اور ہمزہ اصلی اور قطعی کو لفظاً حذف کیا جائے. تو اُسے " نَقْلِ حَرَکَتْ " کہتے ہیں اور نقل حقیقی بھی کہتے ہیں. جیسے قَدَ افْلَحَ. فَمَنَ اظْلَمُ. اَلَاَرْضَ. اَلِانْسَانَ. اَلَاٰخِرَةُ. لیکن بروایت

Marfat.com

حفص بن سلیمان عن العاصم نقل حقیقی منقول نہیں ہے ۔

اور اگر یہی عمل ہمزہ وصلی کی حرکت میں کیا جائے۔ یعنی ہمزہ وصلی کو دی جانے والی حرکت ماقبل ساکن کو دے دی جائے اور ہمزہ وصلی کو لفظاً حذف کیا جائے تو بظاہر اگرچہ یہ بھی نقل حرکت ہے مگر نقلِ حقیقی نہیں ہے اس لیئے اہلِ اداء اسے "صُورۃُ النَّقلْ" کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

صُورۃُ النقل بروایت حفص رحمہ اللہ فقط ایک جگہ سورۃ حجرات میں لفظ "بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ" میں بحالت وصل منقول ہے اور "اَلِاسْمِ" سے ابتداء اور اعادہ کی صورت میں نقل اور عدم نقل دونوں جائز ہے۔

وَالْاَمْثِلَةُ

بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ

اَلِاسْمُ الْفُسُوقُ ⁝ اَلْاِسْمُ الْفُسُوقُ

Marfat.com

اَلْجُزْءُ الرَّابِعُ عَشَرَ فِی الْمُتَفَرِّقَاتِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ

س : اجتماعِ ساکنین کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو حرف ساکن ایک کلمہ میں یا دو کلموں میں جمع ہوں تو اسے :

اِجْتِمَاعِ سَاكِنَيْنِ کہتے ہیں۔

تَوْضِیْحُ الْجَوَابِ :۔ جاننا چاہیئے کہ جب دو حرف ساکن حقیقتہً یا صورۃً و لفظاً ایک کلمہ میں یا دو کلموں میں جمع ہوں تو اُسے : اجتماع ساکنین کہتے ہیں اور یہ دو قسم پر ہوتا ہے

۱ : اجتماع ساکنین علی حدہٖ (۲) اجتماع ساکنین علی غیر حدہٖ

اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ عَلٰی حَدِّهٖ

س : اجتماع ساکنین علی حدہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : جب دو حرف ساکن ایک کلمہ میں جمع ہوں۔ یا کسی حرفِ مقطعہ میں جمع ہوں اور پہلا ساکن حرف مدہ ہو تو اسے اجتماع ساکنین علی حدہ : کہتے ہیں :

جیسے ، آلْـٰٔنَ ۔ قٓ ۔ نٓ ۔

Marfat.com

توضیحُ الجواب: جاننا چاہیئے کہ اجتماعِ ساکنین علی حدہ خواہ کلمہ میں ہو، خواہ حرفِ مقطعہ میں پہلا ساکن ہمیشہ حرفِ مدہ ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ ساکن بہ سکون لازم ہوتا ہے۔ اور دوسرا ساکن اگر حرفِ مقطعہ میں ہو تو بہ سکون لازم ہی ہوتا ہے۔ اور اگر کلمہ میں ہو تو کبھی بہ سکون لازم ہوتا ہے اور کبھی بہ سکون عارض۔

پس اگر دوسرا ساکن بہ سکون لازم ہے تو چونکہ حقیقۃً دو ساکن جمع ہیں اس لئے یہ اجتماعِ ساکنین وصلاً و وقفاً جائز ہے جیسے "آلْئٰنَ، قٓ، نٓ" دیکھیے امثلہ مدِ لازم کلمی و حرفی، مخفف و مثقل۔

اور اگر دوسرا ساکن بہ سکون عارض ہے تو چونکہ صورۃً و لفظاً دو ساکن جمع ہیں اس لئے اس قسم کا اجتماعِ ساکنین علی حدہ وقفاً تو جائز ہوتا ہے جیسے یَعۡلَمُوۡنۡ: مگر وصلاً جائز نہیں ہوتا کیونکہ وصل میں حرکت عود کر آتی ہے اور ساکن حرف اپنی حرکت سے پھر متحرک ہو جاتا ہے جیسے: یُعَلِّمُوۡنَ النَّاسَ السِّحۡرَ۔ امثلہ کے لئے دیکھئے مد عارض للسکون کے انواع ثلاثہ۔

اجتماعِ ساکنین علی حدہ کیلئے مستقل امثلہ لکھنے کی ضرورت نہیں کیوں کہ مد لازم اور مد عارض کی امثلہ بعینہٖ اجتماعِ ساکنین علی حدہ کی امثلہ ہیں فَانۡظُرۡ هُنَاكَ وَاعۡمَلۡ بِمَا نَقُوۡلُ۔

Marfat.com

اِجْتِمَاعُ السَّاکِنَیْنِ عَلٰی غَیْرِ حَدِّہٖ

س : اجتماعِ ساکنین علی غیرِ حدہ کسے کہتے ہیں ؟

ج جب دو حرف ساکن جمع ہوں اور پہلا ساکن حرفِ مدہ نہ ہو، یا اگر پہلا ساکن حرفِ مدہ ہو تو پھر دونوں ایک کلمہ میں نہ ہوں تو اسے : اجتماعِ ساکنین علی غیر حدہ کہتے ہیں !

تَوْضِیْحُ الْجَوَابُ :- جاننا چاہیئے کہ اجتماعِ ساکنین علی غیرِ حدہ باعتبارِ وقوع کبھی : فِیْ کَلِمَۃٍ : یعنی ایک کلمہ میں ہوتا ہے اور کبھی : فِیْ کَلِمَتَیْنِ یعنی دو کلموں میں اور ہر ایک کا حکم جداگانہ ہے۔

اِجْتِمَاعُ السَّاکِنَیْنِ عَلٰی غَیْرِ حَدِّہٖ فِیْ کَلِمَۃٍ

س : اجتماعِ ساکنین علی غیرِ حدہ فی کلمۃ کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے ؟

ج : جب دو حرف ساکن ایک کلمہ میں جمع ہوں اور پہلا ساکن حرف مدہ نہ ہو تو اسے : اِجْتِمَاعِ سَاکِنَیْنِ عَلٰی غَیْرِ حَدِّہٖ فِیْ کَلِمَۃٍ : کہتے ہیں اور اس قسم کا اجتماع ہمیشہ حالتِ وقف میں ہوتا ہے اور وقف ہی میں جائز ہوتا ہے۔ وصل میں جائز نہیں جیسے : لَیْلَۃُ الْقَدْرْ !

تَوْضِیْحُ الْجَوَابْ :- جاننا چاہیئے کہ اجتماعِ ساکنین علی غیرِ حدہ فی کلمۃ میں چونکہ پہلا ساکن بہ سکون لازم ہوتا ہے اور دوسرا ساکن بہ سکونِ عارض –

Marfat.com

اس لئے یہ اجتماعِ ساکنین وقفاً تو جائز ہوتا ہے لیکن وصلاً جائز نہیں جیسے حَذَرَ الْمَوْتِ، وَالصَّيْفِ: پس اگر پہلا ساکن حرفِ لین ہے تو امثلہ کے لئے دیکھئے امثلۂ مدلین عارض۔ اور اگر پہلا ساکن غیر حرفِ لین ہے تو امثلۂ ذیل ملاحظہ کیجئے

اَلْاَمْثِلَةُ

فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ○ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ○
مِنْ اَلْفِ شَهْرٍ ○ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ○
حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○ وَلَیَالٍ عَشْرٍ ○
وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ○ وَالَّیْلِ اِذَا یَسْرِ ○
قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ○ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ○
وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ○ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ○
وَمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ○ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ○
وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ○ صٰٓفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ مط
قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ط ∴ اَلْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ
وَلَا تَسْقِی الْحَرْثَ ج ∴ فَلْیُمْلِلْ وَلِیُّهٗ بِالْعَدْلِ ط
نَصِیْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ط ∴ سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ط
یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ط ∴ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ط
اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ج ∴ وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ط
یُضَاهِئُوْنَ قَوْلَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ط

Marfat.com

اِجْتِمَاعُ السَّاكِنَيْنِ عَلٰى غَيْرِ حَدِّهٖ فِي كَلِمَتَيْنِ

س : اجتماع ساکنین علی غیر حدہ فی کلمتین کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے ؟

ج : جب دو حرف ساکن دو کلموں میں جمع ہوں تو اسے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ فی کلمتین کہتے ہیں اور اس کا پڑھنا جائز نہیں ہے۔ لہٰذا پہلے ساکن کو حسب اصول یا تو حذف کرنا چاہیئے جیسے تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ. قَالُوا الْاٰنَ. فِي الْاَرْضِ یا اسے فتحہ دینا چاہیئے جیسے مِنَ اللّٰهِ یا اسے ضمہ دینا چاہیئے جیسے عَلَيْكُمُ الْمَنَّ یا اسے کسرہ دینا چاہیئے جیسے اِنِ ارْتَبْتُمْ، اَحَدُ نِ اللّٰهُ الصَّمَدُ

تَوْضِيْحُ الْجَوَاب :۔ جاننا چاہیئے کہ اجتماع ساکنین علی غیر حدہ فی کلمتین میں چونکہ دو ساکن رسماً جمع ہوتے ہیں اور دونوں پر سکون [illegible] ہیں اور [illegible] دو سکون معیوب لہٰذا اگر پہلا ساکن حرف مدہ ہے تو اسے [illegible] جاتے جیسے قَالَا الْحَمْدُ. قَالُوا الْاٰنَ. فِي الْاٰخِرَةِ دیکھئے آنے والے [illegible]۔

اور اگر پہلا ساکن نون مِن جارہ [illegible] یا حرف مُقَطَّعَہ [illegible] فتحہ دینا چاہیئے جیسے مِنَ اللّٰهِ. الٓمٓ اللّٰهُ [illegible]۔

اور اگر پہلا ساکن میم جمع ہے یا واو لین جمع [illegible] تو اسے ضمہ دینا چاہیئے جیسے: عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ. وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ دیکھئے [illegible]

الغرض اگر پہلا ساکن مذکورۃ الصدر کے علاوہ کوئی اور حرف ہے تو اسے کسرہ

دینا چاہیے جیسے اَمِ ارْتَابُوْا. اِنِ ارْتَبْتُمْ، قُلِ الْحَمْدُ. اسی طرح اگر پہلا ساکن نون تنوین ہے تو اسے بھی کسرہ دینا چاہیے جیسے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدُ ٥ نِ اللّٰهُ الصَّمَدُ.

الامثلة

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ. فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ ∴ فَقُلْنَا ادْخُلُوْا ذَاقَا الشَّجَرَةَ

فَقُلْنَا اذْهَبَا. وَاسْتَبَقَا الْبَابَ ∴ زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ. اَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ

اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ، وَاَوْرَثْنَا الْاَرْضَ ∴ وَقُوْدُهَا النَّاسُ، قُلْنَا اهْبِطُوْا

خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ. لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ∴ فِيْهَا الَّذِيْنَ. مِنْهَا الْبُطُوْنُ

يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا، يٰمُوْسَى اجْعَلْنَا ∴ مُوْسَى الْكِتٰبَ. عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

الْعُلٰى ٥ الرَّحْمٰنُ. الْكُبْرٰى اذْهَبْ ∴ وَاٰتَى الْمَالَ. وَاٰتَى الزَّكٰوةَ

اَرَءَيْتَ ٥ الَّذِيْ، الْاَشْقَى ٥ الَّذِيْ ∴ وَتَرَى النَّاسَ، وَتَرَى الْجِبَالَ

اِلَى الْاَرْضِ، اِلَى السَّمَآءِ ∴ اِلَى الَّيْلِ، اِلَى الصَّلٰوةِ

اِلَى اللّٰهِ، عَلَى الْعٰلَمِيْنَ. ∴ عَلَى اللّٰهِ، فَتَعٰلَى اللّٰهُ

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ، وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ∴ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ. قَالُوا الْئٰنَ

قَالُوا ادْعُ لَنَا. وَاذْكُرُوا اللّٰهَ ∴ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ. اُوْتُوا الْكِتٰبَ

تَعْدِلُوْا ٥ اعْدِلُوْا، لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ ∴ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ، لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ

Marfat.com

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ: اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ ⁂ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ. اُولُوا الْاَلْبَابِ

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ⁂ اِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ

اَلَا لَهُ الْحُكْمُ، قَوْلُهُ الْحَقُّ ⁂ لَهُ الدِّيْنُ: وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ

اَنَّهُ الْحَقُّ: اَنَّهُ اسْتَمَعَ ⁂ لَهُ الرَّسُوْلُ: وَلَهُ الْحَمْدُ

فِي الْاَرْضِ: فِي الْاٰخِرَةِ ⁂ ذِي الذِّكْرِ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ

وَبِذِي الْقُرْبٰى: اَلَّذِي ارْتَضٰى ⁂ لِنَفْسِيْ اذْهَبْ: فِيْ ذِكْرِي اذْهَبَا

اَخِي اشْدُدْ بِهٖ: اُولِي الْقُوَّةِ ⁂ مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗ: وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى

اَلَّذِي اصْطَفٰينَهُ: اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ ⁂ وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ. لِاُولِي النُّهٰى

يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ ⁂ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ. لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا ⁂ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ: لِقَوْمِهِ اعْبُدُوْا

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ: فِيْهِ اخْتِلَافًا ⁂ وَبِيَدِهِ الْاَرْضُ: بِيَدِ الْحَقِّ

اَلْاَمْثِلَةُ

مِنَ اللّٰهِ - مِنَ الْاَرْضِ. مِنَ الْاَمْرِ ⁂ مِنَ الْاٰخِرَةِ: مِنَ الْجِبَالِ: وَمِنَ النَّاسِ

مِنَ الْاَمْوَالِ - مِنَ الشَّيْطٰنِ ⁂ مِنَ الظُّلُمٰتِ: مِنَ الثَّمَرٰتِ

مِنَ الْمَشْرِقِ مِنَ الْمَغْرِبِ ⁂ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ: مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

Marfat.com

لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ÷ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ۔ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ

الٓمّٓ اللّٰهُ ، الٓمِّيْمَ اللّٰهُ ÷ الٓمّٓ اللّٰهُ ، الٓمِّيْمَ اللّٰهُ

اَلْاَمْثِلَة ٣

عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ ۔ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ ÷ عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ ۔ عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۔ رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ÷ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ ۔ ذٰلِكُمُ النَّارُ

عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ ۔ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ ÷ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ ۔ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ

اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ ۔ عَنْهُمُ الْعَذَابَ ÷ جَآءَهُمُ الْحَقُّ ۔ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ

اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ÷ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ

٤

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۔ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ ÷ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ ۔ فَالْقَوُا السَّلَمَ

وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ ۔ وَذُوْقُوا الْعَذَابَ ÷ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ ۔ لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ

يَرَوُا الْعَذَابَ ۔ اِبْتَغَوُا الْفِتْنَةَ ÷ اِشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ ۔ اِشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ

اِشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ

اَلْاَمْثِلَة ٤

قُلِ الْحَمْدُ ۔ قُلِ اللّٰهُمَّ ÷ قُلِ الْعَفْوَ ۔ اِنِ الْحُكْمُ

اَنِ الْحَمْدُ ۔ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ ÷ اَنِ اشْكُرْلِيْ ۔ لِمَنِ الْمُلْكُ

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ ۔ اَوِ الطِّفْلِ ÷ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ ۔ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ

Marfat.com

نِ الَّيْلَ. اَقِمِ الصَّلٰوةَ ∴ قَالَتِ اخْرُجْ. قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ
اِذْ قَالَتِ امْرَاَةُ. قَالَتِ الْاَعْرَابُ ∴ سَبِّحِ اسْمَ، وَاذْكُرِ اسْمَ

فَخُوْرَا ۝ نِ الَّذِيْنَ ∴ اَلِيْمَا ۝ اَلَّذِيْنَ
جَمِيْعَا ۝ نِ الَّذِيْنَ ∴ عَرْضَا ۝ نِ الَّذِيْنَ
نُفُوْرَا ۝ نِ اسْتِكْبَارًا ∴ شِيْبَا ۝ نِ السَّمَآءُ
شَهِيْدَا ۝ نِ الرِّجَالُ ∴ مَسْحُوْرَا ۝ نِ انْظُرْ

قَوْمَا نِ اتَّخَذَهَا ∴ قَوْمَا نِ الَّذِيْنَ
عَادَا نِ الْاُوْلٰى قَوْمَا نِ اللّٰهُ
خَيْرَا نِ الْوَصِيَّةُ ∴ اَوْلَهْوَا نِ انْفَضُّوْا
سَوَآءَ نِ الْعَاكِفُ ∴ جَزَآءَ نِ الْحُسْنٰى
طُوًى ۝ نِ اذْهَبْ

مُبِيْنِ ۝ نِ اقْتُلُوْا ∴ مُبِيْنِ ۝ نِ ادْخُلُوْهَا
فَخُوْرِ ۝ نِ الَّذِيْنَ ∴ لُمَزَةِ ۝ نِ الَّذِيْ

اِلٰى بَعْضِ نِ الْقَوْلِ ∴ قَرْيَةِ نِ اسْتَطْعَمَا
كَرَمَادِ نِ اشْتَدَّتْ ∴ خَبِيْثَةِ نِ اجْتُثَّتْ
فِيْ زُجَاجَةِ نِ الزُّجَاجَةُ ∴ يَوْمَئِذِ نِ الْمُسْتَقَرُّ

Marfat.com

قَوْمُ لُوْطِ نِ الْمُرْسَلِيْنَ ⁘ قَوْمُ نُوْحِ نِ الْمُرْسَلِيْنَ
جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِیْ ⁘ بِزِيْنَةِ نِ الْكَوَاكِبِ

مُرْتَابُ ○ نِ الَّذِيْنَ ⁘ قَدِيْرُ ○ نِ الَّذِیْ
شَكُوْرُ ○ نِ الَّذِیْ ⁘ عَلِيْمُ ○ نِ الَّذِیْ
بَصِيْرُ ○ نِ الَّذِيْنَ ⁘ عَلِيْمُ ○ نِ اللّٰهُ
عَلِيْمُ ○ نِ الَّذِيْنَ ⁘ عَظِيْمُ ○ نِ الَّذِيْنَ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدُ ○ نِ اللّٰهُ الصَّمَدُ

مِصْبَاحُ نِ الْمِصْبَاحُ ⁘ خَيْرُ نِ اطْمَاَنَّ بِهٖ
فِتْنَةُ نِ انْقَلَبَ ⁘ عُزَيْرُ نِ ابْنُ اللّٰهِ
وَنَادٰی نُوْحُ نِ ابْنَهٗ

اِذَا حُذِفَتْ هَمْزَةُ الْوَصْلِ كُسِرَ التَّنْوِيْنُ
وَحُذِفَتِ الْاَلِفُ الَّتِیْ رُسِمَتْ بَعْدَ حَرْفِ الْمُنَوَّنِ

Marfat.com

اَلتَّمَاثُلُ فِی الرَّسْم

س : تماثل فی الرسم کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے ؟

ج : جب کسی کلمہ میں دو حرف ہم مثل جمع ہوں اور وہ متصل واقع ہوں تو اسے (تَمَاثُلُ فِی الرَّسْم) کہتے ہیں۔ اور اس کے احکام مختلف ہیں!

تَوْضِیحُ الْجَوَاب : جاننا چاہیئے کہ تماثل فی الرسم اور مماثلت حروف یعنی دو حرف ہم مثل کا اجتماع کلمۂ واحدہ میں کثیر الوقوع ہے، لیکن اجتماعِ حروفِ علّت کلمۂ واحدہ میں چونکہ غیر مستحسن اور معیوب تصوّر کیا جاتا ہے اس لئے بعض کلمات میں جب دو الف، دو واو یا دو یاء جمع ہوں اور متصل واقع ہوں تو علماء رسم الخط ایک حرف لکھ دیتے ہیں اور دوسرے کو حذف کر دیتے ہیں تاکہ تماثل فی الرسم لازم نہ آئے اور کلمہ مستحسن لکھا جائے۔

پس جو حرف تماثل فی الرسم کی وجہ سے محذوف ہوتا ہے وہ لفظاً ثابت [illegible] رہتا ہے اور وصلاً و وقفاً پڑھا جاتا ہے۔ البتہ اجتماع ساکنین علی غیر حدہٖ کی وجہ [illegible] لفظاً حذف کیا جاتا ہے لیکن چند مقامات پر یاء محذوف الرسم بروایت [illegible] مفتوح پڑھی جاتی ہے [illegible] سورۃ قیامہ میں [illegible] [illegible] میں [illegible]

[illegible] کہ سورۃ نمل میں فَمَآ اٰتٰنِیَۦ اللّٰهُ میں یاء محذوف الرسم [illegible] شُرَکَآءِیَ الَّذِیْنَ میں یاء متکلم مفتوح پڑھی جاتی ہے

Marfat.com

اَلْاَمْثِلَةُ

جَآءَ، مَآءَ، شَآءَ، يَشَآءُ ∴ تَرَآءَ، فُرَنَآءُ، بُرَءٰٓؤُا، بَرَآءَةٌ

نِدَآءَ، فِدَآءَ، سَوَآءَ، جَزَآءَ ∴ بِمَآءٍ، مِنْ مَّآءٍ، اَلسَّمَآءُ

فَاْوٗ، دَاوٗدَ، تَلْوٗا، يَلْوٗنَ ∴ تَلْوٗنَ، مَاوٰىٰ، لِيَسْتَوٗا، الْغَاوٗنَ

اُحْيِ، يُحْيِي، نُحْيِ ∴ يَسْتَحْيِ، نَسْتَحْيِ، فَيُحْيِ

اُحْيِ الْمَوْتٰى، يُحْيِ اللّٰهُ ∴ يُحْيِ الْاَرْضَ، تُحْيِ الْمَوْتٰى

فَطُوْبٰى لِمَنْ تَعَلَّمَ رَسْمَ الْعُثْمَانِيَّةِ

Marfat.com

اَلصِّلَةُ وَالْاِشْبَاعُ

س : صلہ کسے کہتے ہیں اور اشباع کسے۔ اور اس کی مقدار کیا ہے ؟

ج : جب حسب روایت کسی حرکت کو کھینچ کر اس قدر بڑھادی جائے کہ وہ حرفِ مدہ کی صورت اختیار کرلے. تو اسے : صلہ اور اشباع : کہتے ہیں. اور اس کی مقدار ایک الف ہے !

تَوضِيحُ الْجَوَابِ : جاننا چاہیئے کہ صلہ اور اشباع اگرچہ ہم معنی اور مترادف الفاظ ہیں. مگر اطلاقاً دونوں میں تھوڑا سا فرق ہے. وہ یہ کہ اشباع عام ہے اور ہر حرکت مشبعہ پر بولا جاتا ہے. لیکن صلہ کا اطلاق اس وقت ہوتا ہے جب کہ ہاء کنایہ یا میم جمع کی حرکت کو اشباع دی جائے.

بروایت حفص رحمہ اللہ صلہ کا تعلق ہاء کنایہ یعنی ہاء ضمیر واحد مذکر غائب کے ساتھ خاص ہے. اس لئے صرف ہاء کنایہ " ہٗ " کا حال بیان کیا جاتا ہے

ہاء کنایہ کو حرکت دینے کا اصول یہ ہے کہ جب اس سے قبل کسرہ ہو. یا یاء ساکنہ ہو تو اسے حرکت کسرہ کی دی جاتی ہے جیسے " بِہٖ. عَلَیْہِ " دیکھیے امثلہ آتب عا.

لیکن دو جگہ خلاف قاعدہ ضمہ دیا گیا ہے ایک (وَمَآ اَنْسَانِیْہُ) سورۂ کہف رکوع آٹھ میں اور دوسرا (عَلَیْہُ اللّٰہَ) سورۂ فتح میں. نیز دو جگہ ساکن کی گئی ہے ایک اَرْجِہْ سورۂ اعراف رکوع نمبر ۱۴ میں اور سورۂ شعراء رکوع ۲ میں. اور دوسرا فَاَلْقِہْ سورۂ نمل رکوع ۲ میں.

Marfat.com

اور اگر ہار کنایہ سے قبل نہ کسرہ ہو نہ یار ساکنہ، تو اسے حرکت ضمہ کی دی جاتی ہے
دیکھیے امثلہ آیتہ ۲ مگر (وَيَتَّقْهِ) سورۂ نور رکوع سات میں خلافِ اصول
کسرہ دیا گیا ہے۔

اسی طرح ہار کنایہ کی حرکت کو صلہ اور اشباع دینے کا طریقہ اور ضابطہ یہ ہے
کہ جب اس سے ماقبل وما بعد دونوں متحرک ہوں تو اس کی حرکت کو صلہ دے کر
پڑھنا چاہیئے۔

لہٰذا، اگر ہار کنایہ مکسور ہے تو اس کے بعد یار ساکنہ زائد غیر مرسوم ہوگی جیسے
(فِي رَحْلِهِ) دیکھیے امثلہ آیتہ ۳۔

اور اگر ہار کنایہ مضموم ہے تو اس کے بعد واو ساکن زائد غیر مرسوم ہوگی
جیسے (وَرَسُولُهُ) دیکھیے امثلہ آیتہ ۴

لیکن سورۂ زمر رکوع اول میں (وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ) میں خلاف ضابطہ
ضمہ غیر موصولہ ہے۔

اور یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ سورۂ ہود رکوع آٹھ میں ، مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا)
اور سورۂ مریم رکوع دو میں (لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ) اور سورۂ شعراء رکوع
چھ میں (لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَانُوحُ) اور رکوع نو میں (لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَالُوطُ)
اور سورۂ علق میں (لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ) میں چونکہ ہار کنایہ نہیں ہے اس لئے اسے صلہ
نہیں دینا چاہیئے۔ فتدبر۔

اور جب ہار کنایہ کے ماقبل یا ما بعد ساکن ہو تو اس کی حرکت کو صلہ نہیں
دینا چاہیئے جیسے (عَلَيْهِ ، قَوْلُهُ الْحَقُّ) دیکھیے امثلہ آیتہ ۵۔

Marfat.com

لیکن سورۃ فرقان رکوع آخر میں (فِیْهٖ مُهَانًا) میں خلافِ ضابطہ صلہ دیا گیا ہے ایسا ہی اگر اسم اشارہ مؤنث کے بعد اگر حرف ساکن واقع ہو تو اس کے کسرہ کو صلہ نہیں دینا چاہیئے

اَلْاَمْثِلَةُ ۱

فِيْهِ، اَخِيْهِ، اِلَيْهِ، تُوحِيْهِ ؛ بِاٰيَتِهِ، قُصِّيْهِ، نُصْلِيْهِ يُؤْتِيْهِ، فَالْقِيْهِ،

اِلَيْهِ، عَلَيْهِ، يَدَيْهِ ؛ لَدَيْهِ، اَبَوَيْهِ

اَلْاَمْثِلَةُ ۲

مِنْهُ، عَنْهُ، اَخَذَهُ، لَدُنْهُ ؛ اَرْسِلْهُ، اِسْتَاْجِرْهُ، اَسْتَخْلِصْهُ

اَبُوْهُ، اَخُوْهُ، رَاَيْتُمُوْهُ ؛ فَالْقُوْهُ، سَاَلْتُمُوْهُ، فَكَذَّبُوْهُ

اَخَاهُ، اَبَاهُ، اِنَاهُ، اَتَاهُ ؛ اَبْوَاهُ، فَرَاٰهُ، مَاْوٰىهُ

نَرُدُّنٰهُ، اٰتَيْنٰهُ، فَاَنْجَيْنٰهُ ؛ اَنْزَلْنٰهُ، جَعَلْنٰهُ، اَلْقٰهُ

حَسِبَتْهُ، عَمِلَتْهُ، تَوَفَّتْهُ ؛ جَعَلَتْهُ، اَخَذَتْهُ، مَسَّتْهُ

اَلْاَمْثِلَةُ ۳

فِىْ رَحْلِهٖ فَهُوَ، فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ ؛ وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ، بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ

مِنْ فَضْلِهٖ لَعَلَّكُمْ، مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَىْءٍ ؛ وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ، وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ

Marfat.com

مِنْ خِلٰلِهٖ وَيُنَزِّلُ. وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ ∴ وَقَوْمٍ. مَا تَعْبُدُوْنَ. لِنَفْسِهٖ وَمَنْ

قَبْلِهٖ مُسْلِمُوْنَ، عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ ∴ مِنْ دُوْنِهٖ اٰلِهَةً. بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ

عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْهُمْ ∴ اِلٰى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ

اَلْاَمْثِلَةُ

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا ∴ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ. فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ، خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ∴ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً، اِنَّهٗ هُوَ

اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ، يَتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ ∴ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ، خِتٰمُهٗ مِسْكٌ

اِسْمُهٗۤ اَحْمَدُ. اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ ∴ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ. فَلَهٗۤ اَجْرٌ

اَلْاَمْثِلَةُ

فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ، فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ ∴ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ، مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا

مِنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ، مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ ∴ لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا، لِاَهْلِهِ امْكُثُوْا

لِاَنْعُمِهِ اجْتَبٰهُ. لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا ∴ تَاْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ. وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ

فَاَحْيَاهُ اللّٰهُ: فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ ∴ عَلَّمَهُ اللّٰهُ: يَحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ

لَهُ الْمُلْكُ: وَلَهُ الْحَمْدُ ∴ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ. وَلَهُ الدِّيْنُ

اَنَّهُ الْحَقُّ. يَنَالُهُ التَّقْوٰى ∴ قَوْلُهُ الْحَقُّ. وَلَهُ اخْتِلَافُ

Marfat.com

مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ: هٰذِهِ الشَّجَرَةَ ⁘ هٰذِهِ الْاَرْضَ: هٰذِهِ الْبَلْدَةَ

هٰذِهِ الْاَنْهَارُ: هٰذِهِ اللّٰهُ ⁘ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا: هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

وَاِذَا وُقِفَتْ عَلٰى هَآءِ الْكِنَايَةِ

حُذِفَتِ الصِّلَةُ بِالْكُلِّيَّةِ

Marfat.com

دُعَآءُ الْحِفْظِ

فَهٰذَا دُعَآءٌ يَنْفَعُ لِحِفْظِ الْقُرْاٰنِ وَالْحَدِيْثِ وَغَيْرِهِمَا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَفَلَّتَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ مِنْ صَدْرِيْ فَمَآ اَجِدُنِيْ اَقْدِرُ عَلَيْهِ ــــ اَيْ فَرَّمِنِّيْ بَعْضُ اٰيَاتِهٖ فَلَآ اَقْدِرُ عَلٰى ضَبْطِهَا ــــ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَآ اَبَا الْحَسَنِ اَفَلَآ اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَّنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهِنَّ وَيَنْفَعُ بِهِنَّ مَنْ عَلَّمْتَهٗ وَيُثَبِّتُ مَا تَعَلَّمْتَ فِيْ صَدْرِكَ. قَالَ: اَجَلْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَعَلِّمْنِيْ ــــ اَيْ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ ـ قَالَ: اِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَقُوْمَ فِيْ ثُلُثِ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ (فَقُمْ فِيْهِ) فَاِنَّهَا سَاعَةٌ مَّشْهُوْدَةٌ، وَالدُّعَآءُ فِيْهَا مُسْتَجَابٌ، وَقَدْ قَالَ اَخِيْ يَعْقُوْبُ لِبَنِيْهِ اَيْ حِيْنَمَا قَالُوْا لَهٗ يَآ اَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ــــ قَالَ ــــ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ــ

Marfat.com

يَقُوْلُ حَتّٰى تَاْتِیْ لَیْلَةَ الْجُمُعَةِ، فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِیْ
وَسْطِهَا (اَیْ لَیْلَةَ الْجُمُعَةِ) فَاِنْ لَّمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِیْ اَوَّلِهَا
فَصَلِّ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ تَقْرَاُ فِی الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰی بِفَاتِحَةِ
الْكِتَابِ وَسُوْرَةِ یٰسٓ — وَفِی الرَّكْعَةِ الثَّانِیَةِ بِفَاتِحَةِ
الْكِتَابِ وَحٰمٓ الدُّخَانِ وَفِی الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ
الْكِتَابِ وَالٓمّٓ تَنْزِیْلُ السَّجْدَةِ — (اَیِ الَّتِیْ بَیْنَ
سُوْرَتَیْ لُقْمَانَ وَالْاَحْزَابِ) — وَفِی الرَّكْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ
الْكِتَابِ وَتَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ فَاِذَا فَرَغْتَ مِنَ
التَّشَهُّدِ (اَیْ قَبْلَ السَّلَامِ) فَاحْمَدِ اللّٰهَ فَاذْكُرْهُ بِالْاٰتِیْ ۔
اَوِالْمُرَادُ اِذَا سَلَّمْتَ — وَهٰذَا هُوَ الظَّاهِرُ لِاَنَّ الدُّعَاءَ
یُسْتَجَابُ عَقْبَ الصَّلٰوةِ، وَلِاَنَّهٗ فِیْ صَلٰوةٍ مَّادَامَ فِیْ مُصَلَّاهُ
وَالْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّیْ عَلَیْهِ وَتُؤْمِنُ عَلٰی دُعَآئِهٖ مَادَامَ فِیْ
مُصَلَّاهُ الَّذِیْ صَلّٰی فِیْهِ) فَاحْمَدِ اللّٰهَ وَاَحْسِنِ الثَّنَاءَ
عَلَی اللّٰهِ وَصَلِّ عَلَیَّ وَاَحْسِنْ وَعَلٰی سَآئِرِ النَّبِیِّیْنَ وَاسْتَغْفِرْ
لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلِاِخْوَانِكَ الَّذِیْنَ سَبَقُوْكَ بِالْاِیْمَانِ
ثُمَّ قُلْ فِیْ اٰخِرِ ذٰلِكَ — (اَیْ وَیَحْسُنُ اَنْ یَّقُوْلَ فِیْ هٰذَا
الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ وَالْاِسْتِغْفَارِ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ
الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ

Marfat.com

الْكِتَابَ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ
اَكْبَرُ، وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، سُبْحَانَ
اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ، عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ
وَكَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرٰهِيْمَ،
وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ
وَاٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى سَآئِرِ اِخْوَانِهِ النَّبِيِّيْنَ
وَالْمُرْسَلِيْنَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ
وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ مَادَامَ مُلْكُ اللّٰهِ تَعَالٰى رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا
وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا
غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ، اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ
بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اِلٰى اٰخِرِ الدُّعَاءِ) اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ
اَبَدًا مَّآ اَبْقَيْتَنِيْ وَارْحَمْنِيْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يُغْنِيْنِيْ
وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ، اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا
تُرَامُ (اَيِ الَّتِيْ لَا يَصِلُ اِلَيْهَا اَحَدٌ) اَسْاَلُكَ يَآ اَللّٰهُ
يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ

Marfat.com

كَمَا عَلَّمْتَنِي وَارْزُقْنِي اَنْ اَتْلُوَهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِي يُرْضِيكَ
عَنِّي، اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
وَالْعِزَّةِ الَّتِي لَا تُرَامُ اَسْأَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ
وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِي وَاَنْ تُطْلِقَ
بِهِ لِسَانِي وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهِ عَنْ قَلْبِي وَاَنْ تَشْرَحَ بِهِ صَدْرِي
وَاَنْ تُعْمِلَ بِهِ بَدَنِي ــــ (اَيْ بِتَوْفِيْقِي لِلْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ)
اِنَّهُ لَا يُعِيْنُنِي عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. يَا اَبَا الْحَسَنِ
(اَيْ كُنْيَةٌ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) فَافْعَلْ ذٰلِكَ ثَلَاثَ
جُمَعٍ اَوْ خَمْسَ اَوْ سَبْعَ تُجَابُ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَالَّذِي بَعَثَنِي
بِالْحَقِّ مَا اَخْطَأَ مُؤْمِنًا قَطُّ ــــ (اَيْ مَا خَيَّبَ مُؤْمِنًا
فَعَلَهُ بِقَلْبٍ خَالِصٍ لِلّٰهِ تَعَالٰى) قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: فَوَاللّٰهِ مَا لَبِثَ عَلِيٌّ اِلَّا خَمْسًا اَوْ سَبْعًا
حَتّٰى اِذَا جَاءَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي
مِثْلِ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي كُنْتُ فِيْمَا
خَلَا ــــ (اَيْ مَضٰى) لَا اٰخُذُ اِلَّا اَرْبَعَ اٰيَاتٍ اَوْ نَحْوَهُنَّ
وَاِذَا قَرَاْتُهُنَّ عَلٰى نَفْسِي تَفَلَّتْنَ ــــ (اَيْ لَا اٰخُذُ اَيْ لَا
اَحْفَظُ اِلَّا اَرْبَعَ اٰيَاتٍ وَّاِذَا اَرَدْتُّ قِرَاءَتَهُنَّ
اَنْسَيْتُهُنَّ) وَاَنَا الْيَوْمَ اَتَعَلَّمُ اَرْبَعِيْنَ اٰيَةً اَوْ نَحْوَهَا

Marfat.com

وَإِذَا قَرَأْتُهَا عَلٰى نَفْسِيْ فَكَأَنَّمَا كِتَابُ اللّٰهِ بَيْنَ عَيْنَيَّ
وَلَقَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ الْحَدِيْثَ فَإِذَا رَدَدْتُهٗ تَفَلَّتَ وَأَنَا الْيَوْمَ
أَسْمَعُ الْحَدِيْثَ فَإِذَا تَحَدَّثْتُ بِهَا لَمْ أَخْرِمْ مِنْهَا حَرْفًا
فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ
مُؤْمِنٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ يَا أَبَا الْحَسَنِ ـــــ (أَيْ أَنْتَ
مُؤْمِنٌ وَحَقِّ رَبِّ الْكَعْبَةِ) رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ـــــ
بِسَنَدٍ حَسَنٍ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ ـــــ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتِ الْقُرْاٰنَ
وَالْعِلْمَ فِيْ صُدُوْرِنَا وَوَفِّقْنَا لِلْعَمَلِ بِهِمَا اٰمِيْنَ

Marfat.com

صلاة الحاجة

أي الصلاة التي تصلى قبل التوجه لأي حاجة يريدها

عن عبد الله بن أبي أوفى رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من كانت له إلى الله حاجة أو إلى أحد من بني آدم فليتوضأ فليحسن الوضوء ثم ليصل ركعتين (بنية الحاجة) ثم ليثن على الله (بما هو أهله من استغفار نحو مائة ومن ذكر الباقيات الصالحات نحو مائة) وليصل على النبي صلى الله عليه وسلم (نحو مائة بأي صلاة كانت وأولى الكمالية وهي: اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا محمد وعلى آله عدد كمال الله وكما يليق بكماله) ثم ليقل لا إله إلا الله الحليم الكريم سبحان الله رب العرش العظيم الحمد لله رب العالمين أسألك موجبات رحمتك (التوفيق لما يوجبها) وعزائم مغفرتك (التوفيق لما يقتضيها) والغنيمة من كل بر (هو مقابل الإثم) والسلامة من كل إثم لا تدع لي ذنبا إلا

Marfat.com

غُفْرَتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اَيْ
تُرْضِيْكَ فَمَنْ كَانَ لَهُ حَاجَةٌ فَلْيَعْمَلْ ذٰلِكَ مَعَ
الْاِعْتِمَادِ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَاعْتِقَادِ اَنَّهُ الْفَاعِلُ الْمُخْتَارُ
ثُمَّ يَطْلُبُهَا مِنْ رَّبِّهٖ وَاِنْ كَانَتْ ظَاهِرًا بِيَدِ اَحَدٍ مِّنْ عِبَادِ
اللّٰهِ تَوَجَّهَ اِلَيْهِ عَمَلًا بِالْاَسْبَابِ وَقَضَاءُ هَا عَلَى
اللّٰهِ تَعَالٰى) اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ: رَوَاهُ التِّرْمِذِيْ
وَابْنُ مَاجَهْ (بسند حسن). وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

تَمَّ الْكِتَابُ: تَفْهِيْمُ التَّجْوِيْدِ: بِحَمْدِ اللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهِمْ اَجْمَعِيْنَ.

اٰمِيْنَ ثُمَّ اٰمِيْن.

کاسمو پرنٹرز ۴۸۰ ڈی۔ موری گیٹ لاہور

Marfat.com

ابوداؤد اور بیہقی وغیرہ نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حدیث اس طرح نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ:-

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْنَا الْقُرْاٰنَ فَاِذَا مَرَّ بِالسَّجْدَةِ كَبَّرَ وَسَجَدَ وَسَجَدْنَا.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر قرآن پڑھا کرتے تھے۔ پس جب آیت سجدہ پر گذرتے تو تکبیر کہتے تھے اور سجدہ فرماتے تھے اور ہم: حاضرین: بھی سجدہ کیا کرتے تھے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ:-

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِي سُوْرَةِ (وَالنَّجْمِ) وَسَجَدْنَا مَعَهٗ.

بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ (والنجم) میں سجدہ فرمایا اور ہم نے آپ کے ساتھ سجدہ کیا۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:-

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ (وَالنَّجْمِ) فَسَجَدَ فِيْهَا وَسَجَدَ مَنْ كَانَ مَعَهٗ. غَيْرَ اَنَّ شَيْخًا مِّنْ قُرَيْشٍ اَخَذَ كَفًّا مِّنْ حَصًى اَوْ مِنْ تُرَابٍ فَرَفَعَهٗ اِلَى الْجَبْهَةِ وَقَالَ يَكْفِيْنِيْ هٰذَا.

بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورت (والنجم) پڑھی پس اس میں سجدہ کیا، اور جو آپ کے ساتھ تھے انہوں نے بھی سجدہ کیا۔ البتہ قریش میں سے ایک بوڑھے شخص نے کنکریوں یا مٹی کی ایک مٹھی بھر لی اور اٹھا کر پیشانی سے لگا لی اور کہا کہ میرے لئے یہی کافی ہے۔

Marfat.com

محمد کبیر الدین رازی